# سالانہ رپورٹ

2017-18ء

# پاکستان کی معیشت کا جائزہ

بینک دولت پاکستان

# اظہارِ تشکر

**تجزیہ کار:**

ابواب

| | |
|---|---|
| 1۔ معاشی جائزہ | فدا حسین |
| 2۔ اقتصادی نمو | منظور حسین ملک، جاوید اقبال، خرم اشفاق بلوچ، احمد مبین، سحر مسعود |
| 3۔ زری پالیسی اور مہنگائی | اسما خالد، امجد علی، طلحہ ندیم، عمر بلوچ، عمر مشہود |
| 4۔ مالیاتی پالیسی | فدا حسین، امتیاز حسین، حرا غفار، محمد ادریس |
| 5۔ ملکی اور بیرونی قرضہ | فدا حسین، محمد ادریس، صباحت |
| 6۔ بیرونی شعبہ | محمد عمر، سید علی رضا مہدی، جنید کمال، رومان یونس، سرمد الٰہی |
| 7۔ پاکستان میں خدمات کی ڈجٹائزیشن | اسما خالد، احمد مبین، طلحہ ندیم، عمر مشہود |

خصوصی سیکشن:

| | |
|---|---|
| سی پیک ایل ٹی پی: پاکستان میں زرعی ترقی کے مواقع | احمد مبین |

| | |
|---|---|
| **منتظم مطبوعہ:** | فدا حسین |
| **ڈائریکٹر:** | ڈاکٹر عمر فاروق ثاقب |

**مطبوعات جائزہ کمیٹیاں:**

| | |
|---|---|
| انتظامیہ کی مطبوعات جائزہ کمیٹی | ڈاکٹر سعید احمد (چیئرمین)، عنایت حسین، سید عرفان علی، محمد علی ملک، سید ثمر حسنین، علی چوہدری، محمد جاوید اسماعیل، ڈاکٹر محمد فاروق عارابی، اور ڈاکٹر عمر فاروق ثاقب |
| بورڈ کی مطبوعات جائزہ کمیٹی | اردشیر خورشید مارکر (چیئرمین)، زبیر سومرو |

آراء اور تبصروں پر شعبہ ہائے تحقیق، زری پالیسی اور شماریات؛ اور نقل و حمل کی فراہمی پر دفتر کارپوریٹ سیکریٹری اور شعبہ بیرونی تعلقات کا بھی شکریہ۔

تبصروں اور سوالات کے لیے annual.report@sbp.org.pk

# ترجمہ ٹیم

نگراں

سہیل انجم

مترجمین

شجاعت علی

منصور احمد

حمیرا اشرف

فیضان رحیم

تزئین و آرائش

فیضان رحیم

حمیرا اشرف

# ترتیب

## ابواب


| | | | |
|---|---|---|---|
| 1 | **معاشی جائزہ** | | 1 |
| | 1.1 | عمومی جائزہ | 1 |
| | 1.2 | مالی سال18ء کا جائزہ | 3 |
| | 1.3 | معاشی منظر نامہ | 9 |
| 2 | **معاشی نمو** | | 11 |
| | 2.1 | عمومی جائزہ | 11 |
| | 2.2 | زراعت | 12 |
| | 2.3 | صنعت | 19 |
| | 2.4 | خدمات | 28 |
| 3 | **زری پالیسی اور مہنگائی** | | 31 |
| | 3.1 | پالیسی جائزہ | 31 |
| | 3.2 | زری مجموعے | 36 |
| | 3.3 | نجی شعبے کا قرضہ | 40 |
| | 3.4 | مہنگائی | 45 |
| 4 | **مالیاتی پالیسی** | | 49 |
| | 4.1 | عمومی جائزہ | 49 |
| | 4.2 | محاصل | 51 |
| | 4.3 | اخراجات | 58 |
| | 4.4 | صوبائی مالیاتی کارروائیاں | 59 |
| 5 | **ملکی اور بیرونی قرضہ** | | 65 |
| | 5.1 | عمومی جائزہ | 65 |
| | 5.2 | ملکی قرضہ | 67 |
| | 5.3 | بیرونی قرض اور واجبات | 68 |
| | 5.4 | بیرونی قرضے کی پائیداری | 71 |
| 6 | **بیرونی شعبہ** | | 73 |
| | 6.1 | عالمی اقتصادی جائزہ | 73 |

| | | |
|---|---|---|
| 6.2 | پاکستان کی ادائیگیوں کا توازن | 74 |
| 6.3 | جاری کھاتہ | 76 |
| 6.4 | مالی کھاتہ | 79 |
| 6.5 | شرحِ مبادلہ اور ذخائر | 81 |
| 6.6 | تجارتی کھاتہ | 83 |
| 7 | **پاکستان میں خدمات کی ڈجٹائزیشن** | 95 |
| 7.1 | تعارف | 95 |
| 7.2 | پاکستان کی معیشت پر اثرات | 96 |
| 7.3 | ای-کامرس: خردہ فروشی میں انقلابی تبدیلی | 101 |
| 7.4 | فِن ٹیک: اختراعات ای-کامرس سے ماوراہیں | 107 |
| 7.5 | ای-گورنمنٹ | 110 |
| 7.6 | آنے والا دور کیسا ہو گا؟ چوتھا صنعتی انقلاب اور پاکستان کی استعداد | 112 |
| 7.7 | مستقبل کا منظر نامہ اور پالیسی کی سمت | 114 |

**خصوصی شعبے**

| | |
|---|---|
| خصوصی سیکشن سی پیک ایل ٹی پی: پاکستان میں زرعی ترقی کے مواقع | 117 |
| **ضمیمہ:** اعداد و شمار کی توضیح | 125 |
| **فرہنگ** | 127 |

**باکسز**

| | |
|---|---|
| باکس 2.1: پاکستان میں فولاد سازی کے شعبے کی صورتِ حال | 20 |
| باکس 3.1: امانتیں جمع کرنے کی رفتار کیوں کم ہے؟ | 35 |
| باکس 3.2: کم لاگت مکاناتی مالکاری کی پالیسی کے مسودے میں شامل اہم اقدامات | 44 |
| باکس 4.1: پاکستان میں ٹیکسوں کی وصولی کی ڈجٹائزیشن: ایک خوش آئند پیش رفت | 52 |
| باکس 4.2 : پاکستان میں بلاواسطہ ٹیکسوں کے امکانات | 54 |
| باکس 6.1: پاکستان میں زرِ مبادلہ کی موزونیت کا جائزہ | 82 |
| باکس 7.1: ملک میں نووارد کاروباری اداروں (Startup) کا ارتقا پذیر نظام | 97 |
| باکس 7.2: پاکستان میں شعبہ خدمات کی ڈجٹائزیشن کے کلیدی معاونین | 99 |
| باکس 7.3: ای-اسٹامپنگ کے اثرات اور صارفین کا ردِ عمل | 111 |
| باکس 7.4: ڈجیٹل پاکستان پالیسی | 115 |

# فرہنگ (انگریزی - اردو)

| | |
|---|---|
| ad valorem tax | حسبِ مالیت ٹیکس |
| amortization | قسط وار ادائیگی |
| balance of payments | توازن ادائیگی |
| borrowing | قرض گیری |
| broad money | زرِ وسیع |
| budgetary support | اعانتِ میزانیہ |
| CAGR | مرکب اوسط شرح نمو |
| capital adequacy ratio | شرح کفایتِ سرمایہ |
| cash on delivery | ادائیگی عند الوصول |
| CBU | مکمل ساختہ اکائی |
| circular debt | گردشی قرضہ |
| CKD | الگ الگ پُرزوں کی شکل میں |
| commodity operations | اجناس کی کارروائیاں |
| composition | اجزائے ترکیبی |
| consumerism | صارفیت |
| core inflation | قوزی مہنگائی |
| CPI | صارف اشاریہ قیمت |
| current account | جاری کھاتہ |
| deficit | خسارہ |
| deflation | قیمتوں کی تقلیل |
| documentation | دستاویزیت |
| exchange rate | شرح مبادلہ |
| external sector | بیرونی شعبہ |
| financial | مالی |
| financing | مالکاری |
| fiscal | مالیاتی |
| Foreign Direct Investment | بیرونی براہ راست سرمایہ کاری |
| Foreign Portfolio Investment | بیرونی جُزدانی سرمایہ کاری |
| grinding | پسائی |
| headline inflation | عمومی مہنگائی |
| indicators | اظہاریے |
| inflation | مہنگائی |
| injections | ادخالات |
| leakages | رساؤ |
| lending | قرض گاری |
| liabilities | واجبات |
| liquidity | سیالیت |
| maturity profile | خاکہ عرصیت |
| monetary | زری |
| monetary aggregates | زری مجموعے |
| money market | بازارِ زر |
| NBFIs | غیر بینک مالی ادارے |
| net domestic assets | خالص ملکی اثاثے |
| net foreign assets | خالص بیرونی اثاثے |
| OMOs | بازارِ زر کے سودے |
| one-off receipt | یک بارگی وصولی |
| overnight rate | شبینہ شرح/نرخ |
| patent protection | حقِ ایجاد کا تحفظ |
| perishables | تلف پذیر اشیا |
| portfolio investment | جزدانی سرمایہ کاری |
| primary income | بنیادی آمدنی |
| remittances | ترسیلاتِ زر |
| reserve adequacy | زرِ مبادلہ کی موزونیت |
| revaluation | بازقدرپیمائی |
| revenues | محصولات، محاصل |
| roll-over | اجرائے ثانی |
| services account | خدمات کا کھاتہ |
| startup | نووارد کاروباری ادارہ |
| synthetic fiber | مصنوعی ریشہ |
| trade account | تجارتی کھاتہ |
| trimmed mean | تراشیدہ اوسط |
| volatility | تغیر پذیری |
| Wholesale Price Index | تھوک اشاریہ قیمت |
| working capital | جاری سرمایہ |

# فرہنگ (اردو - انگریزی)

| | |
|---|---|
| اجرائے ثانی | roll-over |
| اجزائے ترکیبی | composition |
| اجناس کی کارروائیاں | commodity operations |
| ادائیگی عند الوصول | cash on delivery |
| ادخالات | injections |
| اظہاریے | indicators |
| اعانتِ میزانیہ | budgetary support |
| الگ الگ پُرزوں کی شکل میں | CKD |
| بازقدرپیمائی | revaluation |
| بازارزر | money market |
| بازارزر کے سودے | OMOs |
| بنیادی آمدنی | primary income |
| بیرونی براہ راست سرمایہ کاری | Foreign Direct Investment |
| بیرونی جُزدانی سرمایہ کاری | Foreign Portfolio Investment |
| بیرونی شعبہ | external sector |
| پسائی | grinding |
| تجارتی کھاتہ | trade account |
| تراشیدہ اوسط | trimmed mean |
| ترسیلاتِ زر | remittances |
| تغیرپذیری | volatility |
| تلف پذیر اشیا | perishables |
| توازن ادائیگی | balance of payments |
| تھوک اشاریہ قیمت | Wholesale Price Index |
| جاری سرمایہ | working capital |
| جاری کھاتہ | current account |
| جزدانی سرمایہ کاری | portfolio investment |
| حسبِ مالیت ٹیکس | ad valorem tax |
| حقِ ایجاد کا تحفظ | patent protection |
| خاکہ عرصیت | maturity profile |
| خالص بیرونی اثاثے | net foreign assets |
| خالص ملکی اثاثے | net domestic assets |
| خدمات کا کھاتہ | services account |

| | |
|---|---|
| خسارہ | deficit |
| دستاویزیت | documentation |
| رساؤ | leakages |
| زرِمبادلہ کی موزونیت | reserve adequacy |
| زرِوسیع | broad money |
| زری | monetary |
| زری مجموعے | monetary aggregates |
| سیالیت | liquidity |
| شبینہ شرح/نرخ | overnight rate |
| شرح کفایتِ سرمایہ | capital adequacy ratio |
| شرح مبادلہ | exchange rate |
| صارف اشاریہ قیمت | CPI |
| صارفیت | consumerism |
| عمومی مہنگائی | headline inflation |
| غیربینک مالی ادارے | NBFIs |
| قرض گاری | lending |
| قرض گیری | borrowing |
| قسط وار ادائیگی | amortization |
| قوزی مہنگائی | core inflation |
| قیمتوں کی تقلیل | deflation |
| گردشی قرضہ | circular debt |
| مالکاری | financing |
| مالی | financial |
| مالیاتی | fiscal |
| محصولات، محاصل | revenues |
| مرکب اوسط شرح نمو | CAGR |
| مصنوعی ریشہ | synthetic fiber |
| مکمل ساختہ اکائی | CBU |
| مہنگائی | inflation |
| نووارد کاروباری ادارہ | startup |
| واجبات | liabilities |
| یک بارگی وصولی | one-off receipt |

# 1 معاشی جائزہ

## 1.1 عمومی جائزہ

مالی سال 18ء کا اختتام معیشت کی ملی جلی کارکردگی پر ہوا۔ حقیقی معاشی سرگرمیوں میں مزید تیزی آئی اور مہنگائی مسلسل چوتھے سال ہدف سے کم رہی۔ اسی طرح نجی شعبے کے قرضے کی نمو بھی مضبوط رہی اور جی ڈی پی کے لحاظ سے سرمایہ کاری کچھ بڑھی۔ تاہم ساتھ ہی ساتھ اخراجات کی نسبت محاصل کی نمو کی رفتار میں بڑی کمی اور بڑھتی ہوئی طلب کو پورا کرنے کے لیے درآمدات پر انحصار میں اضافے کے نتیجے میں جڑواں خسارے ناپائیدار سطح کو پہنچ گئے۔ حقیقت یہ ہے کہ درآمدات میں متواتر اضافے نے برآمدات کی بحالی کو گہنا دیا۔ اس کے نتیجے میں ریکارڈ سطح کا جاری کھاتے کا خسارہ زرِمبادلہ کے ذخائر اور شرح مبادلہ پر دباؤ میں اضافے کا سبب بنا۔ اسی طرح مالیاتی خسارہ گذشتہ پانچ برسوں میں بلند ترین تھا۔ ان سب عوامل کے نتیجے میں سرکاری خصوصاً بیرونی قرضہ زیادہ تیزی سے جمع ہو گیا (**جدول 1.1**)۔

حقیقی جی ڈی پی نمو وسیع البنیاد تھی کیونکہ تینوں شعبوں — زراعت، صنعت اور خدمات — نے نمو کی رفتار کو بڑھانے میں اپنا حصہ ڈالا۔ خاص طور پر فصلوں اور گلہ بانی کے ذیلی شعبوں کی ریکارڈ کارکردگی کی بنا پر شعبہ زراعت نمایاں رہا۔ زراعت کی بلند پیداوار کے علاوہ، متحرک اشیا سازی اور تعمیرات کی سرگرمیوں نے — جنہیں توانائی کی بہتر فراہمی، سی پیک منصوبوں اور مضبوط ملکی طلب سے سہارا ملا — صنعتی شعبے کی نمو کو بڑھانے میں اہم کردار ادا کیا۔

تاہم طلب کے حوالے سے دیکھا جائے تو گذشتہ توسیعی دائروں کی طرح نمو میں بڑا کردار صَرف کا تھا۔[1] کم شرح سود کے ماحول، بلند مالیاتی خرچ اور بہتر حقیقی آمدنی سمیت کئی عوامل نے ملکی طلب کو بڑھاوا دیا۔ خصوصاً قرض کی کم لاگت کی بنا پر پچھلے دو برسوں میں کاروباری اداروں کو جاری سرمائے اور معینہ سرمایہ کاری دونوں قسم کے قرضے لینے کی ترغیب ملتی رہی۔ جہاں تک رسد کا تعلق ہے، حکومت کی جانب سے طویل مدت قرض کی خالص واپسی کی وجہ سے بینکوں کے پاس کافی سیالیت تھی۔ مزید برآں، بلند مالیاتی خسارہ پورا کرنے کے لیے اسٹیٹ بینک کے قرض پر حکومت کے زیادہ انحصار نے بھی بینکوں کی سیالیت میں اضافہ کیا۔

**جدول 1.1: منتخب معاشی اظہاریے**

| | م س15ء | م س16ء | م س17ء ع | م س18ء ہدف | م س18ء اصل ع |
|---|---|---|---|---|---|
| | | فیصد نمو | | | |
| حقیقی جی ڈی پی[1] | 4.1 | 4.6 | 5.4 | 6.0 | 5.8 |
| زراعت | 2.1 | 0.2 | 2.1 | 3.5 | 3.8 |
| صنعت | 5.2 | 5.7 | 5.4 | 7.3 | 5.8 |
| خدمات | 4.4 | 5.7 | 6.5 | 6.4 | 6.4 |
| نجی شعبے کا قرض[2] | 5.9 | 11.2 | 16.8 | - | 14.9 |
| صارف اشاریہ قیمت مہنگائی[1] | 4.5 | 2.9 | 4.2 | 6.0 | 3.9 |
| | | بلحاظ جی ڈی پی فیصد | | | |
| جاری حسابات کا توازن[2] | -1.0 | -1.7 | -4.1 | -2.6 | -5.8 |
| مالیاتی توازن[3] | -5.3 | -4.6 | -5.8 | -4.1 | -6.6 |
| مجموعی سرکاری قرضہ[3] | 63.3 | 67.6 | 67.0 | 61.4 | 72.5 |

ع: عبوری۔ ن: نظر ثانی شدہ

ماخذ: [1] پاکستان دفتر شماریات، [2] بینک دولت پاکستان؛ [3] وزارتِ خزانہ۔

پچھلے دو برسوں کے دوران مالیاتی خسارے میں مسلسل اضافہ معیشت کے طلبی دباؤ کو بڑھانے میں ایک اہم عامل رہا ہے۔ مالی سال 18ء کے دوران ماضی کے رجحانات سے ایک ناخوشگوار انحراف پایا گیا۔ پچھلے برسوں میں تو ترقیاتی مصارف میں مسلسل اضافہ ہوا اور جاری اخراجات پر قابو پایا گیا تاہم مالی سال 18ء میں اس کے برعکس ہوا: ترقیاتی مصارف کم ہوئے جبکہ جاری اخراجات بڑھ گئے۔ اس طرح اخراجات کی ہیئت ترکیبی سرمایہ کاری سے صَرف کی جانب منتقل ہو گئی۔

بلند معاشی سرگرمی اور ملکی طلب کے پس منظر میں درآمدات کی نمو مضبوط رہی۔ اگرچہ غذا کے سوا تمام اہم اجناسی گروپوں میں مضبوط نمو ریکارڈ کی گئی

[1] حقیقی جی ڈی پی میں صَرف کا حصہ مالی سال 18ء میں بڑھ کر 93.2 فیصد ہو گیا جبکہ مالی سال 17ء میں 91.7 فیصد تھا۔ پچھلے پانچ برسوں کے اوسط حصے 88.7 فیصد سے موازنہ کیا جائے تو یہ خاصا زیادہ ہے۔

تاہم بلند درآمدات میں سب سے زیادہ حصہ پیٹرولیم، مشینری، دھاتوں اور کیمیکلز کا تھا۔ مزید برآں، اجناس خصوصاً تیل اور فولاد کی قیمتیں درآمدی بل کو بڑھانے والا اہم ترین عامل تھا۔ حقیقت یہ ہے کہ مالی سال 18ء کے دوران درآمدات میں اضافے میں نرخوں کا اثر حجم کے اثر سے تقریباً دگنا تھا۔

حوصلہ افزا امر یہ ہے کہ بتدریج بڑھتی ہوئی عالمی طلب کے وقت توانائی کی بہتر فراہمی کی بنا پر برآمدات میں وسیع البنیاد بحالی ریکارڈ کی گئی۔ مزید یہ کہ فاضل گندم اور چینی کی برآمد اور بین الاقوامی منڈی میں اجناس کی بلند قیمتوں نے بھی برآمدات کی دوہندسی نمو میں اپنا حصہ ڈالا۔ اس کے باوجود مطلق لحاظ سے درآمدات پھر بھی برآمدات کا 2.3 گنا تھیں۔ علاوہ ازیں بیرونی قرضوں پر سود کی ادائیگیوں اور منافع کی منتقلی بھی مالی سال 18ء کے دوران خاصی بڑھ گئی جبکہ اتحادی سپورٹ فنڈ کی عدم موجودگی نے خدمات کے کھاتے پر دباؤ ڈالا۔ ان کھاتوں میں خسارے کی تلافی ترسیلاتِ زر سے نہ ہوسکی، جن میں معتدل اضافہ ہوا۔ اس طرح مالی سال 18ء میں جاری کھاتے کا خسارہ ریکارڈ 18.1 ارب ڈالر تک پہنچ گیا۔

جاری کھاتے کے اس بھاری خسارے کو پورا کرنے کے لیے بیرونی قرضوں پر انحصار بڑھ گیا جس کے نتیجے میں مالی سال 18ء کے دوران بیرونی قرضوں کے حجم میں خاصا اضافہ ہوگیا۔ ایک اور تشویشناک صورتِ حال کمرشل قرضوں پر بہت زیادہ انحصار تھا جس میں کثیر فریقی اور دوطرفہ ذرائع کے قرضوں کی نسبت شرح سود بھی بلند ہوتی ہے اور میعاد بھی کم ہوتی ہے۔ نتیجتاً بیرونی قروضوں کی میعاد کا اوسط وقت مالی سال 18ء میں گر کر تقریباً 10 سال ہوگیا جبکہ مالی سال 14ء میں 20 سال سے زائد تھا۔ مجموعی سرکاری اور نجی رقوم کی آمد اتنی نہ تھی کہ جاری کھاتے کا خسارہ پورا ہوسکتا جس کے باعث مالی سال 18ء کے دوران اسٹیٹ بینک کے ذخائر میں 6 ارب ڈالر سے زائد کی کمی ہوئی۔ اس دباؤ کی وجہ سے سال کے دوران کئی بار شرح مبادلہ گھٹ گئی۔

مضبوط مضمر طلبی دباؤ کے علاوہ شرح مبادلہ میں کمی اور اجناس کی بلند عالمی قیمتوں کی منتقلی کی عکاسی مئی 2018ء سے سال بسال مہنگائی میں ہونے لگی۔ قوزی مہنگائی—جس میں غذا اور توانائی کی متغیر قیمتیں شامل نہیں—لگ بھگ 5.5 فیصد کے قریب چسپاں رہنے کے بعد مارچ 2018ء اور اس کے بعد بڑھنے لگی۔ تاہم سال کے دوران اوسط مہنگائی کسی قدر کم رہی جس کی بنیادی وجہ ملک میں غذا کے کافی سے زیادہ ذخائر کے باعث پست غذائی مہنگائی تھی۔ ان حالات کو بغور دیکھتے ہوئے اور توسیعی مالیاتی پالیسی اور بگڑتے ہوئے بیرونی کھاتوں کے معاشی استحکام خصوصاً مستقبل میں مہنگائی کی راہ پر ممکنہ اثر کے پیش نظر زری پالیسی کمیٹی نے کئی برس سے جاری نرم زری پالیسی کو بدلتے ہوئے جنوری 2018ء میں پالیسی ریٹ بڑھادیا۔

لُبِ لباب یہ ہے کہ پاکستان کی معیشت پھر ایک جانے پہچانے موڑ پر پہنچ گئی ہے جہاں نمو بڑھنے کے ساتھ عدم توازن سامنے آرہا ہے اور اس کی بنا پر کم مہنگائی اور بلند نمو کا بہترین توازن قائم رکھنا مشکل ہوتا جارہا ہے۔ اس بار واحد فرق یہ ہے کہ توانائی اور انفراسٹرکچر کے شعبوں میں بھاری سرمایہ کاری کی جارہی ہے۔ بہرکیف، اکثر و بیشتر اس قسم کے دائروں کے اعادے کی سب سے بڑی وجہ کم سرمایہ کاری اور معیشت کی محدود پیداواری صلاحیت ہے۔ دوسری طرف نمو میں اضافے کے زیادہ تر مظاہرے اخراجات بڑھنے کی بنا پر ہوئے ہیں۔ چنانچہ جب ملکی طلب معیشت کی پیداواری صلاحیت سے تجاوز کر جاتی ہے تو عدم توازن جنم لیتا ہے اور بالآخر معیشت کی اوورہیٹنگ ہوتی ہے اور پھر اس کے نتیجے میں فوری کارروائی اور، جیسا کہ ماضی میں اکثر ہوا ہے، قلیل مدت عارضی اقدامات کی ضرورت پڑتی ہے۔ اس سے وقتی طور پر سہارا مل گیا لیکن مضمر مسائل سے نمٹنے کے لیے دشوار ساختی اصلاحات پر توجہ کم ہوگئی۔

اس مرتبہ بھی بیرونی کھاتے پر دباؤ کم کرنے اور مہنگائی کی توقعات سے نمٹنے کے لیے کئی اقدامات کیے گئے ہیں۔ شرح سود میں اضافے، شرح مبادلہ میں ردوبدل، پیشگی ادائیگیوں اور اوپن اکاؤنٹ پر درآمدات پر پابندی، ریگولیٹری اور کسٹم ڈیوٹی میں اضافے اور منتخب غیر ضروری اشیا پر کیش مارجن لگانے کا مقصد درآمدات کو محدود کرنا اور جاری کھاتے کے خسارے کو گھٹانا ہے۔ تاہم انتخابات کے سال میں توسیعی مالیاتی پالیسی اور تیل کی قیمتوں میں اضافے نے ان اقدامات کے متوقع اثر کو جزوی طور پر زائل کردیا ہے۔

بہر حال ساختی رکاوٹوں سے نمٹنے کے لیے معیشت کے اہم شعبوں میں وسیع البنیاد اور گہری ساختی اصلاحات کی ضرورت ہے۔ پاکستان مالی شعبے اور زری و شرح مبادلہ کی پالیسیوں میں کئی اصلاحات نافذ کر چکا ہے۔ خاص طور پر زری پالیسی فریم ورک کو بہتر بنانے، بتدریج زیادہ مسابقتی شرح مبادلہ کی پالیسی اور مالی شمولیت بڑھانے اور محروم شعبوں بشمول ایس ایم ایز، خواتین اور نوجوان تاجروں اور چھوٹے کاشتکاروں تک مالکاری کی رسائی سے متعلق اصلاحات پر پیش رفت ہو رہی ہے۔

تاہم ان کے ہمراہ ان طویل مدت ساختی مسائل سے نمٹنے کے لیے بھی اصلاحات ہونی چاہئیں جو سرمایہ کاری، صنعت کاری، تجارت اور وسائل پیدا کرنے کی راہ میں رکاوٹ بنے ہوئے ہیں۔ خاص طور پر پاکستان کو بچت کی سطح بلند کر کے، بچت کلچر اور نئی مالی مصنوعات متعارف کرا کے عوامی بچتوں کو بڑھا کر سرمایہ کاری میں اضافہ کرنے کی ضرورت ہے۔ اس کے نتیجے میں مجموعی صَرف میں آنے والی کمی قلیل سے وسط مدت میں درآمدی طلب کو کم کرنے میں مدد دے گی۔ طویل مدت میں پاکستان بجلی کی پیداوار کو قابل تجدید ذرائع کی جانب منتقل کر کے، نقل و حمل کے سستے طریقے اختیار کر کے اور روغنی بیجوں کی ملکی پیداوار کو فروغ دے کر درآمدات پر اپنا انحصار کم کر سکتا ہے۔ ساتھ ہی ساتھ جاری کھاتے کے خسارے کو وسط مدت میں پائیدار سطح پر رکھنے کے لیے برآمدی اساس نیز قدر اضافی کو بڑھانے کی ضرورت ہے۔ پیداواری خصوصاً توانائی اور نقل و حمل کی لاگت میں کمی، پیشہ ورانہ تربیت کے ذریعے لیبر کے معیار کو بہتر بناتے ہوئے پیداواریت میں اضافے اور غیر روایتی اشیا اور منڈیوں کے غیر آزمودہ برآمدی امکانات کو استعمال کر کے برآمدات کو بڑھایا جا سکتا ہے۔

جہاں تک محاصل کی پیداوار کا تعلق ہے، پاکستان براہِ راست ٹیکس کے امکانات کو استعمال کر کے اپنی ٹیکس اساس کو وسیع کر سکتا ہے۔[2] فی الحال مجموعی ٹیکسوں میں براہِ راست ٹیکسوں کا حصہ ہمسر ممالک کے مقابلے میں خاصا کم ہے۔ مستثنیات ختم کر کے، انکم ٹیکس ایکٹ کے ذریعے ان شعبوں پر ٹیکس لگا کر جو اس دائرے سے باہر ہیں اور فی کس آمدنی کی نسبت سے کم سے کم قابل ٹیکس آمدنی کو بڑھا کر اس میں اضافہ کیا جا سکتا ہے۔ مزید یہ کہ محاصل جمع کرنے کے نظام کی ڈجیٹائزیشن سے ٹیکس گزاروں کو بھی فائدہ ہو گا اور انسانی مداخلت کم ہونے کی وجہ سے رقوم کا ضیاع بھی گھٹے گا۔ یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ معیشت کے کسی مخصوص شعبے میں اصلاحات اس وقت تک مؤثر نہ ہوں گی جب تک انہیں دیگر شعبوں میں اصلاحات سے ہم آہنگ نہ کیا جائے۔ آخراً، اس امر پر جتنا بھی زور دیا جائے کم ہے کہ اصلاحات کی کامیابی کا دارومدار نظم و نسق میں بہتری پر ہے۔

### 1.2 مالی سال 18ء کا جائزہ

حقیقی شعبہ

حقیقی جی ڈی پی کی نمو مالی سال 17ء میں 5.4 فیصد سے بڑھ کر مالی سال 18ء میں 5.8 فیصد ہو گئی جو پچھلے 13 سال کی بلند ترین نمو ہے۔ یہ نمو وسیع البنیاد بھی تھی اور تینوں شعبوں نے بھرپور کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ اس بہتر کارکردگی میں کئی عوامل نے کردار ادا کیا جن میں بعض صنعتوں میں استعداد کی توسیع، پست شرح سود کا ماحول، بلند سرکاری اخراجات (خصوصاً سی پیک سے متعلق منصوبوں پر) اور توانائی کی فراہمی میں اضافہ شامل ہیں۔

علی الخصوص، شعبہ زراعت نے مالی سال 18ء میں 3.8 فیصد کی بھرپور نمو ریکارڈ کی جو 3.5 فیصد کے ہدف اور مالی سال 17ء میں حاصل کردہ 2.1 فیصد نمو سے خاصی زیادہ تھی۔ فصلوں کی پیداوار میں پھر تیزی اور گلہ بانی کی بلند نمو نے اس شعبے کی بہتر کارکردگی میں کلیدی کردار ادا کیا۔ کپاس کی بہتر فصل کے علاوہ چاول اور گنے کی ریکارڈ پیداوار مالی سال 18ء کے دوران 3.8 فیصد پر منتج ہوئی جبکہ مالی سال 17ء میں 0.9 فیصد نمو رہی تھی۔ مزید برآں، دیگر فصلوں (دالوں، روغنی بیجوں وغیرہ) کی کارکردگی میں بھی نمایاں بہتری آئی اور مالی سال 17ء میں 2.7 فیصد کمی کے مقابلے میں مالی سال 18ء کے دوران 3.3 فیصد اضافہ ہوا۔ اس صحت مندانہ کارکردگی میں فصلوں کے نرخوں (گنے اور گندم میں)، خام مال پر زراعانت، قرضے تک رسائی میں اضافے اور سازگار موسمی حالات نے حصہ ڈالا۔ گلہ بانی کے ذیلی شعبے میں، جو زراعت میں تقریباً

[2] مزید تفصیلات کے لیے دیکھیے باب 4 میں باکس 4.2۔

60 فیصد کا حصہ دار ہے، مالی سال 18ء کے دوران 3.8 فیصد نمو ہوئی جبکہ مالی سال 17ء میں 3.0 فیصد اضافہ ہوا تھا۔ اس میں اہم کردار صوبائی حکومتوں کے آغاز کردہ مختلف منصوبوں اور ڈیری فارمنگ کے جدید خطوط پر استوار کیے جانے کے بڑھتے ہوئے رجحان نے ادا کیا۔

مالی سال 18ء میں صنعتی شعبے میں 5.8 فیصد نمو ہوئی جو مالی سال 17ء کی نمو 5.4 فیصد سے کچھ زیادہ ہے۔ یہ معمولی تیزی مضبوط تعمیراتی سرگرمیوں اور اشیاسازی کے شعبے کی بہتر کارکردگی کی بنا پر ہوئی جبکہ بجلی کی پیداوار و تقسیم اور گیس کی تقسیم کی قدر اضافی میں نمو خاصی کم ہوئی۔ سی پیک سے متعلق انفراسٹرکچر کے منصوبوں سے بدستور تعمیراتی شعبے کو فائدہ ہوتا رہا جبکہ بڑے پیمانے کی اشیاسازی کی نمو کو صارفی پائیدار اشیا کی مضبوط طلب اور تعمیرات سے منسلک صنعتوں سے تقویت ملی۔ جہاں تک کھاد کا تعلق ہے، چھوٹے اشیاسازی یونٹوں کی کارکردگی ملکی گیس کے تعطل سے متاثر ہوئی کیونکہ درآمد شدہ آر ایل این جی زیادہ مہنگی تھی۔ گنے کی ریکارڈ فصل کے باوجود نرخوں کا تنازع، جس کی بنا پر گنے کا متبادل استعمال ہونے لگا، کچل کاری کے تاخیر سے آغاز کا باعث بنا جس سے چینی کی پیداوار میں کمی آئی۔

اجناس پیدا کرنے والے شعبوں کی بہتر کارکردگی سے قطع نظر مالی سال 18ء میں خدمات کے شعبے کی قدر اضافی 6.4 فیصد بڑھ گئی جو مالی سال 17ء کی نمو 6.5 سے تھوڑی سی کم ہے۔ اس کا سبب مالیات اور بیمے، ٹرانسپورٹ، ذخیرہ کاری اور مواصلات اور دیگر نجی خدمات کی سست نمو تھی۔ تاہم تھوک اور خردہ تجارت، جو بڑی حد تک زراعت وصنعت کی کارکردگی سے ہم آہنگ تھی، اور عمومی حکومتی خدمات کی وجہ سے بہت تقویت ملی۔

## زری پالیسی اور مہنگائی

زرِ مبادلہ کے ذخائر پر بڑھتے ہوئے دباؤ کے ساتھ بیرونی کھاتے کی متوقع راہ اور وسط مدت مہنگائی کے پیش نظر زری پالیسی کمیٹی نے سال کے دوران پالیسی ریٹ مجموعی طور پر 75 بیسس پوائنٹس (بی پی ایس) بڑھا دیا جو اس نے پچھلے دو برس سے یکساں رکھا ہوا تھا۔ پالیسی ریٹ میں تبدیلی کا سبب بننے والے اہم عوامل یہ تھے: (i) بڑھتا ہوا معاشی عدم توازن؛ (ii) شرح مبادلہ میں کمی کا مہنگائی پر ممکنہ اثر؛ (iii) ناکافی رقوم کی آمد؛ (iv) مالی سال 18ء کی دوسری ششماہی میں تیل کی عالمی قیمتوں میں تیزی سے اضافہ؛ اور (v) توقع سے زیادہ مالیاتی پھیلاؤ۔

پالیسی ریٹ میں 75 بی پی ایس اضافے کے باوجود مالی سال 18ء میں بہ وزن اوسط شرح قرض گاری (WALR) محض 39 بی پی ایس بڑھی۔ ترسیل کی مخصوص تاخیر سے ہٹ کر یہ پست منتقلی دو اہم تبدیلیوں کی غماز تھی۔ اوّل، بینکوں کے پاس نجی شعبے کی طلب پوری کرنے کے لیے کافی سیالیت تھی۔ اگرچہ دوران سال کبھی کبھی بین البینک منڈی میں سیالیت کا دباؤ ابھرا تاہم بازارِ زر کے سودوں کے ذریعے، جو شبینہ شرحوں کو پالیسی ریٹ کے قریب رکھنے کے لیے کیے گئے، اسٹیٹ بینک کے فعال انتظام نے اس دباؤ کو قابو میں رکھا (باب 3)۔ مالی سال 18ء میں سیالیت کی مجموعی صورتِ حال میں نرمی کی عکاسی مالی سال 17ء کی نسبت مالی سال 18ء میں اسٹیٹ بینک کی معکوس ریپو سہولت سے کمرشل بینکوں کے قرض کے کم حجم سے بھی ہوتی ہے۔ دوم، اہل قرض گیروں کو قرض دینے کے سلسلے میں بینکوں کے درمیان جاری مقابلے کی بنا پر بینکوں نے حکومتی تمسکات کے بجائے بلند تر یافت کے حامل نجی قرضوں میں رقم لگائی، جیسا کہ اثاثوں کے بہتر معیار سے عکاسی ہوتی ہے۔

اس طرح بہ وزن اوسط شرح قرض گاری پورے عرصے مستحکم رہی تاہم بینک کے قرضوں کی طلب مسلسل تیز رفتاری سے بڑھتی رہی۔ جاری سرمائے کے قرضوں کی رفتار خاص طور پر تیز تھی اور ٹیکسٹائل، برقی مشینری، لوہے اور فولاد، خوردنی تیل اور گھی، بنیادی کیمیکلز اور چاول کے پروسیسرز سمیت متعدد شعبوں میں نمایاں تھی۔ اس نمو کو صنعتی استعداد، تیز سرگرمیوں نیز خام مال کی بڑھی ہوئی قیمتوں سے منسوب کیا گیا۔

تاہم معینہ سرمایہ کاری قرضوں میں توسیع مالی سال 18ء میں پچھلے سال کی نسبت کم رہی۔ یہ سست رفتاری بنیادی طور پر کھاد کے شعبے کی وجہ سے آئی کیونکہ اس سے قبل کے قرضے کی نظام الاوقات کے مطابق واپسی کی گئی اور بجلی کے شعبے میں بھی یہ سست رفتاری دیکھی گئی جہاں استعداد میں اضافے کے لیے نئی تنصیبات کا کام کم ہوا۔

برآمدی شعبوں کے لیے اسٹیٹ بینک کی رعایتی مالکاری اسکیموں نے بھی بعض شعبوں جیسے ٹیکسٹائل میں استعداد میں توسیع کو ترغیب دینے میں اہم کردار ادا کیا۔ جہاں تک بجلی کے شعبے کا تعلق ہے، اگرچہ مالی سال 18ء کی پہلی ششماہی میں معینہ سرمایہ کاری کی سرگرمیاں سست رہیں تاہم دوسری ششماہی میں جب فرمیں نئے بجلی گھروں پر پابندی کے نفاذ کے بعد جاری منصوبوں میں تیزی لائیں تو ان سرگرمیوں میں تیزی آگئی۔ بحیثیت مجموعی مالی سال 18ء کے دوران معیشت کے نجی قرضے میں پچھلے برس کے 747.9 ارب روپے کی نسبت 775.5 ارب روپے کا بھرپور اضافہ ہوا۔

اس سے نجی قرض تا جی ڈی پی کا تناسب آٹھ سال کی بلند ترین سطح 17.4 فیصد تک پہنچ گیا۔ یہ بات قابل ذکر ہے کہ پاکستان کے نجی شعبے تا جی ڈی پی تناسب میں حالیہ برسوں میں اضافے کے باوجود مالی سال 18ء کے آخر میں یہ تناسب ایک عشرے قبل کی بلند ترین سطح 27.2 فیصد سے کافی کم ہے۔ اہم بات یہ ہے کہ یہ علاقائی معیشتوں جیسے بھارت (49.5 فیصد)، بنگلہ دیش (47.6 فیصد) اور سری لنکا (45.7 فیصد) سے بھی کم ہے۔

اس دوران مالی سال 18ء میں بینکاری نظام سے میزانی قرض گیری بلند رہی۔ نہ صرف حکومت نے اسٹیٹ بینک کی مالکاری پر انحصار کیا اور مالی سال 18ء کی صرف تیسری سہ ماہی میں لگ بھگ 2.2 ٹریلین روپے قرض لیے بلکہ ایس بی پی ایکٹ کے تحت مقرر کردہ 'صفر سہ ماہی قرض گیری' کی حد کی بھی خلاف ورزی کی۔ سرکاری شعبے کے اداروں خصوصاً توانائی سے متعلق نیز اجناسی سرگرمیوں میں شامل اداروں نے بھی خوب قرضہ لیا۔ نتیجے کے طور پر مالی سال 18ء میں مجموعی خالص ملکی اثاثے 15.9 فیصد بڑھ گئے۔ تاہم مجموعی زری توسیع پر اس کا اثر بڑھتے ہوئے بیرونی کھاتے کے خسارے کی وجہ سے خالص بیرونی اثاثوں میں بھاری خالص کمی نے جزواً زائل کر دیا۔ مجموعی رسد زر 9.7 فیصد بڑھی جو گذشتہ برس کی نمو 13.7 فیصد سے کم ہے۔ اسی طرح مالی سال 18ء کے دوران اسٹیٹ بینک کے خالص بیرونی اثاثوں میں بڑی کمی کے باعث زر بنیاد 12.7 فیصد بڑھ گیا جس سے مرکزی بینک سے بھاری میزانی قرض گیری کا اثر زائل ہو گیا۔

اسٹیٹ بینک سے حکومتی قرض گیری میں اضافے کی ایک وجہ طویل میعاد کے بانڈز میں جدولی بینک کی دلچسپی کا فقدان تھا کیونکہ مارکیٹ مہنگائی کی مضبوط توقعات کے تناظر میں شرح سود میں اضافے کی توقع کر رہی تھی۔ بیشتر نیلامیوں میں جدولی بینکوں نے واضح طور پر سہ ماہی ٹی بلز کو ترجیح دی اور پی آئی بیز میں کم دلچسپی لی جس کے باعث اگست تا مارچ مالی سال 18ء کی مدت میں ہونے والی مسلسل آٹھ پی آئی بی نیلامیاں منسوخ کر دی گئیں۔ تاہم مالی سال 18ء کی چوتھی سہ ماہی میں پی آئی بی نیلامیاں زیادہ کامیاب رہیں اور حکومت فکسڈ ریٹ کوپن بانڈز سے 46.1 ارب روپے اکٹھا کر سکی۔ مالی سال 18ء کا ایک اور نمایاں پہلو 10 سالہ فلوٹنگ ریٹ کوپن پی آئی بیز کا اجرا تھا جس میں کافی دلچسپی لی گئی۔ مارکیٹ کے شرکا نے ایسی دو نیلامیوں میں 100 ارب روپے کے مشترکہ ہدف کے مقابلے میں 296.1 ارب روپے کی پیشکش کی۔ تاہم ان نیلامیوں میں صرف 43.1 ارب روپے قبول کیے گئے۔

اس دوران اجناس کی عالمی قیمتوں میں اضافے اور طلبی دباؤ نے غیر غذائی مہنگائی کو بڑھا دیا۔ تاہم ان کے مجموعی اثر کی غذائی مہنگائی کے یکدم گرنے کی وجہ سے تلافی ہو گئی۔ اہم غذائی اجناس کی بہتر رسد اور سگریٹوں کے لیے ڈیوٹی کے نظام میں تبدیلی کا اثر سال بھر جاری رہا۔ مہنگائی بلحاظ صارف اشاریہ قیمت مالی سال 18ء میں مسلسل چوتھے برس سالانہ ہدف سے کم رہی اور مالی سال 03ء سے اب تک اپنی دوسری پست ترین سطح پر رہی۔ مالی سال 18ء میں مجموعی مہنگائی 3.9 فیصد تھی جبکہ پچھلے سال 4.2 فیصد رہی تھی۔

پیٹرولیم، ڈیزل اور ایل پی جی کی ملکی قیمتوں میں مسلسل تین سال گرنے کے بعد دو ہندسی نمو ریکارڈ کی گئی کیونکہ مالی سال 18ء میں بین الاقوامی نرخ بڑھتے گئے اور شرح مبادلہ میں کمی ہوتی رہی۔ اسی طرح غیر غذائی غیر توانائی قوزی مہنگائی جون 2018ء میں 7.1 فیصد کے نقطۂ عروج پر پہنچ گئی جو اکتوبر 2014ء سے اب تک بلند ترین سطح ہے۔ دوسری طرف مکانات کے کرائے، تعلیم، ملبوسات، صحت اور تیار غذا کی مہنگائی تقریباً اسی رفتار سے بڑھی جس سے بالعموم بڑھتی ہے۔ تاہم تعلیمی مہنگائی مسلسل

دوہندسوں میں بڑھتی رہی جس کی وجہ سرکاری اور نجی اداروں دونوں کی فیسوں میں اضافہ تھا۔ اسی طرح مالی سال 18ء میں صحت کی مہنگائی 8.1 فیصد بڑھ گئی جس کا سبب ادویات کی قیمتوں اور ڈاکٹروں کی فیسوں دونوں میں اضافہ تھا جو روایتی طور پر بڑھتی ہی ہیں۔

مالیاتی پالیسی

مالیاتی کھاتوں میں مسلسل دوسرے سال بگاڑ آ گیا اور خسارہ پانچ سال کی بلند ترین سطح پر جا پہنچا۔ اگرچہ محاصل کی وصولی اور اخراجات دونوں کی رفتار کم ہوئی تاہم اخراجات کی نمو محاصل کی وصولی سے بڑھ گئی۔ نتیجتاً مالی سال 18ء میں مالیاتی خسارہ جی ڈی پی کے 6.6 فیصد تک جا پہنچا اور سال کے ہدف 4.1 فیصد اور پچھلے برس کے خسارے 5.8 فیصد دونوں سے تجاوز کر گیا۔ بنیادی خسارہ گذشتہ سال کے 1.6 فیصد سے بڑھ کر جی ڈی پی کے 2.2 فیصد تک پہنچ گیا جس سے غیر سودی اخراجات میں کہیں زیادہ اضافہ ظاہر ہوتا ہے۔ اس طرح محصولاتی خسارہ جو مالی سال 17ء میں 0.8 فیصد تھا مالی سال 18ء میں بڑھ کر 1.8 فیصد تک پہنچ گیا جس سے پتہ چلتا ہے کہ مالیاتی خسارے میں اضافہ زیادہ تر جاری اخراجات میں بھاری اضافے کی بنا پر تھا۔

مالی سال 18ء میں جاری اخراجات 12.6 فیصد بڑھ گئے جبکہ پچھلے سال 10.7 فیصد اضافہ ہوا تھا۔ اسے بلند صوبائی جاری اخراجات سے سب سے زیادہ تحریک ملی۔ تاہم مالی سال 18ء میں وفاقی جاری اخراجات کی نمو گھٹ کر 9.1 فیصد رہ گئی جو پچھلے برس 10.4 فیصد تھی۔ دوسری طرف ترقیاتی اخراجات 6.5 فیصد کم ہو گئے۔ اس کی بڑی وجہ وفاقی ترقیاتی اخراجات کا 20.6 فیصد گھٹ جانا تھا جبکہ صوبائی ترقیاتی اخراجات کی نمو بھی سست ہو کر 3.3 فیصد رہ گئی جو مالی سال 17ء میں 43.8 فیصد تھی۔

اس دوران محاصل کی نمو مالی سال 18ء میں کم ہو کر 5.9 فیصد رہ گئی جو مالی سال 17ء میں 11.0 فیصد تھی۔ یہ سست رفتاری زیادہ تر نان ٹیکس محاصل میں یکدم کمی کی بنا پر آئی۔ اس کے مقابلے میں ٹیکس محاصل میں نمو وسیع البنیاد تھی۔ ایف بی آر اور صوبائی ٹیکس مالی سال 18ء کے دوران خاصے بڑھے۔

مالی سال 18ء میں ایف بی آر کی ٹیکس وصولی 14.3 فیصد بڑھ گئی جبکہ گذشتہ سال 8.0 فیصد اضافہ ہوا تھا۔ اس سے ڈکلیر نہ کیے گئے ملکی اور بیرونی اثاثوں کی رجسٹریشن کے لیے اعلان کردہ ٹیکس ایمنسٹی اسکیم سے یکبارگی وصولیوں کی عکاسی ہوتی ہے۔ براہِ راست ٹیکس میں بہتری کے علاوہ متحرک معاشی سرگرمی، مضبوط ملکی طلب اور عالمی اجناس کی عالمی قیمتوں کی ملکی نرخوں کو منتقلی کی بنا پر بالواسطہ ٹیکس وصولی مضبوط رہی۔ جہاں تک صوبوں کے اپنے ٹیکس محاصل کا تعلق ہے، زیادہ حصہ مسلسل بڑھتے ہوئے جنرل سیلز ٹیکس آن سروسز (جی ایس ٹی ایس) سے آیا اور اس کے بعد اسٹیمپ ڈیوٹی اور ایکسائز ڈیوٹی کا نمبر آتا ہے۔ نتیجے کے طور پر ٹیکس تا جی ڈی پی تناسب مالی سال 17ء میں 12.4 فیصد سے بڑھ کر 13.0 فیصد ہو گیا۔

مالیاتی خسارہ بیرونی اور ملکی دونوں ذرائع سے لیے گئے قرضہ جات سے پورا کیا گیا۔ جہاں تک بیرونی مالکاری کا تعلق ہے، حکومت نے دوطرفہ اور کمرشل قرضوں اور یورو بانڈز/صکوک پر بہت انحصار کیا۔ ملک کے اندر حکومت نے نہ صرف قرضے کی نئی ضروریات پوری کرنے کے لیے بلکہ بینکوں کے حق میں واجب الادا طویل مدت قرض واپس کرنے کے لیے بھی اسٹیٹ بینک سے قرض گیری بڑھا دی۔

ملکی اور بیرونی قرض

مالی سال 18ء کے دوران بڑھتے ہوئے مالیاتی اور جاری کھاتے کے خساروں اور شرح مبادلہ میں کمی کے باعث سرکاری قرضہ جمع ہونے کی رفتار تیز ہو گئی۔ مالی سال 17ء میں 8.8 فیصد اضافے کے مقابلے میں مالی سال 18ء کے دوران سرکاری قرضہ 16.5 فیصد بڑھا۔ مالی سال 18ء کے دوران جو 3.5 ٹریلین روپے جمع ہوئے ان میں 1.1 ٹریلین روپے اہم کرنسیوں کے مقابلے میں امریکی ڈالر اور امریکی ڈالر کے مقابلے میں پاکستانی روپے کی قیمتوں میں کمی کی بنا پر ہونے والے بازقدر پیمائی نقصانات کی وجہ

سے جمع ہوئے۔ نتیجتاً مجموعی سرکاری قرضہ آخر جون 2017ء کو 67.0 فیصد سے بڑھ کر آخر جون مالی سال 18ء میں جی ڈی پی کا 72.5 فیصد ہو گیا جو مالیاتی ذمہ داری اور تحدید قرضہ ایکٹ 2005ء میں دی گئی 60 فیصد کی حد سے خاصا زیادہ ہے۔

مالی سال 17ء کے برخلاف جب سرکاری قرضے میں لگ بھگ 70 فیصد اضافہ ملکی قرضے کی وجہ سے تھا، مالی سال 18ء کے دوران سرکاری قرضے میں نصف سے زیادہ اضافہ بیرونی قرضے کی بنا پر ہوا۔ بیرونی سرکاری قرضے میں اضافے کی بڑی وجہ دوطرفہ اور کمرشل ذرائع (بیرونی بینکوں کے قرضے اور یورو بانڈز اور صکوک سے آنے والی رقوم) تھے۔ اہم بات یہ ہے کہ بیشتر نئے قرضے رواں شرحوں پر اور نسبتاً کم میعاد کے تھے۔ اس سے سرکاری قرضے کا مجموعی خاکہ عرصیت کم ہو گیا جس سے اجرائے ثانی اور شرح سود کے خطرات بڑھ گئے۔

ملکی قرضے میں تمام تر اضافہ قلیل مدت قرضے کی وجہ سے تھا کیونکہ مالی سال 18ء کے دوران حکومت نے میعاد پوری کرنے والے بیشتر طویل مدت قرضے لوٹا دیے۔ مزید یہ کہ پی آئی بیز میں واپسی کی بھاری رقوم اسٹیٹ بینک سے قرض لے کر ادا کی گئیں۔ ان حالات سے سال کے دوران ملکی قرضے کا خاکہ عرصیت بدتر ہو گیا۔ سرکاری قرضے میں اضافے کے علاوہ پی ایس ای کا قرضہ اور بیرونی و ملکی واجبات بھی خاصے بڑھ گئے۔ نتیجے کے طور پر آخر جون 2017ء کے 78.6 فیصد کے مقابلے میں آخر جون 2018ء میں پاکستان کے مجموعی قرضہ جات اور واجبات بڑھ کر جی ڈی پی کا 86.8 فیصد ہو گئے۔

بیرونی شعبہ

برآمدات کی دوہندسی نمو اور ترسیلاتِ زر کی کسی قدر بحالی کے باوصف مالی سال 18ء میں درآمدات کی بھرپور نمو کی وجہ سے جاری کھاتے کا خسارہ 18.1 ارب ڈالر کی تاریخی بلند ترین سطح پر پہنچ گیا۔ اگرچہ مالی سال 18ء کے دوران رقوم کی آمد زیادہ تھی تاہم جاری کھاتے کا بلند خسارہ پورا کرنے کے لیے کافی نہ تھی۔ چنانچہ دوران سال اسٹیٹ بینک کے زرِمبادلہ کے ذخائر 6.4 ارب ڈالر کم ہو گئے اور آخر جون 2018ء تک 9.8 ارب ڈالر تک پہنچ گئے۔ اس کے نتیجے میں روپے پر دباؤ میں اضافہ ہوا اور سال کے دوران اس کی قدر ڈالر کے مقابلے میں 13.7 فیصد کم ہو گئی۔

جاری کھاتے کا بلند خسارہ بنیادی طور پر ریکارڈ بلندی پر مرچنڈائز تجارتی خسارے کا نتیجہ تھا جو مالی سال 18ء میں 16.5 فیصد بڑھ کر 31.1 ارب ڈالر تک پہنچ گیا۔ اگرچہ برآمدی وصولیوں میں بھرپور بحالی ہوئی اور وہ 12.6 فیصد بڑھ گئیں تاہم وہ درآمدی ادائیگیوں میں 14.7 فیصد اضافے کی تلافی کرنے کے لیے ناکافی تھیں۔ مالی سال 18ء کے دوران تیل کی عالمی قیمتیں اوسطاً 32.0 فیصد بلند رہیں اس لیے توانائی کی درآمد کا بل 25.0 فیصد بڑھ کر 13.3 ارب ڈالر ہو گیا جو مجموعی درآمدی ادائیگیوں کا 37.1 فیصد ہے۔ ساتھ ہی ساتھ بڑھتی ہوئی صنعتی سرگرمیوں، بجلی کی پیداوار میں اضافے، انفراسٹرکچر کی ترقی اور بعض صنعتوں میں استعداد کی توسیع نے درآمد شدہ خام مال اور سرمایہ جاتی اشیا کی طلب بڑھا دی۔ خاص طور پر مشینری کی درآمد مضبوط رہی اور وہ مالی سال 18ء میں 17.4 فیصد بڑھ کر 8.7 ارب ڈالر ہو گئی۔

اس دوران خالص سرمایہ جاتی اور مالی رقوم کی آمد مالی سال 18ء میں 12.4 ارب ڈالر رہی جبکہ مالی سال 17ء میں 10.6 ارب ڈالر تھی۔ زیادہ تر رقم یورو بانڈ اور صکوک کے اجرا اور کثیر فریقی اور دوطرفہ ذرائع کے قرضوں کی بنا پر آئی۔ دوسری جانب نجی رقوم پچھلے سال سے کم تھیں۔

پاکستان میں خدمات کی ڈجیٹائزیشن – ابھرتے رجحانات اور مستقبل کا منظرنامہ

کچھ عرصے سے ٹیکنالوجی کی ترقی اور کاروبار میں اس کے استعمال میں اضافہ عالمی سطح پر نمایاں حیثیت حاصل کر گیا ہے۔ خصوصاً یہ خدمات کی فراہمی کو سستا بنا کر اور صارفین کے تجربے کو بہتر بنا کر خدمات کے کاروباری ماڈلز کی صورت گری کر رہا ہے۔ خدمات میں بدلتے ہوئے عالمی رجحانات نئے مواقع پیدا کر رہے ہیں اور پاکستان کوئی استثنا نہیں۔

پاکستان میں خدمات کا شعبہ پچھلے پانچ برسوں کے دوران ملک کی جی ڈی پی کی نمو میں 67.6 فیصد کا حصہ ڈال چکا ہے۔ مالی سال 18ء کے آخر میں نامیہ جی ڈی پی میں اس شعبے کا مجموعی حصہ 56.0 فیصد تک پہنچ گیا جو جنوبی ایشیا کی اوسط سے زیادہ ہے۔

عالمی رجحانات کے دوش بدوش خدمات کی ڈجیٹائزیشن جی ڈی پی میں خدمات کا حصہ مزید بڑھا سکتی ہے۔ ایک تحقیق کے مطابق پاکستان 2016ء سے 2025ء کے دوران صرف ڈجیٹل مالی خدمات کے استعمال میں اضافہ کر کے اپنی جی ڈی پی نمو مجموعی طور پر 7.0 فیصدی درجے (لگ بھگ 36.0 ارب ڈالر) بڑھا سکتا ہے اور تقریباً 40 لاکھ نئی ملازمتیں پیدا کر سکتا ہے۔[3]

اگرچہ ای کامرس، فن ٹیک، ای گورنمنٹ تاحال ترقی کے ابتدائی مرحلے میں ہیں تاہم ان کا معیشت پر دوررس اثر پڑنا شروع ہو گیا ہے۔ گذشتہ چند برسوں میں روزافزوں انٹرنیٹ نفوذ اور لین دین کی کم لاگت پاکستان میں ای کامرس کی تیز نمو پر منتج ہوئی ہے۔ اسٹیٹ بینک کے اعداد و شمار کے مطابق مقامی اور بین الاقوامی ای کامرس مرچنٹس کی فروخت مالی سال 18ء میں 40.1 ارب روپے تک پہنچ گئی جبکہ مالی سال 17ء میں 20.7 ارب روپے تھی۔ اہم بات یہ ہے کہ اس میں پوسٹ پیڈ کیش آن ڈلیوری کی چکتائیاں شامل نہیں جو مارکیٹ کے تخمینوں کے مطابق پاکستان میں ای کامرس کے مجموعی حجم کا لگ بھگ 80 سے 90 فیصد اور مجموعی قدر کا تقریباً 60 فیصد ہیں۔

صارفین کی نقد کے لیے ترجیحات اور کم مالی اور ڈجیٹل خواندگی کے باوجود پاکستان میں ڈجیٹل ادائیگی کا انفراسٹرکچر بتدریج ارتقا پذیر ہے۔ برانچ لیس بینکاری کھاتوں (موبائل والٹس) میں تیزی سے اضافے اور تھری جی/فور جی نفوذ کے مسلسل بڑھنے کی بنا پر شعبہ خدمات کے کاروباری ماڈلز میں ای ریٹیلرز اور آن لائن منڈیوں میں ربط ضبط بہتر ہوا ہے۔

علی الخصوص برانچ لیس اور موبائل بینکاری، جن کے فعال کھاتوں کی تعداد جون 2018ء تک 21.7 ملین تک پہنچ گئی، عوام کو بنیادی بینکاری سہولتیں فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ کوریج اور ارزانی کے حوالے سے مزید بہتری لانے کے لیے نئی فن ٹیک فرمیں آبادی کے اس بڑے حصے کو خدمات مہیا کر رہی ہیں جو بینکاری سہولتوں سے محروم ہیں۔ اگر اطلاعی و مواصلاتی ٹیکنالوجی (آئی سی ٹی) اور اطلاعی ٹیکنالوجی سے چلنے والی خدمات کو موزوں طور پر استعمال کیا جائے تو ان سے غیر رسمی معیشت کا مجموعی حجم خاصا کم ہو سکتا ہے اور اضافی محاصل پیدا ہو سکتے ہیں۔ آئی سی ٹی کے امکانات اور وسیع رسائی کے پیش نظر یہ حکومتوں کو ای گورنمنٹ کے ذریعے خدماتِ عامہ کی فراہمی بہتر بنانے کے قابل بنا سکتی ہے۔ پنجاب اچھی مثال ہے جہاں پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ نے گذشتہ چھ برسوں میں آئی سی ٹی سے متعلق 270 سے زائد منصوبے مکمل کیے (اور پنجاب حکومت کے لیے ایگریکلچر ای کریڈٹ اسکیم کے لیے سہولت بہم پہنچائی) جس سے خدماتِ عامہ کی فراہمی کا معیار بہتر ہوا ہے۔

علاوہ ازیں حکومت گذشتہ چند برسوں سے ڈجیٹائزیشن کو تقویت دینے کے اقدامات کرتی رہی ہے۔ مئی 2018ء میں کابینہ نے پہلی ڈجیٹل پاکستان پالیسی منظور کی جو ملک میں معاشرتی و معاشی افزائش کو ابھارنے کے لیے اس شعبے کو ترقی دینے کا نقشہ راہ ہے۔ زیادہ اہم بات یہ ہے کہ مالی خدمات کی ڈجیٹائزیشن قومی مالی شمولیت حکمت عملی میں مندرج اس مقصد کے حصول میں بنیادی ستون کا درجہ رکھتی ہے کہ 50 فیصد بالغ آبادی کو باضابطہ مالی خدمات تک رسائی حاصل ہو۔ اس حکمت عملی میں مزید یہ کہا گیا ہے کہ باضابطہ کھاتوں خصوصاً ڈجیٹل ٹرانزیکشنل اکاؤنٹس جیسے برانچ بینکنگ اکاؤنٹس/ایم والٹس تک سب کو رسائی حاصل ہو۔ مزید یہ کہ اس حکمت عملی کے مطابق سرکاری و نجی شعبے میں اجرتوں، گورنمنٹ ٹو بزنس پیمنٹس اور سوشل کیش ٹرانسفرز سمیت بڑے حجم کی ادائیگیوں کے لیے نقد کے بجائے ڈجیٹل پلیٹ فارم کو استعمال کیا جائے گا۔

[3] مکنزی گلوبل انسٹی ٹیوٹ، 2016ء، 'ڈجیٹل فنانس فار آل: پاورنگ انکلوسو گروتھ ان ایمرجنگ اکانومیز'۔ [mckinsey.com]

### 1.3 معاشی منظر نامہ

امکان ہے کہ زری سختی، شرح مبادلہ میں کمی اور درآمدی اور کسٹم ڈیوٹیوں میں تبدیلیوں سمیت حالیہ پالیسی اقدامات اور حالات سے ملکی طلب بشمول درآمدات میں کمی آئے گی۔ اضافی محاصل سے متعلق اقدامات اور 2018ء کے فنانس سپلیمنٹری (ترمیمی) بل میں مجوزہ وفاقی ترقیاتی اخراجات میں کٹوتی بھی مالیاتی خسارے پر قابو پانے میں معاون ہوسکتی ہے۔ تاہم آگے چل کر ان حالات کے نمو اور مہنگائی کے لیے مضمرات ہوسکتے ہیں۔

اس تناظر میں مالی سال 19ء کے لیے حقیقی جی ڈی پی نمو کا 6.2 فیصد کا ہدف زیادہ معلوم ہوتا ہے۔ خاص طور پر صنعتی شعبے میں صارفی طلب کی متوقع کمی کی بنا پر سست رفتاری دیکھنے میں آسکتی ہے۔ علی الخصوص تعمیرات سے منسلک اور صارفی پائیدار صنعتوں کی پیداوار میں نمو سست ہوسکتی ہے۔ اوّل الذکر پر ترقیاتی اخراجات میں کمی کا اثر پڑسکتا ہے جبکہ موخر الذکر شرح مبادلہ میں کمی کی بنا پر بڑھتی ہوئی ملکی قیمتوں، قرض کی بلند لاگت سے متاثر ہوسکتی ہے۔ علاوہ ازیں گنے کی فصل میں متوقع کمی کی بنا پر چینی کی پیداوار میں کمی بھی بڑے پیمانے کی اشیاسازی کی نمو میں غذائی گروپ کا حصہ گھٹا سکتی ہے۔

گنے کی فصل کے رقبے میں کمی، خریف خصوصاً کپاس کی فصلوں کی بوائی کے وقت پانی کی قلت اور کھاد کے استعمال میں کمزور رجحان سے ظاہر ہے کہ ہوسکتا ہے شعبہ زراعت پچھلے سال کی غیر معمولی کارکردگی کا اعادہ نہ کرے۔ تاہم حالیہ بارشوں اور پانی کی بہتر دستیابی نیز چاول اور کپاس کی فصلوں کے زیر کاشت رقبے میں اضافے سے کچھ سہارا مل سکتا ہے۔ چنانچہ زراعت کی نمو ہدف نیز گذشتہ برس کی سطح 3.8 فیصد سے نیچے گر سکتی ہے۔ صنعتی اور زرعی شعبوں کی سست نمو خدمات کے شعبے کی کارکردگی پر بھی اثرات ڈالے گی۔ اس پس منظر میں مالی سال 19ء کے دوران حقیقی جی ڈی پی کی نمو تخمیناً 4.5 سے 5.5 فیصد کی حدود میں رہے گی (**جدول 1.2**)۔

**جدول 1.2: اہم معاشی اہداف اور پیش گوئیاں**

| | م س18ء | م س19ء | |
|---|---|---|---|
| | | ہدف[1] | اسٹیٹ بینک کی پیش گوئیاں[2] |
| | | فیصد نمو | |
| حقیقی جی ڈی پی | 5.8 | 6.2 | 4.5 – 5.5 |
| صارف اشاریہ قیمت (اوسط) | 3.9 | 6.0 | 6.5 – 7.5 |
| | | ارب ڈالر | |
| ترسیلاتِ زر | 19.6 | 21.2 | 20.0 – 21.0 |
| برآمدات (ایف او بی) | 24.8 | 27.9 | 27.0 – 28.0 |
| درآمدات (ایف او بی) | 55.8 | 58.5 | 59.5 – 60.5 |
| | | فیصد جی ڈی پی | |
| مالیاتی خسارہ | 6.6 | 4.9 | 5.0 – 6.0 |
| جاری کھاتے کا خسارہ | 5.8 | 4.0 | 5.0 – 6.0 |

ماخذ: [1]وزارت خزانہ اور منصوبہ بندی کمیشن؛ [2]بینک دولت پاکستان۔

سست معاشی سرگرمی کے علاوہ شرح مبادلہ میں کمی اور دیگر انتظامی اقدامات بشمول درآمدی ڈیوٹی میں اضافہ درآمدات کی نمو کو معتدل کرنے میں مدد دیں گے ماسوائے اس کے کہ تیل کی عالمی قیمتوں کو کوئی بڑا دھچکا پہنچے۔ اس دوران توقع ہے کہ برآمدات کی نمو کی رفتار مالی سال 19ء میں بھی برقرار رہے گی گو کہ بڑھتی ہوئی عالمی تجارتی کشیدگی کی بنا پر غیر یقینی کیفیت اس رفتار کے لیے خطرہ بن سکتی ہے۔ کرنسی کی قدر میں کمی کے تاخیر سے اثر کے علاوہ توانائی کی بہتر رسد، خام مال (خصوصاً کپاس، چاول اور کھالوں) کی بہتر دستیابی اور برآمدی صنعتوں کے لیے ترغیباتی پیکیج کا تسلسل اور دیگر کلیدی عوامل برآمدات میں بلند نمو کے امکانات کو تقویت دے رہے ہیں۔ اس کے علاوہ پاکستان بین الاقوامی منڈی میں غذائی قیمتوں میں ممکنہ اضافے سے بھی فائدہ اٹھاسکتا ہے۔ گندم پیدا کرنے والے اہم ممالک میں قحط جیسی صورتِ حال گندم کی قیمتوں میں اضافے کا سبب بن سکتی ہے جس سے پاکستان کے لیے گندم کے فاضل ذخائر کو آف لوڈ کرنے کے امکانات پیدا ہوسکتے ہیں۔

مزید یہ کہ مالی سال 19ء کے دوران تیل کی بین الاقوامی قیمتوں میں اضافے اور ترقی یافتہ معیشتوں میں مستحکم معاشی سرگرمیوں اور ایم وائلٹس اور آسان ریمی ٹنس اکاؤنٹ جیسے سرکاری چینلز کے ذریعے ترسیلاتِ زر لانے کے مختلف اقدامات کی بنا پر کارکنوں کی ترسیلاتِ زر متوقع طور پر بڑھیں گی۔ ان حالات کو سامنے رکھتے ہوئے مالی سال 19ء کے لیے جاری کھاتے کا خسارہ جی ڈی پی کے 5 سے 6 فیصد کی حد میں ہونے کی پیش گوئی ہے۔


درآمدات کو قابو میں رکھنے کے لیے قبل ازیں کیے گئے بعض اقدامات، انکم ٹیکس میں حالیہ تبدیلیوں—مالی سال 19ء کے بجٹ میں اعلان کردہ ٹیکس ریلیف کے جزوی خاتمے، محاصل سے متعلق انتظامی اقدامات اور ریگولیٹری اور فیڈرل ایکسائز ڈیوٹیوں میں مزید اضافے سے ٹیکس وصولی میں بلند نمو کو قائم رکھنے میں مدد ملے گی۔ اسی طرح ترقیاتی اخراجات میں اعلان کردہ کمی اور کفایت شعاری کے اقدامات سے بھی مجموعی مالیاتی اخراجات کی نمو میں قدرے سست رفتاری آسکتی ہے۔ امکان ہے کہ یہ اقدامات مالیاتی خسارے کو مالی سال 19ء میں جی ڈی پی کے 5 سے 6 فیصد کی حد میں رکھیں گے۔

لہٰذا مجموعی جائزہ یہ ظاہر کرتا ہے کہ مہنگائی کا مضمر دباؤ برقرار رہ سکتا ہے۔ گیس کے نرخوں میں اضافہ، درآمدی ڈیوٹیاں اور ایکسائز ڈیوٹی بالواسطہ اور بلاواسطہ طور پر مہنگائی میں مزید اضافہ کریں گی۔ علاوہ ازیں تیل کی بلند قیمتوں کی منتقلی اور شرح مبادلہ کی کمی مہنگائی کی توقعات کو بلند رکھے گی۔ تاہم امکان ہے کہ ان عوامل کا کچھ اثر پالیسی ریٹ میں اضافے اور کم غذائی مہنگائی، جو اہم غذائی اشیا کے کافی ذخائر کے پیش نظر مالی سال 19ء میں کم رہنے کی توقع ہے، کی وجہ سے زائل ہو جائے گا۔ ان حالات کے پس منظر میں مالی سال 19ء کے دوران اوسط مہنگائی تخمیناً 6.5 سے 7.5 فیصد کی حد میں رہے گی جبکہ مالی سال 18ء میں 3.9 فیصد ریکارڈ کی گئی تھی اور سال کا ہدف 6.0 فیصد تھا۔ تاہم خصوصاً توانائی کی متغیر قیمت کی بنا پر خطرات ہیں۔ مزید یہ کہ اگر گندم پیدا کرنے والے اہم ممالک میں قحط جیسی صورتِ حال برقرار رہی تو غذا کی عالمی قیمتیں بھی بڑھ سکتی ہیں۔

# 2 معاشی نمو


## 2.1 عمومی جائزہ

مالی سال 18ء میں جی ڈی پی کی حقیقی نمو گذشتہ برس کے مقابلے میں مزید بڑھ کر 5.4 فیصد سے 5.8 فیصد ہوگئی۔ یہ نمو نا صرف وسیع البنیاد بلکہ گذشتہ 13 برس کی بلند ترین نمو تھی، جو مالی سال 18ء کے لیے مقرر کردہ ہدف کے قریب رہی۔ زرعی شعبے کی صحت مند کارکردگی، خدمات میں متواتر نمو اور بڑے پیمانے کی اشیا سازی کی پیداوار میں اضافے نے بھی نمو کی اس مثبت کارکردگی میں اپنا کردار ادا کیا (**شکل 2.1**)[1]۔





جی ڈی پی کی نمو میں متعدد عوامل نے کردار ادا کیا جن میں کم لاگت مالکاری، مالی مراعات بذریعہ زرِ اعانت، کاروبار کے لیے موافق احساسات اور بینکوں کے قرضوں تک رسائی میں اضافہ شامل ہیں۔ بلند سرکاری اخراجات اور سی پیک منصوبوں پر عملدرآمد نے فرموں کو استعداد میں اضافے کی ترغیب کے علاوہ معاشی سرگرمیوں میں تحرک پیدا کیا۔

اس سے قطع نظر سرکاری اور نجی شعبوں میں خاطر خواہ سرمایہ کاری ہونے کے باوجود پاکستان کی جی ڈی پی میں سرمایہ کاری کا تناسب اپنے ہمسر ممالک کے مقابلے میں کم رہا۔ درحقیقت معاشی نمو میں حالیہ اضافے کو صرف میں ہونے والے بہت زیادہ اضافے سے منسوب کیا جاتا ہے، مالی سال 18ء میں صرف کا جی ڈی پی میں حصہ 93 فیصد تک جا پہنچا ہے۔ بلند صرف نے درآمدی صارفی اشیا کی طلب بھی بڑھائی، جس سے خالص برآمدات میں مزید تخفیف ہوگئی (**شکل 2.2**)۔




شعبہ جاتی تجزیے سے معلوم ہوتا ہے کہ چاول اور گنے کی ریکارڈ پیداوار اور گلّہ بانی کے شعبے کو تقویت ملنے سے زراعت کی نمو مالی سال 18ء کے لیے مقرر کردہ ہدف سے زیادہ رہی۔ پانی کی کم دستیابی اور کھاد کے پست استعمال کے باوجود فصلی شعبے کی کارکردگی بہتر رہی۔ ان عوامل کے منفی اثرات کی تلافی دیگر خام مال میں بہتری سے ہوئی، جیسے مستند بیج اور کیڑے مار ادویات، بڑھتی ہوئی میکانیت اور قرضوں کی فراہمی میں اضافہ۔ گندم اور گنے کے معاملے میں قیمتوں میں مراعات کے تسلسل نے کاشتکاروں کی دلچسپی کو برقرار رکھا، جبکہ صوبائی سطح پر مختلف منصوبوں کے آغاز نے گلّہ بانی اور جنگل بانی میں دوبارہ جان ڈال دی۔

[1] قومی آمدنی کھاتوں میں پیش کردہ مالی سال 18ء کے جی ڈی پی تخمینوں کے مطابق بڑے پیمانے کی اشیا سازی میں متوقع نمو 6.1 فیصد ہے۔




**شکل 2.3 : زرعی شعبے کی نمو میں حصہ**

مالی سال 18ء میں صنعتی شعبے میں 5.8 فیصد نمو ہوئی، تاہم یہ صنعت 7.3 فیصد کا ہدف حاصل نہ کر سکی جس کی بنیادی وجہ بجلی کی پیداوار اور گیس کی تقسیم کی نمو کا مطلوبہ سطح سے کم ہونا ہے۔ تاہم بڑے پیمانے کی اشیا سازی صنعتی نمو کا کلیدی عامل بنا رہا۔ بڑے پیمانے کی اشیا سازی میں سیمنٹ، فولاد، پیٹرولیم کے شعبے کو زبردست ملکی طلب سے فائدہ پہنچتا رہا، جبکہ سگریٹ اور آٹو انڈسٹری نے استعداد کے بلند استعمال سے فائدہ اٹھایا۔ تاہم مالی سال 17ء کے برخلاف چینی اور کھاد سازی کی صنعتیں اپنی استعداد کو مکمل طور پر بروئے کار نہ لا سکیں، جس کی وجہ بالترتیب گنے کی قیمتیں اور آر ایل این جی کی بلند لاگتوں سے متعلقہ مسائل تھے۔ پائیدار صارفی اشیا کے حوالے سے بجلی کی فراہمی میں بہتری اور بھرپور زرعی پیداوار اور بڑھتی ہوئی حقیقی آمدنیوں کے باعث صارفی طلب میں اضافہ اس شعبے میں طاقتور نمو پر منتج ہوا۔ اسی طرح نجی مکانات کی تعمیرات میں اضافے اور انفراسٹرکچر پر بلند اخراجات کے باعث تعمیراتی شعبے نے بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔

خدمات کے شعبے کا جی ڈی پی میں 60 فیصد سے زائد حصہ ہے، اس شعبے نے سال کے لیے نمو کا مقررہ ہدف حاصل کیا، اور اس طرح گذشتہ برس سے بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ اگرچہ تھوک و خردہ تجارت اور عمومی سرکاری خدمات نے نمو میں مثبت کردار ادا کیا، تاہم ٹرانسپورٹ، ذخیرہ کاری اور مواصلات نے شعبے کی کارکردگی پر دباؤ ڈالا۔ مضبوط زرعی کارکردگی، اشیا سازی کی بڑھتی ہوئی سرگرمیوں اور درآمدات کے حجم میں متواتر نمو کے نتیجے میں شعبہ جاتی نمو کا 6.4 فیصد ہدف حاصل ہوا۔

### 2.2 زراعت:

مالی سال 18ء میں زرعی شعبے نے مثبت کارکردگی جاری رکھی اور گذشتہ برس کے 2.1 فیصد کے مقابلے میں 3.8 فیصد کی نمو ہوئی۔ گلّہ بانی – جو زراعت کا ایک بڑا ذیلی شعبہ ہے – کی بلند کارکردگی میں اس کے دیگر تمام ذیلی شعبوں کا کردار ہے۔ اسی طرح فصلی شعبے نے زرعی نمو میں خاطر خواہ کردار ادا کیا (**شکل 2.3**)۔ فصلی شعبے میں گنے اور چاول کی اجناس میں ریکارڈ پیداوار ہوئی، جبکہ چھوٹی فصلوں میں بھی بھرپور نمو ہوئی۔ اس کارکردگی کو فصلوں کی بلند یافت، موافق موسمی حالات، خام مال پر زرِاعانت، علامتی قیمتوں اور ٹیکنالوجی کو زیادہ اپنانے سے منسوب کیا گیا۔ اس پس منظر میں مالی سال 18ء چینی اور گندم کی زائد پیداوار کا سال رہا کیونکہ ان اجناس کی پیداوار ملکی صرف سے بڑھ گئی تھی۔ اس کے باوجود پانی کی قلت زرعی نمو کے تسلسل کے لیے ایک خطرہ ہے، اور اس صورتِ حال میں بڑی حد تک تبدیلی کا امکان نہیں ہے کیونکہ عالمی حدت میں اضافہ بارشوں کی ترتیب پر اثرانداز ہو رہا ہے، اس لیے درجہ حرارت بڑھ رہا ہے۔[2]


### خام مال:

خریف اور ربیع کے موسموں میں آبپاشی کے لیے پانی کی دستیابی میں بالترتیب 2.0 اور 19.0 فیصد کمی واقع ہوئی۔ کاشتکاروں نے زیرِزمین پانی پر انحصار کا راستہ اختیار کیا، بالخصوص بارانی علاقوں میں جہاں پانی کی دستیابی کا مسئلہ سنگین ہو چکا ہے۔ ملک میں پانی کی قلت کے وسیع تر اثرات کو مدنظر رکھتے ہوئے، اپریل 2018ء میں "قومی آبی پالیسی" کی منظوری ایک خوش آئند اقدام ہے۔

[2] عالمی ماحولیاتی تبدیلی کے مطابق 1960ء کی دہائی سے اب تک اوسط درجہ حرارت میں 0.35 ڈگری سیلسیس کا اضافہ ہو چکا ہے (پاکستان فوڈ سیکورٹی بلیٹن (2016ء)، شمارہ 4، عالمی غذائی پروگرام)۔ ملک بھر کے درجہ حرارت میں اضافہ ہو چکا ہے لیکن سندھ اور بلوچستان میں زیادہ اضافہ ہوا ہے۔ (ایف سعید، کے ایم سالک، ایس اشفاق (2016ء) پاکستان میں ماحولیاتی ترغیب کے باعث دیہی سے شہری علاقوں میں نقل مکانی، ایس ڈی پی آئی ورکنگ پیپر، اسلام آباد: ایس ڈی پی آئی)۔

مالی سال 18ء میں کھاد کے حوالے سے یوریا کی کھپت میں 8.6 فیصد کمی واقع ہوئی، جبکہ ڈی اے پی کے استعمال میں 4.6 فیصد اضافہ ہوا، اس کے نتیجے میں مالی سال 18ء کے دوران کھاد کے استعمال میں مجموعی طور پر 5.1 فیصد کمی ہوئی، جبکہ مالی سال 17ء میں اس زمرے میں 36.4 فیصد کی نمو ہوئی تھی۔ خریف کے موسم میں ڈی اے پی کا استعمال ایک ملین ٹن سے زائد ہو جانے کی وجہ سے اس میں 48 فیصد نمو ہوئی جو اس کی طلب میں اضافے کا سبب بنی۔ اس کے برخلاف ربیع کے موسم میں ڈی اے پی کی کھپت میں 12.7 فیصد کمی ہوئی، جس کی جزوی وجہ قیمتیں بڑھنا تھی۔ خریف کے موسم کے دوران بھی تمام غذائی اجزا کا استعمال بڑھا جبکہ ربیع کے موسم میں نائیٹروجن اور فاسفیٹ کی مصنوعات کی طلب کم ہوئی۔ حوصلہ افزا امر یہ ہے کہ پوٹاشیم کا استعمال اس موسم کے دوران بڑھ گیا تھا۔ پوٹاش پر مبنی مصنوعات کی حوصلہ افزائی کی غرض سے پنجاب حکومت نے ایس او پی اور ایم او پی[3] پر 800 روپے اور 500 روپے فی بوری زرِ اعانت کاشتکاروں کو فراہم کیا، جس کے نتیجے میں گذشتہ برس کے مقابلے میں اس کی فروخت ستمبر اور اکتوبر 2017ء میں بڑی حد تک بڑھ گئی (**شکل 2.4**)۔

**شکل 2.4: کھاد کا استعمال اور قیمتیں**




Data source: NFDC

دریں اثنا، مالی سال 18ء میں زرعی قرضوں کی فراہمی 972.6 ارب روپے رہی، جو 38.1 فیصد کی صحت مند نمو ہے،[4] جبکہ مالی سال 17ء میں 17.8 فیصد نمو ہوئی تھی۔ مزید اہم امر یہ ہے کہ قرضوں کی فراہمی وسیع البنیاد رہی کیونکہ پیداواری قرضے 38.5 فیصد بڑھ گئے جبکہ ترقیاتی قرضوں میں 32.4 فیصد اضافہ ہوا۔ بینک وار تجزیے سے معلوم ہوتا ہے کہ پانچ بڑے بینکوں نے اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کیا، یہی وجہ ہے کہ بینکوں نے اپنے مقررہ اہداف سے زائد قرض گاری کی۔ تاہم شعبے کے تخصیصی ادارے جیسے زرعی ترقیاتی بینک لمیٹڈ (زیڈ ٹی بی ایل) اور پنجاب پروونشل کوآپریٹو بینک (پی پی سی بی ایل) نے اپنی قرض گاری کے اہداف بالترتیب صرف 66.6 فیصد اور 71.5 فیصد حاصل کیے، یہ صورتِ حال ان بینکوں کی سالانہ قرض گاری میں تخفیف کا بھی مظہر ہے۔ اگرچہ ملک کے نجی بینکوں اور اسلامی بینکوں کی قرض گاری کا ہدف بالترتیب 7.6 فیصد اور 18 فیصد کے فرق سے حاصل نہ ہو سکا، تاہم اس ضمن میں سالانہ تقریباً 33 فیصد کی نمو ایک خوش آئند پیش رفت تھی (**جدول 2.1**)۔

**جدول 2.1: زرعی قرضوں کی فراہمی بلحاظِ ادارہ**

ملین روپے

| | م س17ء | م س18ء | نمو |
|---|---|---|---|
| **I۔ بینک** | | | |
| پانچ بڑے کمرشل بینک | 342,068 | 523,930 | 53.2 |
| زیڈ ٹی بی ایل | 92,451 | 83,187 | -10 |
| پی پی سی بی ایل | 10,880 | 10,724 | -1.4 |
| ملکی نجی بینک | 139,061 | 184,863 | 32.9 |
| اسلامی بینک | 12,326 | 16,392 | 33 |
| **کُل** | **596,786** | **819,096** | **37.3** |
| **II. خردمالکاری** | | | |
| **خردمالکاری بینک** | 87,772 | 124,756 | 42.1 |
| خردمالکاری ادارے / زرعی اعانت کے پروگرام | 19,930 | 28,754 | 44.3 |
| **کُل** | **107,702** | **153,510** | **42.5** |
| **کُل مجموعہ (I+II)** | **704,488** | **972,606** | **38.1** |

اعداد و شمار کا ماخذ: اسٹیٹ بینک آف پاکستان اور پاکستان خردمالکاری نیٹ ورک

مالی سال 18ء میں مجموعی طور پر بینکوں کے قرضوں تک رسائی میں 5.1 فیصد کمی واقع ہوئی، جس کی عکاسی مالی سال 18ء کے اختتام پر قرض گیروں کی تعداد معمولی کمی کے بعد 0.94 ملین رہ گئی جبکہ آخر مالی سال 17ء تک یہ 0.99 ملین قرض گیروں پر مشتمل تھی۔ شعبہ جاتی تقسیم سے معلوم ہوتا

[3] پوٹاش کا سلفیٹ (ایس او پی) اور پوٹاش کا موریٹ (ایم او پی)

[4] رقوم کی کُل فراہمی ایک ٹریلین روپے کے ہدف سے 2.92 فیصد کم رہی۔

ہے کہ مالی سال 18ء میں بینکوں کی قرض گاری کا جھکاؤ غیر فارم شعبہ کی طرف رہا، جس کا مجموعی زرعی قرضوں میں 50.4 فیصد حصہ ہے۔ بینکوں کی غیر فارم شعبے کے لیے بڑھتی ہوئی قرض گاری کو ملک میں پولٹری اور لائیو اسٹاک کے زمروں میں جاری پیش رفتوں سے منسوب کیا گیا۔ تاہم فارم شعبہ تخصیصی بینکوں کی توجہ کا مرکز بنا رہا، جن کے قرضوں کی تقسیم میں اس شعبے کا حصہ 70 فیصد سے زائد رہا۔

خرد مالکاری بینکوں اور اداروں / دیہی معاونتی پروگراموں نے بھی بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کیا، جس کا اظہار پورے زرعی شعبے میں ان کی قرض گاری کے اہداف سے زائد قرضوں کی فراہمی سے ہوتا ہے، ان بینکوں اور اداروں نے اہداف سے بالترتیب 12.5 اور 11.5 فیصد زائد قرضے دیے۔ قرضوں تک رسائی میں بھی 28.5 فیصد کی خاطر خواہ نمو ہوئی، خرد مالکاری بینکوں اور اداروں کے قرض گیروں کی تعداد مالی سال 17ء میں 2.2 ملین سے بڑھ کر 2018ء میں 2.8 ملین تک جا پہنچی۔ بنیادی طور پر اسے معقول رہن کے بغیر چھوٹے قرضوں کی فراہمی سے منسوب کیا گیا۔ ان اداروں کی توجہ بھی غیر فارم شعبے پر مرکوز رہی، جس کی عکاسی یوں ہوتی ہے کہ ان کی مجموعی قرض گاری میں زرعی قرضوں کا حصہ 51.8 فیصد ہے۔

مالی خدمات تک کاشتکاروں کی رسائی بڑھانے کی غرض سے صوبائی حکومتوں نے متعدد اسکیمیں متعارف کرائی ہیں۔ مثال کے طور پر محکمہ زراعت پنجاب نے بلاسودای کریڈٹ اسکیم شروع کی، جس کا بنیادی مقصد چھوٹے سرمایہ کاروں کو زرعی مالکاری اور فارم کے بارے میں تکنیکی مشاورت کی فراہمی ہے[5]۔ مالی سال 18ء میں مختلف بینکوں جیسے این آر ایس پی اور زیڈ ٹی بی ایل وغیرہ[6] نے 392658 قرض گیروں کو 28.6 ملین روپے فراہم کیے۔ حال ہی میں اسکیم کو توسیع دے کر اسے 25 اور 50 ایکٹر کے بڑے زرعی رقبے تک بڑھادیا گیا جس سے دیہی علاقوں میں قرضوں تک رسائی بڑھنے بڑھنے کی توقع ہے، اس سلسلے میں برانچ لیس بینکاری کو بروئے کار لاتے ہوئے ایزی پیسہ کے ذریعے رقوم کی منتقلی ہوئی۔[7] حالانکہ قرضے فراہم کرنے والے باضابطہ اداروں نے اپنے وجود میں اضافہ کیا ہے مگر چھوٹے کاشتکاروں کی ضروریات پوری کرنے میں آڑھتیوں اور کمیشن ایجنٹوں کا غیر رسمی قرض گار کے طور پر کردار اب بھی دیہی معاشرے میں مؤثر ہے۔ (**باب 7**)۔[8]

## اہم فصلیں:

### کپاس:

کپاس کی پیداوار گذشتہ برس کی 10.7 ملین گانٹھوں کے مقابلے میں مالی سال 18ء کے دوران بڑھ کر 11.9 ملین گانٹھیں ہوگئی۔ اس بہتری کو پنجاب میں کپاس کے پیداواری علاقے کے زیرِ کاشت رقبے میں اضافے سے بڑی حد تک منسوب کیا جاسکتا ہے (**جدول 2.2**)۔ مزید برآں، ملکی منڈی کا کپاس کی درآمدات سے محفوظ رہنا کاشتکاروں کے اعتماد میں اضافے کا سبب بنا[9]۔ سندھ میں مالی سال 18ء کے دوران پیداواریت میں 9.2 فیصد اضافے کی وجہ سے کپاس کی پیداوار میں بھی اضافہ ہوگیا، باوجود اس کے کہ بوائی کے ابتدائی مرحلے میں پانی کی کمی کی وجہ سے زیرِ کاشت رقبہ کم ہوگیا تھا، بالخصوص سندھ کے زیریں علاقوں میں۔ یہ بلند یافت بہتر آگہی ہونے اور کیڑے مار ادویات کے استعمال کی مرہونِ منت ہے۔

[5] ماخذ: محکمہ زراعت حکومتِ پنجاب۔

[6] مئی 2018ء تک۔

[7] زرِاعانت کی شرائط اور انتخاب کا معیار 50 ایکٹر اراضی تک ہے۔ صرف 20 فیصد منتخب کاشتکار وہ ہیں جن کی اراضی کی ملکیت 12.5 سے 50 ایکٹر ہے جبکہ باقی تمام کاشتکار 12.5 ایکٹر رقبے سے کم ملکیت رکھنے والے ہیں۔

[8] اسٹیٹ بینک کے جائزے کے مطابق بینکوں نے مالی سال 18ء میں زرعی قرضے کی طلب کو 72 فیصد پورا کیا اس کی بہ نسبت گذشتہ برس یہ شرح 57 فیصد تھی۔

[9] جولائی تا دسمبر 2017ء کے دوران حکومت نے درآمدی کپاس پر 4 فیصد ٹیرف اور 5 فیصد سیلز ٹیکس عائد کیا۔ جنوری 2018ء میں ملکی فصل کی کٹائی مکمل ہونے پر یہ اقدامات واپس لے لیے گئے۔

لیکن پھر بھی کپاس کا پیداواری ہدف 13.6 ملین گانٹھیں نہ صرف حاصل نہ ہو سکا بلکہ اس کی پیداوار ٹیکسٹائل شعبے کی ضرورت 13.2 ملین گانٹھوں سے بھی کم رہی۔[10] اس کارکردگی کے پیچھے دو عوامل کارفرما ہیں: الف) مسابقتی فصلوں کی پُرکشش نفع آوری کی وجہ سے گذشتہ کئی برسوں سے بالخصوص پنجاب کے کپاس پیدا کرنے والے اضلاع میں کپاس کے زیرِ کاشت رقبے میں تبدیلی، اور ب) کپاس کی فی ہیکٹر یافت اب بھی مالی سال 15ء کی سطح سے کم ہے، جس سے یافت میں مزید بہتری کا امکان ظاہر ہوتا ہے۔ پھائے کے کپڑے کے خراب معیار سے کپاس درآمد کرنے کی بھی ان عوامل کے ساتھ حوصلہ افزائی ہوئی ہے تاکہ قدرِ اضافی ٹیکسٹائل مصنوعات کو تقویت ملے، مالی سال 18ء میں خام کپاس کی 3.6 ملین گانٹھیں درآمد کی گئیں جبکہ اس کے مقابلے میں مالی سال 17ء کے دوران یہ درآمدی حجم 2.9 ملین گانٹھیں تھا۔

**جدول 2.2 : پنجاب میں کپاس کی پیداوار کے بڑے اضلاع میں خریف کی فصلوں کے رقبے میں حصّہ***

فیصد

| | کپاس | گنا | چاول | مکئی |
|---|---|---|---|---|
| م س13ء | 76.5 | 10.1 | 7.8 | 5.6 |
| م س14ء | 72.6 | 11.1 | 9.5 | 6.8 |
| م س15ء | 70.0 | 9.6 | 10.5 | 9.9 |
| م س16ء | 70.2 | 10.5 | 10.8 | 8.5 |
| م س17ء | 64.9 | 13.7 | 13.0 | 8.4 |
| م س18ء | 68.3 | 14.5 | 12.0 | 5.2 |

اعداد و شمار کا ماخذ: فصلوں کی رپورٹنگ کے صوبائی مراکز

* شامل اضلاع: بہاولپور، رحیم یار خان، بہاولنگر، وہاڑی، لودھراں، خانیوال، راجن پور، ملتان، مظفر گڑھ، ڈی جی خان، ساہیوال۔

**گنا:**

مالی سال 18ء کے دوران گنے کی پیداوار 82.1 ملین ٹن کی ریکارڈ سطح تک جا پہنچی۔ علامتی قیمتوں کے باعث بلند تقابلی منافع، مالی سال 17ء میں مل مالکان کی کاشتکاروں کو بروقت ادائیگیاں، اور فصل کی لچک دار نوعیت کے نتیجے میں خریف کی فصلوں کا زیرِ کاشت رقبہ گنے پر منتقل ہو گیا۔ خریف کی گذشتہ چھ فصلوں کے تجزیے سے معلوم ہوتا ہے کہ کپاس کی پیداوار کے بڑے علاقوں میں گنے کا زیرِ کاشت رقبہ مالی سال 13ء میں 10.1 فیصد سے بڑھ کر مالی سال 18ء میں 14.5 فیصد تک جا پہنچا۔ مجموعی طور پر دیکھا جائے تو تمام صوبوں خصوصاً پنجاب کے جنوبی اضلاع میں زیرِ کاشت رقبہ بڑھانا بہتر فصلی کارکردگی پر منتج ہوا (**جدول 2.3**)۔

اس سے قطع نظر گذشتہ برسوں میں علامتی قیمتوں کی پالیسی اور نتیجتاً فصلوں کی بھرپور پیداوار کے باعث شوگر ملوں میں چینی کے ذخائر مستقل بڑھتے رہے۔ جون 2017ء کے 4.5 ملین ٹن کے مقابلے میں جون 2018ء کے اختتام پر صوبوں کے پاس چینی کے ذخائر 4.9 ملین ٹن ہو گئے۔[11] ملک میں چینی کی صرف پیداواری سطح سے کم ہونے اور زرِ اعانت کے بغیر اس جنس کا برآمدات کے سلسلے میں مسابقت سے عاری ہونا چینی کے ذخائر میں مزید اضافے کا سبب بنا۔ سندھ کی شوگر ملوں نے بھی گنے کی قیمتوں میں کمی کی توقع پر کچھ وقت کے لیے اپنی پیداواری سرگرمیاں معطل کر دی تھیں۔ اس کے نتیجے میں کٹائی کے بعد کے موسم میں کاشتکاروں کو ادائیگیوں میں تاخیر ہوئی۔ کاشتکاروں کو بھی بڑے خسارے کا سامنا کرنا پڑا: صوبہ پنجاب میں انہیں 180 روپے فی 40 کلو گنے کے سرکاری نرخ کے بجائے 120 روپے فی 40 کلو ادائیگی کی گئی۔[12] چنانچہ کاشتکاروں کو ادائیگی میں تاخیر اور چینی کی برآمدات پر زرِ اعانت کی بلند لاگت کے پیشِ نظر علامتی قیمتوں کے طریقہ کار کو بہتر بنانے کی ضرورت ہے۔ مالی سال 18ء میں گنے کی فصل کے موسم میں عدم ادائیگی کے مسائل اور اس کے نتیجے میں کاشتکاروں اور مل مالکان کے درمیان پیدا ہونے والا تنازعہ بھی مالی سال 19ء میں گنے کی فصل کی کارکردگی کو متاثر کر سکتا ہے۔

**جدول 2.3: گنے کی فصل کی کارکردگی**

| | رقبہ (ملین ہیکٹر) | | پیداوار (ملین ٹن) | | یافت (کلو فی ہیکٹر) | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | م س17ء | م س18ء | م س17ء | م س18ء | م س17ء | م س18ء |
| پنجاب | 0.8 | 0.9 | 49.6 | 55.1 | 63,786 | 64,099 |
| سندھ | 0.3 | 0.3 | 18.2 | 20.6 | 56,660 | 61,842 |
| خیبر پختونخوا | 0.1 | 0.1 | 5.6 | 6.4 | 47,460 | 43,131 |
| **پاکستان** | **1.2** | **1.3** | **73.4** | **82.1** | **60,309** | **61,207** |

اعداد و شمار کا ماخذ: ایم این ایف ایس آر

[10] کپاس کا ماہانہ جائزہ، جون 2018ء، مرکزی کپاس کمیٹی پاکستان۔

[11] وزارت صنعت و پیداوار۔ یہ اعداد و شمار 12 جولائی 2018ء تک کے ہیں۔

[12] سپارکو پاکستان، ماہانہ بلیٹن، والیم 8، شمارہ 3، مئی 2018ء

## چاول

چاول کی فصل میں 8.8 فیصد نمو ہوئی، جس سے اس کی پیداوار 7.5 ملین ٹن کی ریکارڈ سطح پر جا پہنچی، لہٰذا مالی سال 18ء میں اس کا 6.8 ملین ٹن کا پیداواری ہدف بآسانی حاصل ہو گیا۔ مالی سال 18ء میں چاول بڑی برآمدی جنس کے طور پر کاشتکاروں کے لیے ایک پُرکشش فصل بن کر ابھری، جو اس امر سے واضح ہے کہ اس کے زیرِ کاشت رقبے میں اضافہ ہو گیا (بالخصوص سندھ میں جہاں چاول کی پیداوار میں دوہندسی نمو ہوئی)۔ پنجاب کے شمالی علاقوں میں بھی باسمتی چاول کے زیرِ کاشت رقبے میں اضافہ ہوا۔ مزید برآں، سندھ میں چاول کی نئی مخلوط قسم کے لیے اضافی زیرِ کاشت رقبہ مختص کیا گیا، جو چینی انٹرپرائزز کے ساتھ مشترکہ تحقیق کے معاہدوں کے تحت عمل میں آیا، اس کی وجہ سے صوبے میں چاول کی یافت بڑھانے میں مدد ملی (**جدول 2.4**)۔

**جدول 2.4: چاول کی فصل بلحاظِ معیار، رقبہ اور پیداوار**

| | پنجاب | | | سندھ | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | م س17ء | م س18ء | نمو | م س17ء | م س18ء | نمو |
| | رقبہ (ملین ہیکٹر) | | | | | |
| باسمتی | 1.35 | 1.42 | 4.70 | 0.05 | 0.06 | 8.24 |
| اری | 0.15 | 0.13 | -7.23 | 0.33 | 0.35 | 5.46 |
| مخلوط قسم | - | - | - | 0.34 | 0.39 | 14.61 |
| کُل | **1.74** | **1.84** | **6.01** | **0.75** | **0.83** | **10.38** |
| | پیداوار ملین ٹن | | | | | |
| باسمتی | 2.52 | 2.82 | 11.58 | 0.08 | 0.08 | -1.80 |
| اری | 0.39 | 0.36 | -7.48 | 0.93 | 0.88 | -5.54 |
| مخلوط قسم | - | - | - | 1.63 | 1.86 | 14.30 |
| کُل | **3.48** | **3.90** | **12.17** | **2.66** | **2.85** | **7.08** |


اعداد و شمار کا ماخذ: پاکستان دفتر شماریات

عالمی سطح پر بلند قیمتوں اور پیداواری عمل اور پیکنگ میں بہتر سرمایہ کاری کے باعث اس سال چاول کی برآمدات حوصلہ افزا رہی (**باب 6**)۔ آگے چل کر معیاری چاول کی بڑھتی ہوئی ملکی طلب کو پورا کرنے اور یورپی یونین، جس نے چاول کی فصلوں پر ٹرائی سائیکلازول (پھپھوندی کش) نامی کیڑے مار دوا کے زائد استعمال کی وجہ سے بھارت سے چاول درآمد کرنے پر پابندی عائد کر رکھی ہے، میں برآمدات کے موقعوں سے فائدہ اٹھانے کے لیے چاول کی پیداوار میں تیزی لانے کی ضرورت ہے۔

## گندم

گندم کی پیداوار مالی سال 17ء کے مقابلے میں 4.4 فیصد کمی کے بعد مالی سال 18ء میں 25.5 ملین ٹن رہ گئی۔ گنے کی کٹائی میں تاخیر کی وجہ سے سندھ اور پنجاب میں گندم کی فصل کی بوائی میں دیر ہوئی، جس کی وجہ سے گندم کے زیرِ کاشت رقبے میں 2.5 فیصد کمی ہوئی۔[13] مزید برآں، پنجاب کے بارانی علاقوں میں بہت کم بارشوں کی وجہ سے اس کی پیداوار متاثر ہوئی، جبکہ آبپاشی سے منسلک اضلاع میں پانی کی اوسط سے کم دستیابی کے باعث گندم کی پیداوار بری طرح متاثر ہوئی۔ اسی طرح پنجاب کے بیشتر علاقوں میں فاسفیٹ کے کم استعمال کی وجہ سے یافت کم ہو گئی۔

**شکل 2.5 : منتخب اضلاع میں مکئی کا زیرِ کاشت رقبہ**





تاہم مالی سال 18ء میں گندم کی پیداوار ملکی طلب سے زیادہ رہی۔ مالی سال 18ء میں 5.92 ملین ٹن گندم خریدی گئی،[14] اس طرح جون 2018ء کے اختتام پر گندم کے ذخائر 10.7 ملین ٹن تک جا پہنچے جبکہ گذشتہ برس کے اسی دورانیے

[13] گنے کے بڑے پیداواری علاقوں میں گندم کے زیرِ کاشت رقبے میں کمی دیکھی گئی، جیسے بہاولپور ڈویژن (بہاولپور، رحیم یار خان، بہاول نگر)۔

[14] ماخذ: سالانہ منصوبہ، صوبائی محکمہ خوراک اور پاسکو۔

میں یہ ذخائر 9.3 ملین ٹن تھے۔[15] زرِاعانت کی حامل گندم برآمد ہونے سے مالی سال 18ء کے اختتام پر اس کے ذخائر میں تھوڑی سی کمی واقع ہوئی، کیونکہ اِس سال 1.2 ملین ٹن گندم برآمد ہوئی اور مالی سال 17ء میں صرف 4 ہزار ٹن گندم برآمد کی گئی تھی۔ آئندہ مہینوں میں ایشیا اور افریقہ میں گندم کی طلب بڑھنے کے نتیجے میں برآمدات کے اور زیادہ مواقع متوقع ہیں۔ علاوہ ازیں، گندم برآمد کرنے والے بڑے ممالک (جیسے آسٹریلیا، روس اور یورپی یونین)، میں کم پیداوار کی پیش گوئی کی بنا پر گندم کی عالمی قیمتوں میں اضافہ متوقع ہے، جس سے پاکستان کو اپنے گندم کے فاضل ذخائر اچھی قیمتوں پر برآمد کرنے کا موقع ملے گا۔[16]

**شکل 2.6 : سورج مکھی اور کنولا کی فصلی کارکردگی**




Data source: Pakistan Oilseeds Development Board

## مکئی

مالی سال 18ء میں مکئی کی پیداوار 7.1 فیصد کم ہو کر 5.7 ملین ٹن رہ گئی۔ اس کے باوجود مکئی کے زیرِ کاشت رقبے اور پیداوار کے اہداف حاصل ہو گئے۔ پنجاب میں مکئی پیدا کرنے والے اضلاع جیسے چنیوٹ، قصور، اوکاڑہ، ساہیوال، پاک پتن اور وہاڑی میں اس فصل کی پیداوار میں بڑی حد تک کمی واقع ہوئی (**شکل 2.5**)۔ ایسا اس لیے ہوا کہ زیرِ کاشت رقبے کے اختصاص کو مسابقتی فصلوں جیسے چاول، کپاس اور گنے پر منتقل کر دیا گیا تھا۔

اس فصل کے زیرِ کاشت رقبے میں کمی کے باوجود اس کی یافت میں بڑی حد تک بہتری آئی جس کی وجہ بوائی میں مخلوط بیج کا استعمال تھا، اسے کُل زیرِ کاشت رقبے میں سے 65 فیصد پر بویا گیا تھا۔ اس بات کو مدِ نظر رکھتے ہوئے کہ مکئی کی پیداوار بنیادی طور پر مرغیوں کی خوراک اور ڈیری کا چارہ بنانے میں صرف ہوتی ہے، (65 فیصد مکئی پولٹری کی خوراک میں استعمال ہوتی ہے) مرغیوں کی خوراک کی طلب سے مستقبل میں مکئی کی بلند تر پیداوار متوقع ہے۔

دیگر فصلوں میں دالوں اور روغنی بیجوں کی پیداواری کارکردگی نسبتاً بہتر رہی۔ دالوں کی سب سے بڑی فصل دال چنا ہے، جس کی پیداوار میں 3.5 فیصد کا حوصلہ افزا اضافہ ہوا، اس کی بنیادی وجہ زیرِ کاشت رقبے میں کمی کے باوجود یافت میں اضافہ ہے۔ گذشتہ برسوں میں دالوں بشمول ماش، مونگ اور مسور کی پیداوار میں کمی واقع ہوئی ہے، جس کی وجہ زیرِ کاشت رقبہ بڑھنا اور پیداواری تبدیلیاں تھیں (**جدول 2.5**)۔ بڑا غذائی جز ہونے کے ناتے دالوں کی طلب کو بڑی حد تک درآمدات سے پورا کیا جاتا ہے، جس سے زرِ مبادلہ ضائع ہوتا ہے۔[17] لہٰذا، دالوں کے تناظر میں ملکی پیداوار کی حوصلہ افزائی کے لیے معاون پالیسی کی ضرورت ہے۔

**جدول 2.5 : دالوں کی کارکردگی**

| | پیداوار (000 ٹن) | | رقبہ (000 ہیکٹر) | |
|---|---|---|---|---|
| | گرام | دیگر دالیں | گرام | دیگر دالیں |
| م س09ء | 741 | 185 | 1081 | 247 |
| م س13ء | 496 | 101 | 1054 | 188 |
| م س13ء | 751 | 111 | 992 | 178 |
| م س15ء | 379 | 115 | 942 | 166 |
| م س17ء | 330 | 144 | 971 | 211 |
| م س18ء | 341 | 136 | 967 | 192 |

اعداد و شمار کا ماخذ: وزارت قومی تحفظ و غذائی تحقیق

[15] صوبائی فوڈ اتھارٹی اور پاسکو۔

[16] ماخذ: یو ایس ڈی اے، ایف اے ایس، غلّہ: عالمی منڈیاں اور تجارت، رپورٹ، 12 جولائی، 2018ء۔

[17] گذشتہ پانچ برسوں میں مالی سال 14 تا مالی سال 18ء کے دوران دالوں کی درآمدی مالیت اوسطاً 0.6 ارب ڈالر رہی تھی۔

**دیگر فصلیں:**

روغن دار بیج کے حوالے سے کنولا بیج کی پیداوار مالی سال 17ء کے 16000 ٹن سے بڑھ کر مالی سال 18ء میں 30000 ہزار ٹن تک جا پہنچی، اس کا سبب نقد زرِ اعانت کے باعث زیرِ کاشت رقبے کا دوگنا ہو جانا ہے۔ یہ چھ برسوں کی بلند ترین پیداوار ہے۔ دوسری جانب سورج مکھی کی پیداوار تھوڑی سی کم ہوئی جس کی وجہ اس کے زیرِ کاشت رقبے میں 4.7 فیصد کی کمی آنا ہے (**شکل 2.6**)۔ زیرِ کاشت رقبے کے اختصاص کی زیادہ نفع آور فصلوں پر منتقلی کو بھی اس کمی سے منسوب کیا جاسکتا ہے۔

**جدول 2.6: لائیواسٹاک میں قدرِ اضافی**

ارب روپے

| | م س 17ء ن | م س 18ء ع | نمو م س 17ء | نمو م س 18ء |
|---|---|---|---|---|
| الف۔ خام پیداوار | 1,611 | 1,666 | 3.4 | 3.4 |
| مذبح کے لیے فروخت کردہ مویشی | 370 | 381 | 2.9 | 2.9 |
| قدرتی نمو اور نو پیداوار | 231 | 238 | 2.9 | 3.0 |
| لائیواسٹاک مصنوعات | 847 | 872 | 2.9 | 2.9 |
| پولٹری مصنوعات | 163 | 175 | 7.7 | 7.8 |
| ب۔ درمیانہ صرف | 292 | 299 | 5.6 | 2.7 |
| ج۔ خام قدرِ اضافی (الف منہاب) | 1,319 | 1,367 | 2.9 | 3.6 |
| د۔ خام قدرِ اضافی * | 8 | 10 | 14.6 | 31.1 |
| **ہ۔ کل خام قدرِ اضافی** | **1,327** | **1,377** | **2.9** | **3.8** |

ن: نظر ثانی شدہ، ع: عبوری، مویشیوں کی نگہداشت اور شکار

مالی سال 18ء میں گلّہ بانی کے شعبے – جس کا زرعی شعبے کے اضافۂ قدر میں 59 فیصد حصہ ہے – میں 3.8 فیصد کی نمو ہوئی جبکہ مالی سال 17ء میں یہ نمو 2.9 فیصد تھی۔ اس بہتر کارکردگی کو گلّہ بانی کی مصنوعات (دودھ، گوشت، اون کھالیں وغیرہ) اور پولٹری مصنوعات (انڈے اور مرغیوں کا گوشت)، سے منسوب کیا گیا، جس میں طلب بڑھنے کی وجہ سے بالترتیب 2.9 فیصد اور 7.8 فیصد کی نمو ہوئی (**جدول 2.6**)۔ گلّہ بانی کی پیداوار کے تناظر میں مویشیوں کی بین نسلی پیداوار اور مویشیوں کی صحت اور بڑی بیماریوں سے حفاظت فراہم کرنے کے پروگراموں کے اقدامات اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ بالخصوص، 726 ملین روپے مالیت سے بیماریوں کی روک تھام کے قومی پروگرام کا آغاز کیا گیا، تاکہ مویشیوں میں منہ کھر کی بیماری پر قابو پاکر مویشیوں کی صحت بہتر بنائی جائے۔[18] اس پروگرام کا مقصد علاج کی غرض سے تشخیصی استعداد کو مضبوط بنانا اور ملک کے مویشیوں میں پائی جانے والی ایک بڑی بیماری پر قابو پانا بھی ہے۔

گلّہ بانی کی پیداوار سے برآمدات کے مواقع بھی پیدا ہوئے ہیں۔ بالخصوص، مالی سال 18ء میں گوشت اور گوشت کی مصنوعات کی برآمدات میں 3.7 فیصد کی تھوڑی سی بہتری آئی جبکہ گذشتہ برس اس میں 19.5 فیصد کی کمی واقع ہوئی تھی (**شکل 2.7**)۔ حلال تصدیق نامے کا اجرائی عمل مضبوط ہو جانے کی بنا پر برآمد کنندگان کو خلیج تعاون تنظیم کے ممالک کی چند منڈیوں جیسے بحرین، کویت، عمان اور متحدہ عرب امارات تک رسائی مل گئی تھی۔[19] آگے چل کر گوشت کی مصنوعات کا برآمدی حجم مزید وسیع کیا جاسکتا ہے، جس کے لیے متنوع غیر ملکی منڈیوں تک رسائی کے حصول کی غرض سے مصنوعات کا معیار بہتر بنانے کی جانب زیادہ توجہ دینی اور مزید اقدامات کرنا ہوں گے۔ مزید برآں، مویشیوں کی آبادی کے بارے میں معلومات بروقت فراہمی کیے جانے ضرورت ہے، جو وفاقی / صوبائی سطح پر معقول پالیسیاں مرتب کرنے کے ضمن میں اہم ہے۔ اس محاذ پر پنجاب میں 2018ء کی مویشی شماری ایک خوش آئند پیش رفت ہے، جس سے مویشیوں کی زرخیزی، فی یوم دودھ کی دستیابی اور مویشیوں کی تعداد اور صحت کے بارے میں مصدقہ اعداد و شمار حاصل ہوتے ہیں۔[20]

[18] لائیواسٹاک ونگ، وزارتِ قومی غذائی تحفظ و تحقیق۔


[19] مالی سال 18ء میں محکمہ گلّہ بانی اور نجی فرموں نے مستقبل میں گوشت اور گوشت کی مصنوعات کی برآمدات کے سلسلے میں چین اور روس کی منڈیوں تک رسائی حاصل کی۔ مالی سال 18ء میں یو اے ای نے جو پاکستانی درآمدات پر عائد پابندی اٹھائی تھی، وہ پولٹری کی برآمدات کے حوالے سے ایک اور بیش قیمت موقع ہے۔

[20] ورچوئل گورننس پروگرام کے تحت منعقد کیا گیا، جہاں نظام کو بروقت اعداد و شمار فراہم کیے گئے۔ 9211 ورچوئل گورننس نظام پنجاب بھر میں گلّہ بانی کے لاکھوں کاشتکاروں کے اعداد و شمار محفوظ رکھنے کا نظام ہے، جس میں گلّہ بانی کی تفصیلات اور محکمہ لائیواسٹاک اور ڈیری ڈویلپمنٹ کی جانب سے فراہم کردہ خدمات کی نشاندہی کی گئی ہے۔ یہ اپلی کیشن کاشتکاروں کو مویشی ماہرین سے رابطے میں مدد فراہم کرتی ہے جو مختلف مویشیوں کے حوالے سے تکنیکی مشورے دیتے ہیں۔

## 2.3 صنعت

مالی سال 17ء کے 5.4 فیصد کے مقابلے میں صنعتی شعبے کی نمو مالی سال 18ء میں 5.8 فیصد ہو گئی، تاہم یہ 7.3 فیصد کے مقررہ ہدف سے کم رہی۔ حوصلہ افزا امر یہ ہے کہ نمو میں اضافہ وسیع البنیاد رہا۔ بالخصوص اس شعبے کی مجموعی نمو میں بڑا کردار بڑے پیمانے کی اشیا سازی اور تعمیرات نے ادا کیا۔ دریں اثنا، بجلی کی پیداوار اور گیس کی تقسیم نے اس ہدف کے حاصل نہ ہونے میں کردار ادا کیا، صنعتی شعبے کی نمو میں ان ذیلی شعبوں کا حصہ محض 0.2 فیصد تھا جبکہ مالی سال 18ء کی سالانہ منصوبہ بندی میں اس کا ہدف 1.1 فیصد مقرر کیا گیا تھا (**شکل 2.8**)۔ ایسا بجلی کی پیداوار میں اضافے کے باوجود ہوا۔ خام مال کی قیمتوں میں بڑی حد تک اضافہ اس ذیلی شعبے کی پیداواری لاگت بڑھانے پر منتج ہوا۔ دوسری جانب بجلی کی قیمتوں میں جزوی ردوبدل کے باعث محاصل کی نمو میں رکاوٹ پیدا ہوئی۔ نتیجتاً درمیانی لاگتِ صرف بڑھنے کے ساتھ ساتھ پست پیداواری قیمتیں (جو کہ بجلی کی ہیں) اس ذیلی شعبے کی پست تر اضافۂ قدر پر منتج ہوئیں۔

**شکل 2.7 : گوشت کی پیداوار اور برآمد**





Data source: Pakistan Bureau of Statistics and Economic Survey

بڑے پیمانے کی اشیا سازی میں ہونے والی نمو کو جن عوامل سے منسوب کیا جاسکتا ہے ان میں توانائی کی بلا رکاوٹ رسد، پست لاگتی مالکاری، بہتر کاروباری احساسات اور بلند کاروباری اخراجات شامل ہیں۔ بالخصوص، بجلی اور انفراسٹرکچر پر سرکاری شعبے کے زائد اخراجات نے تعمیرات سے منسلک سیمنٹ اور فولاد سازی کے شعبوں کی نمو کو مہمیز بخشی۔ اس کے ساتھ ساتھ دیہی آبادی کی آمدنی میں اضافے نے پائیدار صارفی اشیا کی طلب کو بھی بڑھا دیا، جس کی وجہ بہتر زرعی پیداوار ہے۔

بڑے پیمانے کی اشیا سازی کے شعبے کا صنعتی شعبے کی پیداواری نمو میں کلیدی کردار رہا۔ سیمنٹ اسٹیل اور پیٹرولیم کی صنعتوں نے بڑھتی ہوئی استعداد اور بھرپور طلب کا فائدہ اٹھایا جبکہ سگریٹ اور گاڑی سازی کی صنعتوں نے استعداد کے بلند استعمال سے استفادہ کیا۔ مالی سال 18ء کی کارکردگی موافق رہی تاہم کھاد سازی اور چینی کی صنعت کی کارکردگی اس کے برخلاف رہی۔ کھاد سازی کے چھوٹے یونٹس کو ملکی گیس کی رسد ملی نہیں اور درآمدی آر ایل این جی پر پیداوار ان کے لیے غیر نفع بخش بن گئی۔ اس کی وجہ سے ان یونٹس کی پیداواری سرگرمیاں تقریباً بند رہیں۔ دریں اثنا، چینی کی پست عالمی قیمتوں کا بالواسطہ اثر چینی کی ملکی صنعت پر پڑا۔ وہ چینی ساز جن کے پاس پہلے ہی وافر ذخائر موجود تھے، انہوں نے گنے کی موجودہ علامتی قیمتوں پر بڑی مقدار میں گنے کی کچل کاری سے گریز کیا کیونکہ ان قیمتوں کی وجہ سے عالمی منڈی میں ملکی صنعت مسابقت کی حامل نہیں رہی۔

**شکل 2.8: صنعتی نمو میں حصہ**




Data source: Pakistan Bureau of Statistics

### بڑے پیمانے کی اشیا سازی

مالی سال 18ء کے دوران بڑے پیمانے کی اشیا سازی میں 5.4 فیصد کی نمو ہوئی، جبکہ مالی سال 17ء میں یہ نمو 5.8 فیصد رہی تھی (**جدول 2.7**)۔ بڑے پیمانے کی اشیا سازی کی نمو کو پنپنے میں سہولت فراہم کرنے میں یہ اہم عوامل شامل ہیں: توانائی کی رسد میں بہتری کے باعث استعداد کا زائد استعمال، پست لاگتی مالکاری کے سبب قرضوں کا زائد استعمال، تعمیراتی سرگرمیوں میں اضافے کی وجہ سے منسلکہ صنعتوں کی پیداوار میں مہمیز آنا اور معاون کاروباری ماحول پیدا ہونا۔

مجموعی طور پر بڑے پیمانے کی اشیاسازی نے حوصلہ افزا کارکردگی کا مظاہرہ کیا، جس میں نمایاں کردار تعمیرات سے منسلکہ اور پائیدار صارفی اشیا کی صنعتوں نے کیا۔ تاہم چینی کی صنعت گنے کی ریکارڈ پیداوار سے استفادہ کرنے سے قاصر رہی۔ یہ صورتِ حال گذشتہ برس سے بالکل مختلف ہے، کیونکہ اس میں چینی کی صنعت نے بڑے پیمانے کی اشیاسازی کی مجموعی نمو میں بنیادی کردار ادا کیا تھا۔ نتیجتاً مالی سال 18ء کے دوران علاوہ از چینی بڑے پیمانے کی اشیا سازی کی نمو 6.5 فیصد کی قابل ستائش سطح پر رہی، جبکہ اس کے مقابلے میں گذشتہ برس یہ نمو 3.5 فیصد رہی تھی۔

**جدول 2.7: بڑے پیمانے کی اشیاسازی میں نمو**

| | وزن | نمو | | نمو میں حصہ | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | م س17ء | م س18ء | م س17ء | م س18ء |
| بڑے پیمانے کی اشیا سازی | 70.3 | 5.8 | 5.4 | - | - |
| ٹیکسٹائل | 20.9 | 0.8 | 0.4 | 0.2 | 0.1 |
| سوتی دھاگہ | 13.0 | 0.7 | 0.1 | 0.1 | 0.0 |
| سوتی کپڑا | 7.2 | 0.4 | 0.0 | 0.0 | 0.0 |
| پٹ سن کی اشیا | 0.3 | 8.1 | 23.9 | 0.0 | 0.0 |
| غذا | 12.4 | 11.7 | 2.8 | 2.4 | 0.6 |
| چینی | 3.5 | 37.8 | -6.8 | 2.5 | -0.6 |
| سگریٹ | 2.1 | -35.8 | 72.0 | -0.7 | 0.8 |
| سبزیاں | 1.1 | 3.1 | 2.1 | 0.0 | 0.0 |
| نباتی گھی | 2.2 | 2.7 | 0.0 | 0.1 | 0.0 |
| سافٹ ڈرنکس | 0.9 | 13.7 | 8.4 | 0.4 | 0.2 |
| پیٹرولیم مصنوعات | 5.5 | 2.8 | 13.2 | 0.2 | 0.8 |
| فولاد | 5.4 | 20.5 | 21.8 | 0.7 | 0.8 |
| غیر دھاتی معدنیات | 5.4 | 4.4 | 11.0 | 0.5 | 1.2 |
| سیمنٹ | 5.3 | 4.5 | 11.1 | 0.5 | 1.2 |
| گاڑیاں | 4.6 | 11.2 | 17.8 | 0.7 | 1.2 |
| جیپ اور کاریں | 2.8 | 5.4 | 21.4 | 0.2 | 0.7 |
| کھاد | 4.4 | 1.7 | -9.9 | 0.1 | -0.6 |
| دواسازی | 3.6 | 9.1 | 2.9 | 0.8 | 0.3 |
| کاغذ | 2.3 | 9.6 | 9.4 | 0.3 | 0.3 |
| الیکٹرانکس | 2.0 | 21.6 | 32.4 | 0.4 | 0.6 |
| کیمیکل | 1.7 | -2.3 | -0.2 | -0.1 | 0.0 |
| کاسٹک سوڈا | 0.4 | -0.6 | 20.7 | 0.0 | 0.1 |
| چمڑے کی مصنوعات | 0.9 | -16.5 | -0.2 | -0.3 | 0.0 |
| علاوہ از چینی | 66.8 | 3.5 | 6.5 | | |

ماخذ: پاکستان دفتر شماریات

## فولاد سازی

مالی سال 18ء کے دوران فولاد سازی کی صنعت میں 21.8 فیصد کی قابل ذکر نمو ہوئی، جبکہ گذشتہ برس یہ نمو 20.5 فیصد رہی تھی۔ طلب اور رسد دونوں اطراف کے عوامل نے اس کارکردگی میں کردار ادا کیا۔ طلب کے اعتبار سے انفراسٹرکچر کے منصوبوں، مکاناتی اسکیموں اور گاڑی سازی کی صنعت اور گھریلو استعمال کے آلات سے پیدا ہونے والی فولاد کی طلب زیادہ رہی۔ جبکہ رسدی لحاظ سے گذشتہ برس عائد ہونے والی اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹیوں کی وجہ سے بڑے فریقوں کو یہ موقع ملا کہ وہ استعداد کاری کے ذریعے منڈی میں اپنا حصہ بڑھا سکیں۔ استعداد بڑھانے کے ساتھ ساتھ دیگر عوامل بھی منڈی پر اثرانداز ہوئے (مثلاً، بجلی فراہمی کی بہتر صورتِ حال توانائی استعمال کنندہ صنعت کے لیے فائدہ مند ثابت ہوئی)۔ **باکس 2.1** میں اس شعبے کی حالیہ پیش رفت کا عمومی جائزہ پیش کرنے کی غرض سے اس صورت حال کو تفصیلی طور پر بیان کیا گیا ہے۔

**باکس 2.1: پاکستان میں فولاد سازی کے شعبے کی صورتِ حال**

پاکستان میں فولاد سازی کے ادارے اس شعبے کی پیداواری استعداد کو وسعت دینے اور مصنوعات کے معیار بڑھانے کی غرض سے خاطر خواہ سرمایہ کاری کررہے ہیں۔ اس کی بنیادی وجہ ملکی طلب میں اضافہ ہے۔ یہ صنعت پیداواری تخفیف کے اُس مرحلے سے نکل چکی ہے جو مالی سال 15ء میں پاکستان اسٹیل ملز کی بندش سے شروع ہوا تھا، اور اس صنعت میں مالی سال 17ء اور مالی سال 18ء کے دوران 20 فیصد سے زائد کی حوصلہ افزا نمو ہوئی۔

فولادی مصنوعات کو عام طور پر چار وسیع اقسام میں تقسیم کیا گیا ہے: لمبی فولادی مصنوعات (ری رولڈ بارز)، چپٹی فولادی مصنوعات جیسے ہاٹ رولڈ کوائلز، کولڈ رولڈ کوائلز اور ہاٹ ڈپڈ گیلونائزڈ کوائلز سڑکوں کی تعمیر میں استعمال کے لیے پائپ وغیرہ اور نیم تیار مصنوعات جو دوسرے اشیاسازوں کو فروخت کی جاتی ہیں یا تیار مصنوعات بنانے کے لیے اندرون خانہ صرف ہوتی ہیں۔ **جدول 2.1.1** میں نجی شعبے کے بڑے فولاد ساز اداروں کی فہرست اور ان کی مصنوعات کی تفصیلات درج ہیں۔

مجموعی طور پر ملکی اشیاساز ادارے گیلونائزڈ اور کولڈ رولڈ کوائلز کی بالترتیب تقریباً50 سے60 فیصد کُل ملکی طلب کو پورا کرتے ہیں۔ فولاد کی ملکی ریکارڈ پیداوار کے باوجود بلند درآمد ملک میں فولادی مصنوعات کی بلند طلب کو ظاہر کرتے ہیں۔

طلبی اعتبار سے چار عوامل نمایاں ہیں، اوّل، کار سازی، دفاع، ٹرانسپورٹ اور گھریلو آلات کے شعبوں میں استعمال ہونے والی فولادی اشیا کے لیے اب صارفین کی تعداد متحرک ہے۔ دوم، مجموعی صنعتی سرگرمیوں میں اضافے سے مزید گنجائش پیدا ہوئی ہے کیونکہ تعمیرات سے منسلک صنعتیں اپنی استعداد کاری کے لیے بھرپور سرمایہ کاری کر رہی ہیں۔ سوم، آبادی میں اضافے کی وجہ سے مکانوں کی کمی ہوگئی ہے، جسے پورا کرنے کی غرض سے نجی مکاناتی منصوبے شروع کئے جارہے ہیں۔ چہارم، سرکاری شعبے کے بلند اخراجات اور سی پیک سے متعلقہ انفراسٹرکچر منصوبے فولاد کی طلب میں مزید اضافہ کررہے ہیں۔ آگے چل کر یہ چار تبدیلیاں فولاد کی مجموعی طلب کو بڑھاتی رہیں گی۔

**جدول 2.1.1 : ملکی فولادسازی کی صنعت کے بڑے فریق**

| بڑے فریق | اہم مصنوعات | م س18ء میں استعداد کا استعمال (فیصد) | موجودہ استعداد (ہزار ٹن) | وسعت کے بعد متوقع استعداد (ہزار ٹن) | نئی استعداد کی آن لائن تاریخ |
|---|---|---|---|---|---|
| عائشہ اسٹیل ملز لمیٹڈ | سی آر سی اور منصوبہ جاتی گیلونائزڈ کوائلز | 95 | 220 سی آر سی | 450 سی آر سی؛250 گیلونائزڈ | وسط2019ء |
| امریلی اسٹیل لمیٹڈ | بارز اور بلٹس | 85 | 425 اسٹیل ری بارز؛100 بلٹس | 750 ری بارز؛600 بلٹس | وسط2019ء |
| کریسنٹ اسٹیل اور منسلکہ مصنوعات لمیٹڈ | فولادی پائپ (روڈ نیٹ ورک) | 161 | 66.7 پائپڈ؛85 بلٹس | 85 | وسط2020ء |
| انٹر نیشنل اسٹیل لمیٹڈ | گیلونائزڈ کوائلز، سی آر سی، رنگ شدہ | 72 | 462 گیلونائزڈ؛550 سی آر سی؛84 رنگ شدہ | 462 گیلونائزڈ؛100 سی آر سی؛ 84 رنگ شدہ | اختتام2018ء |
| آتفاق آئرن انڈسٹریز لمیٹڈ | بلٹس اور ڈی فارمڈ بارز | 44 | 120 | 120 (بلا منصوبہ) | - |
| مغل آئرن اور اسٹیل انڈسٹری لمیٹڈ | لانگ رولڈ بارز اور بلٹس | 68 | 688 | 1000 | اوائل2019ء |


اعداد و شمار کا ماخذ: کمپنیوں کے مالی گوشوارے؛ پاکستان اسٹاک ایکس چینج

رسدی لحاظ سے ملکی فولاد ساز اداروں کو بالخصوص چین کی تیار شدہ درآمدی مصنوعات سے سخت مسابقت کا سامنا ہے۔ درآمدی فولادی مصنوعات قیمت اور معیار دونوں اعتبار سے مسابقت پر مبنی ہیں، جو بالخصوص چھوٹے ملکی فولاد ساز اداروں کی فروخت پر اثرانداز ہورہی ہیں، یہ ادارے اس صنعت کی بلند کاروباری لاگت اور دوہرے ٹیکسوں کی وجہ سے درآمدی مصنوعات کا مقابلہ کرنے سے قاصر ہیں۔ حالیہ دنوں میں حکومت کی جانب سے پہلے سے عائد ریگولیٹری ڈیوٹیز کے علاوہ اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی عائد ہونے سے اس صنعت کو تھوڑا سہارا ملا ہے (**شکل 2.2.1**)۔

طلب اور رسد کے تحرکات کے اس باہمی تعامل کی وجہ سے ملکی صنعت کو استعداد کاری اور مصنوعات کو متنوع بنانے کی خاطر سرمایہ کاری کی ترغیب ملی ہے۔ مثال کے طور پر، انٹر نیشنل اسٹیل نے مالی سال 15ء اور مالی سال 16ء میں اپنی کولڈ رولڈ کوائلز مصنوعہ کی پیداواری استعداد 250000 سے بڑھا کر 550000 کردی، جس کے لیے اس ادارے نے اپنی کمپیکٹ کولڈ رولنگ مل کو ٹوئن اسٹینڈ ریورسنگ مل میں تبدیل کردیا تھا۔ اسی طرح دوسری گیلونائزنگ لائن کا اضافہ کرنے بعد ان کی گیلونائزنگ استعداد 150000 ٹن سے بڑھ کر 460000 ٹن تک جاپہنچی۔ یہ ادارہ فی الوقت اپنی کولڈ رولڈ کوائلز استعداد کو 550000 ٹن سے بڑھا کر 1.0 ملین ٹن تک کرنے کے لیے کوشاں ہے، جس کی لاگت کا تخمینہ 5.6 ارب روپے ہے۔ دریں اثنا امریلی اسٹیلز نے اپنی مصنوعات کو متنوع بناتے ہوئے بلٹس اور ری بارز بھی بنانا شروع کردیے ہیں۔ پہلے ان کی ری بارز کی پیداواری استعداد 180000 سے بڑھ کر 300000 ہوئی اور بالآخر 425000 ہوگئی جبکہ بلٹس کی پیداواری استعداد 100000 سے بڑھ کر 600000 ہوگئی۔ آگے چل کر یہ ادارہ اپنی کولڈ رولڈ کوائلز کی پیداواری استعداد کو 750000 تک بڑھانے کا ارادہ رکھتا ہے۔

عائشہ اسٹیلز بھی اپنی پیداواری سرگرمیوں میں اضافہ کررہی ہے۔ یہ ادارہ گیلونائزنگ اور کولڈ رولڈ کوائلز مصنوعات بنانے کا ارادہ رکھتا ہے۔ 3.9 ارب روپے کی سرمایہ کاری سے اس کی کولڈ رولڈ کوائلز بنانے کی استعداد 220000 سے بڑھ کر 450000 ہوجائے گی جبکہ galvanized coils250000 بھی بنانا شروع کردیا ہے۔ آخر میں مغل اسٹیل اپنی پیداواری استعداد 690000 سے بڑھا کر ایک ملین ٹن کرنے کی غرض سے ایک ارب روپے کی سرمایہ کاری کررہا ہے۔

**شکل 2.2.1 : اسٹیل کے پیداواری رجحان**




Data source: Pakistan Bureau of Statistics; Competition Commission of Pakistan


اس صنعت نے توازن، جدت اور تبدیلی (بی ایم آر) پر بھی توجہ مرکوز کی ہوئی ہے تاکہ کارکردگی کے فوائد حاصل کیے جاسکیں۔ مثلاً عائشہ اسٹیل نے اپنی پتلے گیج والی کولڈ رولڈ کوائلز کو بہتر کرنے کے لیے جرمنی سے رول گرائینڈر خرید کر نصب کیا، جبکہ مصنوعات میں زنگ کے خلاف مزاحمت بڑھانے کے لیے الیکٹرو اسٹیٹک آئل بھی نصب کیا گیا۔ امریلی اسٹیلز پرائیمیٹلز، بڑی عالمی انجینئرنگ اور پلانٹ تعمیر کرنے والی کمپنی، کے ذریعے ملنے والے ملٹی سلٹ رولنگ ٹیکنالوجی کا استعمال شروع کرنے کا بھی ارادہ رکھتی ہے۔ دریں اثنا طلب کو پورا کرنے کے لیے کچھ فریق اپنی بجلی سازی کی استعداد بڑھا رہے ہیں۔ مثلاً مغل آئرن اینڈ اسٹیل نے 9.3 میگاواٹ کا گیس سے چلنے والا کیپٹو پاور پلانٹ شروع کر دیا ہے، اور بجلی کی پیداوار مزید بڑھانے کے لیے سوئی ناردرن گیس پائپ لائن کمپنی سے 1.8 ایم ایم سی ایف ڈی تا 2.8 ایم ایم سی ایف ڈی تک کی منظوری حاصل کر لی ہے۔

فولادی پائپ ساز ادارے فولاد سازی کی صنعت کے بڑے فریق ہیں، اور بڑھتی ہوئی طلب سے استفادہ کرتے ہوئے یہ ادارے اپنی استعداد سے بڑھ کر پیداوار کر رہے ہیں۔ ایسی بھی مثالیں موجود ہیں، جن میں کمپنیاں دوسری صنعتی سرگرمیوں (جیسے کپاس کے ریشے کی علیحدگی اور دھاگہ سازی) میں سرمایہ کاری کر رہی ہیں تاکہ اضافی منافع سے فولاد سازی کے شعبے میں سرمایہ کاری کی جاسکے۔ کریسنٹ اسٹیل کا فبریکیشن یونٹ گنا کاٹنے کی مشین، سینٹری فیوگل مشینیں، فوارہ آلات، ملٹی جیٹ کنڈینسر اور ہائی وولٹیج کنڈینسر ٹینکس جیسی متنوع مصنوعات بنا اور فراہم کر رہا ہے۔

یہ شعبہ درآمدی خام مال پر انحصار کم کرنے کی غرض سے بھی کوششیں تیز کر رہا ہے۔ اگرچہ اسکریپ کی درآمدات میں اضافہ جاری رہے گا (اس بات کو مدنظر رکھتے ہوئے کہ ملکی اسکریپ سے معیاری مصنوعات نہیں بنتی)، اس صنعت کے فریقوں نے بلٹس بنانے کی استعداد کاری شروع کر دی ہے، جسے بڑے پیمانے کے اشیاساز مزید عمل سے گزار کر لمبی شکل والی مصنوعات بناتے ہیں۔ مجموعی طور پر ملکی فولاد سازی کی صنعت کو حوصلہ افزا سرمایہ کاری اور پیداواری مہمیز سے فائدہ ہو رہا ہے۔ تاہم آگے چل کر جب نئی استعداد پیداواری عمل کا حصہ بن جائے گی تو بڑے پیمانے کے اشیاسازوں کی نفع آوری کا دارومدار حقیقی اور تعمیراتی شعبے کی مجموعی سرگرمیوں پر ہو گا۔

## سیمنٹ

**شکل 2.9 : سیمنٹ کے شعبے میں استعداد کا استعمال**




Data source: APCMA

بڑے پیمانے کی اشیاسازی کی نمو میں سیمنٹ کی صنعت کا حصہ 20 فیصد ہے، مالی سال 18ء کے دوران اس شعبے میں 11.1 فیصد نمو ہوئی جبکہ گذشتہ برس یہ نمو 4.5 فیصد تھی (**شکل 2.9**)۔ اس صنعت کو استعداد سے زیادہ استفادہ کرنے اور پیداواری صلاحیت بڑھانے سے بھی فائدہ ہوا۔ اگرچہ مالی سال 18ء کے دوران اس صنعت کی پیداواری استعداد 6.6 فیصد بڑھ کر 49.4 ملین ٹن تک جا پہنچی ہے، تاہم اس کا صرف بھی 93.0 فیصد کی بلند ترین سطح پر پہنچ گیا ہے۔ اس سے صنعت کو بڑے پیمانے پر تعمیراتی سرگرمیوں کے باعث پیدا ہونے والی طلب کو پورا کرنے میں سہولت ملے گی، جیسا کہ ملک میں سیمنٹ کی ترسیل کے اعداد و شمار سے ظاہر ہے کہ سال کے دوران تعمیراتی سرگرمیوں میں 15.4

جدول 2.8: گاڑیوں کے شعبے کی پیداوار

| | مالی سال 18ء | مالی سال 17ء | مالی سال 18ء | نمو | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | مالی سال 17ء | مالی سال 18ء |
| **تمام کاریں** | **179,944** | **186,936** | **217,774** | **3.9** | **16.5** |
| کاریں 800 سی سی سے زائد | 66,957 | 57,842 | 69,078 | -13.6 | 19.4 |
| کاریں 800 سے 1000 سی سی کے درمیان | 26,276 | 35,313 | 49,848 | 34.4 | 41.2 |
| کاریں 1000 سی سی سے کم | 86,711 | 93,781 | 98,848 | 8.2 | 5.4 |
| ٹرک | 5,666 | 7,712 | 9,187 | 36.1 | 19.1 |
| بسیں | 1,070 | 1,118 | 784 | 4.5 | -29.9 |
| چھوٹی کمرشل گاڑیاں | 35,836 | 24,265 | 29,055 | -32.3 | 19.7 |
| اسپورٹس یوٹیلٹی کی حامل گاڑیاں | 773 | 3,530 | 13,364 | 356.7 | 278.6 |
| ٹریکٹرز | 34,914 | 53,975 | 71,894 | 54.6 | 33.2 |
| موٹر بائیکس | 1,362,096 | 1,632,965 | 1,926,688 | 19.9 | 18.0 |

اعداد و شمار کا ماخذ: پاکستان آٹو موبائل مینوفیکچرنگ ایسوسی ایشن

فیصد اضافہ ہوا۔ حوصلہ افزا امر یہ ہے کہ لگاتار آٹھ برس تک سیمنٹ کی برآمد میں تخفیف ہونے کے بعد اس کے حجم میں 1.8 فیصد کا اضافہ ہوا (گذشتہ آٹھ برسوں میں اوسطاً 10 فیصد کی تخفیف)۔ اس اضافے کا سبب اس عرصے کے دوران افغانستان، جنوبی افریقہ، مڈغاسکر اور سینیگال کو سیمنٹ کی ترسیل میں خاطر خواہ اضافہ ہے۔

تاہم حالیہ برسوں میں سیمنٹ کی ملکی طلب برآمد سے کہیں زیادہ بڑھ چکی ہے۔ یہ بات قابل ذکر ہے کہ مالی سال 01ء تا 09ء کے دوران یہ صنعت اپنی تقریباً ایک چوتھائی سالانہ پیداوار برآمد کرتی تھی، جس کا حصہ اب کم ہو کر صرف دس فیصد رہ گیا ہے۔ سیمنٹ کی برآمدات میں کمی آنے کی وجہ اہم برآمدی مقامات جیسے جنوبی افریقہ اور افغانستان میں صنعتی یونٹس نصب ہونا ہے، جو اپنی صنعت کو تحفظ دینے کی خاطر بلند ٹیرف عائد کر سکتے ہیں۔

فولاد کی طرح سیمنٹ کی صنعت کی نمو بھی سی پیک سے متعلقہ منصوبوں، سرکاری شعبے کے ترقیاتی اخراجات اور نجی مکاناتی اسکیموں کی جاری تعمیرات پر منحصر ہے۔ آئندہ برسوں میں طلب مزید بڑھنے کی توقع ہے، اس صنعت کے فریق اپنی استعداد کاری کے لیے بھرپور سرمایہ کاری کر رہے ہیں، جس کا بنیادی مقصد بلند نفع آور ملکی منڈی اور اس کے ساتھ ساتھ بڑے برآمدی مقامات پر اپنے قدم مزید جمانا ہے۔[21]

اس سے قطع نظر مستقبل میں سیمنٹ کی اضافی پیداوار کے صرف کا دارومدار ان عوامل پر ہو گا: الف) مکانوں کی کمی دور کرنے کے لیے مکاناتی اسکیموں پر مسلسل کام ہونا، بالخصوص شہری علاقوں میں؛ ب) سرکاری شعبے کے منصوبوں کے باعث پیدا ہونے والی طلب کا انحصار بھی ان منصوبوں کے بجٹ کے استعمال پر ہوتا ہے، اور ج) سی پیک سے منسلک منصوبوں اور خصوصی اقتصادی زونز میں تعمیرات کا تسلسل۔ مزید برآں، صنعت کی اضافی استعداد سے بیرونی مسابقت میں بہتری اور سیمنٹ کی صنعت کو نئی منڈیوں کی تلاش کی ترغیب بھی مل سکتی ہے۔

[21] مزید معلومات کے لیے، بحوالہ پاکستانی معیشت کی کیفیت پر اسٹیٹ بینک کی تیسری سہ ماہی رپورٹ مالی سال 18ء باب بعنوان "سیمنٹ کی صنعت – موجودہ تحرکات اور مستقبل کے امکانات" کا خصوصی سیکشن 1"۔

### گاڑیوں کی صنعت

مالی سال 18ء میں گاڑیوں کی صنعت میں نمو جاری رہی، اس صنعت کی پیداوار میں 17.8 فیصد نمو ہوئی جبکہ گذشتہ برس یہ نمو 11.2 فیصد رہی تھی (**جدول 2.8**)۔ تقریباً تمام ہی ذیلی زمروں میں دوہندسی نمو ہوئی۔ اس شعبے کی زبردست کارکردگی کی علامت ملک میں گاڑیوں کی طلب بڑھنا ہے۔ مقامی گاڑی سازوں کی جانب سے استعداد کا استعمال بڑھانے کے باوجود یہ صنعت طلب پوری نہ کرسکی۔ نتیجتاً سال کے دوران استعمال شدہ گاڑیوں کی درآمدات میں اضافہ ہوا۔

گاڑیوں کی بھرپور طلب میں متعدد عوامل کارفرما ہیں۔ اوّل، پست شرح سود کے ماحول نے قرض پر کاریں خریدنا آسان بنادیا۔ گاڑیوں کے لیے قرضے اور ذاتی قرضے اس پیش رفت کو ظاہر کرتے ہیں۔[22] دوم، سفری سہولت فراہم کنندہ اداروں نے ملکی منڈی میں مزید سرایت کی، جس سے گاڑیوں بالخصوص کم ایندھن استعمال کرنے والی ہیچ بیک کاروں کی طلب بڑھ گئی۔ مالی سال 17ء میں اس کی کارکردگی مایوس کن رہی، تاہم مالی سال 18ء میں 28 فیصد کی نمو کے ساتھ ہیچ بیکس کی بحالی قابلِ ستائش رہی۔ سوم، قبل ازیں پرتعیش گاڑی ایس یو وی کا استعمال اور تشہیر کم تھی، تاہم اس ذیلی شعبے نے مقبولیت حاصل کرنا شروع کی جس کے باعث اس میں قابل ذکر نمو ہوئی۔ چہارم، زرعی شعبے میں متاثر کن نمو ہونے کے سبب دیہی علاقوں کی آمدنیوں میں اضافہ ہوا، جس کی وجہ سے ٹریکٹرز اور موٹر بائیکس کی طلب میں خاطر خواہ اضافہ ہوا۔ آخر میں مجموعی طور پر کاروباری سرگرمیاں بڑھنے– جسے کمرشل گاڑیوں کی مسلسل نمو کے باعث تقویت ملی– سے ملک میں مختلف اقسام کی گاڑیوں کی طلبی گنجائش میں خاصا اضافہ ہوا ہے۔

اس کے باوجود صنعت کے موجودہ فریقوں نے اپنی موجودہ استعداد میں کوئی نمایاں اضافہ نہیں کیا جبکہ نئے اشیا سازوں کی آمد ندارد۔ بڑھتی ہوئی طلب کو پورا کرنے کی خاطر موجودہ فریقوں نے اوقاتِ کار کو دوگنا کردیا۔ تاہم استعداد کاری کی کمی کی وجہ سے گاڑیوں کی فراہمی کی مدت میں اضافہ ہوا۔ کچھ ماڈل کی گاڑیوں کے لیے توصارفین کو ابتدائی بکنگ کے بعد 6 ماہ سے زیادہ انتظار کرنا پڑا۔[23]

اگرچہ گاڑیوں کی پیداوار میں ریکارڈ اضافہ ہوا، تاہم درآمدی گاڑیوں پر انحصار بلند تھا۔ درآمدی گاڑیاں بالخصوص ہیچ بیکس کاریں اپنی معیاری حفاظتی خصوصیات اور ایندھن کی بچت کے باعث مقبول ہیں، یہ خصوصیات مقامی گاڑی ساز فراہم نہیں کرتے۔ مزید برآں، روپے کی قدر میں بڑی کمی کے باوجود درآمدی گاڑیوں کی طلب مضبوط رہی۔ آگے چل کر روپے کی قدر میں مزید کمی، ٹیرف اور نان ٹیرف رکاوٹوں اور نان ٹیکس فائلرز پر گاڑیوں کی خریداری کی پابندیوں کی وجہ سے درآمدی گاڑیوں کی طلب کم ہونے کی توقع ہے۔

### برقی مصنوعات کا شعبہ

مالی سال 18ء کے دوران برقی مصنوعات کے شعبے کی پیداوار میں 32.4 فیصد اضافہ ہوا، جبکہ مالی سال 17ء میں اضافہ 21.6 فیصد رہا تھا۔ مالی سال 18ء میں اس اضافے کو صرف الیکٹرک موٹرز کی پیداوار میں 132.6 فیصد نمو سے منسوب کیا جاسکتا ہے، اس کے مقابلے میں مالی سال 17ء میں اضافہ 25.8 فیصد رہا تھا۔ اس کارکردگی کی بنیادی وجہ بجلی کی فراہمی بہتر ہونا ہے، جس کا سبب بجلی کی پیداوار اور تقسیم کے سلسلے میں حکومتی سرمایہ کاری بڑھنا ہے۔ الیکٹرک موٹرز کے ساتھ ساتھ روایتی طور پر اپنا حصہ ڈالنے والے برقی آلات جیسے ریفریجریٹرز، ڈیپ فریزرز اور ائیر کنڈیشنرز کی پیداوار سال کے دوران سست روی کا شکار رہی یا کم ہوئی۔

[22] مزید تفصیلات کے لیے باب 3 ملاحظہ فرمائیں۔

[23] ٹویوٹا کرولا، ہونڈا سِٹی اور سوک کی فراہمی کے لیے 9 ماہ تک کا وقت دیا گیا۔

### پیٹرولیم مصنوعات

مالی سال 18ء کے دوران پیٹرولیم مصنوعات میں 13.2 فیصد اضافہ ہوا، جبکہ مالی سال 17ء میں یہ نمو 2.8 فیصد رہی تھی، اس شعبے نے گذشتہ برس کے مقابلے میں 10.4 فیصد بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ طلبی اور رسدی دونوں عوامل نے پیٹرولیم مصنوعات کی پیداوار کو بلند رکھنے میں مدد دی۔ طلب کے لحاظ سے بجلی کی پیداوار بڑھنے، تجارتی و کاروباری سرگرمیوں میں بہتری آنے، آمدنیاں بڑھنے، اور بالخصوص سفری سہولت فراہم کنندہ اداروں کے ذریعے نجی ٹرانسپورٹ کی طلب بڑھنا اس نمو کے لیے معاون رہا۔ رسد کی نمو میں استعداد کاری، ٹیکنالوجی میں بہتری، اور تیل کی عالمی قیمتوں کی بحالی نے کلیدی کردار ادا کیا۔

اگرچہ اس شعبے کی مجموعی کارکردگی قابلِ ستائش ہے، تاہم اگر حکومت مہنگے فرنس آئل سے چلنے والے بجلی کی بندش کے احکامات جاری نہ کرتی تو اس کی کارکردگی مزید بہتر ہوسکتی تھی۔ اس اقدام سے پیٹرولیم مصنوعات کی صنعت پر بالواسطہ اثر پڑا کیونکہ فرنس آئل ریفائنریوں کی بڑی مصنوعات میں شامل ہے۔ فرنس آئل سے چلنے والے بجلی گھروں کی عارضی بندش سے فرنس آئل کے ذخائر بڑھ گئے جس کے لیے بجلی کی پیداواری صنعت کے علاوہ کوئی قابل ذکر خریدار نہیں ہے۔ اس لیے مالی سال 18ء کی دوسری سہ ماہی کے دوران چند ریفائنریوں کو اپنی پیداوار بند کرنا پڑ گئی تھی، اور اس سے پیٹرولیم مصنوعات کی صنعت کی کارکردگی متاثر ہوئی۔


### غذائی شعبہ

مالی سال 18ء میں غذائی شعبے کی کارکردگی دھیمی رہی۔ جس کی بنیادی وجہ چینی کی پیداوار میں کمی ہے، اسی کے سبب سگریٹ اور خوردنی تیل کے زمروں میں ہونے والی حوصلہ افزا نمو کا اثر زائل ہوگیا۔ مالی سال 18ء میں مجموعی طور پر اس شعبے کی نمو 2.8 فیصد رہی جو کہ مالی سال 17ء میں 11.7 فیصد تھی، اس عرصے کے دوران چینی کی پیداوار کے باعث غذائی گروپ کا بڑے پیمانے کی اشیا سازی کی نمو میں کلیدی حصہ رہا۔

چینی کی صنعت

مالی سال 18ء کے دوران چینی کی پیداوار میں 6.8 فیصد کمی واقع ہوئی۔ گذشتہ سال اس سلسلے میں نمایاں اہمیت کا حامل ہے، جس میں اس صنعت کی یافت 7 ملین ٹن رہی تھی، جو اس وقت کی گنے کی ریکارڈ 75.5 ملین ٹن کی پیداوار سے حاصل کی گئی تھی، جو منتقلی کی شرح کو 9.3 فیصد تک لے گیا تھا، تاہم سابقہ پیداواری رجحان کے مطابق گنے کی 81.1 ملین ٹن کی ریکارڈ پیداوار تو ہوئی مگر یہ شرح کم ہوکر 8.1 فیصد رہ گئی (**شکل 2.10**)۔ اس سال متعدد وجوہ کی بنا پر چینی کی صنعت پورے خام مال کی کچل کاری سے قاصر رہی۔ اس میں بنیادی وجہ گنے کی قیمت ہے۔ 18ویں ترمیم کے بعد صوبائی حکومتوں میں شوگر ملز کے لیے گنے کی خریداری کے لیے جو قیمت مقرر کی تھی وہ منڈی کی مبادیات پر مبنی تھی، جس میں کاشتکاروں اور شوگر ملز کے نمائندوں کو شامل کیا گیا تھا۔[24] فروری 2017ء سے عالمی منڈی میں چینی کی قیمتیں کم رہیں جبکہ ملک میں صوبائی اتھارٹیوں نے گنے کی خریداری کی بلند قیمتیں مقرر کیں۔ اس مخالف رجحان نے شعبے کی اس سال کی کارکردگی کا تعین کیا۔

**شکل 2.10: گنے اور چینی کی پیداوار**




Data source: Pakistan Bureau of Statistics

[24] اس میں گنے کی پیداوار پر ملکی لاگت، زیر کاشت رقبہ، عالمی قیمتیں وغیرہ شامل ہیں۔

سندھ میں شوگر ملز نے ضوابطی اتھارٹیوں کو گنے کی قیمتیں کم کرنے کی خاطر دباؤ میں لینے کے لیے ہفتوں کام بند رکھا۔ بالآخر صوبے کی عدالت کی جانب سے گنے کی مقررہ قیمتیں کم کرنے کے فیصلے سے مل مالکان کو کامیابی ملی۔

دریں اثنا، پنجاب میں شوگر ملوں کی غیر قانونی منتقلی کی بنیاد پر عدالت نے چند ملوں میں گنے کی پکل کاری معطل کرنے کا حکم دیا۔ اس سے متاثر ہونے والی ملوں کو بعد ازاں کام شروع کرنے کی اجازت مل گئی۔ تاہم اس وقت تک اس شعبے کی پکل کاری کی مجموعی سرگرمیاں بری طرح متاثر ہو چکی تھیں۔ نتیجتاً کاشتکاروں کو بھاری نقصانات کا سامنا کرنا پڑا: ریکارڈ فصل کے باعث انہیں گنا بہت کم قیمتوں پر فروخت کرنا پڑا۔

مل مالکان کے نکتہ نظر سے گنے کے اضافی ذخائر، ساتھ ہی عالمی منڈی میں چینی کی پست قیمتیں اور برآمدی کوٹہ باعثِ تشویش امور رہے۔ درحقیقت، گذشتہ چند برسوں سے چینی کی صنعت اضافی چینی پیدا کر رہی ہے، جس کے سبب اس کے ذخائر بڑھ گئے۔ گذشتہ دو برسوں سے ملک میں چینی کی اوسط پیداوار 7 ملین ٹن ہے، جو ملکی صرف سے 2 ملین ٹن زیادہ ہے۔ عالمی منڈی میں چینی کی پست قیمتوں کی وجہ سے زرِاعانت کے بغیر چینی برآمد کرنا ممکن نہیں تھا۔

ملک میں وفاقی اور صوبائی حکومتوں کی بھاری زرِاعانت کی مدد سے 2.0 ملین ٹن کے کوٹے میں سے 1.5 ملین ٹن چینی برآمد کی گئی۔ فی کلو چینی پر 10.7 روپے کے زرِاعانت کے باعث قومی خزانے پر 16.0 ارب روپے کا اضافی بوجھ پڑا۔ عالمی قیمتوں کے مطابق قیمتیں کم کرنے سے نا صرف مالیاتی دباؤ کم ہو گا بلکہ زرعی شعبے میں مؤثر اختصاص کی ترغیب دلانے کا باعث بھی بنے گا۔ گنے کی علامتی قیمتوں کے باعث پیدا ہونے والی عارضی نفع آوری نے دیگر فصلوں جیسے کپاس اور خوردنی تیل کو بری طرح متاثر کیا۔

سگریٹ

مالی سال 18ء میں سگریٹ کی صنعت میں بحالی دیکھی گئی۔ فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی کے تین سطحی ڈھانچے کے مثبت اثرات سامنے آئے کیونکہ اس کے سبب مالی سال 18ء میں صنعت کی نمو 72.0 فیصد رہی جبکہ گذشتہ برس اس کی پیداوار 35.8 فیصد کم ہو گئی تھی۔ سستی سگریٹ کے لیے ڈیوٹی کی تیسری سطح متعارف کیے جانے سے تمام ملکی سگریٹ سازوں کو سستے اور غیر قانونی غیر ملکی برانڈز کا مقابلہ کرنے میں مدد ملی۔ حکومت کی جانب سے جعلی سگریٹ سازوں، اسمگل شدہ اور ٹیکس چوری کے خلاف سخت کارروائی سے بھی صنعت کو مزید تقویت ملی۔ اس متبادل انتظام کا اثر سال کے دوران محسوس کیا گیا کیونکہ بڑے فریقوں کے مالی گوشواروں میں خاطر خواہ اضافہ ہوا۔


اگرچہ ان اقدامات کے بہتر نتائج سامنے آئے ہیں، تاہم معاشرے کی بہبودی لاگت کے حوالے سے یہ درست نہیں ہیں۔ سستی سگریٹ محاصل کی کمی کو تو کسی حد تک کم کر سکتی ہیں لیکن اس بات سے قطع نظر کہ رسد کا ذریعہ باضابطہ ہے یا بے ضابطہ کوشش یہ ہونی چاہیے کہ سگریٹ کے صرف میں کمی واقع ہو۔ غیر قانونی / اسمگلڈ سگریٹ کی تجارت کے خلاف کریک ڈاؤن جاری رہنا چاہیے تاکہ ملکی باضابطہ صنعت کو فائدہ ہو سکے، جبکہ تمام سطحوں کی سگریٹ پر ٹیکس کی شرحوں میں اضافہ کیا جا سکتا ہے تاکہ صحت کے نکتہ نظر سے سگریٹ کے مجموعی صرف کی حوصلہ شکنی کی جا سکے۔

**ٹیکسٹائل**

مالی سال 18ء کے دوران ٹیکسٹائل شعبہ محض 0.4 فیصد نمو حاصل کر سکا جبکہ گذشتہ برس اس شعبے کی نمو 0.8 فیصد رہی تھی۔ سوتی دھاگے اور سوتی کپڑے کی پیداوار سال کے دوران رکی رہی، بڑے پیمانے کی اشیا سازی میں اس کا 20 فیصد حصہ ہے، اور یہی عامل ٹیکسائل مصنوعات کی غیر تسلی بخش کارکردگی کا سبب بنا۔ اگرچہ کپاس کے علاوہ مصنوعات جیسے پٹ سن اور اونی مصنوعات میں تھوڑی سی نمو ضرور ہوئی تاہم بحیثیتِ مجموعی یہ نمو شعبے کی کارکردگی میں کوئی تبدیلی لانے سے قاصر رہی۔ کپاس کی پیداوار میں اضافے اور حکومت کی جانب سے برآمدی پیکج کے ذریعے ابتری کا شکار ٹیکسٹائل شعبے کی بحالی کی خاطر اضافی توجہ دیے جانے کے باوجود اس کی کارکردگی پست رہی۔

ایک طرف تو حکومت نے سیلز ٹیکس اور کسٹم ڈیوٹیوں میں مزید کمی کی جبکہ مالی سال 18ء کے دوران کارکردگی کی بنیاد پر مقررہ ڈیوٹی کی حد 10 فیصد سے گھٹا کر 5 فیصد کر کے مراعات میں تخفیف کر دی۔

**شکل 2.11: ٹیکسٹائل کی برآمدات**





حوصلہ افزا امر یہ ہے کہ مالی سال 18ء کے دوران ٹیکسٹائل مصنوعات کی برآمدات میں 8.6 فیصد نمو ہوئی۔ ٹیکسائل کی اشیاسازی میں تھوڑی سی نمو ہونے کے باوجود ایسا ہوا۔ اعداد و شمار میں اس فرق کو بنیادی طور پر بڑے پیمانے کی اشیاسازی میں ٹیکسٹائل مصنوعات کے پست حصے سے منسوب کیا جاتا ہے، جس میں دھاگہ اور کپڑے کے اجزا شامل ہیں۔ اگرچہ برآمدی اعداد و شمار اس قدر جامع ہیں کہ اس میں چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں میں تیار کیے جانے والے قدرِ اضافی اجزا جیسے ہوزری، نٹ ویئر، تولیے اور ریڈی میڈ ملبوسات وغیرہ بھی شامل ہیں۔ (**شکل 2.11**)۔

### کھادسازی

مالی سال 18ء میں کھاد کی پیداوار 9.9 فیصد کم ہوئی جبکہ گذشتہ برس اس میں 1.7 فیصد کی معتدل نمو ہوئی تھی۔ تفصیلی اعداد و شمار سے معلوم ہوتا ہے کہ پیداوار میں کمی چھوٹے کھاد سازوں کی جانب سے پیداواری سرگرمیاں معطل کرنے کی وجہ سے ہوئی جبکہ بڑی فرموں کی پیداوار پچھلے سال کی سطح پر ہی رہی۔ یہ امر بھی قابلِ غور ہے کہ کھاد سازی کے چھوٹے یونٹس کو ملکی گیس کی رسد دستیاب نہیں ہے جبکہ پلانٹس کو درآمدی آر ایل این جی پر چلانا اس لیے ناقابلِ عمل ہے کیونکہ اس کی لاگت خاصی بلند ہے۔

**شکل 2.12: کھادسازی کی صنعت میں استعداد کا استعمال**





قدرتی گیس سے چلنے والے زیادہ بجلی گھر فعال ہو جانے سے گیس کی رسد کو کھاد سازی کے چھوٹے یونٹس سے ان کی طرف منتقل کر دیا گیا۔ اس کے نتیجے میں مالی سال 18ء کے دوران چھوٹے کھاد سازیونٹس کی پیداواری استعداد 66.0 فیصد سے کم ہو کر صرف 7.0 فیصد رہ گئی، جبکہ بڑے کھاد سازوں پر اس کا اثر نہیں پڑا (**شکل 2.12**)۔ کھاد کی پیداوار کو متاثر کرنے والا ایک اور ممکنہ عامل مالی سال کے آغاز پر زرِ اعانت کے بارے میں غیر یقینی صورتِ حال تھی۔ اشیاسازوں کو زرِ اعانت کی ادائیگیوں کی وصولی میں تاخیر کا سامنا کرنا پڑا جبکہ زرِ اعانت کی ادائیگی کے طریقہ کار میں تبدیلی اور ٹیکس کی اطلاقی شرحوں نے بھی کھاد سازوں کے لیے ابہام پیدا کیا۔

مزید برآں کلیدی ایندھن یعنی کوئلے اور آر ایل این جی کی قیمتوں میں اضافے سے اجناس کی عالمی قیمتوں میں بھی بڑی حد تک اضافہ ہو گیا۔ مالی سال 18ء میں بلند طلب اور پست ملکی رسد کے باعث ایسی صورتِ حال پیدا ہو گئی کہ جس میں درآمدات ناگزیر ہو گئیں۔ مالی سال 18ء کے دوران ملک میں 37.0 فیصد زیادہ کھاد کی مصنوعات درآمد کی گئیں۔ بلند قیمت پر۔ تاکہ ملکی منڈی میں اس کی کمی کو پورا کیا جا سکے۔ یہ بات قابلِ ذکر ہے کہ یہ صنعت گذشتہ برس تک اضافی کھاد برآمد کر رہی تھی۔

## 2.4 خدمات

خدمات کے شعبے نے 6.4 فیصد نمو کے ساتھ کم و بیش اپنی پچھلے سال کی کارکردگی کو دہرایا، مالی سال 17ء میں اس کی نمو 6.5 فیصد رہی تھی (**شکل 2.13**)۔ اگرچہ اس شعبے نے خردہ اور تھوک تجارت اور عمومی سرکاری خدمات کے ذیلی شعبوں کی صحت مند کارکردگیوں سے فائدہ اٹھایا، تاہم، بیمہ و مالیات، ٹرانسپورٹ، ذخیرہ کاری و مواصلات اور دیگر نجی خدمات میں سال کے دوران کمی دیکھی گئی (**جدول 2.9**)۔

**شکل 2.13: شعبہ خدمات کی کارکردگی**




ذیلی شعبوں کے تفصیلی تجزیے سے معلوم ہوتا ہے کہ اجناس کے پیداواری زمرے کی مضبوط کارکردگی اور درآمدی حجم میں مسلسل اضافے کی بنا پر تھوک اور خردہ تجارت کی کارکردگی بھی اچھی رہی۔ اس کے نتیجے میں مالی سال 18ء کے دوران 7.5 فیصد کی متاثر کن نمو ہوئی، جو گذشتہ 12 برس میں بلند ترین شرح ہے۔

دریں اثنا، ٹرانسپورٹ، ذخیرہ و مواصلات کے ذیلی شعبوں میں اضافہ ء قدر گذشتہ برس کے 4.4 فیصد سے کم ہو کر مالی سال 18ء میں 3.6 فیصد رہ گیا۔ اس کی وجہ مواصلات کے شعبے کی دھیمی کارکردگی ہے، جس کا سبب گذشتہ برس کی بہ نسبت پی ٹی سی ایل کے نفع میں پست تر اضافہ ہے۔

تاہم مالی سال 18ء میں خام اضافۂ قدر میں 167.4 فیصد اضافے کے ساتھ پاکستان ریلویز کی کارکردگی زبردست رہی، جبکہ مالی سال 17ء کے دوران اس میں 74.6 فیصد تخفیف ہوئی تھی۔[25] تازہ ترین دستیاب معلومات کے مطابق مسافر اور مال برداری کے ٹریفک میں بہتری سے مالی سال 18ء کی پہلی ششماہی میں اس کی کمائی 26.7 فیصد بڑھ گئی (**جدول 2.10**)۔ آگے چل کر نمو کے اس رجحان کے جاری رہنے کا امکان ہے کیونکہ پاکستان ریلویز اپنے وژن 2026 کے دوسرے مرحلے پر عملدرآمد کر رہی ہے، جس کا مرکز نگاہ مالی استحکام اور خدمت کے معیار کی بہتری ہے۔ یہ ادارہ چین سے 205 دیگنز درآمد کرنے کی منصوبہ بندی کر رہا ہے جبکہ مقامی طور پر 595 یونٹس بنانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ جس کا مقصد ٹرانسپورٹ کے شعبے میں ریل گاڑی کے حصے کو وسعت دینا ہے۔

مالیات و بیمہ کے سلسلے میں کمرشل بینکوں کی جانب سے خام اضافہ ء قدر میں تخفیف نے اس ذیلی شعبے کی نمو کو کم کر کے 6.1 فیصد کر دیا—اس زمرے کا حصہ 82.5 فیصد ہے—حالانکہ گذشتہ برس کے دوران اس کی نمو 10.8 فیصد تھی (**جدول 2.11**)۔ بالخصوص امانتوں میں اضافے کی سست روی تشویشناک امر ہے۔ مالی سال 18ء کے دوران امانتوں کی نمو مالی سال 17ء کی 12.4 فیصد نمو سے کم ہو کر 8.8 فیصد رہ گئی، جبکہ 2012ء سے 2015ء کے دوران پانچ سالہ نمو اوسطاً 13.6 فیصد رہی تھی۔ امانتوں کی نمو میں اس سست روی کی بڑی وجہ ملک میں امانتوں کی نفع آوری کی نمو میں کمی آنا ہے۔ اس کی وجہ سے بین البینک قرض گیری بڑھ گئی تاکہ اثاثوں کے محاذ پر نمو سے

**جدول 2.9: شعبہ خدمات کی کارکردگی**

| | جی ڈی پی میں حصہ | نمو | | خدمات کی نمو میں حصہ | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | م س 17ء ن | م س 18ء ع | م س 17ء ن | م س 18ء ع |
| تھوک و خردہ تجارت | 19.0 | 7.5 | 7.5 | 35.7 | 36.4 |
| ٹرانسپورٹ، ذخیرہ کاری، مواصلات | 13.0 | 4.4 | 3.6 | 15.6 | 12.4 |
| مالیات اور بیمہ | 3.4 | 10.8 | 6.1 | 9.0 | 5.4 |
| مکاناتی خدمات | 6.5 | 4 | 4 | 7.0 | 6.9 |
| عمومی سرکاری خدمات | 7.9 | 5.9 | 11.4 | 11.6 | 22.3 |
| دیگر نجی خدمات | 10.4 | 8.0 | 6.1 | 21.0 | 16.5 |
| **خدمات** | **60.2** | **6.5** | **6.4** | **100.0** | **100** |

اعداد و شمار کا ماخذ: پاکستان دفتر شماریات

[25] ماخذ: پاکستان اقتصادی سروے 18-2017ء

مطابقت پیدا کی جاسکے۔ سال 17ء کی تیسری سہ ماہی کے دوران کم شرح سود کے ماحول، غیر سودی آمدنی میں تخفیف اور ایک بڑے بینک کی جانب اپنے غیر ملکی کاروبار کے لیے یکبارگی چکتائی کی وجہ سے بھی اس شعبے کی نفع آوری کو رکاوٹوں کا سامنا رہا۔

**جدول 2.10 : پاکستان ریلویز کی کارکردگی**

| | م س17ء کی پہلی ششماہی | م س18ء کی پہلی ششماہی | نمو (فیصد) |
|---|---|---|---|
| مسافروں کی تعداد | 26.6 | 27.9 | 4.9 |
| مسافت کلومیٹر میں | 12,132 | 12,785 | 5.4 |
| باربرداری (ملین ٹن) | 2.4 | 3.8 | 58.3 |
| باربرداری کی مسافت کلومیٹر میں | 2,160.1 | 3,501.3 | 62.1 |
| خام آمدنی | 1,8548.1 | 2,3505.5 | 26.7 |

اعداد و شمار کا ماخذ: وزارتِ ریلوے

دیگر نجی خدمات کے ذیلی شعبے کی نمو 6.1 فیصد رہی جبکہ مالی سال 17ء کے دوران اس میں 8.0 فیصد نمو ہوئی تھی۔ اس ذیلی شعبے میں ایک حوصلہ افزا پیش رفت کمپیوٹر سے متعلقہ سرگرمیوں (سی آر اے) کے زمرے کی برآمدات میں اضافہ ہونا ہے۔ مالی سال 18ء کے دوران پاکستان کی باضابطہ آئی سی ٹی برآمدات پہلی مرتبہ 1.0 ارب ڈالر کی حد عبور کر گئیں، جس میں ایک بڑا حصہ ملکی صنعت کی جانب سے بیرون ملک مشاورتی خدمات کی فراہمی میں اضافے کا ہے۔

مجموعی طور پر پاکستان کا شعبہ خدمات اب حقیقی جی ڈی پی میں حصے کے اعتبار سے 60 فیصد کی حد عبور کرچکا ہے۔ مزید برآں یہ شعبہ رفتہ رفتہ بڑے پیمانے پر اطلاعی ٹیکنالوجی (آئی ٹی) کو اختیار کررہا ہے، خردہ لین دین، تجارت اور گورننس کے شعبوں کی سرگرمیوں کی ڈجیٹائزیشن میں روز افزوں اضافے سے بھی یہ امر ظاہر ہوتا ہے۔ اگرچہ اس کے اثرات کا اظہار معیشت کے قومی کھاتوں سے نہیں ہوسکتا، تاہم ڈجیٹائزیشن سے اس شعبے کی کارکردگی بڑھانے میں مدد مل رہی ہے جبکہ مجموعی معیشت پر اس کے قابلِ ذکر اور مثبت اثرات مرتب ہورہے ہیں۔ اس نوخیز ماحولیاتی نظام کو پروان چڑھانے اور تقویت دینے کی خاطر مختلف حکومتی اور نجی کاوشیں اس رجحان کے لیے معاون ہیں۔ باب 7 کی خامہ فرسائی میں خدمات کے شعبے میں ابھرتے ہوئے رجحانات: جیسے ای کامرس، فن ٹیک اور ای گورنمنٹ کی نشاندہی کی گئی ہے۔

**جدول 2.11 : مالیات اور بیمہ**

| | م س18ء میں حصہ | نمو م س17ء | نمو م س18ء |
|---|---|---|---|
| مرکزی بینک | 1.9 | -11.9 | 3.6 |
| دیگر مالی وساطت | 86.9 | 10.7 | 8.8 |
| جدولی بینک | 82.5 | 9.5 | 7.2 |
| نان شیڈول بینک | 4.4 | 57.1 | 52.3 |
| دیگر مالی خدمات | 1.4 | 0.8 | 1.1 |
| بیمہ، نوبیمہ اور پنشن فنڈ | 3.7 | 6.2 | 2.1 |
| مالی خدمات سے منسلک سرگرمیاں | 6.1 | 24.8 | -19.0 |
| **مالیات اور بیمہ** | **100.0** | **10.8** | **6.1** |

اعداد و شمار کا ماخذ: پاکستان دفتر شماریات

# 3 زری پالیسی اور مہنگائی

## 3.1 پالیسی جائزہ

معیشت میں بڑھتے ہوئے عدم توازن کے ساتھ ہمت آزما امکانات کے باعث مالی سال 18ء کے دوران پاکستان کی زری پالیسی میں تبدیلی ہوتی رہی۔ پالیسی ریٹ کو تقریباً 20 مہینوں تک کسی تبدیلی کے بغیر تاریخی لحاظ سے کم ترین سطح پر رکھنے کے بعد زری پالیسی کمیٹی نے سال کے دوران اس میں مجموعی طور پر 75 بیسس پوائنٹس کا اضافہ کیا۔ دباؤ کا اہم سبب ملکی زرمبادلہ کے ذخائر کی موزونیت کی سطح (**جدول 3.1**) کے ساتھ ساتھ مہنگائی کی مستقبل کی سمت تھی۔ زیادہ اہم بات یہ ہے کہ جنوری 2018ء سے اسٹیٹ بینک کی پیشگوئیوں سے ظاہر ہوتا ہے کہ ملکی طلب کا دباؤ معاشی نمو کی وسط مدتی پائیداری کے لیے ممکنہ طور پر خطرات پیدا کر سکتا ہے جس کی عکاسی بڑھتی ہوئی درآمدات، جڑواں خساروں اور قوزی مہنگائی کی بلند سطح سے ہوتی ہے۔ دراصل مالی سال 19ء کے لیے عمومی مہنگائی کی پیش گوئی پاکستانی روپے کی قدر میں کمی اور تیل کی عالمی قیمتوں میں اضافے کے تاخیر سے مرتب ہونے والے اثرات کی منتقلی کے باعث اس کے 6.0 فیصد ہدف سے تجاوز کے زیادہ امکان کو ظاہر کرتی ہے۔


پالیسی میں تبدیلی کے وقت سے سال کے دوران خطرات کا بدلتا ہوا توازن ظاہر ہوتا ہے۔ مالی سال 18ء کی پہلی ششماہی کے دوران زری پالیسی کمیٹی کے تینوں اجلاسوں میں پالیسی ریٹ میں کوئی ردوبدل نہیں کیا گیا کیونکہ مہنگائی کم اور پیش گوئی ہدف کے مطابق تھی۔ اگرچہ اجناس کی عالمی قیمتوں کی بحالی شروع ہو چکی تھی اور طلب پر مبنی دباؤ نے غیر غذائی مہنگائی کو بڑھا دیا تھا لیکن غذائی مہنگائی میں تیزی سے کمی نے ان کے مشترکہ اثرات کو مکمل طور پر زائل کر دیا۔ یہ کمی اہم غذائی اجناس کی رسد میں بہتری اور سگریٹوں کے لیے سازگار ضوابطی ماحول کو ظاہر کرتی ہے۔ یہی رجحان پورے سال برقرار رہا ہے (**شکل 3.1**)۔ اس سے قطع نظر متعدد اجزا پر ضوابطی ڈیوٹیوں کے نفاذ اور پیٹرول اور دیگر ایندھنوں کی ملکی قیمتوں کی وجہ سے مہنگائی کی توقعات بڑھ گئیں (جس کی نشاندہی آئی بی اے ایس بی پی اعتمادِ صارف سروے سے ہوتی ہے)۔ جہاں تک بیرونی شعبے کا تعلق ہے اگرچہ سال کی پہلی ششماہی کے رجحانات اطمینان بخش نہیں تھے تاہم حکومت کی جانب سے عالمی سرمایہ منڈی سے رقوم جمع کرنے کے منصوبے سے امکانات کو کچھ تقویت حاصل ہوئی۔

**جدول 3.1: اہم پالیسی اظہاریے**

| | م س16ء | م س17ء | م س18ء | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | سہ 1 | سہ 2 | سہ 3 | سہ 4 |
| درآمدات (ارب امریکی ڈالر) | 44.7 | 52.9 | 14.3 | 14.6 | 15.6 | 16.6 |
| جاری کھاتہ / جی ڈی پی (فیصد) | -1.7 | -4.1 | -1.1 | -1.4 | -1.4 | -1.9 |
| مالیاتی توازن / جی ڈی پی (فیصد) | -4.6 | -5.8 | -1.3 | -1.0 | -2.0 | -2.3 |
| درآمدات کی کوریج (مہینے) | 5.8 | 4.0 | 3.2 | 3.2 | 2.6 | 2.1 |
| صارف اشاریہ قیمت مہنگائی (فیصد، مدتی اوسط) | 2.9 | 4.2 | 3.4 | 4.1 | 3.8 | 4.4 |
| قوزی مہنگائی (فیصد، مدتی اوسط) | 4.2 | 5.2 | 5.5 | 5.4 | 5.4 | 7.0 |
| پاکستانی روپیہ / امریکی ڈالر (مدتی اوسط) | 104.8 | 104.8 | 105.4 | 106.6 | 111.1 | 116.8 |

ڈیٹا کا ماخذ: پاکستان دفتر شماریات، بینک دولت پاکستان، وزارت خزانہ

**شکل 3.1 : عمومی صارف اشاریہ قیمت مہنگائی کے اجزائے ترکیبی**




Data source: Pakistan Bureau of Statistics and Planning Commission of Pakistan


تاہم جنوری 2018ء میں زری پالیسی کمیٹی کے اجلاس کے انعقاد تک امکانات اور پالیسی کی مساوات مکمل طور پر بدل گئی تھی۔ خاص طور پر چار عوامل نے شرح سود بڑھانے کے فیصلے میں اہم کردار ادا کیا: (i) دسمبر 2017ء میں پاکستانی روپے کی قدر میں 4.4 فیصد کمی ہوئی اور توقع تھی کہ اس کا عمومی مہنگائی پر تاخیر سے اثر

پڑے گا، (ii) تیل کی عالمی قیمتوں میں بتدریج اضافہ، (iii) پاکستانی روپے اور بقیہ دنیا کے درمیان شرح سود کا کم ہوتا ہوا فرق[1] اور (iv) پیداواری فرق کے تخمینوں کا مثبت سطح کے قریب رہنا۔ چنانچہ زری پالیسی کمیٹی نے اپنے جنوری 2018ء کے اجلاس میں پالیسی ریٹ میں 25 بیسس پوائنٹس اضافے کا فیصلہ کیا۔

اگلے جائزے میں پالیسی ریٹ میں کوئی ردوبدل نہیں کیا گیا تاکہ پالیسی میں پیش رفت کے اثرات ظاہر ہونے کے لیے وقت دیا جاسکے۔ تاہم جب زری پالیسی کمیٹی کا اجلاس دوبارہ منعقد (مئی 2018ء میں) ہوا تو جڑواں خسارے معیشت کی پریشان کن تصویر پیش کر رہے تھے۔ اوّل، مالی رقوم کی محدود آمد کے ساتھ تیل کی عالمی قیمتوں میں تیزی سے اضافے نے برآمدات کے بڑھنے اور نان آئل درآمدات کی سست رفتاری کا اثر بڑی حد تک زائل کر دیا۔ دوم، توقع سے زیادہ مالیاتی توسیع طلب کا دباؤ کم کرنے کے لیے مرکزی بینک کی پالیسی کے برعکس تھی۔ اس کے نتیجے میں زری پالیسی کمیٹی کے اراکین کی اکثریت نے پالیسی ریٹ میں 50 بیسس پوائنٹس اضافے کے حق میں ووٹ دیا۔


زیادہ اہم بات یہ ہے کہ مالی سال 18ء کی دوسری ششماہی میں مجموعی طور پر 75 بی پی ایس کے اضافے کا بہ وزن اوسط شرحِ قرض گاری پر کوئی خاص اثر نہیں پڑا، جس میں اس مدت کے دوران صرف 39 بی پی ایس کا اضافہ ہوا (**شکل 3.2 الف**)۔ منتقلی میں روایتی تاخیر کے علاوہ بہ وزن اوسط شرحِ قرض گاری میں معتدل اضافہ بھی بین البینک منڈی میں ایک ایسے وقت میں سیالیت کی دستیابی کو ظاہر کرتا ہے جب بینکوں میں مالی لحاظ سے مستحکم منصوبوں کے حصول کی مسابقت موجود ہے۔ البتہ نجی بینکوں کی بہ وزن اوسط شرحِ قرض گاری اور ان کی جانب سے قرضوں میں اضافے کے درمیان منفی ربط دیکھنے میں آیا ہے (**شکل 3.2 ب**)۔ یہاں اس بات کا اعادہ اہم ہے کہ کم اور مستحکم بہ وزن اوسط شرحِ قرض گاری نے مالی سال 18ء میں ملک کی حقیقی جی ڈی پی میں نمو کی 13 برسوں کی بلند سطح 5.8 فیصد کے حصول میں اہم کردار ادا کیا ہے، کیونکہ صنعتوں نے اپنے اخراجات کی مالکاری کے لیے بینکوں کے قرضوں پر زیادہ انحصار کیا۔ یہ بات نجی شعبے کے قرضوں اور جی ڈی پی کے تناسب کی 8 برسوں کی بلند سطح سے بھی ظاہر ہوتی ہے (**شکل 3.3**)۔

**شکل 3.2 الف: اہم شرح ہائے سود کا رجحان**




Data source: State Bank of Pakistan

**شکل 3.2 ب: م س 18ء: نجی بینکوں کے نجی شعبے کو قرضوں میں نمو اور بہ وزن اوسط شرح قرض گاری**




* Dots represent individual scheduled banks


Data source: State Bank of Pakistan

خصوصاً بیشتر شعبوں میں جاری سرمائے کے قرضوں میں تیزی نمایاں تھی جن میں ٹیکسٹائلز، سیمنٹ، برقی مشینری، لوہا اور فولاد، خوردنی تیل اور گھی، بنیادی کیمیکلز اور چاول کے پروسیسرز شامل ہیں (**سیکشن 3.3**)۔ کم شرح سود کے علاوہ اس نمو کو پیداواری گنجائش میں اضافے، صنعتی سرگرمیوں میں تیزی اور خام مال کی قیمتوں سے بھی منسوب کیا جاسکتا ہے جن میں مالی سال 18ء میں گذشتہ برس کے مقابلے میں سست رفتاری سے لیکن اضافہ ہوتا رہا۔ تاہم معین سرمایہ کاری قرضوں میں اضافہ گذشتہ برس کے

[1] 2017ء کے آخر میں متعدد ابھرتی ہوئی اور ترقی یافتہ معیشتوں نے اپنی شرح سود میں اضافہ کیا۔ خاص طور پر امریکی مرکزی بینک فیڈرل ریزرو اور بینک آف انگلینڈ نے اپنی شرح سود میں بالترتیب 75 اور 25 بیسس پوائنٹس کا اضافہ کیا۔ ریزرو بینک آف انڈیا نے بھی اپنے جون اور اگست 2018ء میں اپنی زری پالیسی کے گذشتہ دونوں جائزوں میں اپنی شرح سود میں 25، 25 بیسس پوائنٹس کا اضافہ کیا۔

مقابلے میں کم رہا۔ تفصیلی اعداد و شمار سے پتہ چلتا ہے کہ اس کی سست رفتاری میں کھاد کے شعبے نے اہم کردار ادا کیا کیونکہ پہلے حاصل کیے گئے قرضوں کی واپسی کا وقت ہو گیا تھا۔ اس کے مقابلے میں اشیا سازی کے اہم شعبوں (بشمول ٹیکسٹائل، سیمنٹ، خوردنی تیل اور گھی اور گھریلو آلات) کے معین سرمایہ کاری قرضوں میں اضافہ ہوتا رہا۔ برآمدی نوعیت کے شعبوں کے لیے اسٹیٹ بینک کی زراعانت یافتہ اسکیموں نے بھی ٹیکسٹائل جیسے کچھ شعبوں میں سرمایہ جاتی اخراجات کی سرگرمیوں کی حوصلہ افزائی میں اہم کردار ادا کیا۔ بجلی کے شعبے میں اگرچہ مالی سال 18ء کی پہلی ششماہی کے دوران معین سرمایہ کاری کمزور رہی تاہم دوسری ششماہی میں اس میں کچھ تیزی دیکھی گئی کیونکہ فرموں نے بجلی کے نئے منصوبوں پر پابندی کے نفاذ کے باعث منصوبوں کی بندش (project closures) کے عمل میں تیزی لانے کی کوشش کی تھی۔

**شکل 3.3: نجی شعبے کے قرضے**




Data source: State Bank of Pakistan and Pakistan Bureau of Statistics

رسد کے لحاظ سے بینکوں کے پاس نجی شعبے کی طلب پوری کرنے کے لیے خاصی سیالیت موجود ہے۔ سیالیت میں بہتری کو بازارِ زر کے سودوں کے ذریعے بین البینک منڈی میں اسٹیٹ بینک کی جانب سے سیالیت کے مؤثر انتظام سے منسوب کیا جاسکتا ہے، جن کا مقصد شبینہ نرخوں کو پالیسی ریٹ کے قریب رکھنا تھا۔ مالی سال 18ء میں بازارِ زر کے سودوں سے بعض اوقات پیدا ہونے والے سیالیت کے دباؤ کو کم کرنے میں مدد ملی، جو ان عوامل کا نتیجہ تھے: (i) سال کی بیشتر مدت (4 میں سے 3 سہ ماہیوں میں۔ **جدول 3.2**) میں بینکوں سے میزانی قرض گیری، (ii) زرمبادلہ کے آپریشنز اور (iii) امانتوں کی نمو میں سست رفتاری۔ بازارِ زر کے سودوں کے ذریعے سیالیت میں اسٹیٹ بینک کی اعانت خاص طور پر پہلی ششماہی میں مضبوط رہی جب نجی شعبے کی جانب سے موسمی قرض گیری عروج پر تھی اور امانتوں کی نمو گذشتہ برس کے مقابلے میں تقریباً نصف ہو چکی تھی (**باکس 3.1**)۔ بعد ازاں تیسری سہ ماہی میں بین البینک منڈی میں سیالیت کی پوزیشن بہتر ہو گئی جبکہ اس کے ساتھ بھاری مقدار میں ٹی بلز اور پی آئی بیز کی عرصیتیں مکمل ہو گئیں تاہم کمرشل بینکوں نے ان کے اجرائے ثانی میں دلچسپی نہیں لی اور حکومت کو اسٹیٹ بینک سے 2.2 ٹریلین روپے کا قرضہ لینا پڑا۔ سیالیت کی اطمینان بخش صورت حال مالی سال 17ء کے مقابلے میں مالی سال 18ء کے دوران کمرشل بینکوں کی اسٹیٹ بینک کی معکوس ریپو سہولت کے کم قرضوں سے بھی ظاہر ہوتی ہے۔

نجی شعبے کے قرضوں میں مجموعی نمو کے زری توسیع پر اثر کو سرکاری شعبے کے قرضوں میں بلند اضافے سے بھی تقویت ملی۔ نہ صرف میزانی قرضے تیزی سے بڑھتے رہے بلکہ سرکاری شعبے کی ایجنسیوں نے خاص طور پر اجناس کی کارروائیوں کے لیے بھاری قرضہ حاصل کیا۔ نتیجتاً مالی سال 18ء میں مجموعی خالص ملکی اثاثوں میں 15.9 فیصد نمو ہوئی۔ تاہم ملک کے خالص بیرونی اثاثوں میں نمایاں کمی نے اس کا اثر جزوی طور پر زائل کر دیا، جو بیرونی کھاتے کے بڑھتے ہوئے خسارے کو ظاہر کر رہا تھا۔ زر کی رسد میں مجموعی طور پر 9.7 فیصد نمو ہوئی جو گذشتہ برس ہونے والی 13.7 فیصد نمو سے کم ہے۔

**جدول 3.2: جدولی بینکوں سے میزانی قرض گیری**

ارب روپے

| | م س17ء | م س18ء |
|---|---|---|
| پہلی سہ ماہی | -260.2 | 168.7 |
| دوسری سہ ماہی | -210.3 | 147.2 |
| تیسری سہ ماہی | 373.0 | -1706.8 |
| چوتھی سہ ماہی | 276.9 | 1238.5 |


ڈیٹا کا ماخذ: بینک دولت پاکستان

اس سست رفتاری کے باوجود جی ڈی پی کے فیصد کے لحاظ سے مجموعی ایم ٹو میں اضافہ جاری رہا اور یہ مالی سال 08ء کی سابقہ بلند سطح سے تجاوز کر کے مالی سال 18ء میں 46.5 فیصد تک پہنچ گیا۔ گذشتہ چند برسوں کے دوران اس تناسب میں مسلسل اضافہ معیشت میں ملکی طلب کے دباؤ کو بڑھاتا رہا ہے۔ اگرچہ توقع ہے کہ زری سختی کے حالیہ اقدامات سے اس دباؤ کو کم کرنے میں کسی حد تک مدد ملے گی[2] تاہم پالیسی میں اس تبدیلی کی اثر انگیزی کا دارومدار مالیاتی نظم و ضبط برقرار رکھنے کی مربوط کوششوں پر

[2] مالی سال 18ء میں پالیسی ریٹ میں 75 بی پی ایس اضافے کے بعد زری پالیسی کمیٹی نے جولائی 2018ء میں مزید 100 بی پی ایس اضافے کا اعلان کیا۔

ہے۔ خصوصاً، ایم ٹو کے اجزائے ترکیبی سے ظاہر ہوتا ہے کہ بیشتر اضافہ سرکاری قرضوں کی وجہ سے ہوا ہے کیونکہ نجی شعبے کے قرضوں کا حصہ خاصا معتدل رہا ہے (**شکل 3.4**)۔ یہ اس خطرے کو ظاہر کرتا ہے کہ مضبوط اور مستقل مالیاتی توسیع کا ضارب اثر ملکی طلب پر زری سختی کے تخفیفی اثر کو ممکنہ طور پر زائل کر سکتا ہے۔

**شکل 3.4: زر کی رسد اور اس کے اہم اجزا**




* Includes budgetary borrowings, PSE credit and loans taken to conduct commodity operations
Data source: State Bank of Pakistan

زری پالیسی کی اثر انگیزی کے لیے ایک اہم چیلنج بننے کے علاوہ مالیاتی مشکلات، بینکاری شعبے کی ترقی اور مالی خدمات کی گہرائی کے حوالے سے بھی موافق نہیں ہیں۔ پاکستان میں قرضوں اور ڈپازٹ کا تناسب نچلی سطح پر ہے کیونکہ عام طور پر بینک حکومتی وثیقہ جات میں بھاری سرمایہ کاری کرتے ہیں۔ اگرچہ گذشتہ دو برسوں کے دوران اس تناسب میں بہتری آئی ہے اور مالی سال 18ء میں یہ 53.1 فیصد تک پہنچ گیا ہے، پھر بھی ایشیا بحر الکاہل خطے کے 73.9 فیصد کے مقابلے میں کم ہے۔ اس سے پتہ چلتا ہے کہ جب تک فنڈنگ کے لیے حکومت کی طلب موجود ہے، اس وقت تک بینک اپنی رقوم کا بڑا حصہ نجی شعبے خصوصاً پسماندہ طبقات کے لیے وقف نہیں کریں گے۔ مثال کے طور پر ایس ایم ای کے شعبے کو لیجیے۔ مالی سال 18ء کے دوران ایس ایم ایز کی جانب سے قرضوں کے استعمال کی سطح گذشتہ برس کے مقابلے میں کمزور رہی کیونکہ بینکوں نے بڑے کارپوریٹ اداروں میں اپنے انکشاف کو مزید بڑھا دیا تھا (**جدول 3.3**)۔ بینکوں کی مجموعی قرض گاری میں نہ صرف ایس ایم ایز کا حصہ کم ہوا بلکہ ایس ایم ای قرض لینے والے افراد کی تعداد میں بھی کمی آگئی ہے۔ اگرچہ نجی شعبے کے قرضوں میں گذشتہ تین برسوں میں ہونے والا اضافہ قابل تعریف ہے تاہم بینکوں کی جانب سے مختص رقوم کا کچھ بین شعبہ جاتی تبادلہ بھی دیکھنے میں آیا ہے۔ بہ الفاظ دیگر کارپوریٹ قرضوں میں اضافہ ایس ایم ای قرضوں میں کمی کا سبب بنا ہے۔

**جدول 3.3: ایس ایم ای مالکاری کے اہم اظہاریے**

| | جون16ء | جون17ء | جون |
|---|---|---|---|
| ایس ایم ای فنانس (سالانہ بہاؤ، ارب روپے) | 30.7 | 78.5 | 33.7 |
| مجموعی قرضوں میں ایس ایم ایز کا حصہ (فیصد) | 5.4 | 5.9 | 5.4 |
| ایس ایم ای قرض گیر (تعداد) | 165,238 | 177,342 | 169,7 |
| ایس ایم ایز کے خالص غیر فعال قرضوں اور قرضے کا تناسب (فیصد) | 26.5 | 20.5 | 17.8 |

ڈیٹا کا ماخذ: بینک دولت پاکستان

اسٹیٹ بینک اس صورت حال سے نمٹنے کے لیے بینکوں کے قرضوں کی مختلف شعبوں میں زیادہ متوازن تقسیم یقینی بنانے کے اقدامات کر رہا ہے۔ مالی سال 18ء میں اسٹیٹ بینک نے ایس ایم ای فنانس کو فروغ دینے کا ایک جامع روڈمیپ پیش کیا۔ یہ روڈمیپ 9 اہم ستونوں پر مشتمل ہے جن میں ضوابطی فریم ورک بہتر بنانا، مائیکروفنانس بینکوں کے حجم میں اضافہ کرنا اور ایس ایم ای مالکاری کے طریقوں کو آسان بنانا شامل ہیں۔ اسی طرح، اسٹیٹ بینک نے کم لاگت مکاناتی مالکاری کو فروغ دینے کے فریم ورک کا مسودہ بھی تیار کیا ہے (**باکس 3.2**)۔ توقع ہے کہ ایسے اقدامات سے پاکستان میں قرضوں کی گہرائی اور ان تک رسائی میں خاصی بہتری آئے گی۔ پھر بھی مالیاتی پالیسی کو زری پالیسی کی اثر انگیزی یقینی بنانے کے ساتھ ساتھ مالی شمولیت کے حصول کے وسیع تر مقصد سے ہم آہنگ کرنا بھی بے حد ضروری ہے۔ طلب کے دباؤ کو کم کرنا زیادہ اہم ہوتا جا رہا ہے کیونکہ وسط مدت میں مہنگائی پر لاگت کا دباؤ مزید مضبوط ہونے کی توقع ہے۔ جولائی 2018ء کے اعتماد صارف سروے کے مطابق بظاہر مہنگائی کی توقعات ابھی تک بلند ہیں جنہیں مد نظر رکھنا اہم ہے۔ لہٰذا اسٹیٹ بینک زری پالیسی کمیٹی کو معیشت کو لاحق ابھرتے ہوئے خطرات سے آگاہ کرتا رہے گا تاکہ موزوں زری پالیسی موقف اختیار کرنے کو یقینی بنایا جا سکے۔

**باکس 3.1: امانتیں جمع کرنے کی رفتار کیوں کم ہے؟**

امانتوں کی نمو مالی سال 18ء میں کم ہو کر 8.8 فیصد ہو گئی جو ایک سال قبل 12.4 فیصد تھی۔ تاہم، واضح رہے کہ مالی سال 18ء کے دوران امانتوں میں 44.8 فیصد اضافہ صرف جون میں ہوا ہے اور اس مہینے کی امانتوں کو منہا کر دیا جائے تو امانتوں کی نمو میں سست رفتاری کہیں زیادہ ہو جاتی ہے (**دیکھیے شکل 3.1.1**)۔ اس کا ایک عام سبب شرح سود کا بہت کم سطح پر ہونا ہے، جس سے امانت گزاروں کی جانب سے بینکوں میں رقوم رکھنے کی حوصلہ شکنی ہوئی ہے۔ مزید برآں، چونکہ ایم ٹو کی مجموعی نمو کی رفتار سست رفتار ہو چکی ہے لہٰذا امانتوں میں کمی حقیقت پسندانہ معلوم ہوتی ہے۔

تاہم موافق زری پالیسی کے سابقہ ادوار میں بینک امانتوں کی نمو مستحکم رہی تھی۔ زیادہ اہم بات یہ ہے کہ آخر جون 2018ء پر امانتوں اور ایم ٹو کا تناسب نوے کی دہائی کے اوائل میں اصلاحات کے آغاز کے بعد سے دیکھی جانے والی کم ترین سطحوں میں سے ایک ہے (**شکل 3.1.2**)۔ اس سے نشاندہی ہوتی ہے کہ عوام اور کاروباری اداروں کے لیے نیا تخلیق ہونے والا زر بینکاری نظام میں دوبارہ داخل نہیں ہو رہا ہے۔ اس کے بعض نقصانات ہیں جن میں معاشی ترقی پر منفی اثرات اور بینکوں کے پاس مالی وساطت کی خدمت انجام دینے کے لیے سیالیت میں کمی شامل ہیں۔

کاروباری ادارے زیادہ متاثر ہوئے

مالی سال 12ء تا مالی سال 15ء کے دوران مرکب سالانہ شرحِ نمو کے لحاظ سے بینکاری نظام کی امانتوں (حکومتی امانتوں سمیت) میں 13.7 فیصد نمو ہوئی، بعد ازاں مالی سال 15ء تا مالی سال 18ء میں مرکب سالانہ شرحِ نمو گر کر 11.4 فیصد پر آ گئی (**دیکھیے جدول 3.1.1**)۔ اپنا کاروبار (یعنی چھوٹے کاروباری ادارے) اور 'دیگر ذاتی' امانتوں (علاوہ تنخواہ دار افراد) کا امانتوں میں حصہ سب سے زیادہ (جون 2018ء تک 36.3 فیصد) ہے اور مالی سال 12ء تا مالی سال 15ء کے مقابلے میں مالی سال 15ء تا 18ء میں ایسی امانتوں میں نمو کم ہو کر تقریباً نصف رہ گئی ہے۔ مجموعی امانتوں میں پچیس فیصد حصے کے ساتھ اشیا سازی، ریئل اسٹیٹ، کامرس اور تجارتی فرموں کی جانب سے امانتیں رکھنے کا رجحان بھی کمزور رہا ہے۔


ودہولڈنگ ٹیکس بدستور نقصان پہنچا رہا ہے

دو برس قبل امانتوں اور ایم ٹو کے رجحان میں تبدیلی کا بنیادی سبب نان فائلرز کے لیے غیر نقد بینکاری لین دین (50,000 روپے سے زائد) پر ودہولڈنگ ٹیکس کا نفاذ تھا، جس پر عملدرآمد جولائی 2015ء سے شروع ہو گیا تھا (**تفصیلات کے لیے دیکھیے اسٹیٹ بینک کی سالانہ رپورٹ برائے 2017ء کا خصوصی سیکشن 1**)۔ اگرچہ عام طور پر یہ سمجھا جاتا ہے کہ مالی سال 17ء اور مالی سال 18ء میں بینک امانتوں میں بحالی آئی ہے لیکن اعداد و شمار مختلف تصویر پیش کرتے ہیں۔ مالی سال 17ء اور مالی سال 18ء میں امانتوں اور ایم ٹو کے تناسب میں کمی کا رجحان جاری رہا ہے، جس سے نشاندہی ہوتی ہے کہ ودہولڈنگ ٹیکس کے اثرات ابھی تک بینکاری نظام میں نقد رقوم کی واپسی میں رکاوٹ بن رہے ہیں۔

بینکوں کی نفع بخش امانتوں سے گریز کی حکمت عملی

حالیہ برسوں میں بینکوں کی جانب سے نجی شعبے خصوصاً نفع بخش امانتیں جمع کرنے کی مؤثر کوششیں نہیں کی گئیں۔ اس رویے کا سراغ امانتوں کے نرخوں پر حد کے نفاذ سے لگایا جا سکتا ہے جو بینکوں

**شکل 3.1.1: امانتوں میں مجموعی ماہانہ اضافہ**




Data source: State Bank of Pakistan


**جدول 3.1.1: امانتوں میں شعبہ وار نمو**

فیصد

| | جون 18ء میں | مرکب اوسط شرح سود | |
|---|---|---|---|
| | | مالی سال 12ء تا 15ء | مالی سال 15ء تا 18ء |
| | حصہ | | |
| کل | 100.0 | 13.7 | 11.4 |
| جس میں: | | | |
| I۔ حکومت | 14.5 | 14.0 | 22.9 |
| II۔ غیر مالی پی ایس ایز | 6.1 | 4.4 | 16.8 |
| III۔ غیر بینک مالی ادارے | 3.2 | 16.9 | 28.5 |
| IV۔ نجی شعبے کا کاروبار | 23.6 | 15.0 | 5.9 |
| V۔ ذاتی | 47.8 | 15.2 | 9.3 |
| الف۔ تنخواہ دار افراد | 11.5 | 17.8 | 14.2 |
| ب۔ ذاتی روزگار | 21.9 | 14.3 | 7.8 |
| ج۔ دیگر ذاتی | 14.4 | 14.9 | 8.2 |
| VI۔ دیگر | 0.5 | 1.5 | -2.6 |

ڈیٹا کا ماخذ: بینک دولت پاکستان


**شکل 3.1.2: بینک امانتوں کا رجحان**




Data source: State Bank of Bakistan

کی جانب سے اپنے سودی اخراجات میں کٹوتی کی صلاحیت کو محدود کر دیتی ہے۔ منقولی شواہد سے پتہ چلتا ہے کہ بینکاروں کی جانب سے نئے صارفین کی حوصلہ افزائی کی جاتی رہی ہے کہ وہ معین یا میعادی امانتوں کے بجائے جاری یا بچت کھاتے کھولیں۔ منتخب بینکوں کے اثاثوں اور واجبات کے گوشواروں کے جائزے سے بھی ظاہر ہوتا ہے کہ سودی اخراجات میں کمی کے لیے بینکوں کی جانب سے امانتوں کے جزدانوں کی مطابقت ایک معمول کی حکمت عملی ہے۔ دراصل کئی بینکوں نے اپنے سہ ماہی اور سالانہ گوشواروں میں "مقداری کمی"، "کانٹ چھانٹ" کو زیادہ ظاہر کیا ہے یا اپنی بلند لاگت امانتوں کو دوبارہ ترتیب دیا ہے۔ بظاہر بینکوں میں خود کو منافع بخش رکھنے کی توقع میں کم لاگت جاری اور بچت کھاتے کی امانتیں جمع کرنے کا رجحان عام ہے۔ اس لیے، یہ امر حیران کن نہیں ہے کہ میعادی امانتوں (21.0 فیصد حصہ) پر اس کا شدید ترین اثر پڑا ہے (**شکل 3.1.3**)۔

**شکل 3.1.3: امانتوں میں زمرہ وار سالانہ نمو**




Data source: State Bank of Pakistan


بینک سیالیت کے متبادل ذرائع کی دستیابی

حالیہ برسوں میں بینکوں کی امانتیں جمع کرنے کی کوششوں کو متاثر کرنے کا ایک اور اہم سبب سیالیت کی وافر دستیابی ہے۔ اوّل، اسٹیٹ بینک کی جانب سے بازار زر کے سودوں کے ادخالات (شبینہ نرخوں کو ٹارگٹ ریٹ کے قریب رکھنے کے لیے) بینکوں کے اپنی سیالیت کی ضروریات پوری کرنے میں خاصے معاون ثابت ہوئے ہیں۔ گذشتہ تین برسوں کے دوران بازار زر کے سودوں کے ادخالات کا اوسط حجم بینکوں کی امانتوں کی بنیاد میں اضافے جتنا ہی رہا ہے (**شکل 3.1.4**)۔

اسی طرح، زراعانت یافتہ مارک اپ کی وجہ سے قرض گیروں کو متوجہ کرنے والی اسٹیٹ بینک کی نومالکاری اسکیمیں خاص طور پر طویل مدتی فنڈنگ کے حوالے سے کمرشل بینکوں کی سیالیت کا اہم ذریعہ رہی ہیں۔ گذشتہ تین برسوں میں بینکوں نے اپنے مجموعی کاروباری قرضوں میں سے تقریباً 12 فیصد اسٹیٹ بینک سے نومالکاری کی مد میں حاصل کیا ہے۔

آخر میں سرکاری شعبے کی امانتیں (حکومتی اور سرکاری شعبے کی انٹرپرائزز دونوں کی) بینکوں کی سیالیت کا ایک اہم ذریعہ ثابت ہوئی ہیں۔ گذشتہ تین برسوں کے دوران ان امانتوں کا بینک امانتوں میں ہونے والے مجموعی اضافے میں حصہ اوسطاً 30 فیصد رہا ہے۔ امانتوں کے واجب الادا ذخیرے میں آخر مالی سال 18ء تک سرکاری شعبے کا حصہ 20 فیصد تک پہنچ گیا ہے جو تین سال پہلے کے 16 فیصد سے زیادہ ہے۔ بینک اپنی آپریشنل امانتوں کی ضروریات پوری کرنے کے لیے ان امانتوں پر زیادہ انحصار کر رہے ہیں۔

**شکل 3.1.4: بینک فنڈنگ اور قرضے کی طلب کے اہم ذرائع**




* including demand from scheduled banks only, such as budgetary borrowings; credit to private sector, PSEs, and for commodity operations

Data source: State Bank of Pakistan

**بچت کنندگان کی جانب سے اپنی رقوم کو بینکوں میں رکھوانے کی حوصلہ افزائی کے لیے اقدامات کیے جانے چاہئیں۔** اسٹیٹ بینک اس حوالے سے بینکوں کو بار بار ہدایات جاری کر چکا ہے کہ وہ امانتیں جمع کرنے کی اپنی کوششوں میں تیزی لائیں اور اس مقصد سے امانتوں کی شرح پر حد بھی عائد کی جا چکی ہے لیکن ٹیکسوں کے نظام پر نظر ثانی بے حد اہمیت کی حامل ہو چکی ہے۔ غیر نقد لین دین پر ود ہولڈنگ ٹیکس ہٹانا خاص طور پر مددگار ثابت ہوگا۔ توقع ہے کہ زری پالیسی کی تبدیلی کے ساتھ بین البینک منڈی میں سیالیت کے تحرکات بدل سکتے ہیں، جس سے بینکوں کو امانتوں کی بنیاد وسیع کرنے پر توجہ دینے کی ترغیب مل سکتی ہے۔

## 3.2 زری مجموعے

مالی سال 18ء کے دوران زرِ وسیع (ایم ٹو) کی نمو میں گذشتہ برس کے مقابلے میں سست روی دیکھی گئی (**جدول 3.4**)، جس کا اہم سبب اسٹیٹ بینک کے خالص بیرونی اثاثوں میں خاصی کمی ہے۔ مزید برآں، خالص ملکی اثاثوں کی نمو بھی گذشتہ برس کے مقابلے میں کم تھی۔

## خالص بیرونی اثاثے

بیرونی شعبے پر بڑھتے ہوئے دباؤ کے ساتھ مالی سال 2000ء کے بعد پہلی مرتبہ بینکاری نظام کے خالص بیرونی اثاثے (اسٹاک) منفی ہو گئے ۔ زیادہ اثرات اسٹیٹ بینک کے خالص بیرونی اثاثوں نے مرتب کیے جن میں مالی سال 18ء کے دوران 817.3 ارب روپے کی کمی واقع ہوئی (**شکل 3.5**)۔ اسی طرح مالی سال 18ء میں زر بنیاد میں ہونے والی کم سال بسال نمو میں بھی مرکزی بینک سے میزانی قرض گیری کی بلند سطح کے باوجود اسٹیٹ بینک کے خالص بیرونی اثاثوں میں بتدریج کمی نے اہم کردار ادا کیا۔ جہاں تک کمرشل بینکوں کا تعلق ہے تو ان کے خالص بیرونی اثاثوں کا حجم پہلے ہی مالی سال 16ء میں منفی ہو چکا ہے کیونکہ بینکوں نے بین البینک منڈی میں زرمبادلہ کی بڑھتی ہوئی ضروریات کے لیے بیرونی قرض گیری سے زیادہ رجوع کیا تھا۔

**جدول 3.4: زری مجموعے[ع]**

ارب روپے

| | اسٹاکس میں مطلق تبدیلی | | شرحِ نمو فیصد میں | |
|---|---|---|---|---|
| | م س17ء | م س18ء | م س17ء | م س18ء |
| **ایم ٹو (الف+ب)** | 1,756.0 | 1,416.3 | 13.7 | 9.7 |
| **الف۔ خالص بیرونی اثاثے** | -405.5 | -811.3 | -40.2 | -134.8* |
| **ب۔ خالص ملکی اثاثے** | 2,161.6 | 2,227.6 | 18.3 | 15.9 |
| حکومتی قرض گیری | 1,136.1 | 1,243.7 | 14.5 | 13.9 |
| میزانی قرض گیری | 1,087.3 | 1,110.5 | 15.1 | 13.4 |
| اسٹیٹ بینک | 907.9 | 1,262.9 | 62.9 | 53.7 |
| جدولی بینک | 179.4 | -152.4 | 3.1 | -2.6 |
| اجناس کی کارروائیاں | 49.9 | 133.2 | 7.8 | 19.4 |
| غیر حکومتی قرض گیری | 998.7 | 1,022.6 | 19.9 | 17.0 |
| نجی شعبہ | 747.9 | 775.5 | 16.8 | 14.9 |
| پی ایس ایز | 254.7 | 245.4 | 46.8 | 30.7 |
| زر بنیاد | 894.3 | 616.7 | 22.5 | 12.7 |

ع: عبوری


* آخر جون 2017ء کو واجب الادا حجم 602.0 ارب روپے اور آخر جون 2018ء تک منفی 209.3 ارب روپے تھا۔

ڈیٹا کا ماخذ: بینک دولت پاکستان

## میزانی قرض گیری اور بازارِ زر

5 برسوں کے بلند ترین مالیاتی خسارے کے پس منظر میں مالی سال 18ء میں بینکاری نظام سے میزانی قرض گیری بلند سطح پر رہی (**شکل 3.6**)۔ بینکاری نظام میں مالی سال 18ء کے دوران اسٹیٹ بینک کی مالکاری پر انحصار زیادہ بڑھ گیا تھا۔ صرف مالی سال 18ء کی تیسری سہ ماہی میں حکومت نے اسٹیٹ بینک سے تقریباً 2.2 ٹریلین روپے کا قرضہ لیا، جبکہ ایس بی پی ایکٹ کے تحت مرکزی بینک سے قرض گیری کی سہ ماہی حد صفر مقرر ہے۔

**شکل 3.5: خالص بیرونی اثاثے (اسٹاک)**





اسٹیٹ بینک کی مالکاری پر حکومت کے بڑھتے ہوئے انحصار سے اپنی قرض گیریوں کے اجرائے ثانی اور شرح سود میں اضافے کی توقعات سے جدولی بینکوں سے اضافی مالکاری کے حصول میں اس کی مشکلات کی عکاسی ہوتی ہے۔ ٹی بلز میں یہ رجحان خاص طور پر ششماہی اور بارہ ماہی مدتوں کے پیپرز میں زیادہ نمایاں تھا کیونکہ جدولی بینک واضح طور پر سہ ماہی تمسکات کو ترجیح دے رہے تھے۔ خصوصاً مالی سال 18ء میں پیشکشوں (اور قبولیتوں) کا تقریباً 92 فیصد حصہ سہ ماہی ٹی بلز میں مرتکز تھا (**شکل 3.7الف**)۔ حتیٰ کہ جنوری (25 بی پی ایس) اور مئی 2018ء (50 بی پی ایس) میں پالیسی ریٹ میں ہونے والا اضافہ اس رجحان میں کوئی خاص تبدیلی نہیں لا سکا اور سہ ماہی ٹی بلز کی کئی نیلامیوں میں 100 فیصد پیشکشیں سہ ماہی ٹی بلز کے لیے دی گئیں (**شکل 3.7ب**)۔

جہاں تک پی آئی بیز کا تعلق ہے اس میں جدولی بینکوں کی شرکت بحیثیت مجموعی محدود رہی جو ایک سال پہلے کے مقابلے میں کم رقوم کی پیشکش کو ظاہر کرتی ہے (**جدول 3.5**)، اگست تا مارچ مالی سال 18ء کے دوران مسلسل آٹھ نیلامیوں کو منسوخ کر دیا گیا۔ دراصل حکومت اس مدت کے دوران مہنگائی اور شرح سود کی سمت کے بارے

میں بازار کی توقعات سے انحراف کرتی رہی ہے، جس نے نہ صرف بازار زر / ملکی قرضہ منڈی کو بگاڑ دیا بلکہ مجموعی زری انتظام کو بھی دشوار بنا دیا تھا۔ خاص طور پر یہ مضمرات قابل ذکر تھے: (i) طویل مدتی پاکستان انویسٹمنٹ بانڈز کی رسد کی عدم موجودگی ثانوی بازار میں ان کی یافتوں کی کمزوری کا باعث بنی بلکہ اس کے نتیجے میں خط یافت بھی بازار کی مکمل نمائندگی سے قاصر ہو گیا (ii) ملکی قرضے کی عرصیت کا خاکہ مختصر ہو گیا جس کی وجہ سے خطرۂ نومالکاری بڑھ گیا اور (iii) حکومت کو مالکاری کا فرق کم کرنے کے لیے مرکزی بینک پر زیادہ انحصار کرنا پڑا۔

تاہم مالی سال 18ء کی چوتھی سہ ماہی میں منعقد ہونے والی پی آئی بی کی نیلامیاں زیادہ دلچسپ تھیں کیونکہ حکومت معین شرح بانڈز کے ذریعے 46.1 ارب روپے جمع کرنے میں کامیاب رہی تھی۔ مزید برآں، مالی سال 18ء کی چوتھی سہ ماہی میں 10 سالہ رواں شرح پر پی آئی بیز بھی متعارف کرائے گئے جن میں بازار کے شرکا نے خاصی دلچسپی دکھائی۔ خصوصاً مئی اور جون 2018ء میں رواں نرخ کی دو نیلامیوں میں 100 ارب روپے کے مشترکہ ہدف کے مقابلے میں 296.1 ارب روپے مالیت کی پیشکشیں موصول ہوئیں۔ تقابل کیا جائے تو یہ قبولیتیں کم تھیں، ان کی عکاسی قبولیت اور پیشکشوں کے تناسب سے ہوتی ہے۔ حکومت نے مجموعی طور پر ان تمسکات سے 43.1 ارب روپے جمع کر لیے ہیں۔


**شکل 3.6 : بینکاری نظام سے میزانی قرضے (بہاؤ)**





## سیالیت کا انتظام

مالی سال 18ء میں پالیسی ریٹ سے بہ وزن اوسط شبینہ نرخوں کا اوسط انحراف کم ہو کر 4 بی پی ایس رہ گیا، جو ایک سال قبل 6 بی پی ایس تھا۔ اسٹیٹ بینک کی معکوس ریپو سہولت سے کمرشل بینکوں کے قرضوں کا حجم مالی سال 17ء کے مقابلے میں کم تھا جبکہ اسٹیٹ بینک ونڈو پر بینکوں کے وزٹس کی تعداد گذشتہ برس جتنی ہی تھی۔[3] مذکورہ حالات سے بین البینک منڈی میں سیالیت کی صورت حال میں بہتری اور شبینہ نرخوں پر زری پالیسی کی مؤثر ترسیل کی نشاندہی ہوتی ہے۔

**شکل 3.7 الف: ٹی بل پیشکشوں کی مدت وار تفصیل**




**شکل 3.7 ب: م س 18ء میں ٹی بل کی مدت وار پیشکشیں***




[3] مالی سال 18ء میں کمرشل بینکوں نے اسٹیٹ بینک کی معکوس ریپو سہولت سے 838.9 ارب روپے کا قرضہ لیا جبکہ ایک برس قبل یہ 935.7 ارب روپے تھا۔ بینکوں نے مالی سال 18ء میں اسٹیٹ بینک کی معکوس ریپو سہولت سے 37 بار استفادہ کیا جبکہ مالی سال 17ء میں اس کی تعداد 35 تھی۔

شبینہ نرخوں کا پالیسی ریٹ سے اوسط انحراف پورا سال خاصا محدود رہا۔ جہاں تک اس کی سمت کا تعلق ہے تو چار میں سے تین سہ ماہیوں میں انحراف مثبت رہا اور یہ صرف تیسری سہ ماہی تھی جس میں انحراف غیر معمولی طور پر منفی (تین بی پی ایس) رہا۔ اس سہ ماہی میں بینکوں نے بڑھتی ہوئی شرح سود کے منظرنامے میں مدت مکمل

**جدول 3.5: حکومتی تمسکات کی نیلامی کا خاکہ (عرفی مالیت)**

ارب روپے

| | ہدف | عرصیت* | کل** | | عرصیت کا خالص | | | پیشکش کردہ / ہدف | پیشکش کردہ / قبول کردہ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | پیشکش کردہ | قبول کردہ | ہدف | پیشکش کردہ | قبول کردہ | | |
| مارکیٹ ٹریژری بلز | | | | | | | | | |
| م س17ء | 7,200.0 | 6,430.7 | 11,350.9 | 7,733.5 | 769.3 | 4,920.2 | 1,302.9 | 1.58 | 0.68 |
| م س18ء | 16,925.0 | 16,388.0 | 21,105.2 | 17,550.6 | 537.0 | 4,717.2 | 1,162.6 | 1.25 | 0.83 |
| پی آئی بیز۔ معین شرح | | | | | | | | | |
| م س17ء | 800.0 | 1,427.3 | 1,757.9 | 894.0 | -627.3 | 330.6 | -533.3 | 2.20 | 0.51 |
| م س18ء | 900.0 | 1,123.4 | 347.5 | 101.7 | -223.4 | -775.9 | -1,021.7 | 0.39 | 0.29 |
| پی آئی بیز۔ رواں شرح*** | | | | | | | | | |
| م س18ء | 100.0 | - | 296.1 | 43.1 | 100.0 | 296.1 | 43.1 | 2.96 | 0.15 |

* پی آئی بیز کے لیے عرصیت کے کالم میں پی آئی بی کوپن ادائیگیوں کو منہا کیا گیا ہے۔

** صرف ایم ٹی بی کی پیشکش کردہ رقوم میں غیر مسابقتی بولیوں کو منہا کیا گیا ہے۔ رواں شرح پی آئی بیز کے لیے، "قبول کردہ" کالم میں غیر مسابقتی بولیاں اور مختصر فروخت شامل ہیں۔


*** رواں شرح پی آئی بیز مالی سال 18ء کی چوتھی سہ ماہی میں ڈی ایم ڈی سرکلر نمبر 09، بتاریخ 7 مئی 2018ء کے ذریعے متعارف کرائے گئے۔ اس کی دو نیلامیاں بالترتیب مئی اور جون 2018ء میں منعقد کی گئیں۔

ڈیٹا کا ماخذ: بینک دولت پاکستان

کرنے والی حکومتی تمسکات کے بھاری حجم کا اجرائے ثانی نہیں کیا (**شکل 3.8**)۔ تاہم انحراف کی سطح قابلِ قبول تھی کیونکہ اسٹیٹ بینک نے عارضی طور پر اپنے بازارِ زر کے سودوں کے ادخالات کے واجبات کو واپس لے لیا تھا اور بازار میں مربوط انداز میں انجذاب کا عمل انجام دیا۔

یہ سرگرمی مختصر ثابت ہوئی اور اگلی ہی سہ ماہی میں ٹی بل کی قبولیتیں ریکارڈ بلند سطح تک پہنچ گئیں (مجموعی اور عرصیت کا خالص دونوں لحاظ سے)۔ خصوصاً، 07 جون 2018ء کو ٹی بلز کی نیلامی میں تقریباً 1.2 ٹریلین روپے مالیت کی عرصیت کی خالص قبولیت دیکھی گئی۔ بین البینک منڈی میں مزید سیالیت کا دباؤ زرمبادلہ ادخالات سے پیدا ہوا، جو کہ مالی سال 18ء کی چوتھی سہ ماہی میں خاص طور پر نمایاں تھا۔ مذکورہ پیش رفتوں نے سیالیت کے دباؤ کو قابو میں رکھنے کے لیے مرکزی بینک کو فوری ردعمل کی ترغیب دی۔ اس کے نتیجے میں بازارِ زر کے سودوں کے ادخالات کا واجب الادا حجم آخر جون 2018ء تک 1.5 ٹریلین روپے کے نشان کے ارد گرد تھا۔

**شکل 3.8: ٹی بل پیشکشوں کی سہ ماہی قبولیتیں**





* Net of maturity
Data source: State Bank of Pakistan

جنوری 2018ء میں شروع کی گئی زری سختی کے مطابق مالی سال 18ء کی دوسری ششماہی میں بہ وزن اوسط شرحِ قرض گاری بڑھ گئی۔ تاہم پالیسی ریٹ میں مجموعی طور پر 75 بی پی ایس اضافے کے مقابلے میں خردہ نرخوں میں اضافہ کافی معتدل (صرف 39 بی پی ایس) تھا۔ اس کا سبب یہ ہو سکتا ہے کہ بینکوں کے پاس وافر مقدار میں سیالیت دستیاب تھی اور وہ نجی شعبے کو قرضے دینے کے خواہاں تھے کیونکہ ان حالات میں وسط تا طویل مدتی حکومت تمسکات میں سرمایہ کاری اتنی منافع بخش نہیں تھی۔

### سرکاری اداروں کے قرضے

مالی سال 18ء میں اجناس کی سرگرمیوں کی مد میں مجموعی فنانسنگ میں 133.2 ارب روپے کا اضافہ ہوا جو گذشتہ برس صرف 49.9 ارب روپے کی سطح پر تھا۔ جہاں تک قرضوں میں توسیع کے اجزائے ترکیبی کا تعلق ہے تو مالکاری کا بڑا حصہ گندم کی خریداری پر خرچ ہوا۔

**شکل 3.9: بازار زر میں ادخالات کا اوسط واجب الادا حجم**





Data source: State Bank of Pakistan

پہلی تین سہ ماہیوں میں عام طور پر قرضوں کی خالص واپسی کا سیزن ہوتا ہے کیونکہ یہ مدت گندم کے خرچ کے چکر سے منسلک ہے۔ اس سال جولائی تا مارچ مالی سال 18ء کے دوران 58.4 ارب روپے کے خالص قرضے واپس کیے گئے جبکہ گذشتہ برس 137.9 ارب روپے کی واپسی ہوئی تھی۔ چوتھی سہ ماہی میں اجناس کی مالکاری کے لیے قرضوں کا استعمال مالی سال 17ء کی چوتھی سہ ماہی کے مقابلے میں کچھ زیادہ تھا(**باب 2**)۔

مالی سال 18ء میں سرکاری شعبے کی انٹرپرائزز کی جانب سے قرضوں کا مجموعی استعمال گذشتہ برس کے مقابلے میں کچھ کم رہا۔ مالی سال 18ء میں واپڈا اینڈ پاور ہولڈنگ پرائیویٹ لمیٹڈ (پی ایچ پی ایل) سب سے بڑا قرض گیر رہا اور اس جز کے مجموعی قرضوں کے استعمال میں اس کا حصہ تقریباً 85 فیصد تھا۔[4] پی ایچ پی ایل نے یہ قرضے (48 فیصد) گردشی قرضوں سے متعلق ادائیگیوں کے لیے حاصل کیے تھے۔ یہ بات قابل ذکر ہے کہ پی ایس ایز کے واجب الادا قرضوں میں گذشتہ دو برسوں سے مسلسل اضافہ ہو رہا ہے اور آخر جون 2018ء تک یہ بڑھ کر ایکٹر بلین روپے تک پہنچ گئے ہیں (**شکل 3.10**)۔ چونکہ بجلی کے شعبے میں کمرشل بینکوں کے قرضے پہلے ہی کافی بڑھ چکے ہیں، لہٰذا توانائی کی پرائیویٹ سیکٹر انٹرپرائزز کے لیے آگے چل کر بینکاری نظام سے سیالیت کے حصول کی کم گنجائش باقی رہ جائے گی۔

**شکل 3.10: پی ایس ایز کو قرضے**




Data source: State Bank of Pakistan

### 3.3 نجی شعبے کا قرضہ

مالی سال 18ء میں نجی شعبے کے قرضوں میں 775.5 ارب روپے کا اضافہ ہوا، جو کہ مالی سال 17ء کے 747.9 ارب روپے سے زیادہ ہے۔ مالی سال 18ء میں بازار کے مجموعی تحرکات گذشتہ برس سے زیادہ مختلف نہیں تھے۔ معاشی سرگرمیوں میں تیزی اور صنعتوں کے پاس زیادہ پیداواری گنجائش کے باعث عمومی طور پر قرضوں کی طلب مضبوط رہی، خاص طور پر قرضوں کی کم لاگت سے کاروباری اداروں کی سرمایہ کاری کے مواقع سے فائدہ اٹھانے کی حوصلہ افزائی ہوتی رہی، رسد کی صورت حال بھی سازگار تھی کیونکہ بینکوں نے زیادہ منفعت بخش اثاثوں کی تلاش جاری رکھی۔ جو بات مالی سال 18ء کو مالی سال 17ء سے مختلف بناتی ہے وہ خام مال کی قیمتوں کا قدرے کمزور اثر ہے۔ مالی سال 17ء میں اجناس کی بلند عالمی قیمتوں کا قرضوں کی نمو کو بڑھانے میں خاصا کردار تھا کیونکہ یہ کاروباری اداروں کی جاری سرمائے کی ضروریات کو بڑھانے کا باعث بنی تھیں۔ تاہم، مالی سال 18ء میں خام مال کی قیمتوں میں اضافہ کافی معتدل تھا اور اسی لیے اشیاسازی کے اہم شعبوں میں قرضوں کی نمو کو معاشی سرگرمیوں سے تقویت ملی تھی (**جدول 3.6**)۔

[4] تفصیلات کے لیے 'پاکستانی معیشت کی کیفیت' پر اسٹیٹ بینک کی تیسری سہ ماہی رپورٹ برائے مالی سال 18-2017ء۔

جہاں تک رسد کا تعلق ہے تو عمومی طور پر سیالیت کی صورت حال ساز گار رہی اور خطرۂ قرض کمزور ہونے کی وجہ سے بینک نجی شعبے میں اپنے قرضوں کا اکتشاف بڑھانے میں دلچسپی لے رہے تھے۔ خصوصاً، مالی سال 18ء میں بینکوں کے مجموعی قرضوں میں فیصد کے لحاظ سے غیر فعال قرضوں میں کمی ہوتی رہی کیونکہ کم مالی لاگت اور صحت مند آمدنی کے باعث کارپوریٹ شعبے کی قرض واپس کرنے کی صلاحیت میں بہتری آگئی تھی (**جدول 3.7**)۔ اثاثہ جاتی معیار میں یہ بہتری وسیع البنیاد تھی اور تقریباً تمام اہم شعبوں کا اس میں حصہ تھا۔ چنانچہ بینکوں کے لیے حکومتی تمسکات میں اپنی سیالیت مختص کرنے کے بجائے بلند یافت والے نجی قرضوں، خاص طور پر تین مہینوں سے بلند میعاد والے قرضوں میں اپنی سیالیت مختص کرنا زیادہ سود مند تھا۔

**جدول 3.6: اہم خام مال کی قیمتوں کا رجحان**

قیمتیں

| فیصد تبدیلی | م س17ء | م س18ء |
|---|---|---|
| کپاس (ملکی*) | 23.4 | 6.8 |
| کپاس (بین الاقوامی*) | 17.2 | 5.9 |
| گنے کی فصل (ملکی) | -3.9 | -4.7 |
| کوئلہ (بین الاقوامی) | 50.0 | 21.7 |
| پام آئل (بین الاقوامی) | 2.2 | -1.5 |
| کچ دھات (چین) | 35.7 | -3.1 |

* تھوک اشاریہ قیمت

ڈیٹا کا ماخذ: پاکستان دفتر شماریات اور بلومبرگ

پیداواری گنجائش میں اضافہ اور سرگرمی جاری سرمائے کے قرضے بڑھانے کا باعث بنی

مالی سال 18ء میں نجی کاروباری اداروں نے 471.7 ارب روپے کا جاری سرمائے کا قرضہ لیا جبکہ گذشتہ برس 367.4 ارب روپے کا قرضہ لیا گیا تھا۔ معمول کے مطابق اشیا سازی سے وابستہ شعبوں نے سب سے زیادہ فائدہ اٹھایا۔ قرضوں میں بلند توسیع کا سبب بننے والے شعبوں میں ٹیکسٹائلز، سیمنٹ، برقی مشینری، لوہا اور فولاد، خوردنی تیل اور گھی، بنیادی کیمیکلز اور چاول کے پروسیسرز شامل ہیں۔ ان تمام شعبوں نے پورے سال بھرپور دلچسپی لی: مالی سال 18ء میں سیمنٹ کی ترسیلات دوہندسی نمو (13.8 فیصد) کے ساتھ بڑھ کر 45.9 ملین میٹرک ٹن کی تاریخی بلند سطح تک پہنچ گئیں۔ مالی سال 18ء میں ٹیکسٹائل اور چاول کی برآمدات میں تیزی سے اضافہ ہوا۔

جاری سرمائے کے قرضوں کا دوسرا سب سے بڑا استعمال کنندہ بجلی کا شعبہ تھا کیونکہ مالی سال 17ء کے 26.5 ارب روپے کے مقابلے میں اس نے اپنے قرضوں میں 62.1 ارب روپے کا اضافہ کیا۔ بجلی کے شعبے میں زیادہ پیداواری گنجائش کے علاوہ بلند قرض گیری میں تین عوامل نے اہم کردار ادا کیا: (i) گذشتہ برس کے 5.9 فیصد کے مقابلے میں مالی سال 18ء میں بجلی کی پیداوار میں 12.8 فیصد کا اضافہ ہوا، جس نے صنعت کی ایندھن کی ضروریات میں اضافہ کر دیا تھا، (ii) ایندھن (تیل اور کوئلے) کی قیمتوں میں اضافہ اور (iii) گردشی قرضہ جمع ہونے کی وجہ سے بجلی کے چند نجی پیدا کنندگان کو درپیش سیالیت کی مشکلات۔

فولاد سازوں کی خام مال کی طلب کے باعث متعلقہ کاروباروں کے قرضوں کی ضروریات میں اضافہ ہو گیا۔ مثلاً[5]، بحری جہاز شکنی کی صنعت نے گذشتہ برس کے 0.1 ارب روپے کے مقابلے میں مالی سال 18ء میں تقریباً 27 ارب روپے کا قرضہ لیا (**جدول 3.8**)۔ ان قرضوں میں سے بیشتر کو درآمدی مالکاری کی ضروریات کے لیے استعمال کیا گیا کیونکہ ملک نے مالی سال 18ء میں توڑنے کے لیے 126 بحری جہاز جبکہ مالی سال 17ء میں 111 جہاز درآمد کیے گئے تھے اور تب اس شعبے نے اپنے کچھ قرضوں کو واپس کیا تھا۔ لیکن مالی سال 18ء میں پاکستان نے توڑنے کے لیے ٹینکر بحری جہازوں کی درآمدات شروع کر دیں جن پر مالی سال 17ء کی پہلی ششماہی کے دوران

**جدول 3.7: جزوار غیر فعال قرضے، قرضوں کے فیصد کے لحاظ سے (آخر مدت)**

فیصد

| | م س15ء | م س16ء | م س17ء | م س18ء |
|---|---|---|---|---|
| کارپوریٹ | 13.4 | 11.8 | 9.6 | 7.9 |
| ایس ایم ایز | 31.6 | 26.5 | 20.5 | 17.8 |
| زراعت | 16.6 | 15.5 | 17.9 | 19.4 |
| صارفی | 10.6 | 9.8 | 7.3 | 5.6 |
| **خام غیر فعال قرضے / قرضے** | **12.4** | **11.1** | **9.3** | **7.9** |
| خالص غیر فعال قرضے / قرضے | 1.6 | 1.6 | 1.2 | 1.1 |

ڈیٹا کا ماخذ: بینک دولت پاکستان

[5] فولاد کی پیداوار میں 21.8 فیصد کی دوہندسی نمو ہوئی جبکہ گذشتہ برس کی اسی مدت میں یہ 20.5 فیصد تھی۔

دھماکے اور بڑی تعداد میں مزدوروں کی ہلاکت کے باعث پابندی عائد کر دی گئی تھی۔

### مالی سال 18ء میں چینی اور کھاد کے شعبے میں قرضوں کی طلب میں کمی برقرار رہی

مالی سال 18ء میں چینی کا شعبہ اشیاسازی کا وہ واحد شعبہ تھا جس نے گذشتہ برس کے مقابلے میں جاری سرمائے کے کم قرضے لیے۔ مالی سال 18ء میں چینی کی پیداوار میں

**جدول 3.8: نجی شعبے کے کاروباری اداروں کو قرضے (بہاؤ ارب روپے میں)**

| | مجموعی قرضے | | جاری سرمایہ* | | معین سرمایہ کاری | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | م س 17ء | م س 18ء | م س17ء | م س18ء | م س17ء | م س18ء |
| **نجی شعبے کے کاروباری ادارے** | **620.4** | **699.6** | **367.4** | **471.7** | **253.0** | **227.9** |
| اشیاسازی | 384.3 | 421 | 251.7 | 307.2 | 132.7 | 113.8 |
| ٹیکسٹائل | 82.8 | 130.1 | 46.0 | 90.3 | 36.7 | 39.8 |
| سیمنٹ | 21.4 | 47.1 | 10.9 | 22.4 | 10.6 | 24.7 |
| شکر | 82.1 | 36.5 | 67.5 | 25.3 | 14.6 | 11.2 |
| برقی مشینری وسازوسامان | 7.7 | 33.4 | 4.9 | 30.4 | 2.9 | 3.0 |
| لوہااور فولاد | 19.0 | 30.1 | 15.9 | 31.1 | 3.1 | -1.0 |
| بیکری وغیرہ | 7.0 | 28.6 | 1.5 | 24.2 | 5.5 | 4.4 |
| خوردنی تیل اور گھی | 7.9 | 27.5 | 6.7 | 21.5 | 1.2 | 6.1 |
| بنیادی کیمیکلز | 3.2 | 19.6 | 0.8 | 17.9 | 2.4 | 1.7 |
| چاول کی پروسیسنگ | -0.9 | 13.4 | -1.4 | 12.6 | 0.5 | 0.8 |
| گھریلو برقی آلات | 4.2 | 10.1 | 3.6 | 5.8 | 0.6 | 4.3 |
| کاغذ | 2.1 | 6.5 | 5.5 | 7.1 | -3.4 | -0.6 |
| کھاد | 9.8 | -43.5 | -1.0 | -34.0 | 10.8 | -9.4 |
| بجلی، گیس اور پانی کی فراہمی | 55.6 | 87.5 | 26.0 | 60.4 | 29.6 | 27.1 |
| بجلی کی پیداوار، ترسیل اور تقسیم | 55.0 | 85.7 | 26.5 | 62.1 | 28.5 | 23.5 |
| گیس کی پیداوار، ترسیل اور تقسیم | 2.6 | 1.7 | 1.4 | -1.8 | 1.1 | 3.5 |
| کامرس اور تجارت | 42.7 | 68.7 | 39.4 | 51.3 | 3.4 | 17.4 |
| ریئل اسٹیٹ اور متعلقہ | 18.3 | 34.9 | 7.3 | 18.4 | 11.0 | 16.5 |
| تعمیرات | 41.0 | 27.2 | 16.7 | 6.0 | 24.3 | 21.2 |
| جہاز شکنی | 0.1 | 26.8 | -0.3 | 27.4 | 0.4 | -0.7 |
| ٹرانسپورٹ، ذخیرہ کاری اور کامرس | 29.2 | 23.2 | 1.0 | 2.8 | 28.1 | 20.4 |
| زراعت | 12.4 | 8.0 | 11.0 | -0.2 | 1.4 | 8.2 |
| کان کنی و کوہ کنی | 13.7 | 2.5 | -0.1 | -1.7 | 13.8 | 4.2 |

* بشمول تجارتی مالکاری

ڈیٹا کا ماخذ: بینک دولت پاکستان

6.8 فیصد کمی ہوئی جبکہ گذشتہ برس 37.8 فیصد کا اضافہ ہوا تھا۔ مالی سال 18ء میں کھاد کے شعبے نے 34.0 ارب روپے کے قرضے واپس کیے جبکہ مالی سال 17ء میں صرف 1.0 ارب روپے کی خالص واپسی ہوئی تھی۔ طلب اور رسد دونوں کے تحرکات سال کے دوران اس شعبے کے لیے اتنے سازگار نہیں تھے۔ ایک جانب، مالی سال 18ء میں کھاد کے استعمال میں 5.0 فیصد کمی ہوئی جبکہ گذشتہ برس 36.4 فیصد کا اضافہ ہوا تھا۔ دوسری جانب سستے فیڈاسٹاک کی عدم دستیابی کے باعث تین چھوٹے کارخانوں کی بندش کے ساتھ نئی بڑی فرموں کو ایل این جی گیس کی فراہمی میں عارضی تعطل نے پیداوار کو متاثر کیا۔ اس کے نتیجے میں مالی سال 18ء میں اس شعبے نے قلیل مدتی قرضے کی واپسی پر اکتفا کیا۔

### سست رفتار کے باوجود معین سرمایہ کاری قرضوں میں اضافہ ہوتا رہا

کاروباری اداروں کی جانب سے طویل مدتی پوزیشن لینے کا سلسلہ جاری رہا اور انہوں نے اپنے سرمایہ جاتی اخراجات کی مالکاری کے لیے بینکوں سے خاصا قرضہ حاصل کیا۔ مالی سال 18ء میں معین سرمایہ کاری قرضوں میں مزید 227.9 ارب روپے کا اضافہ ہوا، کیونکہ ٹیکسٹائل، سیمنٹ، شکر اور بجلی کے شعبوں کی جانب سے اپنی پیداواری گنجائش میں اضافے / اپ گریڈ کا عمل جاری رہا۔ واضح رہے کہ اسٹیٹ بینک کے پالیسی ریٹ میں تبدیلی کے باوجود طویل مدتی مالکاری سہولت (ایل ٹی ایف ایف) اور برآمدی نومالکاری اسکیم (ای ایف ایس) میں کوئی تبدیلی نہیں آئی۔[6] ٹیکسٹائل شعبے نے اپنی توازن کاری، جدت طرازی اور تعمیر و مرمت (بی ایم آر) جیسی سرگرمیوں کے لیے پرکشش نرخوں پر اسٹیٹ بینک کی طویل مدتی نومالکاری اسکیموں کے تحت قرضے لیے، جیسے اس شعبے کو طویل مدتی مالکاری سہولت 5 فیصد کی شرح پر فراہم کی گئی۔ بہاؤ کے لحاظ سے مالی سال 18ء میں ٹیکسٹائل شعبے کے طویل مدتی قرضوں میں سے 70 فیصد ایل ٹی ایف ایف پر مشتمل تھا۔

اشیاسازی میں دوسرا اہم شعبہ سیمنٹ کا تھا جس نے مالی سال 18ء میں اپنی پیداواری گنجائش میں جاری توسیع کے لیے زیادہ قرضہ لیا۔ اس شعبے نے مالی سال 21ء تک اپنی پیداواری گنجائش کو بڑھا کر 23.4 ملین میٹرک ٹن تک لے جانا ہے۔ اگرچہ ضوابطی اور ماحولیاتی کنٹرولز کچھ مالی سال 18ء میں فرموں کے منصوبوں کی پیش رفت کو عارضی طور پر سست کرنے کا باعث بنے لیکن دیگر فرموں نے تین ملین میٹرک ٹن پیداواری گنجائش کا اضافہ کیا۔[7] اس شعبے نے مالی سال 18ء میں 24.7 ارب روپے کا جبکہ گذشتہ برس 10.6 ارب روپے کا قرضہ لیا گیا تھا۔[8] اسی طرح، شکر ساز مختلف مقاصد کے طویل مدتی قرضے حاصل کر چکے ہیں جن میں بی ایم آر، ایتھنول کی پیداواری صلاحیت بڑھانے اور اپنے استعمال کے لیے توانائی پلانٹس کی پیداواری گنجائش میں توسیع کی خاطر سرمایہ جاتی اخراجات اور پیداواری لاگت میں کمی کے لیے بہتر ٹیکنالوجی میں سرمایہ کاری شامل ہیں۔

اشیاسازی کے علاوہ مالی سال 18ء کی دوسری ششماہی میں بجلی کے شعبے کے قرضے اس وقت بڑھ گئے جب حکومت نے فروری 2018ء میں نئے منصوبوں پر پابندی عائد کر دی اور جاری منصوبوں پر کام کی رفتار میں اضافہ ہو گیا تھا۔ نتیجتاً، کچھ اداروں نے گیس اور کوئلے پر چلنے والے منصوبوں کے ساتھ ساتھ قابل تجدید توانائی (پون اور شمسی) کے ذرائع پر کام میں تیزی لانے کے لیے قرضے حاصل کیے۔

### صارفی مالکاری میں اضافے کا رجحان جاری رہا

کم شرح سود صارفی قرضوں پر مثبت اثر ڈالتی رہی، جن میں مالی سال 18ء میں 86.5 ارب روپے کا اضافہ ہو گیا جبکہ گذشتہ برس 70.5 ارب روپے بڑھے تھے (**جدول 3.9**)۔ یہ مسلسل چھٹا برس تھا جس میں صارفی قرضوں نے اپنی ترقی کی رفتار کو برقرار رکھا ہے اور رواں برس کے قرضوں کا بہاؤ 12 سال کی بلند ترین سطح پر ہے۔

**جدول 3.9 : صارفی قرضے (بہاؤ ارب روپے میں)**

| | م س17ء | م س18ء |
|---|---|---|
| **کل** | **70.5** | **86.5** |
| کار | 38.3 | 43.3 |
| مکان | 12.5 | 22.3 |
| ذاتی قرضے | 14.2 | 12.5 |
| کریڈٹ کارڈز | 4.5 | 7.4 |
| بائیر ارصارفی اشیا | 0.9 | 1.1 |

ڈیٹا کا ماخذ: بینک دولت پاکستان

اس اضافے میں پچیس فیصد حصہ مکاناتی مالکاری کا ہے کیونکہ درمیانے حجم کے روایتی بینکوں نے اس کاروبار میں جارحانہ رویہ اختیار کیا۔ مالی سال 17ء کی طرح مالی سال 18ء میں بھی بیشتر قرضے یکمشت خریداریوں کے لیے حاصل کیے گئے، جس کے بعد تعمیرات اور ایک چھوٹا حصہ مرمت کے لیے استعمال کیا گیا۔ اب تک مکاناتی مالکاری کا

[6] مالی سال 18ء میں طویل مدتی مالکاری سہولت کے صارف کے لیے شرح 6 فیصد (ٹیکسٹائل کے لیے 5 فیصد) جبکہ برآمدی مالکاری اسکیم کے لیے 3 فیصد تھی۔

[7] تفصیلات کے لیے دیکھیے باب 3، زری پالیسی اور مہنگائی، 'پاکستانی معیشت کی کیفیت' پر اسٹیٹ بینک کی دوسری سہ ماہی رپورٹ برائے مالی سال 18-2017ء۔

[8] مثلاً، اٹک سیمنٹ کے جنوری 2018ء میں 1.2 ملین میٹرک ٹن سالانہ کے پلانٹ نے کام شروع کر دیا تھا۔ اسی طرح، لکی سیمنٹ بھی 1.3 ملین میٹرک ٹن سالانہ توسیع کا منصوبہ مکمل کر چکا ہے۔ 6,000 ٹن یومیہ پیداواری گنجائش کی حامل بیسٹ وے کی فاروقیہ لائن II مئی 2018ء میں اپنی پیداوار شروع کر چکی ہے۔ پائنیر سیمنٹ نے اپنی پسائی کی گنجائش کو 345 ٹن / گھنٹہ تک توسیع دی۔ غریب وال سیمنٹ نے جون 2018ء میں اپنا 250 ٹن / گھنٹہ پیداوار کا آپریشن شروع کیا۔

حجم بڑھ کر 88.2 ارب روپے تک پہنچ چکا ہے اور جی ڈی پی میں اس کا حصہ صرف 0.26 فیصد ہے۔ یہ تناسب نہ صرف ترقی یافتہ ممالک بلکہ بنگلہ دیش اور بھارت جیسے ہمسر ممالک سے بھی کم ہے۔ زیادہ اہم بات یہ ہے کہ پاکستان میں ایک کروڑ مکانات کی قلت کا تخمینہ لگایا گیا ہے، جس میں ہر سال اضافہ ہوتا جارہا ہے، نہ صرف بڑھتی ہوئی آبادی بلکہ مکانات کے موجودہ اسٹاک کا گرتا ہوا معیار بھی اس کا اہم سبب ہے۔ اسٹیٹ بینک نے حال ہی میں مکاناتی مالکاری کو فروغ دینے کی پالیسی کا ایک مسودہ تیار کر کے اسے مختلف فریقوں میں تقسیم کیا ہے (**باکس 3.2**)۔ اس پالیسی کے ذریعے آخر جون 2021ء تک یہ اہداف حاصل کیے جائیں گے: (i) مکاناتی قرضوں کے موجودہ 88.2 ارب روپے کے واجب الادا حجم کو بڑھا کر 250 ارب روپے تک لے جانا، اور (ii) اور قرض گیروں کی تعداد کو 62,062 کی موجودہ سطح سے بڑھا کر 200,000 تک لے جانا۔

**باکس 3.2: کم لاگت مکاناتی مالکاری کی پالیسی کے مسودے میں شامل اہم اقدامات**

بینک دولت پاکستان نے حال ہی میں ''کم لاگت مکاناتی مالکاری کے فروغ کی پالیسی'' کا ایک مسودہ تیار کر کے اسے 18 جولائی 2018ء کو اپنی ویب سائٹ پر جاری کر دیا تاکہ اس پر عوام کی آرا معلوم کی جا سکیں۔ اس پالیسی کی اہم خصوصیات درج ذیل ہیں:

- پاکستان میں کم لاگت مکاناتی مالکاری کی جس تعریف کو اختیار کیا جانا ہے، اس کے تحت 25 لاکھ روپے مالیت کی املاک پر 20 لاکھ روپے تک رقم کا قرضہ دیا جانا ہے۔ کم لاگت کی مکاناتی مالکاری حاصل کرنے والے قرض گیر کی ماہانہ آمدنی 60,000 روپے تک ہونی چاہیے۔
- اسٹیٹ بینک کم لاگت ہاؤسنگ زراعانت یافتہ مالکاری سہولت متعارف کرائے گا، جس کے تحت مالی اداروں کو زراعانت یافتہ شرح پر سیالیت فراہم کی جائے گی۔ اسٹیٹ بینک، بینکوں اور ڈی ایف آئیز کو قرضے کی رقم کے 10 لاکھ روپے تک یا 50 فیصد رقم پر ایک فیصد کی شرح سے نومالکاری فراہم کرے گا اور صارف کے لیے اس کی شرح 5 فیصد مقرر کی جائے گی۔ قرضے/مالکاری کی بقیہ 50 فیصد رقم بینک اور ڈی ایف آئیز اپنے مالی وسائل سے 12 فیصد کی معین شرح یا ایک سالہ متغیر شرح کا بنچ مارک جمع 4 فیصد تک خطرے کے پریمیم سے فراہم کی جائے گی۔ یہ سہولت مکانات کے انفرادی قرض گیروں اور مکانات کے بلڈرز/ڈویلپرز کو فراہم کی جائے گی۔ اسی طرح، مالکاری کی یہ سہولت اسلامی مالی اداروں کے ذریعے بھی فراہم کی جائے گی۔
- بینکوں کے لیے مکاناتی مالکاری کے اہداف مقرر کر کے انہیں ہدایات دی جائیں گی کہ وہ ان اہداف کو اپنے مجموعی بزنس پلان اور شعبوں کے اہداف کا حصہ بنائیں۔
- بینکوں اور ڈی ایف آئیز کے کم لاگت مکاناتی مالکاری جزدان پر ذخائر کی عمومی شرائط ختم کی جارہی ہے۔
- کم لاگت مکاناتی مالکاری میں بینکوں اور ڈی ایف آئیز کے انکشاف کو ریئل اسٹیٹ شعبے کے لیے 10 فیصد انکشاف کی حد سے مستثنیٰ دیا جارہا ہے۔
- مائیکروفنانس بینکوں کو اجازت دی جائے گی کہ وہ اپنی مکاناتی مالکاری کو 5 لاکھ روپے سے بڑھا کر 10 لاکھ روپے تک کر دیں۔
- بینکوں اور ڈی ایف آئیز کے قرضوں کی پروسیسنگ میں بہتری کے لیے پاکستان بینکنگ ایسوسی ایشن کی مدد سے ایک معیاری درخواست فارم جاری کیا جائے گا۔

کم لاگت مکاناتی مالکاری کے فروغ کی پالیسی کے مسودے سے اخذ کردہ۔ [sbp.org.pk/smefd *2018., pp. i-ii.*]

تاہم کار مالکاری کو سب سے بڑے جز کی حیثیت حاصل رہی اور مالی سال 18ء میں صارفی جزدان میں ہونے والے اضافے میں اس کا حصہ نصف رہا۔ اس سال کاروں کی فروخت 216,786 اکائیوں کی ریکارڈ سطح تک پہنچ گئی جس سے مسافر کاروں کی مضبوط طلب کی عکاسی ہوتی ہے اور بینکوں کی مالکاری نے اس کی فروخت میں اہم کردار ادا کیا ہے۔[9] کار کے قرضوں میں اضافے کے پیچھے کارفرما عوامل میں کم شرح سود، حالیہ برسوں میں مقامی اسمبلروں کی جانب سے کاروں کے نئے ماڈلز کا متعارف کرایا جانا، چھوٹی درآمد شدہ کاروں کی بڑھتی ہوئی مقبولیت، شہروں کی بڑھتی ہوئی گنجانیت اور ملک کے بیشتر حصوں میں معقول پبلک ٹرانسپورٹ کا فقدان شامل ہیں۔[10] اس کے علاوہ منقولی شواہد سے پتہ چلتا ہے کہ کچھ صارفین بھی اپنی کاروں کو سواری کی خدمات مہیا کرنے میں استعمال کر رہے ہیں کیونکہ ان خدمات میں داخلہ اور اخراج فوری اور بہت آسان ہے۔

[9] ماخذ: پاکستان آٹو موٹیو مینوفیکچررز ایسوسی ایشن۔

[10] پاکستانی معیشت عام طور پر چھوٹی کاروں کی مارکیٹ ہے کیونکہ کاروں کی مجموعی فروخت میں 1000 سی سی تک کی کاروں کا حصہ تقریباً 52 فیصد ہے (مالی سال 16ء تا 18ء میں اوسطاً)۔

بینکاری نظام میں مالی سال 18ء کے دوران کار مالکاری میں اسلامی بینکاری اداروں کا حصہ بڑھ کر 46.2 فیصد تک پہنچ گیا جو ایک برس قبل 43.1 فیصد تھا۔ تاہم مکاناتی مالکاری کے معاملے میں ان کا حصہ مالی سال 18ء کے اختتام پر تقریباً اسی سطح پر رہا۔ کار اور مکاناتی مالکاری کے علاوہ اسلامی بینکاری ادارے صارفی مالکاری کی شریعت سے ہم آہنگ دیگر مصنوعات کو ڈیزائن کر کے ان کی پیشکش کر سکتے ہیں جن میں کریڈٹ کارڈز، ذاتی قرضے اور پائیدار صارفی اشیا کی مالکاری شامل ہیں۔ فی الوقت روایتی بینک ان تمام اجزا کی خدمات مہیا کر رہے ہیں اور آخر مالی سال 18ء تک مارکیٹ میں ان کا حصہ تقریباً 98 فیصد تھا۔

## 3.4 مہنگائی

مالی سال 18ء میں عمومی صارف اشاریہ قیمت مہنگائی مسلسل چوتھے برس سالانہ ہدف سے کم رہی اور مالی سال 03ء کے بعد سے اپنی دوسری کمترین سطح پر ہے۔ توانائی کی بلند قیمتوں اور مضبوط ملکی طلب کے باعث غیر غذائی مہنگائی میں اضافہ ہو گیا تاہم غذائی اشیا کی قیمتوں میں تیزی سے کمی نے مجموعی مہنگائی کو کم سطح پر رکھا۔ پھیلاؤ کے لحاظ سے ذیلی اشاریوں کی اکثریت (89 میں سے 59، جن کا صارف اشاریہ قیمت مہنگائی میں حصہ تقریباً 70 فیصد ہے) مالی سال 17ء کے مقابلے میں مالی سال 18ء میں کم مہنگائی کو ظاہر کرتی ہے۔

**جدول 3.10: اوسط صارف اشاریہ قیمت مہنگائی اور حصہ**

| | | اوسط مہنگائی | | حصہ | |
|---|---|---|---|---|---|
| | وزن | م س 17ء | م س 18ء | م س 17ء | م س 18ء |
| **عمومی)** | **100.0** | **4.2** | **3.9** | **4.2** | **3.9** |
| **الف۔ غذا** | **37.5** | **3.8** | **1.8** | **1.6** | **0.7** |
| سگریٹ | 1.4 | 12.1 | -17.3 | 0.3 | -0.4 |
| دالیں | 1.1 | 5.6 | -16.8 | 0.1 | -0.3 |
| چینی | 1.0 | 4.3 | -16.2 | 0.0 | -0.2 |
| تازہ سبزی | 1.7 | 16.5 | -3.9 | 0.3 | -0.1 |
| گوشت/مرغی | 3.8 | 1.9 | 8.5 | 0.1 | 0.4 |
| تازہ دودھ | 6.7 | 3.9 | 3.8 | 0.3 | 0.3 |
| پیاز | 0.5 | -33.2 | 67.6 | -0.2 | 0.3 |
| **ب۔ غیر غذائی** | **62.5** | **4.4** | **5.4** | **2.6** | **3.2** |
| کرایہ مکان | 21.8 | 6.5 | 6.5 | 1.2 | 1.2 |
| تعلیم | 3.9 | 10.6 | 12.4 | 0.4 | 0.5 |
| ملبوسات | 7.6 | 4.1 | 4.8 | 0.3 | 0.4 |
| صحت | 2.2 | 10.5 | 8.1 | 0.2 | 0.2 |
| موٹر ایندھن | 3.0 | -2.1 | 11.2 | 0 | 0.2 |
| تعمیرات | 0.9 | 3.7 | 6.0 | 0 | 0.1 |
| **قوزی (غیر غذائی غیر توانائی)** | **53.5** | **5.2** | **5.8** | **2.6** | **3.0** |

### غذائی مہنگائی کو سگریٹوں اور دالوں نے محدود رکھا

مالی سال 18ء میں غذائی مہنگائی گذشتہ برس کی نمو کے مقابلے میں نصف سے بھی کم رہی جسے سگریٹوں کی قیمتوں میں کمی سے منسوب کیا جا سکتا ہے (**جدول 3.10**)۔ حکومت نے کم قیمت والے سگریٹوں پر کم ڈیوٹی کا زمرہ متعارف کروا کر ملک میں پیدا ہونے والے سگریٹوں کی ڈیوٹی کی ساخت بدل دی تھی، اور اس میں شامل تمام سگریٹ صارف اشاریہ قیمت کا حصہ تھے۔[11] اگر اسے منہا کر دیا جائے اور فرض کیا جائے کہ حکومت نے ایف ای ڈی کی ساخت میں کوئی تبدیلی نہیں کی ہے تو مجموعی صارف اشاریہ قیمت میں نمو مالی سال 17ء (4.0 فیصد) کے مقابلے میں مالی سال 18ء (4.5 فیصد) میں تھوڑی سی زیادہ ہوتی۔

غذائی مہنگائی کو کم کرنے والا دوسرا اہم جز دالیں تھیں۔ دالوں کی مقامی پیداوار میں کمی کے باعث مالی سال 16ء کے دوران اور مالی سال 17ء کے کچھ حصے میں اس کی قیمت بڑھ گئی تھی۔[12] تاہم طلب و رسد کا فرق کم کرنے کے لیے اجناس کی ریکارڈ درآمدات کے باعث اس کی قیمتیں مستحکم ہو گئی تھیں۔ شکر کے فاضل ذخائر کو ملک میں گذشتہ دو برسوں سے مسلسل گنے کی ریکارڈ پیداوار سے منسوب کیا جا سکتا ہے جبکہ اس کے ساتھ ساتھ عالمی منڈی میں اس کی بھرمار ملکی قیمتوں کی کمزوری کا باعث بنتی رہی۔

[11] تفصیلات کے لیے دیکھیے پاکستانی معیشت کی کیفیت پر اسٹیٹ بینک کی پہلی سہ ماہی رپورٹ برائے مالی سال 18ء۔


[12] ملکی پیداوار متاثر رہی ہے کیونکہ فی ایکڑ پیداوار میں اتار چڑھاؤ رہا اور یہ دیگر فصلوں کے مقابلے میں کم رہی۔ اس لیے کاشت کار چاول، گندم، مکئی، کپاس اور گنے کی زیادہ نفع بخش فصلوں کی کاشت پر منتقل ہو گئے (ماخذ: اقتصادی سروے پاکستان 18-2017ء)۔

دیگر غذائی اجزا میں قیمتوں کے تعین میں رسد کے عوامل کو سبقت حاصل رہی۔ مثلاً، مالی سال 18ء میں پولٹری کی فیڈ میں شامل اہم جز مکئی پر ریگولیٹری ڈیوٹی عائد کرنے کی وجہ سے مرغی کی قیمتیں بڑھ گئی تھیں۔ اسی طرح ملک میں ایندھن کی قیمتیں بڑھنے سے تازہ دودھ کی قیمتیں بڑھ گئیں۔ مزید برآں، اگست 2017ء اور مارچ 2018ء کے درمیان پیاز کی رسد میں تعطل آجانے کی وجہ سے سال کے بیشتر حصے میں اس کی قیمتیں بھی بلند سطح پر رہیں۔ تاہم مالی سال 18ء کی چوتھی سہ ماہی میں اس کی قیمتیں مستحکم ہوگئیں۔

### موٹر ایندھن کی قیمتوں نے تیل کی بین الاقوامی قیمتوں اور شرح مبادلہ کے اثرات قبول کیے


مالی سال 15ء تا مالی سال 17ء کے دوران صارف اشاریہ قیمت میں موٹر ایندھن کے اشاریے کا حصہ اوسط منفی 0.3 فیصدی درجے تھا تاہم مالی سال 18ء میں اس میں مہنگائی دوہندسی سطح پر رہی۔ مالی سال 18ء میں بین الاقوامی قیمتوں میں اضافے اور مختلف مراحل میں شرح مبادلہ میں کمی کے باعث پیٹرول، ڈیزل اور ایل پی جی کی قیمتوں میں دوہندسی نمو ہوئی (**شکل 3.11**)۔ اس کے نتیجے میں حکومت نے مالی سال 18ء کے دوران 9 مختلف مواقع پر پیٹرول کی قیمتوں میں مجموعی طور پر 24.5 روپے فی لیٹر کا اضافہ کرکے ان اثرات کو منتقل کردیا۔ واضح رہے کہ مستقبل کی مجموعی قیمتوں کے بارے میں گھرانوں کے احساسات کا پیٹرول کی خردہ قیمتوں سے قریبی ربط ہوتا ہے۔[13] یہ صورت حال بڑھتی ہوئی مہنگائی کی توقعات سے بھی عیاں ہے جن کی عکاسی آئی بی اے ایس بی پی اعتمادِ صارف سروے سے ہوتی ہے (**شکل 3.12**)۔

**شکل 3.11: تیل کی ملکی اور بین الاقوامی قیمتیں**




Data source: Pakistan Bureau of Statistics and Bloomberg

**شکل 3.12: پیٹرول کی قیمتیں اور مہنگائی کی توقعات**





Data source: IBA-SBP Consumer Confidence Survey and Pakistan Bureau of Statistics

### قوزی مہنگائی میں اضافہ

مالی سال 18ء میں قوزی مہنگائی کے پیمانے غیر غذائی غیر توانائی میں مسلسل دوسرے برس اضافہ ہوتا رہا۔ غیر غذائی غیر توانائی پیمانے میں سال بسال کمی کا رجحان اکتوبر 2015ء میں نچلی سطح پر پہنچ گیا تھا، جس کے بعد سے اس میں اضافہ ہورہا ہے۔ مالی سال 16ء کے مقابلے میں مالی سال 17ء کے دوران قوزی مہنگائی بلند سطح پر مستحکم ہوگئی تھی۔ تاہم مالی سال 18ء کے ابتدائی 8 مہینوں کے دوران کمی کے بعد چوتھی سہ ماہی کے دوران اس اشاریے میں سال بسال بنیادوں پر اچانک اضافہ ہوگیا (**شکل 3.13**)۔ اپریل 2018ء میں ہونے والا اضافہ کافی غیر معمولی تھا جب غیر غذائی غیر توانائی میں ماہ بہ ماہ نمو 2.4 فیصد کی سطح تک پہنچ گئی تھی۔ مالی سال کے دیگر مہینوں کے مقابلے میں یہ اضافہ کہیں زیادہ تھا جن میں ماہ بہ ماہ مہنگائی کی اوسط صرف 0.4 فیصد تھی (**شکل 3.14**)۔


[13] عباس، بیگ اور چوہدری [2015ء] ترقی پذیر ملک کے حالات میں مہنگائی کی توقعات۔ غیر مطبوعہ مسودہ۔
http://dsqx.sbp.org.pk/ccs/survey%20information/paper.pdf

**شکل 3.13: غیر غذائی غیر توانائی مہنگائی**





Data source: Pakistan Bureau of Statistics

**شکل 3.14 : غیر غذائی غیر توانائی مہنگائی**




Data source: Pakistan Bureau of Statistics

**شکل 3.15: صارف اشاریہ قیمت مہنگائی کے مسلسل حصہ دار**




* Includes house rent, clothing, education, restaurants and health
Data source: Pakistan Bureau of Statistics

غیر غذائی غیر توانائی میں شامل تقریباً 75 فیصد گروپوں کی ماہ بہ ماہ مہنگائی ایک فیصد سے زیادہ تھی جبکہ تقریباً نصف اجزا نے دو فیصد سے زیادہ ماہ بہ ماہ مہنگائی ظاہر کی۔ اپریل 2018ء میں بلند نمو ملبوسات، جوتوں، مکان کے کرائے، فرنیچر، طبی ٹیسٹوں، ٹرانسپورٹ خدمات، ڈاک کی خدمات، درسی کتب، اسٹیشنری اور کاسمیٹک سامان کی قیمتوں کے اشاریوں میں تیزی سے اضافے کا نتیجہ تھی۔

### کرایہ مکان، صحت اور تعلیم کا حصہ پائیدار رہا

صارف اشاریہ قیمت میں شامل کرایہ مکان، تعلیم، ملبوسات اور جوتے، صحت اور ریستوران کا شمار ان پانچ اشاریوں میں ہوتا ہے، جن کا روایتی حصہ برقرار رہا (**شکل 3.15**)۔ یہ دلچسپ بات مشاہدے میں آئی ہے کہ یہ حصہ اشاریے میں ہونے والی مجموعی تبدیلیوں سے بڑی حد تک متاثر نہیں ہوا۔ یعنی مالی سال 11ء میں عمومی مہنگائی 13.7 فیصد اور مالی سال 18ء میں 3.9 فیصد پر رہی لیکن ان کے حصے میں تبدیلی نہیں آئی۔


تعلیم کے اشاریے میں شامل 16 میں سے 9 بنیادی اجزا کی قیمتوں میں دوہندسی مہنگائی ہوئی، جس میں حکومت اور نجی اداروں دونوں کی فیس شامل ہیں۔ اسی طرح صحت اشاریے کی مہنگائی کا سبب ادویات کی قیمتوں اور ڈاکٹروں کی فیسوں پر نظر ثانی تھا، یہ دونوں اجزا عام طور پر اپنی قیمتوں کی سطح میں مسلسل اضافے کا رجحان رکھتے ہیں۔

# 4 مالیاتی پالیسی

## 4.1 عمومی جائزہ

اخراجات کے مقابلے میں محاصل کی نمو میں تیزی سے کمی کے نتیجے میں مالیاتی خسارہ بڑھ کر گذشتہ پانچ برسوں کی بلند ترین سطح تک پہنچ گیا(**شکل 4.1**)۔ مالیاتی کارکردگی کے دیگر اظہاریوں میں بھی سست رفتاری دیکھی گئی۔ مثلاً، بنیادی خسارے میں اضافہ محاصل کی نمو کے مقابلے میں غیر سودی اخراجات میں زیادہ نمو ظاہر کرتا ہے۔ اسی طرح، محاصل کا خسارہ محاصل کے مقابلے میں جاری اخراجات میں زیادہ نمو کا عکاس ہے۔

**شکل 4.1: مالی اظہاریے**





Data sources: Ministry of Finance and SBP calculations

ششماہی تفصیلات سے ظاہر ہوتا ہے کہ مالیاتی خسارے میں مالی سال 18ء کی پہلی ششماہی کے مقابلے میں تقریباً دگنا اضافہ ہوا ہے۔ اگرچہ حکومتی اخراجات اور محاصل دونوں میں اضافے کی رفتار سست ہوئی ہے تاہم مالی سال 18ء کی دوسری ششماہی میں بلند خسارے کا سبب محاصل میں سست نمو تھی(**شکل 4.2**)۔

محاصل کی وصولی پر بوجھ غیر ٹیکس محاصل میں کمی کی وجہ سے پڑا۔ مالی سال 18ء میں اسٹیٹ بینک کے منافع اور تیل و گیس کی پیداوار پر رائلٹی / ونڈفال لیوی کے علاوہ تمام اجزا کے محاصل میں کمی ہوئی۔ خصوصاً، اتحادی سپورٹ فنڈ کی عدم موجودگی میں دفاعی اخراجات ، مارک اپ / منافع منقسمہ آمدنی اور پی ٹی اے / ڈاک خدمات کے منافع میں کمی ریکارڈ کی گئی۔

**شکل 4.2: محاصل، اخراجات اور مالیاتی خسارے کے رجحانات**




Data source: Ministry of Finance

دوسری جانب، ٹیکس وصولی کی نمو میں وسیع البنیاد اضافہ دیکھا گیا۔ خصوصاً، ایف بی آر کی ٹیکس وصولی میں مالی سال 18ء کے دوران دوہندسی نمو ہوئی۔ ایسا سال کے دوران ایف بی آر ٹیکس وصولی میں نمایاں سست رفتاری کے باوجود ہوا جو مالی سال 18ء کی پہلی سہ ماہی کے 22.0 فیصد سے گر کر چوتھی سہ ماہی میں 10.6 فیصد رہ پر آگئی۔ اس کا اہم سبب چوتھی سہ ماہی میں اشیا سازی کی سرگرمیوں، خاص طور پر سیمنٹ، سگریٹ اور مشروبات کے شعبوں کی سست رفتاری کے باعث بالواسطہ ٹیکسوں میں ہونے والی کمزور نمو تھی۔

کارپوریٹ ٹیکس کی شرح (بینکوں کے علاوہ) اور بینکوں کی نفع یابی میں کمی کے باوجود بلاواسطہ ٹیکس وصولی میں بلند نمو ہوئی اور اسے یکبارگی ٹیکس ایمنسٹی اسکیم کی وصولیوں سے فائدہ پہنچا۔ مزید برآں، خدمات پر جنرل سیلز ٹیکس کے باعث صوبائی ٹیکس وصولیوں نے اپنی گذشتہ چند برسوں سے جاری رفتار کو برقرار رکھا۔

اخراجات میں سست رفتاری کا بنیادی سبب ترقیاتی اخراجات میں کمی تھی۔ یہ گذشتہ چند برسوں میں دیکھے جانے والے رجحانات کے برعکس ہے جس میں مالیاتی پالیسی کی توجہ ترقیاتی اخراجات میں مسلسل اضافے کے ذریعے معاشی نمو کی اعانت پر مرتکز تھی۔ ترقیاتی اخراجات میں کمی کا اہم سبب مالی سال 18ء کے آخر میں سرکاری شعبے کے

**جدول 4.1: مالیاتی سرگرمیوں کا خلاصہ**

ارب روپے

| | | اصل | | جی ڈی پی کا فیصد | |
|---|---|---|---|---|---|
| | بجٹ م س18ء | م س17ء | م س18ء | م س17ء | م س18ء |
| الف۔ مجموعی محاصل | 6167.2 | 4,936.7 | 5,228.0 | 15.4 | 15.2 |
| ٹیکس محاصل | 4,912.5 | 3,969.2 | 4,467.2 | 12.4 | 13.0 |
| غیر ٹیکس محاصل | 1,254.7 | 967.5 | 760.9 | 3.0 | 2.2 |
| ب۔ مجموعی اخراجات | 7,646.8 | 6,800.5 | 7,488.4 | 21.3 | 21.8 |
| جاری | 5,393.9 | 5,197.9 | 5,854.3 | 16.3 | 17.0 |
| سودی ادائیگیاں | 1,363.0 | 1,348.4 | 1,499.9 | 4.2 | 4.4 |
| دفاع | 920.2 | 888.1 | 1,030.4 | 2.8 | 3.0 |
| ترقیاتی | 2,265.2 | 1,693.5 | 1,584.1 | 5.3 | 4.6 |
| خالص قرض گاری | -12.3 | -12.8 | 37.6 | 0.0 | 0.1 |
| شماریاتی فرق | 0 | -78.0 | 12.4 | -0.2 | 0.0 |
| مالیاتی توازن (الف۔ب) | -1,479.6 | -1,863.8 | -2,260.4 | -5.8 | -6.6 |
| محصولاتی توازن | 773.3 | -261.1 | -626.3 | -0.8 | -1.8 |
| بنیادی توازن | -116.6 | -515.4 | -760.5 | -1.6 | -2.2 |
| مالکاری | 1,479.6 | 1,863.8 | 2,260.4 | 5.8 | 6.6 |
| بیرونی ذرائع | 511.4 | 541.4 | 785.2 | 1.7 | 2.3 |
| ملکی ذرائع | 968.1 | 1,322.4 | 1,475.2 | 4.1 | 4.3 |
| بینک | 390.1 | 1,045.8 | 1,120.5 | 3.3 | 3.3 |
| غیر بینک | 528.0 | 276.6 | 352.7 | 0.9 | 1.0 |
| نجکاری | 50.0 | 0.0 | 0.0 | 0.0 | 0.0 |
| فیصد نمو | | | | | |
| مجموعی محاصل | | 11.0 | 5.9 | | |
| ٹیکس محاصل | | 8.4 | 12.5 | | |
| غیر ٹیکس محاصل | | 23.0 | -21.4 | | |
| مجموعی اخراجات | | 17.3 | 10.1 | | |
| جاری | | 10.7 | 12.6 | | |
| ترقیاتی | | 30.1 | -6.5 | | |

ڈیٹا کے ذرائع: وزارت خزانہ اور اسٹیٹ بینک کا حساب

ترقیاتی پروگرام (پی ایس ڈی پی) کی مد میں خاص طور پر عبوری حکومت کی مدت میں اخراجات کا کم ہونا تھا۔ انتخابات کے برس میں جاری اخراجات میں اضافہ متوقع تھا اور اس کی وجہ صوبائی جاری اخراجات کا تیزی سے بڑھنا تھی۔[1]

[1] گذشتہ انتخابی برسوں کی طرح جاری اخراجات میں اضافہ متوقع تھا۔ مثلاً، مالی سال 08ء میں جاری اخراجات کی نمو بڑھ کر 35.1 فیصد تک پہنچ گئی جو مالی سال 07ء میں 22.7 فیصد تھی۔ اسی طرح، مالی سال 13ء کے دوران جاری اخراجات میں 17.2 فیصد نمو ہوئی جبکہ مالی سال 12ء میں 7.6 فیصد بڑھے تھے۔

مذکورہ حالات کے نتیجے میں مالی سال 18ء کے دوران بلند مالی ضروریات کو ملکی اور بیرونی دونوں ذرائع سے پورا کیا گیا۔ جہاں تک بیرونی شعبے کا تعلق ہے تو حکومت نے کمرشل قرضوں، بانڈز/صکوک اور دو طرفہ قرضوں پر بھاری انحصار کیا۔ اندرون ملک بینک اور غیر بینک دونوں ذرائع کے قرضے بڑھ گئے۔ بینک قرضوں میں حکومت نے نہ صرف اپنی اضافی مالی ضروریات کو پورا کرنے بلکہ سال کے دوران عرصیت مکمل کرنے والے بینکوں کے طویل مدتی قرضوں کی واپسی کے لیے زیادہ انحصار اسٹیٹ بینک کے قرضوں پر کیا۔

**جدول 4.2: ایف بی آر ٹیکس وصولی**

ارب روپے

| | بجٹ م س | وصولیاں | | فیصد نمو | |
|---|---|---|---|---|---|
| | 18ء | م س17ء | م س18ء | م س17ء | م س18ء |
| بلاواسطہ ٹیکس | 1,594.9 | 1,343.2 | 1,536.6 | 12.7 | 14.4 |
| بالواسطہ ٹیکس | 2,418.1 | 2,017.8 | 2,305.5 | 5.1 | 14.3 |
| کسٹم ڈیوٹی | 581.4 | 496.0 | 608.3 | 22.1 | 22.6 |
| سیلز ٹیکس | 1,605.2 | 1,323.3 | 1,491.3 | 0.0 | 12.7 |
| ایف ای ڈی | 231.5 | 198.6 | 205.9 | 4.2 | 3.7 |
| مجموعی ٹیکس | **4,013.0** | **3,361.0** | **3,842.1** | **8.0** | **14.3** |
| مجموعی ٹیکس (جی ڈی پی کا فیصد) | **11.2** | **10.5** | **11.2** | | |

ڈیٹا کا ماخذ: فیڈرل بورڈ آف ریونیو اور وزارت خزانہ

## 4.2 محاصل

مالی سال 18ء میں مجموعی محاصل میں 5.9 فیصد نمو ہوئی، جو گذشتہ برس ہونے والی 11.0 فیصد نمو کا تقریباً نصف ہے۔ سست رفتاری کا اہم سبب غیر ٹیکس محاصل پر دباؤ تھا۔ دوسری جانب ٹیکس محاصل میں نمو کافی وسیع البنیاد رہی کیونکہ مالی سال 18ء میں ایف بی آر اور صوبوں دونوں کی جانب سے ٹیکس وصولی میں اضافہ ہوا۔

### ایف بی آر ٹیکس

مالی سال 18ء کے دوران ایف بی آر نے 3,842 ارب روپے کے ٹیکس جمع کیے، جو اس میں 14.3 فیصد اضافے کو ظاہر کرتا ہے جبکہ گذشتہ برس اس میں 8.0 فیصد نمو ہوئی تھی (**جدول 4.2**)۔ ٹیکسوں کی وصولی میں نمو گذشتہ برس کے مقابلے میں زیادہ لیکن 30 جون 2018ء تک ٹیکس ایمنسٹی اسکیم کی مد میں تقریباً 89.6 ارب روپے جمع ہونے کے باوجود مالی سال 18ء کے ہدف (19.4 فیصد) سے کم رہی۔[2]

**جدول 4.3: بلاواسطہ ٹیکسوں کی تفصیل**

ارب روپے

| | | | نمو (فیصد) | |
|---|---|---|---|---|
| | م س17ء | م س18ء | م س17ء | م س18ء |
| **الف۔ رضاکارانہ ادائیگیاں** | **370.5** | **377.4** | 8.7 | 1.9 |
| **ب۔ عند الطلب وصولی** | **92.8** | **104.1** | 5.6 | 12.2 |
| **ج۔ ودہولڈنگ ٹیکس** | **940.6** | **1004.0** | 13.1 | 6.7 |
| جس میں | | | | |
| درآمدات اور برآمدات | 221.3 | 247.0 | 8.1 | 11.6 |
| معاہدے | 259.5 | 283.2 | 24.3 | 9.1 |
| تنخواہ | 111.2 | 133.4 | 28.0 | 19.9 |
| سود اور تمسکات | 42.6 | 45.6 | 11.6 | 7.2 |
| نقد رقوم نکلوانا | 30.8 | 34.0 | 7.7 | 10.3 |
| منافع منقسمہ | 49.5 | 57.8 | 17.7 | 16.9 |
| بجلی کے بل | 25.8 | 33.8 | 1.2 | 30.9 |
| ٹیلی فون | 51.8 | 47.4 | 8.6 | -8.5 |

ڈیٹا کا ماخذ: فیڈرل بورڈ آف ریونیو اور اسٹیٹ بینک کا حساب

اس سے قطع نظر، گذشتہ برس کے مقابلے میں ٹیکسوں کی وصولی کی بلند سطح سے برآمدی صنعتوں کو درپیش نقد رقوم کے مسائل میں کمی کے لیے ٹیکس ری فنڈز بڑھانے کا موقع مل سکا۔ ٹیکس حکام نے مالی سال 18ء میں 154.7 ارب روپے کی بازادائیگی کر دی جبکہ گذشتہ برس 87.0 ارب روپے کی چکتائی ہوئی تھی۔

### بلاواسطہ ٹیکس


مالی سال 18ء کے دوران بلاواسطہ ٹیکسوں میں 14.4 فیصد نمو ہوئی جبکہ گذشتہ برس 12.7 فیصد کا اضافہ ہوا تھا (**جدول 4.3**)۔ سست نمو کے باوجود اس میں اہم حصہ ودہولڈنگ ٹیکسوں کا تھا۔ ودہولڈنگ ٹیکسوں میں سست رفتار نمو کے باوجود ان سے محاصل کا اہم حصہ حاصل ہوا۔ ودہولڈنگ

[2] اثاثوں کو ظاہر کرنے کے لیے دو مختلف آرڈیننس کے ذریعے ایمنسٹی اسکیم متعارف کرائی گئی جن میں بیرونی اثاثہ جات (اعلان اور واپسی) ایکٹ 2018ء اور ملکی اثاثہ جات کا رضاکارانہ اعلان ایکٹ 2018ء شامل ہیں۔ اسکیم میں اثاثوں کی نوعیت کے لحاظ سے ٹیکسوں کی کم از کم شرح 2 تا 5 فیصد مقرر کی گئی۔ اسکیم کے ذریعے رسمی نظام میں تقریباً 75,000 نئے ٹیکس دہندگان کے اضافے میں مدد ملی جس سے ٹیکس فائل کرنے والوں کی تعداد 1.46 ملین تک پہنچ گئی۔ یہ امر قابل ذکر ہے کہ اسکیم میں 31 جولائی 2018ء تک توسیع کر دی گئی۔

ٹیکسوں میں بڑھتا ہوا تجارتی حجم، سمجھوتوں، تنخواہوں اور منافع منقسمہ میں اضافہ شامل ہیں جبکہ موبائل ری چارج اور سبسکرپشن سے آمدنی کم ہو گئی۔[3] عندالطلب وصولیاں بھی بڑھ گئیں، براہ راست ٹیکسوں میں ان کا حصہ صرف 6.7 فیصد ہے۔ یہ بے ترتیب انتخاب کے بجائے خطرے پر مبنی آڈٹ پر منتقلی سے آڈٹ کے عمل میں بہتری کا نتیجہ تھا۔

تاہم مجموعی بلاواسطہ ٹیکسوں میں 25 فیصد حصہ رکھنے والی رضاکارانہ ادائیگیوں میں مالی سال 18ء کے دوران صرف 1.9 فیصد کا اضافہ ہوا جبکہ گذشتہ برس 8.7 فیصد نمو ہوئی تھی (**جدول 4.3**)۔ اس کا اہم سبب بینکوں کی کم نفع یابی اور کارپوریٹ ٹیکس شرح (بینکوں کے علاوہ) کا 31 سے کم ہو کر 30 فیصد ہونا ہے۔[4]

**شکل 4.3: منتخب ممالک میں کارپوریٹ ٹیکس کی شرح**




Data source: KPMG International

یہ امر قابل ذکر ہے کہ حکومت گذشتہ پانچ برسوں کے دوران کارپوریٹ ٹیکس میں بتدریج کمی کرتے ہوئے اسے 35 سے کم کر کے 30 فیصد پر لے آئی ہے۔ یہ اقدام بہترین عالمی روایات سے ہم آہنگ مسابقتی کاروباری ماحول پیدا کرنے کے حوالے سے اہم تھا (**شکل 4.3**)۔ آگے چل کر کارپوریٹ ٹیکس کی شرح کو آئندہ پانچ برسوں میں مزید کم کر کے 25 فیصد پر لانے کا منصوبہ بنایا گیا ہے۔ اس اقدام سے توقع ہے کہ سرمایہ کاری کی حوصلہ افزائی اور رضاکارانہ ادائیگیوں میں اضافہ ہو گا، جو محصولات کی وصولی بڑھانے کے ساتھ ساتھ معاشی نمو کے بہتر امکانات اور روزگار کے مواقع پیدا کرنے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ اس سے قطع نظر، انسانی انٹرفیس سے گریز کرتے ہوئے ڈجٹائزیشن کی حوصلہ افزائی کرنے یعنی لوگوں کو ٹیکنالوجی کے استعمال کے ذریعے محصولاتی ادارے سے منسلک کرنا اخراج پر قابو پانے میں کلیدی اہمیت کا حامل ہو گا (**باکس 4.1**)۔

**باکس 4.1: پاکستان میں ٹیکسوں کی وصولی کی ڈجٹائزیشن: ایک خوش آئند پیش رفت**

اسٹیٹ بینک آف پاکستان اور فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے حکومتی ٹیکسوں اور ڈیوٹیوں کی ون لنک سہولت کے ذریعے آن لائن وصولی کا مشترکہ نظام متعارف کرایا ہے۔[5] اس کا اطلاق انکم ٹیکس، سیلز ٹیکس اور کسٹم ڈیوٹیوں کی ادائیگی پر ہو گا۔ اسکیم کا مقصد خصوصاً محصولات جمع کرنے کے تناظر میں ادائیگیوں کے نظام میں بہتری لانے کے علاوہ ٹیکس دہندگان کو سہولت دینا اور اخراج کے اثرات کو کم کرنا ہے۔

توقع ہے کہ یہ اقدام ٹیکس جمع کرنے والی مشینری کی کارکردگی میں خامیاں کم کر کے محصولات جمع کرنے میں مثبت کردار ادا کرے گا۔ منقولی جائزے الیکٹرانک ٹیکس وصولی اور محصولات میں نمو کے درمیان ایک مضبوط ارتباط کی نشاندہی کرتے ہیں۔ لہٰذا، ڈجٹائزیشن کے لحاظ سے ٹیکس جمع کرنے کے طریقوں میں جدت سے توقع ہے کہ ٹیکس گزاروں کو سہولت ملے گی اور محصولات کی وصولی میں اضافہ ہو جائے گا۔

زیادہ اہم بات یہ ہے کہ یہ اقدام روایتی طریقوں کے ذریعے ٹیکس ادائیگی پر صرف ہونے والے وقت کو کم سے کم رکھنے میں بھی معاون ثابت ہو گا۔ مثلاً، کئی چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری افراد کی رائے ہے کہ بعض ٹیکسوں کی ادائیگی کے لیے بینک اور ٹیکس دفاتر جانے پر لاگت آتی ہے، جس سے ان کی ٹیکسوں کی تعمیل کی مجموعی لاگت بڑھ جاتی ہے۔ اس سے ٹیکس دہندگان کی لاگت بھی کم ہو جائے گی۔


[3] اس کا سبب جون 2018ء میں سپریم کورٹ کے احکامات پر موبائل فون سبسکرپشن پر ود ہولڈنگ ٹیکس کی شرح 14.0 فیصد سے کم کر کے 12.5 فیصد تک لانا اور موبائل فون ری چارج پر ود ہولڈنگ ٹیکس کی معطلی تھی۔

[4] مالی سال 18ء میں بینکاری شعبے کا منافع 18.9 فیصد کمی کے بعد 245.0 ارب روپے تک پہنچ گیا جبکہ گذشتہ برس یہ 302 ارب روپے تھا۔

[5] دیکھیے "حکومتی ٹیکسوں اور ڈیوٹیوں کو آن لائن جمع کرنے کا آغاز: ماخذ: http://www.sbp.org.pk/press/2018/Pr-Online-Taxes-20-Mar-18.pdf


عالمی بینک کی ٹیکسوں کی ادائیگی کی رپورٹ کے مطابق مجموعی ٹیکسوں کی ادائیگی کے پیمانے کے ذیلی اظہاریوں میں ادائیگیوں کی تعداد[6] اور تعمیل کے وقت[7] کی خاص طور پر آن لائن فائلنگ اور ٹیکس ادائیگیوں کے حوالے سے پیش رفت کو جانچا جاتا ہے۔ ان اظہاریوں کی وسعت جتنی محدود ہو گی، ٹیکس نظام میں نصب آئی ٹی پر مبنی طریقوں کی پائیداری بلند سطح پر ہو گی۔ مثلاً، اسٹونیا کے ٹیکس دہندگان اپنے وی اے ٹی اور لیبر ٹیکسوں بشمول لازمی ادائیگیوں کی فائلنگ پر سالانہ صرف 81 گھنٹے خرچ کرتے ہیں۔[8]

**شکل 4.1.1: ٹیکسوں کی ادائیگی مجموعی درجہ بندی 2018ء؛ ایشیا بحرالکاہل منتخب**




Data source: Paying Taxes 2018, World Bank

**شکل 4.1.2: الیکٹرونک ٹیکس ادائیگیوں کے عالمی بینک کے اظہاریے ***




*The higher values of these two indicators show the absence of electronic tax paying systems installed and vice versa.

رپورٹ کے مطابق مجموعی ٹیکس ادائیگی کے زمرے میں ایشیا بحرالکاہل کے ممالک میں پاکستان کی درجہ بندی نچلی سطح پر ہے (**شکل 4.1.1**)۔ بہ الفاظ دیگر، پاکستان میں ٹیکس وصولی کے طریقوں میں آئی ٹی پر مبنی مؤثر نظاموں کی عدم موجودگی کی عکاسی 'ادائیگیوں کی تعداد' اور 'تعمیل کے وقت' کے اظہاریوں میں شدت کی بلند سطح سے ہوتی ہے (**شکل 4.1.2**)۔ چنانچہ، اس اقدام سے ٹیکسوں کی ادائیگی میں پاکستان کی درجہ بندی میں بہتری کا امکان موجود ہے اور کاروبار کرنے میں آسانی کے لحاظ سے بہتری کا عکاس ہے۔

تاہم اس نظام کا مؤثر نفاذ یقینی بنانے کے لیے کچھ خدشات کو پیشِ نظر رکھنے کی ضرورت ہے۔ ٹیکس دہندہ کی، "کمپیوٹر خواندگی" کو ہر فریق (ٹیکس دہندہ اور ٹیکس اہلکاروں) کو تربیت کے ذریعے ڈجیٹائز طریقوں کے استعمال کے قابل بنا کر حاصل کیا جاسکتا ہے۔ جبکہ الیکٹرانک ادائیگی اور فائلنگ جیسے ڈجیٹائزیشن پروسیس کو ٹیکس جمع کرنے والے حکام کو مزید آسان بنانا چاہیے۔

مزید برآں، اس نظام سے پیدا ہونے والے ڈجیٹل خطرات سے بھی احتیاط سے نمٹنے کی ضرورت ہے۔ سائبر سیکورٹی اور پرائیویسی کے مسائل کو ٹیکس دہندگان کا اعتماد بڑھانے اور ڈجٹائزیشن کو زیادہ جدت پسند بنانے کے لیے دانشمندی سے حل کیا جانا چاہیے۔

**حوالہ جات:**


- Bett, B.K., Yudah, O.A. (2017). Contribution of i-Tax System as a Strategy for Revenue Collection at Kenya Revenue Authority, Rift Valley Region, Kenya. International Journal of Scientific and Research Publication, 7(9), 389-396
- Gitaru, K. (2017). The Impact of System Automation on Revenue Collection in Kenya Revenue Authority (A case study of Simba)
- Ndayisenga, E., Shukla, J. (2016). Effect of Electronic Tax Management System of Tax Collection in Rwanda: A Case Study of Rwanda Revenue Authority. International Journal of Business and Management, 4(5), 38-49


[6] ادائیگیوں کی تعداد کے اظہاریے کے مطابق ادائیگیوں کی شدت کی گنتی ٹیکس ادائیگی کے طریقے کو مدنظر رکھتے ہوئے کی جاتی ہے۔ ایک ادائیگی کو ایک مرتبہ گنا جاتا ہے جہاں ٹیکس دہندگان کی اکثریت آن لائن ٹیکس فائلنگ اور ادائیگی کے نظام کو استعمال کرتی ہے اور حتیٰ کہ متعدد بار ادائیگیاں کی جاتی ہے۔ چنانچہ ادائیگیوں کی کم تعداد کا مطلب ہے کہ ٹیکس دہندگان ٹیکس ادائیگی کے لیے الیکٹرانک نظاموں کو استعمال کرتے ہیں۔

[7] اس اظہاریے سے ٹیکسوں اور حصوں کی تین اہم اقسام کی تیاری، فائل کرنے اور ادائیگی میں صرف ہونے والے وقت کی پیمائش کی جاتی ہے۔


[8] ورلڈ بینک گروپ، پی ڈبلیو سی۔ ٹیکسوں کی ادائیگی 2018ء۔ عالمی بینک، واشنگٹن ڈی سی۔

تاہم، مالی سال 18ء میں بلاواسطہ ٹیکسوں کی بلند وصولی کے باوجود مجموعی ٹیکسوں میں اس کے حصے کے ساتھ جی ڈی پی کے لحاظ سے بڑھتی ہوئی آمدنی کی سطح اور اصل امکانات کے مقابلے میں کم ہے۔[9] ٹیکس کاری میں شفافیت کا اصول متعارف کرانے کے علاوہ بلاواسطہ ٹیکس کے امکانات سے استفادہ بھی مجموعی ٹیکس محاصل کی وصولی میں اہم کردار ادا کرے گا (**باکس 4.2**)۔

**باکس 4.2: پاکستان میں بلاواسطہ ٹیکسوں کے امکانات**


عام طور پر حکومتوں کے لیے بلاواسطہ ٹیکسوں کو محاصل جمع کرنے کا ایک شفاف اور مساویانہ طریقہ سمجھا جاتا ہے۔ بلاواسطہ ٹیکس آمدنی کی تقسیم کو متوازن بنانے اور عدم مساوات کے فرق کو کم کرنے کے لحاظ سے نظام کو زیادہ ترقی پسند بناتے ہیں۔ پاکستان میں ایسے redistributive طریقوں کو ان کی استعداد کے مطابق استعمال نہیں کیا گیا اور ٹیکسوں کی ساخت کا جھکاؤ رجعت پسند بالواسطہ ٹیکسوں کی طرف رہا ہے، جن کا مجموعی ٹیکسوں میں حصہ تقریباً 60 فیصد ہے۔

**شکل 4.2.1: انکم ٹیکس وصولی بمقابلہ فی کس آمدنی**




Data source: Federal Board of Revenue and Economic Survey of Pakistan

**شکل 4.2.2: مجموعی ٹیکس محاصل میں آمدنی، منافع اور کیپیٹل گین کا حصہ**




*Share of direct taxes in total for Pakistan and latest numbers available in WDI for ohers
Data source: FBR for Pakistan and WDI for

جی ڈی پی کے لحاظ سے مالی سال 18ء میں بلاواسطہ ٹیکسوں کے محصولات 4.3 فیصد تک پہنچ گئے جبکہ مالی سال 03 تا مالی سال 17ء میں ان کی اوسط 2.9 فیصد تھی۔ تاہم اگر ملک میں آمدنی کی بڑھتی ہوئی سطح سے تقابل کیا جائے تو ٹیکس وصولی میں نمو کم تھی (**شکل 4.2.1**)۔ مجموعی ٹیکسوں میں حصے کے لحاظ سے اگر دیگر ابھرتی معیشتوں سے تقابل کیا جائے تو اس دوڑ میں پاکستان درمیانے درجے پر کھڑا نظر آتا ہے (**شکل 4.2.2**)۔

بلاواسطہ ٹیکسوں میں تقریباً 70 فیصد ودہولڈنگ ٹیکسوں سے حاصل ہوتا ہے، جو بعض اوقات صارفین کو منتقل کرنے پر بالواسطہ ہو جاتا ہے۔ مثلاً، تقریباً نصف ودہولڈنگ ٹیکس درآمدات اور معاہدوں پر ایڈوانس ٹیکس کے ذریعے جمع کیا جاتا ہے، جو اشیا و خدمات کی حتمی قیمت میں شامل ہو جاتا ہے۔[10] ودہولڈنگ ٹیکس کے علاوہ ایف بی آر کے مجموعی ٹیکسوں میں بلاواسطہ ٹیکسوں کا حصہ 40 فیصد سے کم ہو کر 12.5 فیصد پر آجاتا ہے۔

بلاواسطہ ٹیکسوں سے پاکستان کی وصولی کی کم سطح کا بنیادی سبب ٹیکس نظام پر کمزور عملدرآمد اور بڑی تعداد میں ٹیکسوں سے حاصل استثنیٰ ہے

انکم ٹیکس کا بنیادی ذریعہ انفرادی اور کارپوریٹ انکم ٹیکس ہے، جن کا بلاواسطہ ٹیکسوں میں حصہ تقریباً 92 فیصد بنتا ہے۔ مالی سال 18ء میں فعال انکم ٹیکس دہندگان کی تعداد بڑھ کر 1.46 ملین تک پہنچ چکی ہے جو مالی سال 14ء میں

**جدول 4.2.1: جی ڈی پی میں شعبہ جاتی حصہ بمقابلہ ٹیکس وصولی**

فیصد

| | جی ڈی پی میں حصہ | ٹیکس محاصل میں حصہ |
|---|---|---|
| زراعت | 19.2 | 0.6 |
| صنعت | 20.9 | 69.6 |
| خدمات | 59.9 | 29.8 |
| **کل** | **100** | **100** |

ڈیٹا کا ماخذ: پاکستان دفتر شماریات اور وزارت خزانہ، مالیاتی پالیسی بیان 18

[9] آئی ایم ایف کی ایک اسٹڈی کے مطابق پاکستان کے ٹیکس امکانات کا تخمینہ جی ڈی پی کے 22.3 فیصد تک لگایا گیا ہے۔ ماخذ: Source: Pessino, C., and R. Fenochietto (2013), "*Determining Countries' Tax Effort*" IMF Working Paper 13/244, Washington DC; IMF

[10] انکم ٹیکس آرڈیننس کی دفعہ 148 میں درآمدی اشیا کی جامع فہرست فراہم کی گئی ہے جن پر کسٹم ڈیوٹی لگانے کے علاوہ ایڈوانس ٹیکس لیا جاسکتا ہے۔ اسی طرح، اشیا، خدمات کی فروخت اور سمجھوتے پر عملدرآمد پر ایڈوانس ٹیکس، انکم ٹیکس آرڈیننس کی دفعہ 153 کے تحت مختلف شرحوں پر چارج کیا جاتا ہے۔

0.98 ملین تھی، پھر بھی 57.4 ملین برسرروزگار افرادی قوت کے مقابلے میں اس کا حجم بہت چھوٹا ہے۔ اس کا ایک اہم سبب یہ ہے کہ مجموعی برسرروزگار افرادی قوت میں سے 42.3 فیصد کا انحصار زرعی شعبے پر ہے، جسے یا تو انکم ٹیکس سے استثنیٰ حاصل ہے یا پھر اس کا حصہ بہت کم ہے۔

زرعی شعبے کا جی ڈی پی میں حصہ 19.2 فیصد ہے لیکن ٹیکسوں میں اس کا حصہ معمولی ہے (**جدول 4.2.1**)۔ اٹھارہویں ترمیم کے بعد صوبوں کو زرعی شعبے سے ٹیکس جمع کرنے کے اختیارات دیے گئے تھے۔ مالی سال 17ء میں زرعی انکم ٹیکس سے صوبوں کے مجموعی محاصل خام قدر اضافی کے مقابلے میں 0.03 فیصد کی سطح پر تھے (**جدول 4.2.2**)۔ زیر کاشت زمین میں پنجاب کا حصہ 73 فیصد ہے اور زرعی انکم ٹیکس یا تو کاشت کی گئی فی ایکٹر زمین یا انکم ٹیکس آرڈیننس کے تحت ظاہر کی گئی آمدنی کی بنیاد پر چارج کیا جاتا ہے۔ پنجاب زرعی آمدنی ٹیکس ایکٹ 1997ء کے تحت اگر زیر کاشت رقبہ 12.5 ایکٹر سے کم ہے تو اس کی آمدنی کو ٹیکس سے استثنیٰ حاصل ہے۔ اور اگر رقبہ 12.5 اور 25 ایکٹروں کے درمیان ہے تو 150 روپے فی ایکٹر ٹیکس چارج کیا جائے گا جبکہ 25 ایکڑ سے متجاوز ہونے کی صورت میں 250 روپے فی ایکٹر ٹیکس وصول کیا جاتا ہے۔ ظاہر کردہ زرعی آمدنی کے معاملے میں استثنیٰ کی حد 80000 روپے ہے اور آمدنی میں اضافے کے ساتھ شرح بڑھ جاتی ہے۔ عالمی بینک کی جانب سے پنجاب میں محاصل جمع کرنے کے جائزے سے ظاہر ہوتا ہے کہ صوبے نے مالی سال 16ء میں 1.4 ارب روپے کا زرعی ٹیکس جمع کیا جبکہ وہاں سے 14 ارب روپے کے محصولات کی وصولی کا امکان موجود ہے اور یہ رقم اس کا صرف 10 فیصد بنتی ہے۔

**جدول 4.2.2: زرعی انکم ٹیکس**

ملین روپے

| | م س10ء | م س11ء | م س12ء | م س13ء | م س14ء | م س15ء | م س16ء | م س17ء |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پنجاب | 770.3 | 717.2 | 762.4 | 827.3 | 934 | 1027.7 | 1383.8 | 1280.3 |
| سندھ | 200 | 210.2 | 122.8 | 406.5 | 276.4 | 341.5 | 410 | 650 |
| خیبر پختونخوا | 15.7 | 17.5 | 20.1 | 22 | 24 | 49 | 80 | 88 |
| بلوچستان | 0 | 1.5 | 0 | 0 | 0.5 | 1 | 9.4 | 12 |
| تمام صوبے | 986 | 946.3 | 905.3 | 1,255.8 | 1,234.9 | 1,419.2 | 1,883.2 | 2,030.3 |
| مجموعی وصولی بطور فیصد: | | | | | | | | |
| ہدف | 70.0 | 59.8 | 82.2 | 114.8 | 46.3 | 50.9 | 60.2 | 55.7 |
| زرعی مجموعی قدر اضافی | 0.03 | 0.02 | 0.02 | 0.02 | 0.02 | 0.02 | 0.03 | 0.03 |

**ڈیٹا کا ماخذ: صوبائی بجٹ دستاویز اور پاکستان دفتر شماریات**

**جدول 4.2.3: ٹیکس اخراجات**


ارب روپے

| | م س11ء | م س12ء | م س13ء | م س14ء | م س15ء | م س16ء | م س17ء | م س18ء |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آمدنی ٹیکس | 46.5 | 69.6 | 82.4 | 96.6 | 83.6 | 67.3 | 14 | 61.8 |
| سیلز ٹیکس | 33.7 | 24.3 | 37.4 | 249 | 225.4 | 207.3 | 250 | 281.1 |
| کسٹم ڈیوٹی | 94.9 | 91.5 | 119.7 | 131.5 | 103 | 120 | 151.7 | 198.2 |
| **مجموعی** | **175.2** | **185.5** | **239.5** | **477.1** | **412** | **394.6** | **415.8** | **541.0** |
| یادداشتی اجزا | | | | | | | | |
| کل بلحاظ جی ڈی پی فیصد | 1.0 | 0.9 | 1.1 | 1.9 | 1.5 | 1.4 | 1.3 | 1.6 |
| کل بلحاظ ایف بی آر ٹیکس | 11.2 | 9.9 | 12.3 | 21.2 | 15.9 | 12.7 | 12.3 | 14.2 |

ڈیٹا کا ماخذ: اقتصادی سروے


مزید برآں، انکم ٹیکس آرڈیننس میں معاشرے کے مختلف طبقات کو استثنیٰ دیا گیا ہے جبکہ بعض سے ترجیحی سلوک کیا جاتا ہے۔ انہیں ٹیکس اخراجات کہا جاتا ہے اور ان کا سالانہ نقصان جی ڈی پی کا 1.6 فیصد بنتا ہے اور مالی سال 18ء میں ایف بی آر کے مجموعی ٹیکسوں میں اس کا حصہ تقریباً 14 فیصد تھا (**جدول 4.2.3**)۔ جہاں تک انکم ٹیکس کا تعلق ہے تو انکم ٹیکس آرڈیننس کے دوسرے شیڈول میں افراد اور کارپوریٹ اداروں دونوں کو حاصل استثنیٰ کی جامع فہرست فراہم کی گئی ہے۔ زیادہ اہم بات یہ ہے کہ مالی سال 18ء میں مجموعی اخراجات کا 56 فیصد انکم ٹیکس آرڈیننس 2002ء کی دفعہ 56/بی کے تحت کیا گیا ہے، جس میں پلانٹ اور مشینری کی خریداری، اور پلانٹ کی توسیع، توازن کاری، جدت طرازی اور تبدل کے لیے سرمایہ کاری پر کمپنیوں کو قابل ادائیگی ٹیکس سے استثنیٰ دیا گیا ہے۔

**شکل 4.2.3: مختلف آمدنی گروپس کی ٹیکس شرحیں**




Data source: Finance Acts

**شکل 4.2.4: گھرانوں کی اوسط ماہانہ آمدنی بلحاظ کوانٹائلز بمقابلہ انکم ٹیکس حد**




* Calculated on monthly basis from yearly per capita income
Data sources: Household Integrated Economic Survey 2015-16 and Finance Acts

حال ہی میں کم از کم قابل ٹیکس آمدنی میں اضافہ کیا گیا ہے تاہم کئی ممکنہ ٹیکس دہندگان کو شامل نہیں کیا گیا

فنانس ایکٹ 2018ء میں پاکستان میں ٹیکسوں میں خاصی تبدیلیاں کی گئیں۔ انفرادی انکم ٹیکس کی شرح کو تنخواہ دار طبقے کے مختلف ٹیکس بریکٹس کے لیے کم کر دیا گیا۔ کم از کم حد کو تنخواہ دار طبقے کے لیے 400,000 روپے سے بڑھا کر 1.2 ملین روپے کر دیا گیا اور 14 تا 70 سو ہزار روپے آمدنی والے گھرانوں کو ٹیکسوں کی شرح میں 5 سے 11 فیصد تک کمی سے فائدہ پہنچا (**شکل 4.2.3**)۔[11] فنانس ضمنی (ترمیمی) ایکٹ 2018ء میں کم از کم حد کو برقرار رکھا گیا لیکن اس جزوی فائدے کو بالائی سلیبوں پر منتقل کر دیا گیا۔

اس وقت کم از کم حد فی کس جی ڈی پی کے چھ گنا اور مالی سال 18ء کے مقابلے میں تین گنا ہے۔ ان تبدیلیوں کا نتیجہ مالی سال 18ء کے مقابلے میں آبادی کی ایک بڑی تعداد کو استثنیٰ کی صورت میں نکلا ہے، جو مالی سال 18ء میں اوسط ماہانہ آمدنی کے سرفہرست دو کوانٹائل کو بمشکل چھو رہا تھا (**شکل 4.2.4**)۔ آئی ایم ایف کے تخمینوں کے مطابق متعدد معیشتوں کے اوسط ٹیکس کی شرح فی کس آمدنی کی سطح کا 15 فیصد تھا اور جب آمدنی فی کس جی ڈی پی کے تین تا چار گنا تک پہنچتی ہے تو یہ 25 فیصد پر ہموار ہو جاتا ہے۔ علاوہ ازیں، حکومت نے کارپوریٹ انکم ٹیکس (علاوہ بینک) میں کٹوتی کر کے اسے 30 فیصد کر دیا ہے جو پانچ برس قبل 35 فیصد تھا جبکہ یہ بینکاری شعبے کے لیے 35 فیصد برقرار رہا۔ یہ رجحان بھی ابھرتی معیشتوں سے مختلف ہے جہاں 2015ء میں اوسط کارپوریٹ انکم ٹیکس 22.3 فیصد پر تھا۔

خلاصہ


پاکستان میں ٹیکس اصلاحات کا مقصد موجودہ ٹیکس دہندگان پر ٹیکس عائد کرنے کے بجائے ٹیکس اساس کو بڑھانا ہونا چاہیے۔ ٹیکسوں کی شرحوں میں حالیہ کٹوتی ایک خوش آئند پیش رفت ہے، جس سے رضاکارانہ ادائیگیوں کی حوصلہ افزائی ہو سکتی ہے تاہم اس میں ممکنہ ٹیکس دہندگان کی ایک بڑی تعداد خارج ہو سکتی ہے۔ ایک اور اہم بات یہ ہے کہ شرحوں میں کمی سے بچتوں یا خرچ کو بڑھانے میں مدد ملے گی، جو بلند اقتصادی سرگرمی پر منتج ہو گا۔ ٹیکس کے بڑے فرق کو مدنظر رکھتے ہوئے صوبوں کو چاہیے کہ وہ وفاقی متنقلیوں پر انحصار میں کمی کے لیے ایسے وسائل کو ٹیکس نیٹ میں لانے کے لیے اپنی کوششوں میں تیزی لائیں جن سے ابھی تک استفادہ نہیں کیا جا سکا۔ مزید برآں، پاکستان کا انکم ٹیکس نظام آفاقی خود تشخیصی اسکیموں پر مبنی ہے اور بڑے غیر رسمی شعبے کی وجہ سے محصولاتی گنجائش محدود ہے۔ مالی سال 13ء کے دوران غیر رسمی شعبے میں 73.3 فیصد روزگار پیدا ہوا تھا، جس کا مطلب ہے کہ بقیہ چوتھائی حصے کی صرف ایک محدود تعداد ہی ٹیکس ادا کر رہی ہو گی۔ جامع غور و خوض کے بعد تیار کی گئی پالیسی جس کا مقصد موجودہ شعبوں کی ٹیکس تعمیل میں بہتری اور غیر رسمی شعبے کو ٹیکس نیٹ میں لانا ہو، کے ذریعے ہی نظام کو زیادہ ترقی پسند بنایا جا سکتا ہے۔

**حوالہ جات:**


- عالمی بینک 2017ء، پاکستان ڈویلپمنٹ اپڈیٹ: ایک مشترکہ ذمہ داری۔
- آئی ایم ایف 2016ء، پاکستان، منتخب ایشوز پیپر۔
- عالمی بینک، 2014ء، پاکستان میں ٹیکس اخراجات کی لاگت کا جائزہ۔
- آئی ایم ایف 2017ء، مالیاتی مانیٹر: عدم مساوات سے نمٹنا۔
- الزینکی، اتھان اور ڈیوڈ لاگوس (2017ء)۔ پاکستان میں ٹیکس تعمیل کے معاشی فوائد ایم پی آر پیپر نمبر آئی ڈی 12130۔
- Martinez-Vazquez, Jorge, and Kaspar Richter(2009). Pakistan Tax Policy Report: Tapping Tax Bases for Development. No. paper0908. International Center for Public Policy, Andrew Young School of Policy Studies, Georgia State University, 2009



[11] تاہم 0.4 ملین تا 0.8 ملین روپے کے درمیان قابل ٹیکس آمدن پر 1,000 روپے کا معمولی ٹیکس عائد کیا گیا ہے۔ 0.8 ملین روپے اور 1.2 ملین روپے کے درمیان قابل ٹیکس آمدنی پر 2,000 روپے کا ٹیکس عائد کیا گیا ہے۔

شکل 4.4: کسٹم ڈیوٹی کی وصولی کے رجحانات




Data source: Federal Board of Revenue and SBP calculations

شکل 4.5 : وفاقی ایکسائز ڈیوٹی کی نمو میں حصہ




Data source: Federal Board of Revenue and SBP calculations

بالواسطہ ٹیکس

مالی سال 18ء کے دوران بلاواسطہ ٹیکس وصولی میں 14.3 فیصد نمو ہوئی جبکہ گذشتہ برس 5.1 فیصد کا کمزور اضافہ ہوا تھا۔ ملکی طلب میں تیزی کے باعث اشیا سازی کی مضبوط سرگرمیوں، ملکی فروخت میں اضافے اور درآمدی حجم بڑھنے سے محاصل جمع کرنے میں مدد ملی۔ اجناس کی عالمی قیمتوں کے ساتھ ساتھ شرح مبادلہ میں کمی سے بھی بلند محصولات جمع کرنے خصوصاً درآمدی اشیا پر کسٹم اور سیلز ٹیکس جمع کرنے میں مدد ملی۔

## سیلز ٹیکس

مالی سال 18ء میں سیلز ٹیکس وصولی میں 12.7 فیصد اضافے کے ساتھ بحالی ہوئی جبکہ مالی سال 17ء میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی تھی (**جدول 4.4**)۔ سیلز ٹیکس وصولی میں یہ بحالی ملکی طلب میں اضافے سے ہم آہنگ تھی جسے ملک میں آمدنی کی بڑھتی ہوئی سطح سے تقویت ملی۔ مزید برآں، تیل کی بلند عالمی قیمتوں کی منتقلی سے بھی ٹیکس کی حسب مالیت ساخت کے پیش نظر اس ذریعے سے سیلز ٹیکس کی مد میں بلند آمدنی کے حصول میں مدد ملی۔[12] تاہم، پیٹرولیم کی قیمتوں میں کچھ اضافہ حکومت نے سیلز ٹیکس کی شرح میں کمی کر کے جذب کر لیا، جس کا مقصد استحکام یقینی بنانا اور ملکی صارفین کو ریلیف فراہم کرنا تھا۔

## کسٹم ڈیوٹی

مالی سال 18ء میں کسٹم ڈیوٹی میں 22.6 فیصد نمو ہوئی جو گذشتہ برس کی 22.1 فیصد نمو کے مقابلے میں تھوڑی سی زیادہ ہے۔ گذشتہ چند برسوں کے دوران مستقل بلند نمو کے اسباب میں بڑھتی ہوئی درآمدات، معاشی سرگرمی میں مسلسل بہتری، حقیقی آمدنی کی سطح کے بڑھنے، اضافی کسٹم ڈیوٹی میں ایک فیصد اور متعدد غیر ضروری اجزا پر ریگولیٹری ڈیوٹیوں کا بڑھنا شامل ہیں۔ خصوصاً گاڑیوں کی درآمد، پیٹرولیم مصنوعات، لوہا اور فولاد نے مالی سال 18ء کے دوران کسٹم ڈیوٹی کی وصولی میں خاصا اہم کردار ادا کیا۔ علاوہ ازیں، اجناس کی بلند قیمتوں کے ساتھ روپے کی قدر میں کمی کے باعث درآمدی اجزا کی اندرون ملک قیمت بڑھنے سے کسٹم ڈیوٹی کی وصولیاں بڑھ گئیں۔ اس کے نتیجے میں مالی سال 18ء کے دوران ایف بی آر کے ٹیکسوں میں کسٹم ڈیوٹی کا حصہ بڑھ کر 16.0 فیصد اور جی ڈی پی کے تقریباً 1.8 فیصد تک پہنچ گیا (**شکل 4.4**)۔

## فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی

مالی سال 18ء میں فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی میں 4.0 فیصد نمو ہوئی جبکہ گذشتہ برس 5.2 فیصد کا اضافہ ہوا تھا (**شکل 4.5**)۔ فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی کی وصولی میں سست رفتاری کا سبب سگریٹوں سے وصولی میں کمی اور مالی سال 18ء کی چوتھی سہ ماہی میں اشیا سازی کی سرگرمیوں خاص طور پر سیمنٹ، سگریٹ اور مشروبات کے شعبوں میں سست نمو

[12] آئی ایم ایف کے اجناس کی قیمتوں کے اعداد و شمار کے مطابق اگست 2017ء میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں نچلی سطح تک پہنچ گئی تھیں اور ستمبر 2017ء سے ان میں اضافہ شروع ہو گیا تھا۔

تھی۔ خاص طور پر سستے سگریٹوں کے معاملے میں وفاقی ایکسائز ڈیوٹی کی شرح میں کمی کے باعث اس مد کے محاصل میں متناسب اضافہ نہ ہو سکا۔ یہ صورت حال ٹیرف کی ساخت میں اضافے پر مبنی نظر ثانی کی متقاضی ہے تاکہ بلند محاصل کے ساتھ صحت میں بہتری کے دوہرے مقصد کو حاصل کیا جاسکے۔ تاہم سیمنٹ کی وصولیوں میں اضافے سے مالی سال 18ء میں ایف ای ڈی میں ہونے والی کمی کی تلافی میں مدد ملی۔

## غیر ٹیکس محاصل

مالی سال 18ء میں غیر ٹیکس محاصل میں 21.4 فیصد کمی ہوئی جبکہ گذشتہ برس اس میں 23.0 فیصد اضافہ ہوا تھا۔ اسٹیٹ بینک کے منافع کے علاوہ یہ کمی وسیع البنیاد تھی، جس نے تقریباً گذشتہ برس کی سطح کو برقرار رکھا۔ مزید برآں، قدرے چھوٹا حصہ رکھنے والے جز تیل و گیس کی رائلٹی اور خام تیل پر ونڈفال لیوی میں اضافہ ہوا لیکن یہ غیر ٹیکس محاصل پر دباؤ میں کمی نہیں لاسکا (**شکل 4.6**)۔ پھر بھی غیر ٹیکس محاصل میں کمی کو بڑی حد تک دفاع سے متعلق محاصل خصوصاً اتحادی سپورٹ فنڈ کی وصولیوں میں کمی سے منسوب کیا جاسکتا ہے۔

**جدول 4.4: ملکی اور درآمدی مرحلے پر سیلز ٹیکس***

ارب روپے

| | م س17ء | م س18ء | نمو | |
|---|---|---|---|---|
| | | | م س17ء | م س18ء |
| ملکی | | | | |
| پیٹرولیم مصنوعات | 225.8 | 283.0 | -18.0 | 25.3 |
| برقی توانائی | 45.7 | 45.3 | 22.3 | -0.9 |
| سیمنٹ | 29.7 | 24.1 | 5.0 | -18.9 |
| مشروبات | 18.7 | 17.7 | 42.0 | -5.6 |
| سگریٹ | 17.6 | 20.5 | -26.1 | 16.9 |
| قدرتی گیس | 11.7 | 20.3 | -35.9 | 73.7 |
| دیگر | 277.2 | 265.7 | 24.4 | -4.1 |
| **کل** | **626.4** | **676.6** | **1.2** | **8.0** |
| درآمدات | | | | |
| پیٹرولیم مصنوعات | 212.0 | 264.2 | -3.2 | 24.6 |
| لوہا اور فولاد | 55.3 | 68.3 | 2.5 | 23.5 |
| میکانکی مشینری | 62.9 | 68.6 | 24.2 | 9.2 |
| برقی مشینری | 50.0 | 51.7 | 18.1 | 3.5 |
| گاڑیاں | 53.0 | 66.8 | 25.6 | 25.9 |
| پلاسٹک، گوند | 35.6 | 45.1 | 6.4 | 26.8 |
| نامیاتی کیمیکلز | 13.4 | 17.6 | 0.9 | 31.0 |
| دیگر | 219.8 | 232.4 | 1.7 | 5.7 |
| **خام** | **702.0** | **814.7** | **4.6** | **16.1** |

* یہ تفصیل عبوری اعداد و شمار پر مبنی ہے۔

ڈیٹا کا ماخذ: فیڈرل بورڈ آف ریونیو


### 4.3 اخراجات

مالی سال 18ء میں مجموعی مالیاتی اخراجات میں نمو مالی سال 17ء کے 14.5 فیصد سے کم ہو کر مالی سال 18ء میں 8.7 فیصد پر آگئی۔ اس کا بنیادی سبب ترقیاتی اخراجات میں کمی تھی کیونکہ جاری اخراجات میں اضافہ ہو گیا تھا (**جدول 4.5**)۔ یہ ماضی کے رجحانات کے برعکس ہے جب ترقیاتی اخراجات میں اضافے کے لیے جاری اخراجات کی نمو کو محدود رکھا گیا (**شکل 4.7**)۔ یہ محصولات کی کمزور پوزیشن کی صورت حال میں مالیاتی خسارے کو محدود رکھنے کے حکومتی اقدام کا ایک نتیجہ بھی ہو سکتا ہے۔

تفصیلی اعداد و شمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ ترقیاتی اخراجات میں کمی کا سبب مالی سال 18ء کے آخر میں عبوری حکومت کی میعاد کے دوران کم رقوم جاری ہونے کی وجہ سے وفاقی سرکاری شعبے کے ترقیاتی پروگرام (پی ایس ڈی پی) میں خاطر خواہ کمی تھی۔ اس سے قطع نظر صوبوں میں کچھ نمو دیکھی گئی لیکن یہ گذشتہ برس کی اسی مدت سے کم تھی (**جدول 4.5**)۔ اس کمی کے باوجود مالی سال 18ء میں انفراسٹرکچر، بجلی اور توانائی پر اخراجات اور خصوصی ترقیاتی پروگرام حکومت کی ترجیح رہے (**شکل 4.8**)۔ اسی طرح، پی ایس ڈی پی کے تحت سی پیک منصوبوں کے لیے مختص 187.3 ارب روپوں میں سے 122.7 ارب روپے خرچ کیے گئے (**شکل 4.9**)۔ البتہ بینظیر انکم سپورٹ پروگرام (بی آئی ایس پی) اور تخفیفِ غربت حکمت عملی پیپر (پی آر ایس پی) سمیت دیگر ترقیاتی اخراجات میں تیزی دیکھی گئی اور یہ مالی سال 18ء میں 10.4 فیصد نمو کے ساتھ بڑھ کر 127.8 ارب روپے تک پہنچ گئے۔

مالی سال 18ء کے دوران جاری اخراجات میں 12.6 فیصد نمو ہوئی جبکہ گذشتہ برس 10.7 فیصد اضافہ ہوا تھا۔ سودی ادائیگیوں اور دفاعی اخراجات میں اضافے کے باوجود وفاقی جاری اخراجات کی نمو کم ہوگئی (**جدول 4.5**)۔ اس کا اہم سبب نظم عامہ اور حفاظتی امور سے متعلق اخراجات میں کمی تھی۔ تاہم مالی سال 18ء میں صوبائی جاری اخراجات میں تیزی سے اضافہ ہوا۔

**شکل 4.6: غیر ٹیکس محاصل کے رجحانات**




Data source: Ministry of Finance and SBP calculations

## 4.4 صوبائی مالیاتی کارروائیاں

محاصل میں نمو کے مقابلے میں صوبائی اخراجات کی سست رفتاری کے باوجود صوبائی مالیاتی صورت حال مالی سال 18ء کے بجٹ کے تخمینوں کے برعکس

**جدول 4.5: مالیاتی اخراجات**

ارب روپے

| | م س17ء | م س18ء | مطلق تبدیلی | نمو | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | م س17ء | م س18ء |
| **جاری اخراجات** | **5197.9** | **5,854.3** | **656.4** | **10.7** | **12.6** |
| وفاقی | 3,472.2 | 3,789.8 | 317.6 | 10.4 | 9.1 |
| جس میں | | | | | |
| سودی ادائیگیاں | 1,348.4 | 1,499.9 | 151.5 | 6.7 | 11.2 |
| (i)ملکی | 1,220.3 | 1,322.6 | 102.4 | 6.0 | 8.4 |
| (ii)بیرونی | 128.2 | 177.3 | 49.1 | 13.9 | 38.3 |
| دفاع | 888.1 | 1,030.4 | 142.3 | 17.2 | 16.0 |
| امن عامہ اور تحفظ | 127.8 | 124.7 | -3.2 | 32.8 | -2.5 |
| دیگر | 1107.8 | 1134.8 | 27.0 | 7.9 | 2.4 |
| صوبائی | 1,725.7 | 2,064.5 | 338.8 | 11.3 | 19.6 |
| **ترقیاتی اخراجات** | **1,693.5** | **1,584.1** | **-109.4** | **30.1** | **-6.5** |
| سرکاری شعبے کا ترقیاتی پروگرام | 1,577.7 | 1,456.2 | -121.5 | 33.1 | -7.7 |
| وفاقی | 725.6 | 576.1 | -149.5 | 22.3 | -20.6 |
| صوبائی | 852.2 | 880.1 | 28.0 | 43.8 | 3.3 |
| دیگر(بشمول بینظیر انکم سپورٹ پروگرام) | 115.7 | 127.8 | 12.1 | 0.1 | 10.4 |
| خالص قرض گاری | -12.8 | 37.6 | 50.4 | -201.5 | -393.6 |
| **مجموعی اخراجات*** | **6,878.5** | **7,475.9** | **597.4** | **14.5** | **8.7** |


* علاوہ شماریات فرق

ڈیٹا کا ماخذ: وزارت خزانہ اور اسٹیٹ بینک کا حساب

نکلی۔ صوبوں نے فاضل کے لیے مقررہ 347 ارب روپے کے ہدف کے مقابلے میں مجموعی طور پر 17.5 ارب روپے کا خسارہ ظاہر کیا ہے جو گذشتہ برس ہونے والے 15.9 ارب روپے کے خسارے سے زیادہ ہے (**جدول 4.6**)۔ اس میں بڑا حصہ سندھ اور پنجاب کا تھا، جبکہ خیبر پختونخوا اور بلوچستان نے فاضل ظاہر کیے۔ تاہم، سہ ماہی وار تجزیے سے ظاہر ہوتا ہے کہ مالی سال 18ء کی آخری سہ ماہی میں تمام صوبوں نے خسارہ درج کیا ہے (**شکل 4.10**)۔

گذشتہ برس کے مقابلے میں اخراجات میں سست رفتاری سے اضافہ ہوا تاہم یہ بڑھ کر 2960.9 ارب روپے تک پہنچ گئے۔ یہ صوبائی محاصل کے مقابلے میں زیادہ تھا، جن میں 21.0 فیصد کی قدرے بلند شرح سے اضافہ ہوا لیکن یہ 2938.5 ارب روپے تک پہنچ گئے۔ لہٰذا، محصولاتی اخراجات کے درمیان فرق مالی سال 18ء میں کم ہوا ہے۔ اس سے قطع نظر، پورے سال کے دوران اخراجات کے مقاصد سے مختص کیے گئے فنڈز کی وصولی اور چکتائی کے وقت میں تاخیر دیکھی گئی، چنانچہ آخر جون مالی سال 18ء تک صوبے خالص قرض گیر بن چکے تھے (**جدول 4.6**)۔


**شکل 4.7: اخراجات میں نمو کے رجحانات**




Data source: Ministry of Finance and SBP calculations


مجموعی صوبائی محاصل میں بلند نمو صوبوں کی اپنے محصولات بڑھانے کی کوششوں

**شکل 4.8 : م س 18ء: پی ایس ڈی پی اخراجات میں نمو اور اجزائے ترکیبی**




Data source: Ministry of Finance and PSDP Releases as on 30-06-2018

**شکل 4.9: م س 18: سی پیک کے لیے پی ایس ڈی پی کے تحت فنڈز کی اصل وصولی**




Data source: PSDP releases as on 30-06-2018 and CPEC official website

کی عکاس بھی ہے۔ خاص طور پر اس کی عکاسی جی ایس ٹی ایس میں مسلسل اضافے سے ہوتی ہے جس میں مالی سال 18ء کے دوران 223.9 ارب روپے کا اضافہ ہوا جبکہ مالی سال 17ء میں یہ 170.8 ارب روپے تک بڑھے تھے۔ خاص طور پر پنجاب میں ای اسٹیمپنگ متعارف کرانے سے اسٹیمپ ڈیوٹیوں کی وصولیوں میں 64.4 فیصد نمو

ہوئی، جس کا صوبائی ٹیکس وصولی میں حصہ خاصا بنتا ہے۔[13] تاہم پراپرٹی ٹیکس میں 21.1 فیصد کمی ہوئی جس کا اہم سبب پنجاب میں وصولیوں کی کم سطح تھی اور جہاں ان میں گذشتہ برس جمع کی گئی رقوم کے مقابلے میں نصف کمی واقع ہوئی۔

**جدول 4.6: صوبائی مالیاتی سرگرمیاں**

ارب روپے


| | پنجاب | سندھ | خیبر پختونخوا | بلوچستان | کل | نمو |
|---|---|---|---|---|---|---|
| م س 18ء | | | | | | |
| الف۔ مجموعی محاصل | 1412.0 | 802.8 | 481.5 | 242.3 | 2938.5 | 21.0 |
| وفاقی محاصل میں صوبائی حصہ | 1078.8 | 562.3 | 363.5 | 212.9 | 2217.4 | 12.8 |
| صوبائی حصہ (I+II) | 259.1 | 192.7 | 82.2 | 14.0 | 548.1 | 36.6 |
| I۔ ٹیکس | 197.5 | 176.1 | 18.3 | 9.4 | 401.4 | 24.7 |
| II۔ غیر ٹیکس محاصل | 61.6 | 16.6 | 63.9 | 4.6 | 146.7 | 84.5 |
| وفاقی قرضے اور منتقلیاں | 74.1 | 47.8 | 35.8 | 15.3 | 173.0 | 182.9 |
| ب۔ مجموعی اخراجات | 1418.6 | 845.1 | 447.1 | 250.1 | 2960.9 | 14.3 |
| جاری** | 948.8 | 619.7 | 329.7 | 182.5 | 2080.7 | 19.6 |
| ترقیاتی | 469.8 | 225.4 | 117.4 | 67.6 | 880.1 | 3.3 |
| فرق (الف۔ب) | -6.6 | -42.3 | 34.4 | -7.8 | -22.4 | -86.3 |
| **مالکاری* (مجموعی توازن)** | **17.4** | **34.7** | **-10.1** | **-24.4** | **17.5** | **10.5** |
| م س 17ء | | | | | | |
| الف۔ مجموعی محاصل | 1149.5 | 692.6 | 361.8 | 224.3 | 2428.2 | 5.9 |
| وفاقی محاصل میں صوبائی حصہ | 928.8 | 516.9 | 315.2 | 204.9 | 1965.8 | 5.6 |
| صوبائی محاصل (I+II) | 187.7 | 153.1 | 49.7 | 10.9 | 401.3 | 6.6 |
| I۔ ٹیکس | 155.4 | 144.5 | 15.7 | 6.3 | 321.8 | 13.6 |
| II۔ غیر ٹیکس محاصل | 32.3 | 8.6 | 34.0 | 4.6 | 79.5 | -14.8 |
| وفاقی قرضے اور منتقلیاں | 33.0 | 22.7 | -3.1 | 8.6 | 61.2 | 11.0 |
| ب۔ مجموعی اخراجات | 1154.5 | 754.1 | 436.7 | 246.2 | 2591.5 | 20.4 |
| جاری** | 716.1 | 550.9 | 299.0 | 173.3 | 1739.3 | 11.5 |
| ترقیاتی | 438.4 | 203.2 | 137.7 | 73.0 | 852.2 | 43.8 |
| فرق (الف-ب) | -5.0 | -61.5 | -74.9 | -21.9 | -163.2 | -215.2 |
| **مالکاری* (مجموعی توازن)** | **-15.7** | **39.0** | **-13.5** | **6.0** | **15.9** | **-107.7** |

* مالکاری میں منفی علامت کا مطلب ہے فاضل۔ ** جاری اخراجات کے اعداد و شمار کی جدول 4.5 میں دیے گئے اعداد و شمار سے مماثلت ضروری نہیں کیونکہ یہاں درج اعداد و شمار میں وفاقی حکومت کو مارک اپ ادائیگیاں شامل ہیں۔

ڈیٹا کا ماخذ: وزارت خزانہ اور اسٹیٹ بینک کا حساب۔


[13] 2016ء میں پی آئی ٹی بی نے پنجاب حکومت کے ساتھ اشتراک کیا اور قانونی تقاضوں کے لیے طویل طریقہ کار سے رساؤ کو کم از کم کرنے کی غرض سے ای اسٹیمپنگ سہولتیں متعارف کرائیں۔

**شکل 4.10: مالی سال 18ء میں صوبہ وار فاضل**




Data source: Ministry of Finance and SBP calculations

**شکل 4.11: صوبائی محاصل اور اخراجات میں نمو**





Data source: Ministry of Finance and SBP calculations

صوبائی غیر ٹیکس محاصل بڑھ کر 146.7 ارب روپے تک پہنچ گئے جبکہ گذشتہ برس یہ 79.5 ارب روپے کی کمتر سطح پر تھے۔ اس کا سبب پن بجلی کے منافع سے حاصل ہونے والے محاصل کی بلند سطح تھی یہ وصولیاں بیشتر خیبر پختونخوا اور پنجاب میں کی گئیں۔ سندھ نے بھی 16.6 ارب روپے جمع کیے۔ وفاقی قرضوں اور متقلیوں میں ایک دہائی کا بلند اضافہ درج کیا گیا، جس کا اہم سبب ترقیاتی منصوبوں خصوصاً پنجاب میں اورنج لائن ٹرین کی مالکاری تھی۔

صوبائی اخراجات میں نمو سست ہو کر 14.3 فیصد رہ گئی جبکہ گذشتہ برس 20.4 فیصد کی بلند سطح پر تھی (**شکل 4.11**)۔ اس کا اہم سبب بلوچستان اور خیبر پختونخوا کے ترقیاتی اخراجات میں کافی سست نمو تھی۔ تاہم صوبائی ترقیاتی اخراجات میں نمو گذشتہ برس کے 11.5 فیصد سے بڑھ کر مالی سال 18ء میں 19.6 فیصد تک پہنچ گئی۔ جاری صوبائی اخراجات میں نظمِ عامہ اور عمومی عوامی خدمات کو بدستور ترجیح حاصل رہی۔ تاہم سماجی تحفظ کے زمرے میں اخراجات کی بلند سطح دیکھی گئی (**شکل 4.12**)۔

ترقیاتی اخراجات میں معمولی نمو کے ساتھ بھی صوبے مکانات، کمیونٹی کی ترقی اور اقتصادی امور پر زیادہ خرچ کر سکتے ہیں۔ اقتصادی امور میں ترجیح زراعت، گلہ بانی اور تعمیرات کو دی گئی (**شکل 4.12**)۔ مثلاً، پنجاب کی صوبائی ڈویلپمنٹ ورکنگ پارٹی (پی ڈی ڈبلیو پی) نے آبپاشی، تعمیرات، صحت اور تعلیم کے شعبوں سے متعلق بعض منصوبوں کی منظوری دی۔[14] خیبر پختونخوا میں توجہ کا مرکز زراعت، گلہ بانی، اشیاسازی اور تعمیرات کے شعبے رہے۔[15]

**شکل 4.12: م س 18: صوبائی اخراجات کی ترجیحات**




Data source: Ministry of Finance

14 منصوبہ جاتی جھلکیاں، محکمہ منصوبہ بندی اور ترقی، حکومتِ پنجاب

15 خیبر پختونخوا میں خوشحالی کا دوبارہ حصول، وسط مدتی شمولیت پر مبنی نمو کی حکمت عملی 2015ء تا 2018ء۔

وسیع تناظر میں دیکھا جائے تو صوبائی حکومتوں نے مالی سال 18ء میں تعلیم اور صحت پر اپنے جاری اور ترقیاتی اخراجات میں اضافہ کر دیا۔ ایک مثبت پیش رفت یہ ہے کہ سندھ حکومت نے عالمی بینک کے اشتراک سے ایک پروگرام کا آغاز کیا ہے جس کا مقصد بچوں کی نامناسب افزائش اور غذائیت کی کمی کو 2021ء تک 48 فیصد سے کم کر کے 30 فیصد تک لانا ہے۔[16]

اس سے قطع نظر صوبائی خسارے کی صورت حال نے دباؤ کا شکار وفاقی مالیات پر بوجھ میں مزید اضافہ کر دیا۔ یہ دو طرح سے ہوا۔ اول، پہلا، مجموعی صوبائی محاصل کو ہمیشہ این ایف سی ایوارڈ کے مطابق بلند صوبائی حصے (57.5 فیصد) سے اعانت ملتی رہی اور وفاقی حکومت کی ذمہ داری ہے کہ وہ فنڈز، وفاقی منتقلیاں اور گرانٹس صوبوں کو منتقل کرے۔ دوسرا، صوبائی خسارہ مالیاتی خسارے کو سہولت دینے کے بجائے مجموعی خسارے کو مزید بڑھانے کا باعث بنا ہے۔ اس لیے، محصولات کے غیر دریافت شدہ ذرائع (جیسے زراعت اور پراپرٹی ٹیکس) سے زیادہ سے زیادہ استفادے کے لیے ادارہ جاتی اصلاحات کی جائیں اور اخراجات کے انتظام کو فنڈز کی فراہمی کے ساتھ ہم آہنگ کرنا ضروری ہے۔


[16] بچوں کی نامناسب افزائش میں کمی لانے کا منصوبہ، شہری پالیسی اور تزویراتی منصوبہ بندی، محکمہ منصوبہ بندی و ترقی، حکومت سندھ۔

# 5 ملکی اور بیرونی قرضہ

## 5.1 عمومی جائزہ

بڑھتے ہوئے کُلی معاشی عدم توازن، بالخصوص جُڑواں خساروں میں اضافے سے قرضے جمع ہونے کی رفتار میں اضافہ ہوگیا۔ مالی سال 18ء کے دوران مجموعی سرکاری قرضے میں 16.6 فیصد اضافہ ہوا، جو مالی سال 17ء میں درج کیے گئے اضافے سے تقریباً دوگنا تھا۔ نتیجتاً، جون 2018ء کے اختتام پر مجموعی سرکاری قرضہ 5.6 فیصدی درجے اضافے سے جی ڈی پی کا 72.5 فیصد ہوگیا۔ حکومتی قرضے میں بھی ملتے جلتے رجحان دیکھے گئے۔ سرکاری قرضہ منہا بینکاری نظام میں حکومتی امانتیں۔ چنانچہ، قرضہ تا جی ڈی پی شرح مالیاتی ذمہ داری اور تحدیدِ قرضہ ایکٹ (ایف آر ڈی ایل اے)، 2005ء میں بتائی گئی 60 فیصد کی حد سے بلند رہی (**شکل 5.1**)۔[1]


**شکل 5.1: قرض کے اظہاریے**




*As per FRDLA
Data sources: State Bank of Pakistan and Economic Affairs Division

مطلق لحاظ سے، مالی سال 18ء کے دوران 3.5 ٹریلین روپے اضافے کے ساتھ جون 2018ء کے اختتام تک مجموعی سرکاری قرضہ 25.0 ٹریلین روپے ہوگیا۔ مجموعی سرکاری قرضے میں ایک سال کے دوران اس ریکارڈ اضافے میں نصف سے زائد حصہ سرکاری بیرونی قرضے کا تھا جس میں 30.1 فیصد اضافہ ہوا (**شکل 5.2**)۔ سرکاری بیرونی قرضے میں بیشتر اضافہ چین، بیرونی کمرشل بینکوں کے نئے قرضوں اور یورو بانڈ / صکوک کے اجرا کی آمدنیوں سے ہوا۔ اس کے علاوہ ڈالر کے مقابلے میں عالمی کرنسیوں کی قدر میں اضافے اور ڈالر کے مقابلے میں پاکستانی روپے کی قدر میں کمی کی وجہ سے بازِ قدر پیمائی نقصانات بھی مالی سال 18ء کے دوران سرکاری بیرونی قرضے میں اس بلند نمو کی وجہ ہیں۔ سرکاری بیرونی قرضے کے 2.0 ٹریلین روپے اضافے میں سے لگ بھگ 1.1 ٹریلین روپے اضافے کی وجہ ڈالر کے مقابلے میں پاکستانی روپے کی قدر میں کمی اور ڈالر کے مقابلے میں اہم کرنسیوں کی قدر میں اضافہ تھا۔[2]

**شکل 5.2: مجموعی سرکاری قرضے میں تبدیلی کی ہیئتِ ترکیبی**




Data sources: State Bank of Pakistan and Economic Affairs Division


بلند قرضوں کے علاوہ زیادہ تر نئے بیرونی قرضوں کے معاہدے رواں شرح سود پر کیے گئے۔ گو کہ بیرونی قرضوں کا ایک بڑا حصہ اب بھی کثیر فریقی اداروں کی جانب سے ملنے والے رعایتی قرضوں پر مشتمل ہے، تاہم بڑھتی ہوئی عالمی شرح سود اور بیرونی کھاتے کی دباؤ کی حامل صورتِ حال کے سیاق و سباق میں مستقبل میں قرضوں کی واپسی میں دشواریاں پیدا ہوسکتی ہیں۔ مزید برآں، بیرونی قرضوں کے بڑھتے ہوئے حصے کے باعث شرحِ مبادلہ میں بہت زیادہ اتار چڑھاؤ کی صورت میں بازِ قدر پیمائی اثر میں

[1] جون 2016ء میں ترمیم کیے گئے تحدیدِ قرضہ اور مالیاتی ذمہ داری ایکٹ، 2005ء کے مطابق، حکومت کے لیے ضروری ہے کہ مالی سال 18ء کے لیے مالیاتی خسارہ 4.0 فیصد اور سرکاری قرضے اور جی ڈی پی کی شرح 60 فیصد تک محدود رکھے۔ مزید برآں، حکومتی قرضہ، جو سرکاری قرض میں سے بینکاری نظام میں حکومتی امانتیں منہا کرنے سے آتا ہے، جون 2018ء کے اختتام پر 67.0 فیصد تھا۔

[2] مالی سال 18ء کے دوران ڈالر کے مقابلے میں دیگر کرنسیوں کی قدر میں اضافے سے بیرونی قرضے پر 407 ملین ڈالر کا اثر پڑا۔

شدت آسکتی ہے۔ بیرونی قرضے کے ذخیرے میں تیز نمو اور بڑھتے ہوئے لائبور کے ساتھ بیرونی قرضے پر سودی ادائیگیوں میں پہلے ہی اضافہ ہونا شروع ہو گیا ہے۔ پائیداری کے لحاظ سے، ادائیگیِ قرض کی صلاحیت اور سیالیت کی شرحیں خرابی ظاہر کرتی ہیں، جبکہ برآمدات میں اضافے اور قرضوں کی واپسی میں کمی دونوں ہی کے باعث قرضوں کی واپسی کی استعداد کی پیمائش کے اظہاریوں میں بہتری دکھائی دی ہے۔

**شکل 5.3: سرکاری قرضے میں خالص اضافے کی بلحاظِ مدت ہیئتِ ترکیبی**




Data sources: State Bank of Pakistan and Economic Affairs Division

عرصیت کی ساخت کے لحاظ سے، مالی سال 18ء میں حکومت نے قلیل مدتی قرضوں پر انحصار جاری رکھا۔ بالخصوص مالی سال 17ء کے مقابلے میں مالی سال 18ء میں مرکزی حکومت کے قلیل مدتی قرضے تقریباً 1.5 گنا زائد تھے (**شکل 5.3**)۔ بیرونی قرضوں میں مالی سال 18ء کے دوران نئے قرضوں کی عرصیت کی اوسط مدت بھی مالی سال 17ء کے مقابلے میں نسبتاً کم ہوگئی۔[3] واجب الادا قرضوں کے ذخیرے میں قلیل مدتی آلات کے بڑھتے ہوئے حصے کے باعث حکومت کے لیے نومالکاری اور شرح سود کے خطرات بڑھ گئے ہیں۔[4] ایک سالہ مدت کے دوران ملکی قرضوں کا حصہ اور عرصیت کی اوسط مدت سمیت خطرے کے اظہاریے مالی سال 18ء میں مزید بگڑ گئے (**سیکشن 5.2**)۔

سرکاری قرضے کے علاوہ، سرکاری شعبے میں کاروباری اداروں کے قرض میں خاصے اضافے، اجناس کی کارروائیوں کے قرضوں اور بیرونی واجبات کے باعث جون 2018ء کے اختتام پر پاکستان کے مجموعی قرضے اور واجبات (ٹی ڈی ایل) بڑھ کر جی ڈی پی کا 86.8 فیصد ہوگئے جبکہ جون 2017ء کے اختتام پر یہ 78.6 فیصد تھے (**جدول 5.1**)۔

**جدول 5.1: پاکستان کے قرضوں اور واجبات کا خلاصہ**

ارب روپے

| | اسٹاک | | | مطلق تبدیلی | | جی ڈی پی کا فیصد | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | مالی سال16ء | مالی سال17ء | مالی سال18ء | مالی سال17ء | مالی سال18ء | مالی سال17ء | مالی سال18ء |
| الف۔ مجموعی قرض اور واجبات (جمع I تا IX) | 22,577.1 | 25,109.3 | 29,861.2 | 2,532.2 | 4,751.9 | 78.6 | 86.8 |
| ب۔ مجموعی سرکاری قرضہ (جمع I تا III) | 19,676.6 | 21,408.7 | 24,951.8 | 1,732.0 | 3,543.1 | 67.0 | 72.5 |
| حکومت کا مجموعی قرض (I+II+III+X) | 17,823.2 | 19,635.4 | 23,050.5 | 1,812.2 | 3,415.1 | 61.4 | 67.0 |
| I۔ حکومت کا ملکی قرض | 13,625.9 | 14,849.2 | 16,415.2 | 1,223.3 | 1,566.0 | 46.5 | 47.7 |
| II ۔ حکومت کا بیرونی قرض | 5,417.6 | 5,918.7 | 7,795.8 | 501.1 | 1,877.0 | 18.5 | 22.7 |
| III ۔ آئی ایم ایف کا قرض | 633.1 | 640.8 | 740.8 | 7.7 | 100.0 | 2.0 | 2.2 |
| IV۔ بیرونی واجبات | 377.1 | 373.8 | 622.3 | -3.3 | 248.5 | 1.2 | 1.8 |
| V۔ نجی شعبے کا بیرونی قرضہ | 709.1 | 1,171.2 | 1,600.6 | 462.1 | 429.5 | 3.7 | 4.7 |
| VI۔ پی ایس ایز کا بیرونی قرض | 294.0 | 285.2 | 325.2 | -8.9 | 40.0 | 0.9 | 0.9 |
| VII۔ پی ایس ایز کا ملکی قرض | 568.1 | 822.8 | 1068.2 | 254.7 | 245.4 | 2.6 | 3.1 |
| VIII۔ اجناس کی کارروائیاں | 636.6 | 686.5 | 819.7 | 49.9 | 133.2 | 2.1 | 2.4 |
| IX۔ بین الاکمپنی بیرونی قرضہ | 315.6 | 361.2 | 473.4 | 45.5 | 112.2 | 1.1 | 1.4 |
| X۔ بینکاری نظام کے ساتھ امانتیں | 1,853.5 | 1,773.3 | 1,901.3 | -80.2 | 128.0 | 5.5 | 5.5 |

ڈیٹا کا ماخذ: بینک دولت پاکستان اور بیرونی امور ڈویژن

[3] جیسا کہ **شکل 5.3** میں دکھایا گیا ہے، طویل مدتی بیرونی قرضے میں غیر معمولی طور پر بلند اضافے (روپے کے لحاظ سے) کی بنیادی وجہ کرنسی کی نوقدر پیمائی تبدیلیاں تھیں۔

[4] جون 2018ء کے اختتام پر ملکی قرضے میں قلیل مدتی قرض کا حصہ 54.2 فیصد ہوگیا جبکہ جون 2017ء میں یہ 44.1 فیصد تھا۔

## 5.2 ملکی قرضہ

بیرونی مالکاری میں اضافے کے باوجود، مالی سال 18ء کے دوران بڑھے ہوئے مالیاتی خسارے کو پورا کرنے کے لیے حکومت کو ملکی وسائل پر انحصار کرنا پڑا۔ مالی سال 18ء کے دوران ملکی قرضوں میں 10.5 فیصد اضافہ ہوا جبکہ مالی سال 17ء میں 9.0 فیصد اضافہ ہوا تھا (**جدول 5.2**)۔ گذشتہ برس کی طرح اس برس بھی ملکی قرضوں میں تمام تر اضافہ قلیل مدتی قرضے کے باعث ہوا، کیونکہ حکومت اپنے طویل مدتی قرضے واپس کرتی رہی۔[5]

**جدول 5.2: حکومت کا ملکی قرضہ**


ارب روپے

| | اسٹاک | | | رقوم کی آمد | | نمو (فیصد) | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | مالی سال 16ء | مالی سال 17ء | مالی سال 18ء | مالی سال 17ء | مالی سال 18ء | مالی سال 17ء | مالی سال 18ء |
| ملکی قرضہ | 13,625.9 | 14,849.2 | 16,415.2 | 1,223.3 | 1,566.0 | 9.0 | 10.5 |
| I. مستقل قرضہ: جس میں | 5,935.9 | 5,528.4 | 4,653.8 | -407.5 | -874.6 | -6.9 | -15.8 |
| پی آئی بیز | 4,921.4 | 4,391.8 | 3,413.3 | -529.6 | -978.5 | -10.8 | -22.3 |
| اجارہ صکوک | 363.9 | 385.4 | 385.4 | 21.5 | 0.0 | 5.9 | 0.0 |
| پرائز بانڈز | 646.4 | 747.1 | 851.0 | 100.7 | 103.9 | 15.6 | 13.9 |
| II. رواں قرضہ: جس میں | 5,001.7 | 6,550.9 | 8,889.1 | 1,549.2 | 2,338.2 | 31.0 | 35.7 |
| ایم ٹی بیز | 2,771.4 | 4,082.0 | 5,294.9 | 1,310.5 | 1,212.9 | 47.3 | 29.7 |
| ایم آر ٹی بیز | 2,017.6 | 2,468.9 | 3,594.2 | 451.3 | 1,125.3 | 22.4 | 45.6 |
| III. غیر فنڈ قرضہ | 2,683.7 | 2,765.3 | 2,867.0 | 81.6 | 101.7 | 3.0 | 3.7 |

ڈیٹا کا ماخذ: بینک دولت پاکستان


بلند مہنگائی کی توقعات اور اس کے متوازی شرحِ سود میں اضافے کے باعث بینکوں کا نیلامی کا خاکہ قلیل مدتی وثیقہ جات کی جانب مائل رہا (**شکل 5.4 الف**)۔ ٹی بلز میں حکومتی قرض گیریوں کا بہت زیادہ جھکاؤ سہ ماہی ٹی بلز کی جانب رہا، کیونکہ بینکوں نے ششماہی اور 12 ماہی ٹی بلز کے لیے بولی نہیں دی۔ اس وجہ سے جون 18ء کے اختتام پر سہ ماہی ٹی بلز کا حصہ بڑھ کر 97.7 فیصد ہو گیا جبکہ مالی سال کے آغاز پر یہ 40 فیصد کے لگ بھگ تھا (**شکل 5.4 ب**)۔ حکومتی تمسکات میں غیر بینک اداروں کے حصے کے ضمن میں بھی ایسا ہی رجحان دکھائی دیا، یعنی، پی آئی بیز / اجارہ اور 12 ماہی ٹی بلز کی واپسی اور نئی سرمایہ کاریاں تقریباً سب ہی سہ ماہی ٹی بلز میں چلی گئیں۔

**شکل 5.4 الف: ٹی بلز کا خاکہ نیلامی**




Data source: State Bank of Pakistan


**شکل 5.4 ب: واجب الادا ٹی بلز کا بلحاظِ مدت ذخیرہ**




[5] گذشتہ دو برسوں کے دوران حکومت نے 1.5 ٹریلین روپے مالیت کی پی آئی بیز اور 1.8 ٹریلین روپے مالیت کے 12 ماہی ٹی بلز کے قرضے واپس کیے۔

منڈی کے بدلتے ہوئے تحرکات نے حکومت کے لیے اضافی مالکاری اکٹھی کرنے اور طویل مدتی قرضے کا اجرائے ثانی مشکل بنادیا، لہٰذا حکومت نے مرکزی بینک سے قرض گیری پر انحصار کیا۔ چنانچہ، مالی سال 18ء کی صرف تیسری سہ ماہی میں ہی 2.2 ٹریلین روپے مالیت کے ایم آر ٹی بیز کی ریکارڈ مقدار تیار کی گئی۔[6] تسکیک زر کے اس خسارے کا ایک حصہ مالی سال 18ء کی آخری سہ ماہی میں جدولی بینکوں سے قرض گیریوں کے ذریعے پُورا کیا گیا؛ جون 2018ء تک بھی ملکی قرض میں ایم آر ٹی بیز کا حصہ تقریباً 22 فیصد تھا، جو جون 2017ء کے 16.6 فیصد سے زیادہ تھا (**شکل 5.5**)۔

**شکل 5.5: دستاویقی جات کے لحاظ سے ملکی قرضے میں حصہ**




Data source: State Bank of Pakistan

اس کے باعث ملکی قرضے کا خاکۂ عرصیت بدتر ہوگیا۔ قلیل مدتی قرضے کے ارتکاز نے نومالکاری کے خطرے میں بھی اضافہ کیا۔ حالیہ دستیاب تخمینے ظاہر کرتے ہیں کہ ایک سالہ عرصیت کے ملکی قرضے کے حصے میں نمایاں اضافہ ہوا اور وہ دسمبر 2016ء کے 52.7 فیصد سے بڑھ کر دسمبر 2017ء میں 60.1 فیصد ہوگیا۔ اسی طرح، عرصیت کی اوسط مدت جون 2015ء کے 2.3 برس سے گھٹ کر دسمبر 2017ء میں دو سال سے بھی کم ہوگئی (**جدول 5.3**)۔

**جدول 5.3: ملکی قرضے کے لیے نومالکاری خطرہ**


| | قرض: 1 سالہ عرصیت (مجموعی کا فیصد) | عرصیت کی اوسط مدت (برس) |
|---|---|---|
| جون-15ء | 47.3 | 2.3 |
| مارچ-16ء | 52.4 | 2.1 |
| جون-16ء | 51.9 | 2.1 |
| دسمبر-16ء | 52.7 | 2.1 |
| جون-17ء | 55.6 | 2.0 |
| دسمبر-17ء | 60.1 | 1.8 |

ذیٹا کا ماخذ: وزارتِ خزانہ

### قومی بچت اسکیموں میں رقوم کی آمد پست رہی

مالی سال 18ء میں قومی بچت اسکیموں (این ایس ایس) میں خالص رقوم کی آمد 98.0 ارب روپے درج کی گئی جو مالی سال 17ء کے 104.1 ارب روپے سے معمولی پست ہے۔ درحقیقت گذشتہ تین برسوں سے رقوم کی آمد میں مسلسل کمی آتی رہی ہے۔ یہ کمی کارجحان بنیادی طور پر منافع کی پست شرحوں اور نان فائلرز پر عائد کیے گئے بلند ودہولڈنگ ٹیکسوں کی عکاسی کرتا ہے۔ ایک جُزوار تجزیے سے ظاہر ہوتا ہے کہ اہم اسکیموں میں مجموعی رقوم کی آمد میں اضافہ ہوا؛ تاہم خاصی رقوم کی واپسی کے نتیجے میں اسکیم میں خالص رقوم کی آمد کم ہوگئی۔ بالخصوص اسپیشل سیونگ سرٹیفکیٹس اور اسپیشل سیونگ اکاؤنٹس کی صورت میں مجموعی رقوم کی آمد میں خاصے اضافے کے باوجود خالص وصولیوں میں تیزی سے کمی آئی۔

**شکل 5.6: پرائز بانڈز اور اہم قومی بچت اسکیموں کے زمروں کا ذخیرہ**




Data source: Central Directorate of National Savings (CDNS)

گذشتہ برس کے مقابلے میں مالی سال 18ء کے دوران پرائز بانڈز کی آمدِ رقوم میں معمولی اضافہ دیکھا گیا۔ اپریل 2017ء میں پریمیم پرائز بانڈ کا اجرا کیا گیا جس میں روایتی انعامی رقم کے ساتھ ساتھ سال میں دو بار 1.5 فیصد کی شرح سے اضافی منافع کی پیش کش بھی کی گئی (**شکل 5.6**)۔

## 5.3 بیرونی قرض اور واجبات

مالی سال 18ء میں مجموعی بیرونی قرضہ اور واجبات (ٹی ای ڈی ایل) 11.7 ارب ڈالر اضافے سے جون 2018ء کے اختتام پر 95.1 ارب ڈالر ہوگئے (**جدول 5.4**)۔ اس

[6] تاہم، مالی سال 18ء کی چوتھی سہ ماہی میں حکومت نے اسٹیٹ بینک کو 1.1 ٹریلین روپے کے قرضے واپس کیے، لہٰذا، مالی سال 18ء کے دوران مرکزی بینک کے قرضوں میں خالص اضافہ 1.1 ٹریلین رہا۔

اضافے کی زیادہ تر وجہ سرکاری جُز تھا جو مجموعی بیرونی قرضہ اور واجبات میں اضافے کے دو تہائی پر مشتمل تھا۔ جاری کھاتے کا خسارہ بڑھنے کے نتیجے میں بیرونی مالکاری ضروریات میں نمایاں اضافہ ہوا جس سے مالی سال 18ء کے دوران بیرونی قرضہ جمع ہو گیا (**شکل 5.7**)۔ بیرونی سرکاری قرضے میں اضافہ بنیادی طور پر چین، غیر ملکی کمرشل بینکوں کی ادائیگیوں اور یورو بانڈ/صکوک کے اجرا سے آیا۔


**جدول 5.4: پاکستان کا بیرونی قرضہ اور واجبات**

ارب امریکی ڈالر

| | اختتام جون اسٹاک | | | مطلق تبدیلی | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | مالی سال 18ء | | مالی سال 18ء | | | |
| | مالی سال 16ء | مالی سال 17ء | مالی سال 18ء | | مالی سال 17ء | سہ 1 | سہ 2 | سہ 3 | سہ 4 |
| **مجموعی بیرونی قرض اور واجبات (جمع 1 تا 7)** | **73.9** | **83.4** | **95.1** | **11.7** | **9.5** | **2.0** | **3.8** | **3.0** | **3.0** |
| **سرکاری بیرونی قرضہ اور واجبات (3+2+1)** | **61.4** | **66.1** | **75.4** | **9.3** | **4.7** | **0.9** | **3.5** | **2.5** | **2.3** |
| **سرکاری بیرونی قرضہ (2+1)** | **57.8** | **62.5** | **70.2** | **7.7** | **4.8** | **0.9** | **3.5** | **2.4** | **1.0** |
| 1. حکومت کا بیرونی قرض | 51.7 | 56.4 | 64.1 | 7.7 | 4.7 | 0.8 | 3.4 | 2.3 | 1.2 |
| i) طویل مدتی (ایک سال سے زائد) جس میں | 50.0 | 55.5 | 63.0 | 7.4 | 5.5 | 0.7 | 3.0 | 1.9 | 1.8 |
| پیرس کلب | 12.7 | 12.0 | 11.6 | -0.3 | -0.7 | 0.1 | -0.2 | 0.4 | -0.7 |
| کثیر الفریقی | 26.4 | 27.6 | 28.1 | 0.5 | 1.2 | 0.3 | 0.0 | 0.5 | -0.3 |
| دیگر باہمی | 5.4 | 6.3 | 8.7 | 2.3 | 0.9 | 0.4 | 0.2 | 0.7 | 1.0 |
| کمرشل قرضے | 0.9 | 4.8 | 7.3 | 2.4 | 3.9 | -0.1 | 0.5 | 0.3 | 1.8 |
| یورو/صکوک عالمی بانڈز | 4.6 | 4.8 | 7.3 | 2.5 | 0.3 | 0.0 | 2.5 | 0.0 | 0.0 |
| ii) قلیل مدتی (ایک سال سے کم) | 1.7 | 0.9 | 1.2 | 0.3 | -0.8 | 0.0 | 0.4 | 0.4 | -0.5 |
| 2. آئی ایم ایف سے | 6.0 | 6.1 | 6.1 | 0.0 | 0.1 | 0.1 | 0.0 | 0.1 | -0.2 |
| 3. زرمبادلہ واجبات | 3.6 | 3.6 | 5.1 | 1.6 | 0.0 | 0.0 | 0.0 | 0.1 | 1.4 |
| 4. سرکاری شعبے کے ادارے | 2.8 | 2.7 | 2.7 | 0.0 | -0.1 | 0.3 | -0.1 | -0.1 | -0.1 |
| 5. بینک جس میں | 2.7 | 4.5 | 4.4 | -0.1 | 1.8 | 0.5 | -0.3 | -0.1 | -0.2 |
| قرض گیری | 1.6 | 3.3 | 3.0 | -0.3 | 1.7 | 0.5 | -0.3 | -0.1 | -0.4 |
| 6. نجی شعبہ | 4.1 | 6.6 | 8.8 | 2.1 | 2.6 | 0.3 | 0.5 | 0.6 | 0.8 |
| 7. براہ راست سرمایہ کاروں کے قرض کے واجبات | 3.0 | 3.4 | 3.9 | 0.5 | 0.4 | 0.1 | 0.2 | 0.1 | 0.2 |

ڈیٹا کا ماخذ: بینک دولت پاکستان اور اقتصادی امور ڈویژن


**شکل 5.7: بیرونی قرض اور جاری کھاتے کا خسارہ**




Data source: State Bank of Pakistan


بلند بیرونی قرض گیریوں کے ساتھ ساتھ ڈالر کے مقابلے میں اہم کرنسیوں کی قدر میں اضافے کی وجہ سے تقریباً 407 ملین ڈالر کے نوقد رپیمائی نقصانات بھی ملکی بیرونی قرضے میں شامل ہو گئے۔ نوقد رپیمائی نقصان اب 1.7 ارب ڈالر سے نیچے آیا ہے، جیسا کہ مالی سال 18ء کی جولائی تا مارچ کی مدت کے لیے تیسری سہ ماہی رپورٹ میں درج کیا گیا ہے، جس کی وجہ چوتھی سہ ماہی میں اہم کرنسیوں کے مقابلے میں ڈالر میں آنے والا استحکام ہے۔ بالخصوص، جاپانی ین اور ایس ڈی آر، جو پاکستانی بیرونی قرضے کا لگ بھگ 38 فیصد ہیں، چوتھی سہ ماہی میں ان کی قدر 4.1 اور 3.4 فیصد گھٹ گئی جبکہ جولائی تا مارچ کی مدت کے دوران ان کی قدر میں بالترتیب 5.2 اور 4.3 فیصد اضافہ ہوا تھا۔

**شکل 5.8: سرکاری بیرونی قرضے کی ہیئتِ ترکیبی**




Data sources: State Bank of Pakistan and Economic Affairs Division

**شکل 5.9: نئے قرضوں کی عرصیت کی اوسط مدت**




*Based on Jul-Feb data
Data source: SBP calculations

بیرونی قرض میں، گذشتہ چند برسوں کے دوران کمرشل اور دیگر دوطرفہ ذرائع (بیشتر چین) پر انحصار خاصا بڑھ گیا (**شکل 5.8**)۔ اہم امر یہ ہے کہ، کثیر / دوطرفہ قرضوں کے مقابلے میں کمرشل قرض گاروں سے حکومتی قرضے نسبتاً بلند شرحوں اور قلیل میعاد پر لیے گئے۔ معاہدہ کیے گئے نئے قرضے کی اوسط عرصیت نومالکاری خطرے کی پیمائش کا ایک اہم پیمانہ ہے۔ جیسا کہ **شکل 5.9** میں دکھایا گیا ہے، مالی سال 17ء میں یہ مدت کم ہو کر تقریباً 10.9 سال ہو گئی ہے جبکہ مالی سال 10ء میں یہ 21.1 سال کے لگ بھگ تھی، نیز یہ سودی ادائیگیوں میں اضافے کی بھی ایک وجہ ہے۔

**جدول 5.5: بیرونی قرضوں کی واپسی**

ملین امریکی ڈالر

| | اصل زر | | | سود | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | مالی سال 16ء | مالی سال 17ء | مالی سال 18ء | مالی سال 16ء | مالی سال 17ء | مالی سال 18ء |
| 1۔ سرکاری بیرونی قرضہ | 2,478.5 | 3,733.8 | 2,704.5 | 1,126.7 | 1,313.2 | 1,683.7 |
| پیرس کلب | 219.9 | 411.8 | 611.2 | 243.8 | 242.0 | 240.3 |
| کثیر الفریقی | 1,220.9 | 1,255.2 | 1,316.6 | 239.2 | 295.3 | 357.4 |
| دیگر دوطرفہ | 220.2 | 788.0 | 202.0 | 136.4 | 198.9 | 203.3 |
| یورو/صکوک عالمی بانڈز | 500.0 | 750.0 | 0.0 | 354.0 | 366.4 | 422.8 |
| کمرشل قرضے | 225.0 | 488.8 | 488.9 | 54.9 | 72.9 | 270.3 |
| دیگر | 92.6 | 40.0 | 85.9 | 98.4 | 137.6 | 189.6 |
| 2۔ بیرونی واجبات | 0.0 | 0.0 | 0.0 | 87.2 | 86.6 | 102.8 |
| 3۔ پی ایس ایز کا قرضہ | 269.5 | 289.0 | 297.8 | 33.7 | 35.1 | 78.5 |
| 4۔ جدولی بینکوں کے قرضے | 2.9 | 0.0 | 1.0 | 8.3 | 23.2 | 61.3 |
| 4۔ نجی شعبے کا قرضہ | 325.4 | 416.6 | 331.6 | 90.0 | 165.9 | 366.4 |
| 5 مجموعی بیرونی قرضہ اور واجبات (1 تا 5 کا مجموعہ) | 3,076.2 | 4,439.4 | 3,335.0 | 1,345.9 | 1,623.9 | 2,292.7 |
| **یادداشتی اجزا** | | | | | | |
| قلیل مدتی قرض کی واپسی—اصل زر | | | | | | |
| حکومتی قرضہ | 734.5 | 1,392.9 | 1,486.3 | | | |
| پی ایس ایز غیر ضمانتی قرضہ | 56.4 | 42.7 | 33.7 | | | |
| نجی غیر ضمانتی قرضہ | 104.7 | 647.6 | 331.8 | | | |

ڈیٹا کا ماخذ: بینک دولت پاکستان

بیرونی قرضوں کی واپسی پست ہوگئی

سودی ادائیگیوں میں اضافے کے باوجود، مالی سال 18ء کے دوران پاکستان کے بیرونی قرضوں کی واپسی میں کمی ہوئی، جو بنیادی طور پر سرکاری قرضوں کے اصل زر کی واپسی میں کمی کی وجہ سے ہوئی (**جدول 5.5**)۔ اصل زر کی ادائیگیوں میں تنزل کی بنیادی وجہ مالی سال 18ء میں یورو/ صکوک بانڈ کی ادائیگیوں کی عدم موجودگی تھی، کیونکہ پاکستان نے 2007ء میں جاری کیے گئے 750 ملین ڈالر کے یورو بانڈ واپس کیے۔ تاہم مالی سال 18ء کے دوران پیرس کلب اور کثیر فریقی ڈونرز کو کی جانے والی واپسی میں کچھ اضافہ درج کیا گیا، کیونکہ مالی سال 18ء میں نوساختہ قرضے کی واپسی کا آغاز ہوگیا۔ اس کے برعکس، بیرونی سرکاری قرض کی سودی ادائیگیوں میں اضافہ جاری رہا، جس کی بڑی وجہ ریاستی بانڈ، کثیر فریقی قرضے اور کمرشل قرض گیریوں کے لیے ادا کی گئی بلند سودی ادائیگیاں تھیں۔ اہم امر یہ ہے کہ مالی سال 14ء کے مقابلے میں مالی سال 18ء کے دوران سرکاری قرضے پر سودی ادائیگیاں تقریباً دوگنا ہوگئیں۔ کمرشل ذرائع سے بلند بیرونی قرض گیریاں اور نشانیہ شرحوں میں اضافہ دونوں ہی اس اضافے کے ذمہ دار تھے۔

تاہم، آئندہ برسوں میں بیرونی سرکاری قرضوں کی واپسی میں اضافے کا امکان ہے، کیونکہ مالی سال 19ء سے پیرس کلب کے ری شیڈولڈ قرضے اور آئی ایم ایف کے ای ایف ایف کی واپسی کا آغاز ہوجائے گا۔ مزید برآں، کمرشل قرضے اور مالی سال 14ء اور مالی سال 15ء میں جاری کیے گئے 5 سالہ ریاستی بانڈز کی عرصیت بھی مالی سال 19ء اور 20ء میں مکمل ہوجائے گی۔

## 5.4 بیرونی قرضے کی پائیداری

بیرونی قرضے کی پائیداری کا جائزہ ملک کی قرض برداشت کرنے کی استعداد میں بگاڑ کا اظہار کرتا ہے، لیکن برآمدات میں بحالی کے ساتھ ساتھ دورانِ سال قرض کی واپسی میں کمی سے قرض کی واپسی میں بہتری آئی۔ قرض برداشت کرنے کی استعداد کی جانچ کا سب سے عام پیمانہ بیرونی قرضہ اور واجبات تا جی ڈی پی شرح ہے جو جون 2018ء کے اختتام پر بڑھ کر 33.6 فیصد ہوگئی جو گذشتہ پانچ برسوں سے تقریباً 26.0 فیصد کی اوسط پر مستحکم رہی۔ اسی طرح، ادائیگی قرض کی صلاحیت کے ایک اور پیمانے، مجموعی قرض اور واجبات کے ذخیروں، میں بھی تقریباً 8 فیصدی درجے تنزلی آئی۔ مالی سال 18ء کے دوران بلند بیرونی قرض اور ذخائر میں کمی دونوں ہی اس کی بنیادی وجہ تھیں (**جدول 5.6**)۔[7]

**جدول 5.6: بیرونی قرضے کی پائیداری کے اظہاریے**

فیصد

| | جون-13ء | جون-14ء | جون-15ء | جون-16ء | جون-17ء | جون-18ء |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ادائیگی قرض کی صلاحیت کے اظہاریے | | | | | | |
| مجموعی بیرونی قرض اور واجبات / جی ڈی پی | 27.0 | 25.6 | 24.2 | 26.6 | 27.4 | 33.6 |
| سرکاری بیرونی قرضہ / جی ڈی پی | 21.3 | 20.2 | 18.9 | 20.8 | 20.5 | 24.8 |
| مجموعی ذخائر / مجموعی بیرونی قرض اور واجبات | 18.1 | 21.7 | 28.7 | 31.2 | 25.7 | 17.3 |
| اسٹیٹ بینک کے ذخائر / مجموعی بیرونی قرض اور واجبات | 9.9 | 13.9 | 20.8 | 24.5 | 19.3 | 10.3 |
| بیرونی قرضوں کی واپسی / زرمبادلہ آمدنی | 12.9 | 13.7 | 10.2 | 10.4 | 15.7 | 13.7 |
| بیرونی قرضوں کی واپسی / برآمدی آمدنی | 20.6 | 23.0 | 18.0 | 19.4 | 29.6 | 25.0 |
| سیالیت کے اظہاریے | | | | | | |
| قلیل مدتی بیرونی سرکاری قرض / سرکاری بیرونی قرض اور واجبات | 0.5 | 1.3 | 1.9 | 2.8 | 1.3 | 1.9 |
| قلیل مدتی بیرونی سرکاری قرضہ / مجموعی ذخائر | 2.4 | 5.2 | 5.4 | 7.3 | 4.1 | 7.1 |
| قلیل مدتی بیرونی سرکاری قرضہ / اسٹیٹ بینک کے ذخائر | 4.4 | 8.0 | 7.5 | 9.3 | 5.5 | 11.9 |

ڈیٹا کا ماخذ: بینک دولت پاکستان کے تخمینے

[7] قرض اور جی ڈی پی کے تناسب میں شرحِ مبادلہ کی حرکت کی وجہ سے تغیر کے پیشِ نظر ذخائر اور مجموعی بیرونی واجبات اور قرضے کے تناسب سے جانچی گئی ادائیگی قرض کی صلاحیت بہتر تخمینہ فراہم کرتی ہے۔

قلیل مدتی قرضوں کی شرائط کی تکمیل میں مستعمل سیالیت کے تمام پیمانوں میں بھی بگاڑ نظر آیا۔ خاص طور پر، قلیل مدتی بیرونی سرکاری قرض اور ذخائر کا تناسب نمایاں طور پر بڑھ گیا، جس کی بڑی وجہ ذخائر میں کمی تھی۔ اسی طرح سرکاری بیرونی قرضے اور واجبات میں قلیل مدتی قرض کا حصہ بھی کسی قدر بڑھ گیا۔

اس کے برخلاف، ادائیگیِ قرض کی استعداد کی جانچ میں استعمال ہونے والے دونوں اظہاریوں، برآمدی آمدنی اور مجموعی مبادلہ آمدنی میں بہتری آئی جس کی وجہ مالی سال 18ء میں برآمدات کا احیا اور قرضوں کی پست واپسی تھی۔ بیرونی قرضوں کی واپسی اور حکومتی محاصل کا تناسب، جو بیرونی قرضوں کی واپسی میں حکومت کو دستیاب وسائل کو ظاہر کرتا ہے، مالی سال 18ء میں بہتر ہو کر 1.0 ہو گیا جبکہ مالی سال 17ء میں یہ 1.3 تھا۔ اس سے پتہ چلتا ہے کہ مالی سال 18ء کے دوران میعاد پوری کرنے والے بیرونی قرضے اور سودی اخراجات کی ادائیگی کے لیے حکومتی محاصل کی مقدار کافی تھی۔


# 6 بیرونی شعبہ

## 6.1 عالمی اقتصادی جائزہ

عالمی کرنسی اور اجناسی منڈیوں کے حالات نے مالی سال 18ء کے دوران عالمی معیشت میں غیر یقینی صورت حال کو بڑھادیا۔ تجارتی تحفظ پسندی، علاقائی کشمکش، اور اقتصادی تنظیمیں جنھیں پہلے مستحکم سمجھا جارہا تھا، جیسے یورپی یونین اور خلیج تعاون کونسل، میں انحطاط نے معاشی مبادیات کو اس راستے کی جانب بڑھادیا جس سے خام تیل کی قیمتوں کی تغیر پذیری میں اضافہ ہوا اور کرنسیوں کی ایک وسیع رینج کے مقابلے میں ڈالر کو استحکام حاصل ہوا۔ ساتھ ہی کئی ترقی یافتہ اور ترقی پذیر معیشتوں کی نمو میں نئی زندگی دکھائی دی۔ اگرچہ ترقی یافتہ ممالک میں نمو ایک خوش آئند پیش رفت ہے تاہم تیل کی عالمی قیمتوں میں اضافہ اور امریکی ڈالر معاشی استحکام کے لیے خطرہ بن سکتے ہیں، بالخصوص ابھرتی ہوئی اور ترقی پذیر معیشتوں کے لیے۔

اہم بات یہ ہے کہ تیل کی قیمتوں نے چار برسوں میں پہلی بار 80 ڈالر فی بیرل کی سطح عبور کی، کیونکہ اوپیک اور روسی پیداوار میں کمی، وینزویلا اور لیبیا میں انتشار اور مشرقِ وسطیٰ کی صورتِ حال کے باعث تیل کی رسد سکڑ گئی۔ اسی دوران، ایرانی جوہری معاہدے سے امریکہ کے اخراج نے اس صورتِ حال کو اور بڑھاوا دیا۔ تیل درآمد کرنے والے ممالک کی اس بڑھتی ہوئی پریشانی کے دوران جون 2018ء میں امریکی ملکی تیل کی پیداوار کی ریکارڈ بلند سطح اور اوپیک سے رسد میں جُزوی کمی کے ساتھ امریکی شیل کی صنعت میں تیزی آگئی۔ عالمی رسد میں معمولی کمی اور بھاری مقدار میں ذخیرہ جمع ہونے سے طلب میں عدم توازن جاری رہا، جیسا کہ **شکل 6.1** میں دکھایا گیا ہے۔ تاہم، مالی سال 18ء میں تیل درآمد کرنے والی بہت سی ابھرتی ہوئی منڈی کی معیشتوں میں بیرونی عدم توازن بگڑ گیا اور تجارتی خسارے میں اضافہ ہوگیا (**جدول 6.1**)۔

**شکل 6.1: خام تیل کی عالمی طلب و رسد**




Data sources: International Energy Agency & Bloomberg

**جدول 6.1: ابھرتی ہوئی معیشتوں کے جاری کھاتے کے توازن**

ارب ڈالر


| | مالی سال 17ء | مالی سال 18ء |
|---|---|---|
| بھارت | -29.8 | -49.5 |
| بنگلہ دیش | -1.3 | -9.8 |
| چین | 158.4 | 68.3 |
| انڈونیشیا | -13.6 | -24.2 |
| ترکی | -35.1 | -57.4 |
| فلپائن | -0.8 | -5.1 |

ڈیٹا کا ماخذ: ہیور اینالیٹکس، بنگلہ دیش بینک، ریزرو بینک آف انڈیا، بینکو سینٹرل این جی فلپائن

اسی دوران، امریکہ کی اپنے اہم تجارتی شراکت داروں کے خلاف حامی تحفظ پسند پالیسی اپنانے سے 31 جنوری 2018ء سے ایکویٹی اپنے ریکارڈ توڑ دور میں داخل ہوگئیں۔ اس کے علاوہ 2017ء میں امریکی معیشت میں 12 سالہ بلند نمو ہوئی جو اسے عالمی معاشی نمو کی 2011ء سے اب تک کی بلند ترین سطح تک لے جانے کا ذریعہ بنی۔ ٹیکس میں کٹوتی اور روزگار ایکٹ 2017ء کی منظوری سے فرموں کو معیشت میں سرمایہ کاری کی ترغیب ملی، جبکہ بے روزگاری میں کمی اور بڑھتی ہوئی قابلِ صرف آمدنی کے نتیجے میں خوشگوار صارفی اور کاروباری احساسات پیدا ہوئے۔ یہ عوامل امریکہ میں صارفی اور سرمایہ جاتی اشیا کی بلند درآمدی طلب پر منتج ہوئے۔ امریکہ کے علاوہ یورو کے علاقے سے بھی مثبت حصہ آیا کیونکہ نرم زری پالیسی سے مضبوط نمو اور سرمایہ جاتی اور صارفی اشیا کی بلند درآمد کو ترغیب ملی۔ اس کے نتیجے میں ترقی یافتہ معیشتوں، جیسے جرمنی، جاپان نیز ابھرتی ہوئی منڈی کی معیشتوں جیسے چین، بھارت اور پاکستان کی برآمدی کارکردگی نمایاں طور پر بہتر ہوگئی۔

بہر حال امریکی نمو میں حالیہ تیزی سے ملکی مہنگائی میں تیز اضافے کی توقعات کو تقویت ملی۔ اس کے ردِ عمل میں، فیڈرل ریزرو نے مالی سال 18ء میں شرحِ سود کو تین گنا اور مجموعی طور پر 75.0 بیسس پوائنٹ بڑھاتے ہوئے زری پالیسی کو مزید سخت کر دیا۔ فیڈرل ریزرو کی جانب سے اثاثوں کی تشکیلِ نو کے ساتھ شرح میں اضافے سے بیلنس شیٹ کا حجم کم ہونا شروع ہو گیا۔ یہ جڑواں اقدامات امریکی دس سالہ ٹریژری بل کی یافتوں میں اضافے کے رجحان پر منتج ہوئے جس نے ابھرتی ہوئی معیشتوں کے لیے زرِ مبادلہ کے قرضوں کی بڑھتی ہوئی لاگتوں میں اضافہ کیا(**شکل 6.2الف**)، کیونکہ ان کا ریاستی قرضہ زیادہ تر اس ٹریژری ریٹ سے جانچا جاتا ہے۔

امریکہ میں بڑھتی ہوئی شرح سود کے نتیجے میں بہت سی ابھرتی ہوئی معیشتوں کی کرنسیوں کے مقابلے میں ڈالر مضبوط ہوا نیز اپریل تا جون 2018ء سے کچھ معیشتوں کی جانب سے سرمایہ جاتی رقوم کے اخراج کو مہمیز ملی (**شکل 6.2ب**)۔ قرضے اور زرِ مبادلہ کی سیالیت اور قرضہ واپس کرنے کی استعداد (مقامی کرنسی کے حوالے سے) کے لحاظ سے ابھرتی ہوئی معیشتوں کے لیے ان حالات کے نتائج منفی تھے، کیونکہ توازنِ ادائیگی اور اعانتِ میزانیہ کے لیے یہ معیشتیں اکثر بیرونی مالکاری پر انحصار کرتی ہیں۔ رقوم کے اخراج سے کچھ ابھرتی ہوئی معیشتوں کے مالی کھاتوں کے توازن پر ضرب پڑی اور ان کے لیے اپنے جاری کھاتے کے بلند خساروں کو پورا کرنے کے لیے زرِ مبادلہ کے ذخائر کو کم کرنے کے سوا کوئی چارہ نہ رہا۔ یہ الجھن ارجنٹینا کے حوالے سے اور زیادہ واضح ہے جسے جاری کھاتوں کے بلند خساروں اور پھر اپریل 2018ء سے بڑے پیمانے پر رقوم کے جُزدانی اخراج سے دوچار ہونے کے بعد جون 2018ء میں آئی ایم ایف سے 50.0 ارب ڈالر کی امداد لینا پڑی۔




اس پس منظر میں، بیرونی مناسب امداد کی حامل معیشتیں ہی اس عالمی غیر یقینی کیفیت کے طوفان کا سامنا کر سکتی تھیں۔ مالی سال 17ء تک پاکستان کے بیرونی کھاتے میں عدم توازن واضح نظر آ رہا تھا؛ لیکن ملک نے بیرونی قرضوں اور اپنے زرِ مبادلہ کے ذخائر کے ذریعے اس دباؤ کو برداشت کر لیا۔ تاہم، مالی سال 18ء میں چونکہ تیل کی اوسط قیمتیں تقریباً 30.0 فیصد بڑھ گئیں اور سی پیک سے متعلق مشینری کی درآمد کا دباؤ بین البینک منڈی پر پڑنے لگا تو پاکستان کا بیرونی شعبہ شدید تناؤ میں آ گیا۔

### 6.2 پاکستان کی ادائیگیوں کا توازن

مالی سال 18ء میں عالمی اقتصادی تبدیلیوں نے تیل درآمد کرنے والے دیگر ممالک کی طرح پاکستان کو بھی متاثر کیا۔ لیکن ناکافی زرِ مبادلہ کی رقوم کی وجہ سے پاکستان کی معیشت پر ان حالات کے اثرات بڑھ گئے۔ خاص طور پر تیل کی قیمتوں نے پاکستان کی درآمدات کے دباؤ میں اضافہ کر کے ملک کا بیرونی عدم توازن بڑھا دیا۔ اگر پیٹرولیم مصنوعات کی اکائی قیمت مالی سال 17ء کی سطح پر رہتی تو پاکستان کا توانائی کا درآمدی بل، ماسوائے ایل این جی کے، مالی سال 18ء میں 2.5 ارب روپے کم ہو سکتا تھا۔ کسٹم کے اعداد و شمار کے مطابق، تیل کی قیمتوں میں اضافے سے خام تیل کی درآمد میں تقریباً 55.8 فیصد اضافہ اور پیٹرولیم مصنوعات کے درآمدی بل میں 219.7 فیصد اضافہ ہوا، کیونکہ مؤخر الذکر کی درآمدی مقدار حقیقتاً پست ہو گئی۔

توانائی کے ساتھ ٹرانسپورٹ، غذا اور دھاتوں کی درآمدات نے مالی سال 18ء میں پاکستان کے درآمدی بل کو ریکارڈ بلند سطح پر پہنچا دیا جس کے نتیجے میں جاری کھاتے کا خسارہ تاریخ کی بلند ترین سطح پر آ گیا (**جدول 6.2**)۔ امریکہ، یورو کے علاقے اور دیگر ابھرتی ہوئی معیشتوں میں نمو کے باعث تین برس کی لگاتار کمی کے بعد مالی سال 18ء میں برآمدات میں وسیع البنیاد اضافہ دکھائی دیا۔ تاہم، برآمدی وصولیوں میں ہونے والا اضافہ بڑھتی ہوئی درآمدات کو پُورا کرنے کے لیے ناکافی تھا۔

اشیا کی تجارت کے علاوہ، خدمات کا تجارتی توازن بھی مزید بگڑ گیا، کیونکہ اس کی برآمدات میں کمی جبکہ اس کی درآمدات میں اضافہ جاری رہا۔ مزید برآں، امریکی ڈالر کی بڑھتی ہوئی قدر نے محض قرضے کے ذخیرے میں ہی نہیں بلکہ سودی ادائیگیوں کی مقدار میں بھی اضافہ کیا جو مالی سال 18ء میں 33.5 فیصد بڑھ گئی۔ غیر ملکی فرموں کی جانب سے بلند منافع کی واپسی کے ساتھ بڑھتی ہوئی سودی ادائیگیوں سے بنیادی آمدنی کے خسارے میں اضافہ ہوا، جس میں گذشتہ برس کمی آئی تھی؛ اس سے جاری کھاتے کے عدم توازن میں مزید اضافہ ہو گیا۔ اس کے برعکس امریکی ڈالر کی مضبوطی اور ترقی یافتہ معیشتوں میں نمو سے کارکنوں کی ترسیلاتِ زر کی مد میں آنے والی رقوم میں مدد ملی تاہم یہ مالی سال 16ء کی ریکارڈ وصولی سے پست رہی۔ مالی سال 18ء میں ترسیلاتِ زر کی نمو کا 1.4 فیصد اضافہ مسلسل جاری تجارتی خسارے میں تخفیف کے لیے ناکافی تھا۔

اسی دوران، غیر ملکی سرمایہ کاری اور قرضوں کے تحت ملنے والی رقوم جاری کھاتے کے بڑے خسارے کو پُورا کرنے میں ناکافی تھیں۔ ترسیلاتِ زر کی طرح، بیرونی براہِ راست سرمایہ کاری بھی مالی سال 18ء کے دوران جمود کا شکار رہی۔ تاہم، ملک بانڈ کی عالمی منڈی میں یورو بانڈ اور صکوک کے اجرا سے خاصی جزدانی رقوم حاصل کر سکا۔ اس کے برعکس، بیرونی قرضوں کے ضمن میں خالص رقوم کی منتقلی گذشتہ برس کی نسبت پست رہی۔

**جدول 6.2: پاکستان کا توازنِ ادائیگی**

ملین ڈالر

| | مالی سال16ء | مالی سال17ء | مالی سال18ء | مالی سال18ء میں تبدیلی |
|---|---|---|---|---|
| **جاری کھاتے کا توازن** | **-4,867** | **-12,621** | **-18,130** | **-5,509** |
| تجارتی توازن | -19,283 | -26,680 | -31,074 | -4,394 |
| برآمدات | 21,972 | 22,003 | 24,772 | 2,769 |
| درآمدات | 41,255 | 48,683 | 55,846 | 7,163 |
| توانائی | 8,360 | 10,607 | 13,263 | 2,656 |
| غیر توانائی | 32,895 | 38,076 | 42,583 | 4,507 |
| خدمات کا توازن | -3,406 | -4,339 | -5,311 | -972 |
| بنیادی آمدنی کا توازن | -5,347 | -5,048 | -5,282 | -234 |
| ثانوی آمدنی کا توازن | 23,169 | 23,446 | 23,537 | 91 |
| کارکنوں کی ترسیلاتِ زر | 19,917 | 19,351 | 19,625 | 274 |
| **سرمایہ جاتی کھاتے کا توازن** | **273** | **375** | **376** | **1** |
| **مالی کھاتے کا توازن** | **-6,790** | **-10,198** | **-12,298** | **-2,100** |
| پاکستان میں بیرونی براہِ راست سرمایہ کاری | 2,305 | 2,749 | 2,770 | 21 |
| پاکستان میں بیرونی جزدانی سرمایہ کاری | -329 | -251 | 2,211 | 2,462 |
| واجبات کی خالص رقم | 5,029 | 8,965 | 7,489 | -1,476 |
| حکومت | 3,445 | 5,040 | 4,823 | -217 |
| نجی شعبہ (علاوہ بینک) | 1,173 | 2,298 | 1,240 | -1,058 |
| بینک | 406 | 1,631 | -122 | -1,753 |
| **اسٹیٹ بینک کے سیال ذخائر** | **18,143** | **16,145** | **9,789** | **-6,356** |
| **جاری کھاتہ** (جی ڈی پی کا فیصد) | **-1.7** | **-4.1** | **-5.8** | **-** |
| ڈالر کے مقابلے میں روپے کی قدر میں اضافہ / کمی (فیصد) | -2.91 | -0.02 | -13.70 | - |

ڈیٹا کا ماخذ: بینک دولت پاکستان


نجی و سرکاری دونوں شعبوں میں خالص بیرونی قرضے کم مقدار میں حاصل ہوئے جبکہ اس مدت میں بینک اپنے قلیل مدتی قرضے واپس کرتے رہے۔ تاہم، مالی سال 18ء میں، بنیادی طور پر اعانتِ میزانیہ اور سی پیک سے متعلق منصوبوں کے لیے رقوم کی منتقلی کے ساتھ، دوطرفہ اور کمرشل قرضوں کے لحاظ سے سرکاری قرضوں میں چین کا حصہ غالب رہا۔

چونکہ رقوم کی یہ آمد جاری کھاتے کے خسارے کو پُورا کرنے میں ناکافی ثابت ہوئی، لہٰذا اسٹیٹ بینک کو زرِ مبادلہ کے ذخائر استعمال کرنا پڑے جس سے مالی سال 18ء کے دوران ان میں 6.4 ارب ڈالر کمی آئی۔ بینک دولت پاکستان کی جانب سے کیے گئے کئی اقدامات، بشمول ملک میں غیر ملکی کرنسی کے لین دین پر پابندیاں، کے نتیجے میں مختصر مدت میں ہی شرحِ مبادلہ میں خاصا اضافہ ہو گیا۔ مستقبل میں توقعات کے نئے سرے سے تعین کے لیے ذخائر میں نمایاں اضافہ اور معتبر پالیسی اقدامات درکار ہوں گے۔

### 6.3 جاری کھاتہ

مالی سال 18ء میں جاری کھاتے کا خسارہ بڑھ کر 18.1 ارب ڈالر پر پہنچ گیا جبکہ مالی سال 17ء میں یہ 12.6 ارب ڈالر درج کیا گیا تھا۔ تاہم، جی ڈی پی کے لحاظ سے، مالی سال 18ء میں یہ خسارہ 5.8 فیصد رہا جو مالی سال 08ء کے مقابلے میں کافی پست تھا، جب جی ڈی پی کا 8.2 فیصد جاری کھاتے کا خسارہ توازنِ ادائیگی کے سنگین بحران کا سبب بنا (**شکل 6.3**)۔ تجارتی اشیا کی درآمد اس کی کلیدی وجہ رہی، جبکہ خدمات کی درآمد بھی جاری کھاتے کے اس خسارے کو وسیع کرنے میں نمایاں طور پر شامل ہوگئی۔ مزید برآں، کارکنان کی ترسیلاتِ زر سے آنے والی رقوم بھی جمود کا شکار رہیں اور بڑھتے ہوئے تجارتی خسارے کا اثر زائل کرنے میں ناکام ہوگئیں۔

**شکل 6.3: جاری کھاتے کا توازن**




Data source: State Bank of Pakistan

**جدول 6.3: خدمات کی تجارت**


| | قدر (ارب ڈالر) | | | نمو (فیصد) | |
|---|---|---|---|---|---|
| | مالی سال 16ء | مالی سال 17ء | مالی سال 18ء | مالی سال 17ء | مالی سال 18ء |
| برآمدات | 5.5 | 5.6 | 5.2 | 1.8 | -6.7 |
| درآمدت | 8.9 | 9.9 | 10.5 | 11.6 | 6.1 |
| تجارتی توازن | -3.4 | -4.3 | -5.3 | -27.4 | -22.4 |

ڈیٹا کا ماخذ: بینک دولت پاکستان

#### خدمات کی تجارت[1]

مالی سال 18ء میں خدمات کا خسارہ 22.4 فیصد اضافے کے ساتھ 5.3 ارب ڈالر تک پہنچ گیا۔ اتحادی سپورٹ فنڈ کی عدم موجودگی سے خدمات کی درآمدات میں کمی آئی اور وہ مالی سال 18ء میں 6.7 فیصد کمی سے 5.2 ارب ڈالر ہوگئیں۔ گو کہ درآمدات کی نمو سست ہوگئی تاہم خدمات کا مجموعی درآمدی بل 10.5 ارب ڈالر ہوگیا (**جدول 6.3**)۔ اتحادی سپورٹ فنڈ کی غیر موجودگی کی تلافی ٹیلی کام، ٹرانسپورٹ اور سفری خدمات کی برآمدات میں بلند وصولیوں سے محض جُزواً ہوئی (**شکل 6.4**)۔

**شکل 6.4: خدمات کی برآمدات**




Data source: State Bank of Pakistan

خدمات کے خسارے میں سب سے زیادہ حصے کے حامل، ٹرانسپورٹ خدمات کے خسارے میں مالی سال 18ء میں 3.7 فیصد کا معمولی اضافہ ہوا جبکہ گذشتہ برس 36.7 فیصد اضافہ ہوا۔ ٹرانسپورٹ میں، ملکی تجارتی درآمدی بل اور تیل کی عالمی قیمتوں میں خاصے اضافے کے باوجود باربرداری کے خسارے میں 12.4 فیصد کا اضافہ ہوا۔ درحقیقت، باربرداری خدمات کی برآمدات نے باربرداری خسارے کی برآمدات کو روک رکھا تھا۔ ٹیلی کام، کمپیوٹر اور اطلاعی خدمات کی برآمدات 1.1 ارب ڈالر سے متجاوز ہوگئیں جبکہ مالی سال 17ء میں یہ 939.5 ملین ڈالر تھیں۔ ٹیلی کام کی درآمدات بھی ایک چوتھائی اضافے کے ساتھ بڑھ کر 479 ملین ڈالر ہوگئیں۔[2]

#### بنیادی آمدنی کا توازن


مالی سال 18ء میں بنیادی آمدنی کا خسارہ 4.6 فیصد کی نمو کے ساتھ بڑھ کر 5.3 ارب ڈالر ہوگیا، جبکہ مالی سال 17ء میں یہ 5.6 فیصد کم ہوا تھا۔ رقوم کے اخراج کے بڑھتے ہوئے حجم، جو 5.1 فیصد کے اضافے سے مالی سال 18ء میں بڑھ کر 6.0 ارب ڈالر ہوگیا، نے اس مد میں 0.7 ارب ڈالر کی رقوم کی آمد کو زائل کردیا۔

[1] اس جُز میں کیا گیا تجزیہ بینک دولت پاکستان کی جانب سے اکٹھے کیے گئے اعداد و شمار پر مبنی ہے۔ یہ اعداد و شمار بی ایم پی 6 (ای بی او ایس-2010ء) کی درجہ بندی کے مطابق جمع کیے گئے اور ایم ایس آئی ٹی ایس-2010ء سے ہم آہنگ ہیں۔

[2] نتیجتاً، مالی سال 18ء میں ٹیلی کام سیکٹر کی خالص برآمدات بڑھ کر 585.6 ملین ڈالر ہوگئیں جبکہ مالی سال 17ء میں یہ 555.4 تھیں۔

گو کہ مالی سال 18ء میں منافع اور سودی ادائیگیوں دونوں ہی میں اضافہ ہوا، لیکن اول الذکر کے مقابلے میں مؤخر الذکر میں اضافہ زیادہ واضح تھا (**شکل 6.5**)۔ مالی سال 18ء میں، پاکستان نے بیرونی قرضوں اور بانڈز کے سود کی مد میں 2.7 ارب ڈالر ادا کیے، جو مالی سال 17ء سے 33.5 فیصد زیادہ تھے۔ اگرچہ قرضے جمع کرنے کی شرح اس سال بڑھ گئی ہے، تاہم امریکی ٹریژری شرح اور لائبور میں اضافہ سودی ادائیگیوں کے بڑھنے کا سبب ہے۔ مستقبل میں چونکہ عالمی شرح ہائے سود میں مزید اضافہ متوقع ہے اس لیے سودی آمدنی کی ادائیگیوں میں خاصا اضافہ ہو سکتا ہے۔


**شکل 6.5: بنیادی آمدنی کے کھاتے سے رقوم کے اخراج کا تجزیہ**




Data source: State Bank of Pakistan

منافع کی واپسی کا شعبہ وار تجزیہ ظاہر کرتا ہے کہ غذا، مواصلات، تیل اور گیس کی تلاش، بجلی، مالی کاروبار، کیمیکلز اور گاڑیوں سب نے بیرونِ ملک اپنے سرپرست اداروں کو کثیر منافع بھجوایا۔ مواصلات کے شعبے میں، بالخصوص ٹیلی مواصلات میں، 327.8 ملین ڈالر کا بلند منافع بھجوایا گیا جبکہ مالی سال 17ء میں اس کے مقابلے میں خاصا کم 177.8 ملین ڈالر بھیجا گیا تھا (**شکل 6.6**)۔

**شکل 6.6: منافع کی شعبہ وار واپسی**





Data source: State Bank of Pakistan

## کارکنوں کی ترسیلاتِ زر

گو کہ مالی سال 18ء میں کارکنوں کی ترسیلات زر 1.4 فیصد کے معمولی اضافے کے ساتھ بڑھ کر 19.6 ارب ڈالر ہو گئیں، تاہم یہ مالی سال 16ء میں درج کیے گئے 19.9 ارب ڈالر کے رقوم کے بلند بہاؤ سے کم رہا (**شکل 6.7**)۔ مالی سال 18ء میں معمولی اضافہ ظاہر کرتا ہے کہ رقوم کی آمد میں کمی کا رجحان جو مالی سال 17ء میں 2.8 فیصد کمی پر منتج ہوا تھا اب بظاہر اُلٹ چکا ہے۔ اس میں کئی عوامل کارفرما ہے۔

**شکل 6.7: کارکنوں کی ترسیلات زر کی آمد**





Data source: State Bank of Pakistan

اول، تیل کی قیمتوں میں تبدیلی نے کلیدی کردار ادا کیا۔ یہ حیران کن نہیں ہے کہ پاکستان کی ترسیلاتِ زر کی آمد میں جی سی سی ممالک کے حصے میں اضافے کے ساتھ تیل کی قیمتوں میں بھی اضافہ ہوا (**شکل 6.8**)۔ اگرچہ، تیل کی قیمتیں مالی سال 14ء میں بلند ترین سطح پر تھیں تاہم جی سی سی ممالک سے ترسیلاتِ زر کے بہاؤ میں مالی سال 16ء تک اضافہ ہوا۔ صرف مالی سال 16ء کے بعد جب تیل کی پست قیمتوں کے نتیجے میں جی سی سی ممالک میں مالیاتی عدم توازن پیدا ہوا تب ان معیشتوں سے رقوم کی آمد میں کمی آگئی۔ تب سے جی سی سی ممالک نے مالیاتی یکجائی کے بعض اقدامات اختیار کیے، جن میں قدر اضافی ٹیکس (ویلیو ایڈڈ ٹیکس) کا نفاذ، جس نے پست آمدنی والے غیر ہنر مند غیر ملکی کارکنان کی بچتوں کو کم کر دیا، اور ملازمتوں کو قومیائے جانے کے پروگرام شامل تھے، لیکن یہ فہرست حتمی نہیں۔ یہ اقدامات سعودی عرب میں زیادہ نمایاں تھے جس نے تارکینِ وطن اور ان کے خاندانوں کی سعودی عرب میں ملازمتوں اور قیام پر مختلف ٹیکس لاگو کر دیے۔[3] ان اقدامات کے نتیجے میں مالی سال 16ء سے جی سی سی ممالک سے آنے والی ترسیلاتِ زر میں کمی آتی رہی ہے۔

[3] تفصیل کے لیے دیکھیے، باب 5، پاکستانی معیشت کی کیفیت پر بینک دولت پاکستان کی دوسری سہ ماہی رپورٹ، مالی سال 18ء۔

ساتھ ہی تیل کی پست قیمتوں نے ترقی یافتہ معیشتوں، بالخصوص امریکہ، برطانیہ، اور یورپی یونین کے ممالک میں جاری بحالی میں بھی کردار ادا کیا۔ چنانچہ ان معیشتوں سے آنے والی ترسیلاتِ زر نے رفتار پکڑی، یہ وہی وقت تھا جب جی سی سی راہداری، ماسوائے متحدہ عرب امارات، سے آنے والی رقوم میں کمی کا آغاز ہوا۔ پاکستان کی ترسیلاتِ زر میں غیر جی سی سی ممالک کے حصے میں اضافہ خوش آئند ہے، کیونکہ بلند تنوع ان رقوم میں اچانک کمی کے خطرے کو پست کر دیتا ہے۔

**شکل 6.8: ترسیلاتِ زر کی آمد کے تحرکات**




Data sources: State Bank of Pakistan and Haver Analytics

دوم، سعودی عرب کے ساتھ امارات میں بھی ویلیو ایڈڈ ٹیکس لاگو کیے جانے کے باوجود جی سی سی میں سے متحدہ عرب امارات سے آنے والی رقوم میں استحکام رہا (**جدول 6.4**)۔ متحدہ عرب امارات کی معیشت تیل پر بہت کم انحصار کرتی ہے چنانچہ تیل کی قیمتوں میں کمی کے باوجود وہاں سے آنے والی ترسیلات پر کوئی اثر نہ پڑا۔ مزید برآں، متحدہ عرب امارات کی حکومت نے 2014ء میں ایک نیا انسدادِ منی لانڈرنگ قانون منظور کیا تھا۔ متحدہ عرب امارات سے غیر رسمی ذرائع سے آنے والی رقوم اب پاکستان میں رسمی ذرائع سے داخل ہونا شروع ہو گئیں اور متحدہ عرب امارات سے آنے والی ترسیلاتِ زر تب سے تقریباً 4.3 ارب ڈالر[4] رہی ہیں۔[5]

اہم بات یہ ہے کہ مستقبل میں جی سی سی راہداری سے آنے والی ترسیلاتِ زر میں کمی، اضافے میں بدل سکتی ہے، کیونکہ مالی سال 18ء میں تیل کی قیمتوں میں خاصا اضافہ ہوا ہے۔ تاہم ملازمتوں کو قومیائے جانے کا فیصلہ کارکنان کی جی سی سی، بالخصوص سعودی عرب میں نقل مکانی کے لیے بڑی رکاوٹ کی صورت اختیار کر سکتا ہے۔ مالی سال 17ء کے مقابلے میں مالی سال 18ء میں سعودی عرب جانے والے پاکستانیوں کی تعداد نصف سے بھی کم ہو گئی ہے (**جدول 6.5**)۔ افرادی قوت کی برآمد کے ضمن میں اس رجحان کو پلٹنے کے لیے حکومتی معاونت کی ضرورت ہے۔

مثال کے طور پر، بنگلہ دیش کی حکومت سے طویل مذاکرات کے بعد سعودی عرب میں بنگلہ دیشی ملازمین کی ملازمتوں پر عائد بندش ہٹا دی گئی۔[6] اسی طرح پاکستانی حکومت بھی سعودی عرب اور دیگر جی سی سی ممالک میں پاکستانی کارکنان کے کوٹے میں اضافے کی درخواست کر سکتی ہے۔ اس ضمن میں قطر ایک اچھا نقطۂ آغاز ہو سکتا ہے۔ زیادہ تر جی سی سی

**جدول 6.4: کارکنوں کی ترسیلاتِ زر (ذریعے کے لحاظ سے)**

| | قدر (ملین ڈالر) | | | نمو سال بسال (فیصد) | |
|---|---|---|---|---|---|
| | مالی سال 16ء | مالی سال 17ء | مالی سال 18ء | مالی سال 17ء | مالی سال 18ء |
| **خلیج تعاون کونسل** | **12,756** | **12,123** | **11,351** | **-5.0** | **-6.4** |
| سعودی عرب | 5,968 | 5,470 | 4,859 | -8.4 | -11.2 |
| متحدہ عرب امارات | 4,365 | 4,328 | 4,333 | -0.9 | 0.1 |
| کویت | 774 | 764 | 774 | -1.3 | 1.4 |
| عمان | 819 | 761 | 657 | -7.1 | -13.6 |
| بحرین | 448 | 396 | 356 | -11.6 | -10.3 |
| قطر | 381 | 404 | 371 | 6.2 | -8.2 |
| امریکہ | 2,525 | 2,453 | 2,714 | -2.8 | 10.6 |
| برطانیہ | 2,580 | 2,342 | 2,763 | -9.2 | 18.0 |
| یورپی یونین | 418 | 483 | 656 | 15.5 | 35.9 |
| دیگر | 1,638 | 1,951 | 2,140 | 19.1 | 9.7 |
| **کل** | **19,917** | **19,351** | **19,623** | **-2.8** | **1.4** |

ڈیٹا کا ماخذ: بینک دولت پاکستان

[4] تفصیل کے لیے دیکھیے، باب 5، پاکستانی معیشت کی کیفیت، بینک دولت پاکستان کی تیسری سہ ماہی رپورٹ، مالی سال 18ء۔

[5] منقولی شواہد کے مطابق یہاں ایک تیسرا عامل بھی ہو سکتا تھا۔ پاکستانی سافٹ ویئر کی برآمدات سے ہونے والی وصولیوں کا ایک بڑا حصہ ذاتی اکاؤنٹس میں وصول کیا جاتا ہے، جو اگر درست ہے تو اس کی وجہ سے سافٹ ویئرز کی برآمدی آمدنی کی اصل سے کم اور کارکنوں کی ترسیلات زر کی اصل سے زائد رپورٹنگ ہوتی ہے۔ اس ناقص معلومات کے مسئلے کو حل کرنے کے لیے حکومت نے ڈجیٹل پاکستان پالیسی 2017ء میں سافٹ ویئرز کی برآمدات کی اطلاع دینے کی حوصلہ افزائی کی ہے۔

[6] ماخذ: ورلڈ بینک، ہجرت اور ترقی کا جائزہ 27 اپریل 2017ء۔

ممالک میں کام کی غرض سے جانے والے پاکستانی کارکنان کی تعداد میں کمی کے باوجود قطر اس سے مستثنیٰ رہا اور مالی سال 18ء میں قطر نقل مکانی میں 67.9 فیصد اضافہ دکھائی دیا۔ قطر کے ساتھ پاکستان کے تجارتی وسفارتی روابط میں بہتری سے اس اضافے میں مدد مل سکتی ہے۔

### 6.4 مالی کھاتہ

مالی سال 18ء میں مالی کھاتے کا فاضل بڑھ کر 12.3 ارب ڈالر ہو گیا جبکہ مالی سال 17ء میں یہ 10.2 ارب ڈالر تھا، سرکاری جُزدان میں یک بارگی سرمایہ کاری رقوم کی آمد اس کی بڑی وجہ تھی۔ مالی سال 18ء میں پاکستان نے یورو بانڈ اور صکوک سے 2.5 ارب ڈالر جمع کیے۔ تاہم، بیرونی براہِ راست سرمایہ کاری رقوم محض 21.0 ملین ڈالر اضافے کے ساتھ جمود کا شکار رہیں۔ اس کے علاوہ، دوطرفہ اور کمرشل قرضے بھی خالص لحاظ سے روبہ زوال ہو گئے۔

**جدول 6.5: منتخب ممالک میں پاکستانی تارکینِ وطن کی تعداد**


| | تعداد (ہزار میں) | | | نمو (فیصد) | |
|---|---|---|---|---|---|
| | مالی سال16ء | مالی سال17ء | مالی سال18ء | مالی سال17ء | مالی سال18ء |
| سعودی عرب | 585 | 229 | 111 | -60.8 | -51.6 |
| متحدہ عرب امارات | 307 | 286 | 231 | -7.0 | -19.2 |
| قطر | 10 | 11 | 18 | 1.2 | 67.9 |
| عمان | 49 | 44 | 33 | -10.5 | -24.5 |
| کویت | 0 | 1 | 1 | 125.1 | -46.4 |

ڈیٹا کا ماخذ: بیورو آف امیگریشن اینڈ اوورسیز ایمپلائمنٹ

خالص واجبات

مالی سال 18ء کے دوران ملک میں بیرونی قرضوں کی خالص آمد 7.5 ارب ڈالر ہو گئی جبکہ گذشتہ برس کے دوران یہ 9.0 ارب ڈالر تھی۔ خالص رقوم میں یہ کمی حکومتی و نجی دونوں شعبوں میں دیکھی گئی۔ درحقیقت، مالی سال 18ء کے دوران کمرشل بینکوں نے اپنے قرضے واپس کر دیے (**شکل 6.9**)۔

**شکل 6.9: خالص واجبات**




خالص حکومتی قرضے 4.8 ارب ڈالر ہو گئے، جو گذشتہ برس سے معمولی کم تھے۔ حکومت کی مجموعی قرضوں کی تقسیم اور بالاقساط ادائیگی میں قلیل مدتی قرضے کے حصے میں نمایاں اضافہ ہوا۔[7] معلوم ہوتا ہے کہ، حکومت قلیل مدتی کمرشل قرضے جمع کر کے اپنے قلیل مدتی قرضے ادا کرتی رہی۔

ذرائع کے لحاظ سے، مالی سال 18ء کے دوران سرکاری قرضوں کی تقسیم میں، دوطرفہ و کمرشل دونوں میں چین سے لیے گئے قرضوں کا حصہ غالب رہا، کیونکہ یہ رقوم زیادہ تر ادائیگیوں کے توازن میں معاونت اور سی پیک سے متعلق منصوبوں کی مد میں لی گئیں (**جدول 6.6**)۔

**جدول 6.6: ماخذ کے لحاظ سے سرکاری قرضے**

* ملین ڈالر

| | مالی سال17ء | مالی سال18ء | تبدیلی |
|---|---|---|---|
| **مجموعی بیرونی قرضے** | **10,553** | **10,918** | **365** |
| چین | 3,955 | 4,011 | 56 |
| دوطرفہ | 1,655 | 1,811 | 156 |
| کمرشل بینک | 2,300 | 2,200 | -100 |
| بانڈز | 1,000 | 2,500 | 1,500 |
| دیگر کمرشل بینک | 2,270 | 1,516 | -754 |
| اسلامی ترقیاتی بینک (قلیل مدتی) | 456 | 987 | 531 |
| ایشیائی ترقیاتی بینک | 1,495 | 871 | -624 |
| دیگر | 1,377 | 1,033 | -345 |

* مجموعی ادائیگیاں

ڈیٹا کا ماخذ: اقتصادی امور ڈویژن

اسی دوران، نجی قرضوں کے لحاظ سے، مالی سال 18ء کے دوران 122.0 ملین ڈالر خالص قرضوں کی واپسی کے ساتھ کمرشل بینکوں کی قلیل مدتی ادائیگیاں ان کے قرضوں کی تقسیم سے بڑھ گئیں۔ تاہم مالی سال 17ء میں کمرشل بینکوں نے 1.6 ارب ڈالر کی خالص قرض گیری کی۔

[7] گذشتہ برس مجموعی قلیل مدتی قرضے میں 1.2 ارب ڈالر کے قرضوں کی تقسیم کے مقابلے میں 1.5 ارب ڈالر کے قرضے ریکارڈ کیے گئے جبکہ مالی سال 17ء کے 1.4 ارب ڈالر کے مقابلے میں رواں برس 1.4 ارب ڈالر کی مجموعی قسط وار واپسی درج کی گئی۔

### بیرونی براہِ راست سرمایہ کاری

اگرچہ 2017ء میں جنوبی ایشیا میں بیرونی براہ راست سرمایہ کاری میں کمی آئی، تاہم پاکستان میں بالخصوص سی پیک سے متعلق منصوبوں کے حوالے سے، چین کی جانب سے بیرونی سرمایہ کاری جاری رہی۔[8] مالی سال 18ء کے دوران، پاکستان میں خالص بیرونی براہِ راست سرمایہ کاری رقوم میں اضافہ ہوا، گرچہ یہ معمولی تھا، اور وہ گذشتہ برس کے 2.7 ارب ڈالر سے بڑھ کر 2.8 ارب ڈالر ہو گئیں۔ نصف سے زائد خالص بیرونی سرمایہ کاری رقوم توانائی اور تعمیرات کے شعبوں میں لی گئیں (**جدول 6.7**)۔ ٹیلی مواصلات کے شعبے میں بھی بلند رقوم کی آمد دیکھی گئی۔ پاکستان کے ایک اہم سیلولر سروس پرووائڈر سے ٹیلی کام ٹاور کی خدمات کے حصول کے لیے ملائشیا کی ایک فرم کی جانب سے کی گئی 110.3 ملین ڈالر کی ادائیگی اس کی وجہ تھی۔

**جدول 6.7: پاکستان میں خالص بیرونی براہِ راست سرمایہ کاری کی شعبہ وار آمد**

ملین ڈالر

| | مالی سال 17ء | مالی سال 18ء | تبدیلی |
|---|---|---|---|
| بجلی | 700 | 885 | 185 |
| تعمیرات | 466 | 707 | 241 |
| مالی کاروبار | 296 | 276 | -20 |
| تیل اور گیس کی تلاش | 146 | 195 | 49 |
| غذا | 526 | 106 | -420 |
| ٹیلی مواصلات | -91 | 72 | 163 |
| الیکٹرانکس | 145 | 51 | -94 |
| دیگر | 558 | 476 | -83 |
| **کُل** | **2,747** | **2,778** | **21** |

ڈیٹا کا ماخذ: بینک دولت پاکستان

توانائی اور تعمیرات میں کی جانے والی اپنی بہت سی سرمایہ کاری کے ساتھ چین پاکستان میں اہم سرمایہ کار رہا۔ گو کہ چین کی خارجی براہِ راست سرمایہ کاری میں مالی سال 16ء سے اب تک مسلسل دوسرے سال میں کمی آئی ہے، تاہم پاکستان کی خالص بیرونی براہِ راست سرمایہ کاری رقوم میں اس کا حصہ مالی سال 17ء کے 44.1 فیصد سے بڑھ کر مالی سال 18ء میں 57.3 فیصد ہو گیا۔[9]

مالی سال 18ء کے دوران امریکہ اور برطانیہ سے آنے والی رقوم کسی تبدیلی کے بغیر تقریباً گذشتہ برس کی سطح پر رہیں۔ دل چسپ بات یہ ہے کہ ہانگ کانگ سے آنے والی رقوم میں نمایاں نمو ہوئی، جس کی اہم وجہ پاکستان کے توانائی کے شعبے میں ایک مقامی فرم کی چین کی ایک اہم توانائی کی فرم کے ساتھ مشترکہ سرمایہ کاری تھی۔

### بیرونی جُزدانی سرمایہ کاری

مالی سال 18ء میں بیرونی جُزدانی سرمایہ کاری میں سرکاری رقوم کا حصہ غالب رہا، کیونکہ حکومت نے یورو بانڈز اور صکوک کے اجرا سے 2.5 ارب ڈالر جمع کیے۔[10] اس کے برعکس، بیرونی نجی سرمایہ کاری میں 240.7 ملین ڈالر کا اخراج دکھائی دیا؛ یہ گذشتہ برس درج کی گئی سطح کا تقریباً نصف تھا۔ بیرونی سرمایہ کاروں، خاص طور پر لکسمبرگ (341.0 ڈالر)، ہانگ کانگ (187.0 ڈالر)، مصر (171.2 ڈالر) اور برطانیہ (93.0 ڈالر) نے پاکستان سے اپنی رقوم نکال لیں۔ اسی دوران، مالی سال 18ء میں امریکی جُزدانی سرمایہ کار 545.2 ملین ڈالر کے ساتھ خالص حصہ دار رہے۔

امریکہ میں مضبوط اقتصادی نمو اور مہنگائی کی بلند توقعات کے ساتھ فیڈرل ریزرو کی جانب سے پالیسی ریٹ میں اضافے، اور امریکہ اور چین کی جانب سے تجارت میں تحفظ پسند موقف اختیار کرنے کی وجہ سے عالمی جزدانی سرمائے کی آمد و رفت کے بارے میں غیر یقینی صورت حال کو مہمیز ملی۔ اس کے نتیجے میں، بیرونی سرمایہ کاروں نے اپنے منافع کو بڑھانے کے لیے اپنی رقوم کو خطرات میں گھری ابھرتی ہوئی منڈیوں سے امریکی تمسکات کی طرف منتقل کر دیا۔ مالی سال 18ء کے دوران بھارت اور تھائی لینڈ کے سوا زیادہ تر ایشیائی ایکویٹی منڈیوں نے منفی منافع درج کیا۔ بھارتی ایکویٹی منڈی رقوم کے اخراج سے محفوظ رہی کیونکہ مقامی سرمایہ کاروں نے بیرونی سرمایہ کاروں کی طرف سے فروخت کی گئی ایکویٹی کو جذب کر لیا (**جدول 6.8**)۔

[8] 2017ء میں بھارت کی بیرونی براہِ راست سرمایہ کاری رقوم میں کمی جنوبی ایشیا کی سرمایہ کاری میں تخفیف کی وجہ تھی (ماخذ: عالمی سرمایہ کاری رپورٹ 2018ء، یو این سی ٹی اے ڈی)

[9] چین کی مجموعی بیرونی براہِ راست سرمایہ کاری مالی سال 16ء کے 244 ارب ڈالر سے کم ہو کر مالی سال 18ء میں 107 ارب ڈالر ہو گئی (ماخذ: ہیوور اینالیٹکس)

[10] حکومت نے دسمبر 2017ء میں بالترتیب 5.625 اور 6.875 فیصد منافع پر 1.5 ارب ڈالر مالیت کے یورو بانڈ اور 1.0 ارب ڈالر مالیت کے صکوک جاری کیے۔

اس کے برعکس، پاکستانی ایکویٹی مارکیٹ میں مالی سال 18ء کے دوران 288.6 ملین ڈالر کی خالص بیرونی فروخت ہوئی، جبکہ گذشتہ برس 652.1 ملین ڈالر کی خالص فروخت ہوئی تھی (**شکل 6.10**)۔ اگرچہ عالمی مالی منظرنامہ اس برس غیر یقینی صورت حال میں اضافے سے گزر رہا تھا، تاہم بیرونی سرمایہ کاری فرموں کے جُزدانوں کی تزویراتی ترتیب کے باعث نجی ایکویٹی سے متعلق اخراج گذشتہ برس کے مقابلے میں پست رہا۔


**جدول 6.8: اہم ایشیائی ایکویٹی منڈیوں کی کارکردگی**

منافع فیصد میں

| | مالی سال 17ء | مالی سال 18ء |
|---|---|---|
| چین | 8.8 | -10.8 |
| پاکستان | 23.2 | -10.0 |
| فلپائن | 0.6 | -8.2 |
| ملائشیا | 6.6 | -4.1 |
| بنگلہ دیش | 26.5 | -4.4 |
| انڈونیشیا | 16.2 | -0.5 |
| تھائی لینڈ | 8.9 | 1.3 |
| بھارت | 14.5 | 14.6 |

ڈیٹا کا ماخذ: بلومبرگ

**شکل 6.10: پاکستان کی ایکویٹی مارکیٹ میں غیر ملکی سرمایہ کاروں کی خالص خریداری (+) / فروخت (-)**




Data source: National Clearing Company of Pakistan Ltd. & Pakistan Stock Exchange


## 6.5 شرحِ مبادلہ اور ذخائر

پاکستان کے جاری کھاتے کا بگڑتا ہوا توازن مالی سال 18ء میں بھی ملکی زرِ مبادلہ کے ذخائر پر دباؤ ڈالتا رہا۔ جبکہ مالی سال 18ء کے دوران زرِ مبادلہ کے مجموعی سیال ذخائر 5.0 ارب ڈالر کم ہوگئے اور ڈالر کے مقابلے میں پاکستانی روپے کی قدر میں بھی 13.7 فیصد کی کمی ہوئی۔ پاکستانی روپے اور امریکی ڈالر کی شرح مبادلہ میں تین اقساط میں ردوبدل کی گئی: دسمبر 2017ء میں 4.4 فیصد، مارچ 2018ء میں 4.3 فیصد، اور جون 2018ء میں 4.9 فیصد (**شکل 6.11**)۔[11]

درحقیقت، ستمبر 2016ء میں آئی ایم ایف کی توسیعی فنڈ سہولت کی تکمیل کے ایک ماہ بعد سے ملک کے زرِ مبادلہ کے ذخائر میں کمی شروع ہوگئی تھی۔ حتیٰ کہ دسمبر 2017ء میں یورو بانڈ اور صکوک کا اجرا بھی ذخائر میں اس کمی کے رجحان پر گرفت نہ کرسکا، کیونکہ ملک کی درآمدی ادائیگیوں کے بڑھنے کی رفتار برآمدات، کارکنوں کی ترسیلاتِ زر اور بیرونی براہ راست سرمایہ کاری کی وصولیوں سے زیادہ تھی۔

عالمی سطح پر ڈالر کی مضبوطی کے ساتھ زرِ مبادلہ کے ملکی ذخائر میں مسلسل کمی نے پاکستانی روپے کی قدر میں کمی کی منڈی کی توقعات کو تقویت دی۔ بین البینک منڈی میں مستحکم شرحِ مبادلہ کے باوجود کرب مارکیٹ ریٹ میں بار بار خاصا انحراف دیکھا گیا جس سے پاکستانی روپے پر بڑھتا ہوا دباؤ ظاہر ہوتا ہے (**شکل 6.11**)۔ اس کے نتیجے میں روپے کی قدر میں مرحلہ وار کمی ہوئی جس سے امکان ہے کہ روپے کی قدر میں مزید کمی کی توقعات پیدا ہوئیں۔

**شکل 6.11: پاکستان کے زرِ مبادلہ کے سیال ذخائر اور شرحِ مبادلہ**





Data source: State Bank of Pakistan

[11] جولائی 2017ء کے ایک واقعے کے سوا، جب دورانِ ماہ امریکی ڈالر کے مقابلے میں روپے کی قدر 0.5 فیصد کم ہوگئی۔

روپے کی کمزوری وسیع البنیاد تھی، کیونکہ مالی سال 18ء کے دوران دیگر عالمی کرنسیوں، جیسے یورو (منفی 15.5 فیصد)، برطانوی پونڈ (منفی 14.8 فیصد)، اور جاپانی ین (منفی 14.7 فیصد) کے مقابلے میں بھی روپے کی قدر میں کمی واقع ہوئی۔ اس کے نتیجے میں مالی سال 18ء میں پاکستانی روپے کی حقیقی مؤثر شرحِ مبادلہ 11.0 فیصد کم ہوگئی، جو اہم ایشیائی کرنسیوں میں سب سے زیادہ ہے۔ سرمائے کے اخراج کی وجہ سے کچھ ایشیائی کرنسیاں، جیسے انڈونیشی روپیہ، فلپائنی پیسو، اور بھارتی روپیہ، اپنی قدر کھو بیٹھیں جبکہ دیگر جیسے ملائیشین رنگٹ اور تھائی بھات نے بہتر معاشی نمو کے سبب اپنی قدر میں اضافہ کرلیا (**شکل 6.12**)۔[12]

**شکل 6.12: منتخب ایشیائی کرنسیوں کی حقیقی مؤثر شرحِ مبادلہ کی قدر میں اضافہ (+) / قدر میں کمی (-)**




Data source: Haver Analytics

حالانکہ پاکستانی روپے اور امریکی ڈالر کی شرحِ مبادلہ میں مارکیٹ پر مبنی حالیہ ردوبدل پاکستان کی برآمدی مسابقت کے لیے خوش آئند ہے، تاہم زرِمبادلہ کے ذخائر میں مستقل کمی کسی بیرونی دھچکے کی صورت میں ملک کے توازنِ ادائیگی کے لیے شدید دشواری کا باعث بن سکتی ہے۔ ان حالات میں، ادائیگیوں کی ذمہ داریوں کو پورا کرنے کے لیے ملک کو درکار زرِمبادلہ کے ذخائر کی مناسب سطح کا جائزہ لینا اہم ہے۔ **باکس 6.1** میں ترقی پذیر ممالک، بالخصوص پاکستان کے حوالے سے زرِمبادلہ کے ذخائر کی موزوں ترین سطح کے بارے میں مختصراً بحث کی گئی ہے۔

**باکس 6.1: پاکستان میں زرِمبادلہ کی موزونیت کا جائزہ**

گذشتہ ہزاریے کے اختتام پر مشرقی ایشیائی بحران نے زرِمبادلہ کے ذخائر کو موزوں سطح پر رکھنے کی اہمیت کو اجاگر کیا، تاہم 'موزوں سطح' کتنی ہونا چاہیے اس پر اختلافِ رائے پایا جاتا ہے۔ روایتی طور پر، ذخائر کی ضروری سطح، جو کچھ مہینوں، مثلاً تین مہینے، کے درآمدی قرضے ادا کرسکے، موزوں سمجھی جاتی تھی۔ حال ہی میں درآمدات کی کوریج کے علاوہ قلیل مدتی ادائیگیوں کی ذمہ داریوں، جنھوں نے درحقیقت مشرقی ایشیائی بحران کو جنم دیا، زرِمبادلہ کی موزونیت کی حد کا اہم حصہ بن گئی ہیں۔

تاہم، محض تین مہینوں کے لیے درآمدات کا احاطہ اور قلیل مدتی قرضے کے 100 فیصد تک کی بنیاد پر زرِمبادلہ کی موزونیت کا حساب لگانا محدود اساس ہے جو کسی بیرونی دھچکے کی صورت میں ضروری سہارا فراہم کرنے میں اکثر ناکام ہوسکتی ہے۔

نتیجتاً، آئی ایم ایف (2011ء) نے زرِمبادلہ کی موزونیت کی مناسب سطح جانچنے کے لیے اے آر اے (زرِمبادلہ کی موزونیت کی جانچ) میٹرک کی بنیاد پر ایک متبادل طریقہ تجویز کیا۔ ان کا مرکب ماڈل بینک کے سرمائے پر ضوابطی شرائط کے طریقے سے استفادہ کرتا ہے، جس میں خطرے کے ممکنہ ذرائع کو اوزان تفویض کیے جاتے ہیں تاکہ بہ وزن خطرہ اثاثے حاصل ہوسکیں۔ چنانچہ، ان اوزان کو ایک میں جمع کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی۔

مزید برآں، انھوں نے خطرے کے حامل اثاثوں کے چار زمروں کی نشان دہی کی ہے جو زرِمبادلہ کے ذخائر پر اثر انداز ہوسکتے ہیں۔ اثاثے کے زمرے یہ ہیں: (الف) برآمدی آمدنی کا ممکنہ خسارہ، (ب) ملکی اثاثے کا سیال ذخیرہ جو بطور بیرونی اثاثہ فروخت اور منتقل کیا جاسکے، (ج) قلیل مدتی قرض کے اجرائے ثانی کے خطرات، (د) تجزدانی اور طویل مدتی قرضے کے اخراج کا خطرہ۔

**جدول 6.1.1: زرِمبادلہ کی موزونیت کا جائزہ** (اے آر اے)۔ فیصد اوزان

| شرحِ مبادلہ | قلیل مدتی قرضہ | دیگر واجبات | زرِ وسیع | برآمدات |
|---|---|---|---|---|
| معین | 30 | 20 | 10 | 10 |
| رواں | 30 | 15 | 5 | 5 |


ڈیٹا کا ماخذ: آئی ایم ایف

بیرونی شعبے کے بحرانوں کے تاریخی تجربے کی بنیاد پر کسی مخصوص ملک کی شرحِ مبادلہ کے مطابق اوزان کا تعین کیا جاتا ہے (**جدول 6.1.1**)۔ معین شرحِ مبادلہ کے ساتھ کسی ملک کے لیے اے آر اے میٹرک کا تخمینہ یوں لگایا جائے گا:


اے آر اے میٹرک = قلیل مدتی قرضہ (0.3) + دیگر واجبات (0.2) + زرِ وسیع (0.1) + اشیا و خدمات کی برآمدات (0.1)

[12] مالی سال 18ء کے دوران فیڈرل ریزرو بینک نے اپنی شرحِ سود میں تین بار اضافہ کیا: دسمبر 2017ء، مارچ اور جون 2018ء، جس کے نتیجے میں امریکی ڈالر کو مضبوطی ملی، بالخصوص مالی سال 18ء کی آخری سہ ماہی میں۔

**شکل 6.1.1 ب: رواں شرح کے ساتھ زرِمبادلہ کی موزونیت جانچ اور پاکستان کے زرِمبادلہ کے ذخائر**




**شکل 6.1.1 الف: معین شرح کے ساتھ زرِمبادلہ کی موزونیت جانچ اور پاکستان کے زرِمبادلہ کے ذخائر**




Data source: State Bank of Pakistan

آئی ایم ایف (2017ء) کے مطابق دسمبر 2016ء میں پاکستان کے ذخائر اے آر اے میٹرک کا محض 73.0 فیصد تھے یعنی 100 فیصد کی کم سے کم موزوں سطح سے نیچے۔ پاکستان کے زرِمبادلہ کے ذخائر مالی سال 16ء تک اطمینان بخش سطح پر تھے۔ اس کے بعد سے درآمدات کی بڑھتی ہوئی طلب، کارکنوں کی ترسیلاتِ زر میں سست روی اور پست برآمدی وصولیوں سے ملکی ذخائر پر دباؤ بڑھ گیا۔ اس کے نتیجے میں درآمدات کی کوریج کی اہلیت مارچ 2018ء کے اختتام پر تین مہینے سے کم ہوگئی جبکہ جون 2016ء کے اختتام پر یہ 5 مہینے سے زیادہ تھی۔ اسی مدت میں ذخائر تا اے آر اے میٹرک کا تناسب اختتام مارچ 2018ء پر کم ہو کر 51.0 فیصد ہو گیا جبکہ جون 2016ء کے اختتام پر یہ 78.0 فیصد تھا۔

دلچسپ امر یہ ہے کہ اے آر اے اعداد کا حساب بیشتر شرحِ مبادلہ کے مفروضات پر انحصار کرتا ہے۔ آئی ایم ایف اے آر اے میٹرک تخمینے میں پاکستان کی شرحِ مبادلہ کو معین فرض کیا گیا ہے۔ تاہم ملکی شرحِ مبادلہ کو رواں فرض کرنے سے مارچ 2018ء کے اختتام پر زرِمبادلہ کے ذخائر اے آر اے میٹرک کے فیصدی لحاظ سے موزوں رینج میں آتے ہیں۔

**حوالہ جات:**

آئی ایم ایف (2011ء)، زرِمبادلہ کی موزونیت کا جائزہ، پالیسی پیپر، واشنگٹن ڈی سی آئی ایم ایف، [imf.org/external]

آئی ایم ایف (2017ء)، پاکستان: آرٹیکل 4 مشاورت، کنٹری رپورٹ نمبر 212/17، واشنگٹن ڈی سی آئی ایم ایف۔

## 6.6 تجارتی کھاتہ[13]

مالی سال 18ء میں پاکستان میں 37.6 ارب ڈالر کا ریکارڈ تجارتی خسارہ ہوا جو گذشتہ برس کے مقابلے میں 15.7 فیصد زیادہ ہے۔ بڑھتی ہوئی درآمدات، جو تقریباً 61.0 ارب ڈالر کی حد کو پہنچ چکی ہیں، نے گذشتہ تین برس کے دوران مسلسل کمی کے بعد ہونے والی برآمدات میں وسیع البنیاد اور مقدار پر مبنی بحالی کا اثر زائل کر دیا۔ تیل کی عالمی قیمتوں میں اضافے کے ساتھ دھاتوں اور منسلک مصنوعات پر مشتمل صنعتی خام مال کی مضبوط طلب درآمدات میں اس اضافے کی بنیادی وجہ تھی۔ نتیجتاً دورانِ سال ملک کا ادائیگیوں کا توازن شدید دباؤ کا شکار ہو گیا (**سیکشن 6.2**)۔

### برآمدات

تین سال کے مسلسل زوال کے بعد مالی سال 18ء میں پاکستانی برآمدات 13.7 فیصد سے بڑھ کر 23.2 ارب ڈالر ہو گئیں؛ تاہم، مالیت کے لحاظ سے یہ اب بھی مالی سال 15ء میں درج کی گئی سطح سے کم تھیں۔ عالمی طلب کے سازگار تحرکات کے ساتھ پاکستان بالآخر ابھرتی ہوئی معیشتوں میں شامل ہو گیا جنھوں نے اس مدت میں بھرپور برآمدی کارکردگی کا مظاہرہ کیا تھا (**شکل 6.13**)۔

[13] یہ سیکشن پاکستان دفتر شماریات کی جانب سے فراہم کیے گئے کسٹمز اعداد و شمار پر مبنی ہے۔ اس سیکشن میں دی گئی معلومات ادائیگی کے ریکارڈ کے تحت اس ڈیٹا سے مطابقت نہیں رکھتی جو سیکشن 6.1 میں دی گئی ہے۔ اعداد و شمار کے ان دو ڈیٹا سیریز کے فرق کو سمجھنے کے لیے براہِ کرم ضمیمہ اعداد و شمار کی توضیح ملاحظہ فرمائیے۔

بلند اور پست قدر اضافی دونوں کاٹیکسٹائل اشیا کی برآمدات میں غالب حصہ رہا، تاہم غیر روایتی اشیا جیسے سمندری غذا اور پٹرولیم مصنوعات میں بھی اضافہ ہوا۔ لیکن اہم بات یہ ہے کہ پاکستانی برآمدات کے فروغ میں بلند مقدار نے غالب کردار ادا کیا، کیونکہ کچھ کلیدی اشیا، جیسے شکر، گندم اور سوتی کپڑوں کی اکائی قیمتیں گذشتہ برس کے مقابلے میں پست تھیں (**جدول 6.9**)۔

**جدول 6.9: پاکستان کی اہم برآمدات**

ملین ڈالر

| | مالی سال17ء | مالی سال18ء | مطلق تبدیلی | مقداری اثر | قیمت کا اثر |
|---|---|---|---|---|---|
| **غذائی گروپ** | 3,711 | 4,798 | 1,087 | - | - |
| باسمتی چاول | 453 | 582 | 129 | 89 | 40 |
| غیر باسمتی | 1,153 | 1,454 | 300 | 182 | 119 |
| گندم | 1 | 236 | 235 | 311 | -75 |
| چینی | 161 | 508 | 347 | 609 | -262 |
| سمندری غذا | 394 | 451 | 57 | 106 | -49 |
| **ٹیکسٹائل گروپ** | 12,451 | 13,521 | 1,070 | - | - |
| خام کپاس | 44 | 58 | 15 | 17 | -2 |
| سوتی دھاگہ | 1,244 | 1,372 | 128 | 181 | -53 |
| سوتی کپڑا | 2,136 | 2,204 | 67 | 334 | -267 |
| نٹ ویئر | 2,362 | 2,711 | 350 | 34 | 315 |
| بستر کی چادریں | 2,138 | 2,261 | 123 | 116 | 7 |
| تولیے | 801 | 797 | -3 | 25 | -28 |
| تیار ملبوسات | 2,319 | 2,577 | 258 | 95 | 164 |
| **پیٹرولیم گروپ** | 189 | 394 | 204 | - | - |
| خام تیل | 77 | 190 | 113 | 76 | 38 |
| پیٹرولیم مصنوعات | 71 | 148 | 77 | 51 | 26 |
| **دیگر اشیا ساز گروپ** | 3,097 | 3,399 | 303 | - | - |
| چمڑا | 346 | 330 | -15 | 43 | -58 |
| چمڑے کی مصنوعات | 491 | 523 | 32 | - | - |
| پلاسٹک | 218 | 238 | 20 | 7 | 14 |
| ادویات | 214 | 195 | -19 | -19 | 0 |
| سیمنٹ | 238 | 223 | -15 | 2 | -17 |
| **مجموعی برآمدات** | **20,422** | **23,212** | **2,790** | **2,584** | **-121** |

ڈیٹا کا ماخذ: پاکستان دفتر شماریات

## غذا

مالی سال 18ء کے دوران پاکستان کی غذائی برآمدات 29.3 فیصد اضافے کے ساتھ بڑھ کر 4.8 ارب ڈالر ہوگئیں جس کی بڑی وجہ چاول، گندم اور شکر کی بحری ترسیلات میں اضافہ تھا۔ جبکہ عالمی طلب میں اضافے سے چاول کو تقویت ملی نیز حکومت کی اعلان کردہ خاصے زراعانت کے نتیجے میں شکر اور گندم کی برآمدات میں مضبوط نمو ہوئی۔

درحقیقت، شکر کی برآمدی مقدار میں 1.5 ملین میٹرک ٹن کی ریکارڈ بلندی تک پہنچی، کیونکہ برآمد کنندگان نے 2.0 ملین میٹرک ٹن کوٹے کے بڑے حصے سے استفادہ کیا جس پر حکومت نے زراعانت کا اعلان کیا تھا۔[14] اسی طرح، گندم کی برآمدی مقدار تاریخ کی دوسری بلند ترین سطح تک پہنچ گئی، کیونکہ حکومت نے اس کی برآمد پر 120 تا 159 ڈالر فی میٹرک ٹن[15] کے بھاری زراعانت کی اجازت دی تھی؛ اس کے ساتھ ساتھ مالی سال 18ء کی دوسری ششماہی میں بڑھتی ہوئی عالمی قیمتوں کی وجہ سے گندم کی برآمدات بڑھ کر 236.3 ملین ڈالر ہوگئیں۔[16]

اسی دوران، ایشیا اور افریقہ کے چاول استعمال کرنے والے اہم ممالک کی بڑھتی ہوئی طلب کے باعث مسلسل تین برس کمی کے بعد مالی سال 18ء میں چاول کی برآمدات 26.7 فیصد کے ٹھوس سال بسال اضافے سے بڑھ کر 2.0 ارب ڈالر ہوگئیں۔[17] باسمتی اور غیر باسمتی دونوں اقسام کے چاول کی زرِمبادلہ وصولیوں میں دوہندسی نمو ہوئی، کیونکہ پاکستانی برآمد کنندگان کے ساتھ ساتھ بھارت، تھائی لینڈ اور ویتنام جیسے مسابقت کاروں نے بھی بلند عالمی قیمتوں کے ساتھ مضبوط بیرونی طلب سے فائدہ اٹھایا (**شکل 6.14**)۔

[14] گنے کی کچل کاری میں تاخیر اور ملکی چینی کی پیداوار میں ہونے والی کمی کے باوجود گذشتہ برس کی ریکارڈ پیداوار کے باعث ملک میں اس کا وافر ذخیرہ موجود تھا (باب 2)۔ اس صورتِ حال سے نمٹنے کے لیے حکومت نے نومبر 2017ء میں 0.5 ملین میٹرک ٹن چینی کی برآمد کی منظوری دی جس پر 97 ڈالر فی ٹن تک زراعانت دی گئی۔ بعد میں برآمدی کوٹے کو 2.0 ملین میٹرک ٹن تک بڑھادیا گیا۔


[15] ماخذ: قومی وزارت برائے غذائی تحفظ و تحقیق، نوٹیفکیشن بتاریخ 3 جنوری 2018ء۔

[16] مالی سال 18ء کی دوسری ششماہی میں گندم کی عالمی قیمتیں مالی سال 18ء کی پہلی ششماہی سے اوسطاً 8.8 فیصد زائد تھیں۔

[17] عالمی طلب کے سازگار تحرکات کے ساتھ ساتھ چاول کی بلند ملکی پیداوار سے بھی چاول کی پراسیسنگ کی ملکی ملوں کو اپنے پلانٹس میں سرمایہ کاری کرنے کی ترغیب ملی۔ مالی سال 18ء میں ان ملوں کے معین سرمایہ کاری قرضوں میں 28.0 فیصد کا سال بسال اضافہ ہوا۔

پاکستانی باسمتی کی برآمدات کے لحاظ سے مقدار میں اضافے کی وجہ زیادہ تر دسمبر 2017ء کے بعد سے یورپی ممالک جیسے برطانیہ، بیلجیئم، اٹلی اور اسپین کی جانب سے بلند طلب تھی۔ بعض کیڑے مار ادویات کے بہت زیادہ استعمال کے باعث بھارتی باسمتی چاول پر یورپی یونین کی جانب سے پابندی کے بعد پاکستانی برآمد کنندگان نے اس نفع بخش منڈی میں اپنی موجودگی میں نمایاں اضافہ کیا۔[18]


شکل 6.13: ابھرتی ہوئی معیشتوں کی برآمدی کارکردگی




Data source: Haver Analytics

تاہم بھارتی برآمد کنندگان نے (دسمبر کے بعد سے) یورپی منڈی تک رسائی سے ہونے والے نقصان کے ازالے کے لیے ایران اور سعودی عرب جیسی چاول کی کچھ بڑی منڈیوں تک اپنی رسائی بڑھائی۔ اگرچہ پاکستان نے بھی اس سال سعودی عرب کو اور زیادہ باسمتی چاول برآمد کیے تھے لیکن ایران کو اس کی بحری ترسیلات میں تیزی سے کمی آئی اور صنعتی ذرائع کا کہنا ہے کہ اس میں بینکاری سے متعلق رکاوٹوں نے اہم کردار ادا کیا۔ پاکستانی برآمد کنندگان کے مطابق انھیں ایسے مقامی بینک تلاش کرنے میں دشواری کا سامنا تھا جو اپنے ایرانی ہم منصبوں سے لین دین کے لیے تیار ہوں۔ دوسری جانب بھارتی برآمد کنندگان کو ایسے مسائل درپیش نہیں تھے۔[19]

شکل 6.14: اہم پیداکاروں کے لیے چاول کی برآمدی قیمتیں




Data source: Food and Agriculture Organisation

اسی دوران افریقی ممالک جیسے مڈغاسکر، بینن اور سینیگال سے مضبوط طلب کی وجہ سے مالی سال 18ء میں غیر باسمتی چاول کی برآمدات میں مقداری لحاظ سے 15.8 فیصد اضافہ ہوا۔ خام مال کی بڑھتی ہوئی طلب کی وجہ سے افریقی ممالک ٹوٹا اور دھان (چاول) جیسی اقسام کے بڑے درآمد کنندگان ہیں۔ نتیجتاً ان ممالک نے تھائی لینڈ، بھارت اور پاکستان کی چاول کی برآمدات کے فروغ میں اہم کردار ادا کیا۔[20]

ان ممالک کے علاوہ، بنگلہ دیش اور انڈونیشیا سے بھی غیر باسمتی چاول کی طلب میں اضافہ برقرار رہا۔ بنگلہ دیش میں بھاری بارشوں کے بعد 2017ء میں ملکی پیداوار میں کمی نے بلند مقدار میں درآمدات کو ضروری بنادیا، جبکہ انڈونیشیا کی جانب سے طلب میں اضافہ عالمی قیمتوں کے مستحکم ہونے کی وجہ سے ان کے چاول کے تزویراتی ذخیرے کو بڑھانے کی ملکی کوششوں کا عکاس تھا۔


[18] یورپی یونین کی جانب سے بھارتی باسمتی چاول پر پابندی عائد کیے جانے کے بارے میں تفصیل کے لیے دیکھیے، سیکشن 5.5، باب 5، پاکستانی معیشت کی کیفیت، بینک دولت پاکستان کی تیسری سہ ماہی رپورٹ، مالی سال 18ء۔

[19] انڈیا کے روایتی طور پر ایران سے مضبوط تجارتی روابط رہے ہیں۔ ایران پر پابندیوں کے سابقہ دور میں بھارت نے اس شرط پر امریکہ سے اپنے لیے استثنا لے لیا تھا کہ وہ بتدریج ایران سے تیل کی درآمدات کم کردے گا۔ ابتدائی طور پر بھارت ایران سے اپنی درآمدات کے 55.0 فیصد کی یورو میں ادائیگی کے لیے ایک ترکی بینک کو استعمال کرتا تھا؛ باقی ماندہ 45 فیصد بھارتی روپے میں بھارت میں قائم ایرانی اکاؤنٹ میں جمع کروائے جاتے تھے۔ جب 2013ء میں پابندیوں میں سختی کی گئی تو بھارت کی تمام درآمدات کی ادائیگی بھارتی روپے میں ایران کے بھارتی روپے کے اکاؤنٹ میں جمع کروائی جاتی تھیں۔ ایران اس اکاؤنٹ کو بھارت سے اپنی درآمدات کی ادائیگی کے لیے استعمال کرتا تھا جو بیشتر غذائی اشیا جیسے چاول اور چینی میں مرتکز تھیں۔

[20] مثال کے طور پر، بینن کی جانب سے چاول کی درآمدی مقدار میں 2013ء تا 2017ء کے دوران 40.6 فیصد اضافہ ہوا۔ درحقیقت، 2017ء میں بینن دنیا کا تیسرا سب سے بڑا درآمد کنندہ تھا؛ اس نے دورانِ سال بیرونِ ملک سے 2.0 ملین میٹرک ٹن دھان کی خریداری کی۔ ایک اور افریقی ملک، موزمبیق مذکورہ سال میں چاول کا سب سے بڑا درآمد کنندہ تھا (ماخذ: عالمی تجارتی مرکز)۔

پھر بھی چاول کی برآمدات کا منظر نامہ کسی قدر غیر یقینی دکھائی دیتا ہے۔ توقع ہے کہ ملکی پیداوار میں بحالی سے بنگلہ دیش کی جانب سے چاول کی درآمدی طلب میں کمی متوقع ہے۔ اسی طرح، انڈونیشیا کا چاول خریدنے کا جنون بھی کم ہوتا نظر آرہا ہے کیونکہ ملک مارچ 2019ء تک کی چاول کی کھپت کے لیے ذخیرہ جمع کر چکا ہے۔[21]

**شکل 6.15: امریکہ میں لباس اور متعلقہ اشیا کی ریٹیل فروخت**





Data source: US Census Bureau

## ٹیکسٹائل

پاکستان کی ٹیکسٹائل برآمدات مالی سال 17ء میں کمزور کارکردگی کا مظاہرہ کرنے کے بعد مالی سال 18ء میں 8.6 فیصد نمو کے ساتھ بڑھ کر 13.5 ارب ڈالر ہو گئیں۔ تقریباً تمام ہی مصنوعات کے زمروں نے گذشتہ سال کے مقابلے میں بلند زرِ مبادلہ کمایا، جس میں قیمتوں کے مقابلے میں مقداروں کا کردار زیادہ غالب رہا۔


**شکل 6.16: امریکہ برآمد کی جانے والی ٹیکسٹائل اور ملبوسات کی مقدار**




Data source: OTEXA

اہم ترقی یافتہ معیشتوں کی جانب سے تیار ٹیکسٹائل اور ملبوسات کی مصنوعات کی بلند طلب نے ان کی برآمدات میں اضافے میں اپنا کردار ادا کیا (**شکل 6.15**)۔ بلند قدرِ اضافی کی حامل اشیا کے برآمد کنندگان نے اس میں سے کچھ طلب کو براہِ راست پورا کیا جبکہ پست قدرِ اضافی کی حامل اشیا، جیسے دھاگے اور کپڑے کے تیار کنندگان نے زیادہ تر خام مال چین، ویتنام اور بنگلہ دیش جیسے ممالک کو فراہم کیا، جو ٹیکسٹائل اور ملبوسات کی قدری زنجیر میں نمایاں ہیں۔ امریکہ میں، پاکستان نے ملبوسات کے دیگر اہم برآمد کنندگان کے ساتھ مل کر ملک کی مضبوط صارفی طلب سے فائدہ اٹھایا (**شکل 6.16**)۔

**شکل 6.17: مالی سال 18ء میں منتخب معیشتوں کی جانب سے امریکہ بھیجی جانے والی ٹیکسٹائل اور ملبوسات کی برآمدات کا موازنہ**




Data source: OTEXA and SBP calculations

امریکہ میں ٹیکسٹائل برآمدات کی بحالی حوصلہ افزا ہے، تاہم یہ بات بھی قابلِ غور ہے کہ گذشتہ تین برس سے امریکہ کو ٹیکسٹائل اور ملبوسات کی درآمدات میں پاکستان کا حصہ تقریباً 0.7 فیصد کے ساتھ جمود کا شکار ہے۔ مزید برآں، امریکہ میں ریٹیل اسٹورز کو ملبوسات کی ترسیل کرنے والے بڑے ٹھیکیداروں سے معاہدوں کی مربوط کوششوں کے ساتھ ساتھ ضروری ہے کہ پاکستانی برآمد کنندگان سوتی اشیا کے بجائے بلند ارتکاز والے انسانی ساختہ مصنوعی ریشوں کے استعمال سے اپنی مصنوعات کے خاکے کو متنوع بنائیں، جن کی ترقی یافتہ معیشتوں میں بہت زیادہ طلب موجود ہے۔[22] تاحال، پاکستانی ٹیکسٹائل اور ملبوسات کی برآمدات اپنی سُوتی نوعیت کی وجہ سے اپنے حریفوں کے مقابلے میں بہت کم اکائی قیمتیں حاصل کر رہی ہیں (**شکل 6.17**)۔

[21] ماخذ: انڈونیشیا بیورو آف لا جسٹکس، پریس ریلیز بتاریخ 3 اگست 2018ء۔ مالی سال 18ء میں پاکستان نے انڈونیشیا کو 336387 میٹرک ٹن چاول برآمد کیے جو گذشتہ سال سے 183.2 فیصد زیادہ تھے۔ قدری لحاظ سے اس برس انڈونیشیا کو برآمد کیے گئے چاول سے 138.8 ملین ڈالر کے زرِ مبادلہ کی آمدنی ہوئی جو گذشتہ برس کی 38.2 ملین ڈالر کی آمدنی سے بہت زیادہ تھی۔

[22] اسٹیٹ بینک نے پاکستانی معیشت کی کیفیت کے بارے میں اپنی سہ ماہی اور سالانہ مطبوعات میں کئی بار اس مسئلے کو اجاگر کیا ہے، حال ہی میں مالی سال 18ء کی تیسری سہ ماہی رپورٹ میں ایک خصوصی سیکشن بعنوان "برآمدات کی نمو کی رفتار برقرار رکھنے میں مصنوعی ریشے کی ٹیکسٹائل کلیدی اہمیت کی حامل ہے" کے ذریعے۔

یورپی یونین میں پاکستانی برآمد کنندگان ملبوسات اور گھریلو ٹیکسٹائل کے زمروں میں اپنا حصہ بڑھانے میں کامیاب رہے۔ جبکہ اسی مدت میں چین کی جانب سے اس زمرے میں بتدریج پسپائی سے دیگر ممالک کے لیے جگہ بن گئی، بالخصوص وہ ممالک جو یورپی منڈی میں محدود (رعایتی) رسائی رکھتے تھے ، جیسے پاکستان اور بنگلہ دیش (**جدول 6.10 الف، ب**)۔ نتیجتاً، پاکستانی ملبوسات اور گھریلو ٹیکسٹائل کی برآمدات میں اضافے کا رجحان جاری رہا، جسے جی ایس پی پلس حیثیت اور مالی سال 18ء میں یورو کے مقابلے میں پاکستانی روپے کی قدر میں اوسطاً 13.0 فیصد کی کمی سے تقویت حاصل ہوئی۔

**جدول 6.10 الف: اہم ممالک سے یورپ کی کپڑوں کی درآمدات**

فیصد

| | مقداری نمو | | قدری نمو | | مقدار میں حصہ | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | مالی سال 17ء | مالی سال 18ء | مالی سال 17ء | مالی سال 18ء | مالی سال 17ء | مالی سال 18ء |
| چین | 1.4 | -1.5 | -4.9 | 2.8 | 37.9 | 35.7 |
| بنگلہ دیش | 4.7 | 10.6 | 4.8 | 10.8 | 23.5 | 24.8 |
| بھارت | 2.9 | -0.3 | -2.9 | 6.4 | 5.6 | 5.3 |
| کمبوڈیا | 6.8 | 15.9 | 6.5 | 15.8 | 4.2 | 4.7 |
| پاکستان | 8.6 | 11.2 | 7.4 | 12.7 | 4.4 | 4.7 |
| ترکی | -3.4 | 3.9 | -5.5 | 12.4 | 8.9 | 8.8 |
| ویتنام | 2.9 | 13.3 | 3.4 | 10.9 | 2.8 | 3.1 |
| **کُل** | **2.1** | **4.7** | **-1.1** | **8.8** | **-** | **-** |

ڈیٹا کا ماخذ: یوروسٹیٹ

**جدول 6.10 ب: اہم ممالک سے یورپ کی گھریلو ٹیکسٹائل کی درآمدات**

فیصد

| | مقداری نمو | | قدری نمو | | مقدار میں حصہ | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | مالی سال 17ء | مالی سال 18ء | مالی سال 17ء | مالی سال 18ء | مالی سال 17ء | مالی سال 18ء |
| چین | 6.8 | 7.2 | 1.2 | 8.5 | 39.7 | 39.8 |
| بنگلہ دیش | 5.8 | 14.8 | 6.6 | 19.8 | 4.2 | 4.6 |
| بھارت | 7.0 | 13.3 | 2.6 | 17.2 | 14.7 | 15.6 |
| کمبوڈیا | 17.8 | 36.7 | 14.8 | 32.4 | 0.2 | 0.2 |
| پاکستان | 5.6 | 6.8 | 5.7 | 12.1 | 14.4 | 14.4 |
| ترکی | 0.6 | -2.5 | -1.8 | 6.5 | 9.4 | 8.6 |
| ویتنام | 6.0 | 10.6 | 7.2 | 13.1 | 2.8 | 2.9 |
| **کُل** | **5.6** | **7.0** | **1.9** | **10.6** | **-** | **-** |

ڈیٹا کا ماخذ: یوروسٹیٹ


## دیگر برآمدات

دیگر اہم زمروں میں مالی سال 18ء میں سمندری غذائی اشیا میں ریکارڈ برآمدات ہوئیں جن سے 451.0 ملین ڈالر کا زرِ مبادلہ حاصل ہوا۔ گو خام سمندری غذائی اشیا، جیسے کیکڑے، جھینگے، لابسٹر اور سیپ کی بحری ترسیلات میں نمایاں اضافہ ہوا، تاہم نیم تیار مصنوعات، جیسے مچھلی کے قتلوں، میں بھی اس برس اضافہ دیکھا گیا۔ پاکستانی سمندری غذائی اشیا کی اہم منڈیوں میں چین، کوریا، تھائی لینڈ، ویتنام، اور متحدہ عرب امارات شامل ہیں۔

سیمنٹ کی برآمدی مقدار میں مالی سال 18ء کے دوران 1.0 فیصد سال بسال نمو ہوئی جس سے اس شعبے میں مسلسل چار برسوں سے جاری کمی اپنے اختتام کو پہنچی۔ جنوبی خطے میں مالی سال 18ء کی دوسری ششماہی کے دوران اضافی پیداواری گنجائش کے باعث فاضل سیمنٹ کی دستیابی سے کچھ فرموں کو دور کی برآمدی منڈیوں کو برآمدات کی ترغیب ملی، جن میں افریقی ممالک شامل ہیں۔

اسی مدت میں، افغانستان کے ساتھ سرحدوں کی نگرانی میں سختی آنے سے سیمنٹ کی تجارت جزوی طور پر رسمی ذرائع کی جانب منتقل ہوئی۔ کسٹم کے اعداد و شمار سے نشاندہی ہوتی ہے کہ مالی سال 18ء کے دوران پاکستانی سیمنٹ کی افغانستان کو برآمدی مقدار میں بلند ترین سال بسال اضافہ ہوا۔ یہ اور اس کے ساتھ ساتھ افریقی ممالک (بالخصوص جنوبی افریقہ اور موزمبیق) کو بحری ترسیلات میں مضبوط بحالی نے اس برس بھارت اور سری لنکا کی برآمدات میں کمی کا اثر زائل کر دیا۔ مالی سال 18ء میں سرحدی کشیدگی کی وجہ

**شکل 6.18: درآمدات میں تبدیلی کے اہم حصہ دار**




Data source: Pakistan Bureau of Statistics

سے بھارت کے ساتھ سیمنٹ کی تجارت متاثر ہوئی اور مالی سال 17ء کے 26.3 فیصد اضافے کے بعد اس برس ترسیلات میں 3.2 فیصد کی سال بسال کمی آئی۔[23]

آگے چل کر افغانستان کو سیمنٹ کی برآمدات میں اضافے کا رجحان برقرار رہنے کی توقع ہے، کیونکہ امریکہ کی جانب سے مالی پابندیوں کے دوبارہ عائد کیے جانے کے بعد ایران کی طرف سے اس ملک کو برآمدات پر دباؤ بڑھ سکتا ہے جو افغانستان کو رسد فراہم کرنے والا ایک اہم ملک ہے۔

**جدول 6.11: پاکستان کی اہم درآمدات**

ملین ڈالر

| | مالی سال 17ء | مالی سال 18ء | مطلق تبدیلی | مقداری اثر | قیمت کا اثر |
|---|---|---|---|---|---|
| **توانائی گروپ** | **10,923** | **14,430** | **3,507** | | |
| پیٹرولیم مصنوعات | 6,838 | 7,476 | 638 | -764 | 1,402 |
| خام تیل | 2,547 | 4,229 | 1,682 | 744 | 938 |
| ایل این جی | 1,313 | 2,454 | 1,141 | 799 | 342 |
| **مشینری گروپ** | **11,755** | **11,562** | **-193** | | |
| بجلی کی تیاری | 3,034 | 2,663 | -371 | | |
| الیکٹریکل | 2,322 | 2,184 | -137 | | |
| ٹیلی کام | 1,352 | 1,532 | 181 | | |
| موبائلز | 710 | 764 | 56 | | |
| دیگر مشینیں | 3,355 | 3,670 | 315 | | |
| **ٹرانسپورٹ گروپ** | **3,327** | **4,388** | **1,061** | | |
| گاڑیاں | 1,091 | 1,264 | 173 | | |
| ٹرک اور بسیں | 569 | 640 | 71 | | |
| ہوائی جہاز اور بحری جہاز | 525 | 1,142 | 617 | | |
| **غذائی گروپ** | **6,143** | **6,184** | **41** | | |
| چائے | 524 | 552 | 28 | -35 | 63 |
| پام آئل | 1,905 | 2,040 | 135 | 173 | -38 |
| دالیں | 952 | 535 | -418 | -340 | -78 |
| **ٹیکسٹائل گروپ** | **3,358** | **3,664** | **306** | | |
| خام کپاس | 810 | 1,078 | 268 | 148 | 120 |
| مصنوعی ریشہ | 635 | 664 | 29 | 8 | 21 |
| **اجگری اور کیمیکل** | **7,583** | **8,918** | **1,335** | | |
| کھادیں | 641 | 833 | 192 | 168 | 24 |
| پلاسٹک کا سامان | 1,919 | 2,347 | 428 | 408 | 20 |
| دیگر کیمیکلز | 3,889 | 4,492 | 603 | | |
| **دھاتی گروپ** | **4,412** | **5,357** | **945** | | |
| لوہے اور فولاد کا اسکریپ | 1,121 | 1,584 | 463 | 273 | 190 |
| لوہا اور فولاد | 2,121 | 2,440 | 319 | 246 | 74 |
| **مجموعی درآمدات** | **52,910** | **60,795** | **7,885** | **2,234** | **2,941** |

ڈیٹا کا ماخذ: پاکستان دفتر شماریات

## درآمدات

مالی سال 18ء کے دوران پاکستانی درآمدات 60.8 ارب ڈالر کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئیں، جو گذشتہ برس کے مقابلے میں 14.9 فیصد زائد ہے۔ تیل کی بڑھتی ہوئی عالمی قیمتیں اس کی اہم وجہ تھیں، کیونکہ اس کے نتیجے میں توانائی کی درآمدات میں بھاری اضافہ ہوگیا، جس نے مشینری کی درآمدات میں کمی کے اثر کو مکمل طور پر زائل کردیا (**جدول 6.11**)۔ یہ گذشتہ برس سے مختلف صورت حال ہے جب غیر تیل درآمدات، بالخصوص مشینری، مجموعی درآمدات میں سال بسال نمو کی وجہ بنی تھی (**شکل 6.18**)۔

اسی دوران یہ بات قابلِ ذکر ہے کہ ملک اب بھی ہر سال سینکڑوں صارفی اشیا درآمد کرتا ہے۔ یہ درآمدات لازمی توانائی اور سرمایہ جاتی اشیا کی درآمدات کی مالکاری کے لیے دستیاب زرِ مبادلہ کی مقدار کو کم کردیتی ہیں۔ حکومت اور اسٹیٹ بینک نے غیر ضروری درآمدات کی حوصلہ شکنی کے لیے ریگولیٹری ڈیوٹی بڑھانے اور 100 فیصد نقد مارجن کی شرائط لاگو کرنے جیسے ضوابطی اقدامات کیے ہیں۔ کچھ صورتوں، جیسے شیمپو اور برقی پنکھوں، میں ان اقدامات سے فائدہ پہنچا، جیسا کہ **جدول 6.12** میں دیا گیا ہے۔ تاہم، دیگر اشیا کی درآمدات، بالخصوص گاڑیوں میں اضافہ جاری رہا، جس سے پتا چلتا ہے کہ نقد کے مارجن اور ریگولیٹری ڈیوٹی جیسے اقدامات سے سے مطلوبہ نتائج کا حصول مشکل ہے۔

### توانائی کی درآمدات

مالی سال 18ء میں پاکستان کا توانائی کا درآمدی بل 32.1 فیصد کے ساتھ بڑھ کر 14.4 ارب ڈالر تک پہنچ گیا، جس کی بنیادی وجہ تیل کی عالمی قیمتوں میں نمایاں اضافہ تھا۔ دراصل، بلند قیمتیں نہ صرف خام تیل کے درآمدی بل میں اضافے پر منتج ہوئیں بلکہ اس نے پیٹرولیم مصنوعات کی درآمدی مقدار میں سال بسال کمی کا اثر بھی زائل کردیا۔

[23] ماخذ: آل پاکستان سیمنٹ مینوفیکچررز ایسوسی ایشن۔

اس کے علاوہ، تیل کی بلند قیمتوں کی وجہ سے، مالی سال 18ء میں پاکستان کی مجموعی درآمدات میں 23.7 فیصد حصے کے ساتھ توانائی گروپ سب سے نمایاں زمرے کے طور پر ابھرا۔

اہم بات یہ ہے کہ گذشتہ پانچ برسوں کی 5.6 فیصد نمو کے مقابلے میں مالی سال 18ء میں خام تیل کی درآمدی مقدار میں 29.2 فیصد کا مضبوط اضافہ ہوا۔ یہ اضافہ ایک مقامی ریفائنری کی بلند طلب کا عکاس ہے جس نے مالی سال 18ء میں اپنی استعداد میں توسیع کو مکمل کیا۔ اس بلند برآمدی مقدار کے ساتھ تیل کی بڑھتی ہوئی عالمی قیمتوں سے خام تیل کی درآمدات قدری لحاظ سے 66.0 فیصد اضافے کے ساتھ بڑھ کر 4.2 ارب ڈالر تک پہنچ گئیں۔

تیل کمپنیز کی مشاورتی کمیٹی (او سی اے سی) کے اعداد و شمار کے مطابق مالی سال 18ء میں پیٹرولیم مصنوعات کی درآمدی مقدار میں 11.9 فیصد کمی آئی؛ اس سے بنیادی طور پر فرنس آئل کی درآمدات میں 33.1 فیصد کی بھاری کمی کی عکاسی ہوتی ہے (**جدول 6.13**)۔ مقامی پیداوار میں اضافے کے علاوہ، بجلی پیدا کرنے کے عمل کو فرنس آئل سے ایل این جی اور کوئلے کی طرف منتقلی کے حکومتی پالیسی فیصلے نے بھی فرنس آئل کی درآمدات کم کرنے میں اپنا کردار ادا کیا۔[24]

مالی سال 18ء کے دوران 3561 میگاواٹ کی مجموعی نصب شدہ استعداد کے حامل ایل این جی پر مبنی بجلی کے تین منصوبوں نے نیشنل گرڈ کے ساتھ کام کا آغاز کر دیا۔ مزید برآں، دورانِ سال 2563 میگاواٹ کی نصب شدہ استعداد کے حامل کوئلے سے چلنے والے منصوبوں نے بھی اپنے آپریشنز کا آغاز کر دیا۔[25] اس کے نتیجے میں مالی سال 18ء میں بجلی کی پیداوار میں گیس اور کوئلے کا حصہ بڑھ کر بالترتیب 35 اور 10 فیصد ہو گیا، جبکہ مالی سال 14ء کے دوران ان کا حصہ 10 فیصد اور بہت معمولی مقدار میں تھا۔ حسبِ توقع ان منصوبوں کی تکمیل سے ان دونوں ایندھنوں کی طلب اضافہ بڑھ گئی اور ایل این جی کی درآمدی مقدار مالی سال 18ء کے دوران 60.9 فیصد سے بڑھ گئی،[26] جبکہ اسی مدت میں بیرونِ ملک سے کوئلے کی خریداری میں دوگنا سے زیادہ اضافہ ہوا۔[27]

**جدول 6.12: منتخب صارفی اشیا کی درآمدات**

ملین ڈالر

| | مالی سال 16ء | مالی سال 17ء | مالی سال 18ء |
|---|---|---|---|
| **غذائی اشیا** | | | |
| کوکا اور کوکا کی اشیا | 33.2 | 33.9 | 37.0 |
| پاستا/بریڈ/کیک/بسکٹ | 13.8 | 15.0 | 18.9 |
| مکھن اور پنیر | 12.1 | 15.8 | 16.7 |
| مچھلی اور سمندری غذا | 15.3 | 20.4 | 15.7 |
| تازہ سیب اور ناشپاتیاں | 33.0 | 36.0 | 32.8 |
| چائے اور کافی | 517.1 | 528.4 | 556.9 |
| پھلوں کے رس | 13.4 | 16.7 | 11.9 |
| **الیکٹرانک اشیا** | | | |
| لیپ ٹاپ، کمپیوٹرز اور متعلقہ اشیا | 212.7 | 402.2 | 379.0 |
| ایل سی ڈی ٹی ویز | 62.8 | 74.9 | 81.6 |
| سیلولر فون | 753.7 | 709.7 | 761.7 |
| ایئر فون اور لاؤڈ اسپیکرز | 15.6 | 22.7 | 26.6 |
| ایئر کنڈیشنرز (بشمول پارٹس) | 132.1 | 194.4 | 184.6 |
| فریج/فریزرز (بشمول پارٹس) | 81.5 | 98.4 | 112.2 |
| برقی پنکھے | 18.5 | 36.0 | 14.5 |
| بلب اور لیمپس | 109.6 | 97.0 | 121.8 |
| سم کارڈز | 16.6 | 13.2 | 15.7 |
| **ذاتی نگہداشت کی اشیا** | | | |
| پرفیومز اور کولون | 8.1 | 6.3 | 6.3 |
| میک اپ کی اشیا اور تیاری | 23.3 | 27.5 | 30.0 |
| بالوں کا سنگھار (بشمول شیمپوز) | 43.3 | 46.6 | 29.6 |
| آفٹر شیو، ڈیوڈرنٹ، ہاتھ سالٹ | 11.3 | 11.7 | 12.4 |
| صابن اور واشنگ ڈٹرجنٹ | 34.5 | 32.2 | 27.2 |
| **کُل** | **2,161.5** | **2,439.0** | **2,382.9** |

ڈیٹا کا ماخذ: پاکستان دفتر شماریات

[24] مالی سال 18ء کے دوران ملکی فرنس آئل کی پیداوار میں 8.2 فیصد کی سال بسال نمو ہوئی۔

[25] ماخذ: پاکستان کا اقتصادی سروے برائے 18-2017ء۔

[26] درآمد کی گئی 60 فیصد سے زائد ایل این جی توانائی کے شعبے میں استعمال کی گئی ہے (ماخذ: پاکستان کا اقتصادی سروے برائے 18-2017ء)

[27] دورانِ سال ملکی سیمنٹ کی پیداوار میں 11.1 فیصد اضافے کے نتیجے میں کوئلے کی درآمدات میں تیزی آئی۔ کوئلے کو سیمنٹ سازی میں خام مال کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔

فرنس آئل کے علاوہ پیٹرول کی درآمدی مقدار میں بھی اس سال سست روی دکھائی دی۔ فرنس آئل کی طرح اس ایندھن کی ملکی پیداوار میں بھی مالی سال 18ء کے دوران 18.7 فیصد کا اضافہ ہوا جس نے اس کی درآمدی طلب کو کم کر دیا۔ مزید برآں، تیل کی عالمی قیمتوں میں اضافے کو ملکی ریٹیل قیمتوں تک منتقل کرنے کے حکومتی فیصلے کے نتیجے میں اس ایندھن کی فروخت میں نمو رُک گئی جس نے اس کی درآمدات کی طلب کو مزید کم کر دیا (**شکل 6.19**)۔

### مشینری

مالی سال 18ء میں پاکستانی مشینری کی درآمدات 1.6 فیصد کی سال بسال کمی سے 11.6 ارب ڈالر ہو گئیں۔ یہ کمی بجلی کی پیداوار اور برقی مشینری پر مرتکز تھی جو اس کی کم ہوتی ہوئی طلب کی عکاس تھی کیونکہ پہلے لگائے گئے سی پیک کے بجلی کی پیداوار کے منصوبے تکمیل کی جانب گامزن تھے۔ وہ اہم مشینری اشیا جن کی درآمدات میں اس برس کمی آئی وہ یہ تھیں: گیس اور بھاپ کے ٹربائن (اور ان کے پرزے)، سیمی کنڈکٹر اور دوبرقیرے (ڈائیوڈ)، وغیرہ۔


**جدول 6.13: پاکستان کی توانائی کی درآمدات کی مقدار**

| | مقدار (ملین ٹن) | | | نمو (فیصد) | |
|---|---|---|---|---|---|
| | مالی سال 16ء | مالی سال 17ء | مالی سال 18ء | مالی سال 17ء | مالی سال 18ء |
| ہائی اسپیڈ ڈیزل | 3.1 | 3.9 | 3.8 | 26.2 | -1.1 |
| فرنس آئل | 6.0 | 6.6 | 4.4 | 10.4 | -33.1 |
| پیٹرول | 4.2 | 4.9 | 5.1 | 16.5 | 4.9 |
| دیگر | 0.1 | 0.1 | 0.3 | 0.2 | 118.2 |
| مجموعی مصنوعات* | 13.4 | 15.5 | 13.7 | 15.9 | -11.9 |
| خام تیل* | 8.5 | 8.7 | 10.5 | 2.5 | 20.1 |
| ایل این جی** | 1.2 | 3.7 | 5.9 | 195.9 | 60.9 |

*ڈیٹا کا ماخذ: آئل کمپنیز ایڈوائزری کونسل

**پاکستان دفتر شماریات

**شکل 6.19: ملکی پیٹرول کی خرید و فروخت**




Data sources: OCAC & PBS

ملک میں سیل فون صارفین کی تعداد میں اضافے کے ساتھ ٹیلی کام شعبے میں سیل فونز کے ساتھ ساتھ منسلکہ نیٹ ورک آلات، جیسے آواز اور تصویر کی ترسیل اور منتقلی کی مشینوں، وغیرہ پر مشتمل درآمدت میں 13.4 فیصد اضافہ ہو گیا۔[28] کسٹم ڈیوٹی کی وصولی اور سو فیصد نقدی مارجن کے باوجود مالی سال 18ء میں سیلولر فون کی درآمدات 7.7 فیصد اضافے کے ساتھ بڑھ کر 764.2 ملین ڈالر ہو گئیں۔ یہ بات بھی قابلِ ذکر ہے کہ درآمد شدہ سیل فونز کی کسٹم ڈیوٹی پر حسبِ مالیت کسٹم ڈیوٹی عائد کرنے کے بجائے حکومت نے قیمت سے قطع نظر ہر موبائل سیٹ پر 250 روپے کی یکساں ڈیوٹی عائد کر دی۔ اس کے نتیجے میں مالی سال 18ء کے دوران درآمد شدہ سیٹس کی مالیت میں 28.7 فیصد کمی ہوئی لیکن اس کی قدر مزید بڑھ گئی۔ اس کی ایک ممکنہ وجہ یہ بھی ہو سکتی تھی کہ صارفین تیزی سے جدید خصوصیات سے مزین اسمارٹ فونز لے رہے ہیں جو سادہ موبائل فون کے مقابلے میں زیادہ مہنگے ہوتے ہیں، اور ان کی قیمتوں میں 250 روپے کے معمولی اضافے سے ان کی خریداری کی ترجیحات پر کوئی اثر نہیں پڑا۔[29]

### غذا


مالی سال 18ء کے دوران غذا کی درآمدات عملاً 6.2 ارب ڈالر پر جامد رہیں، کیونکہ دالوں کی خریداری میں کمی کے اثر کو پام اور سویابین تیل کی درآمدات میں اضافے نے زائل کر دیا۔ پام اور سویابین آئل کی درآمدی مقداریں مالی سال 18ء کی پہلی ششماہی میں بلند رہیں جو اس وقت ان کی عالمی قیمتوں کے رجحان کی عکاس تھیں۔ تاہم، ستمبر 2017ء میں پام آئل کی قیمتیں بلند سطح پر تھیں اور جون 2018ء میں یہ اپنی بلند ترین قیمت سے 8.8 فیصد کم ہو گئیں۔ عالمی قیمتوں میں سازگار رجحان کے ساتھ پاکستانی

[28] جون 2018ء کے اختتام پر سیل فون سبسکرائبرز کی مجموعی تعداد 7.5 فیصد اضافے کے ساتھ بڑھ کر 150.2 ملین ہو گئی جبکہ جون 2017ء کے اختتام پر یہ 139.8 ملین تھی (ماخذ: پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی)

[29] اس کی ایک وجہ یہ بھی ہو سکتی ہے کہ ملک میں کم قیمت سیل فونز کا بڑا حصہ اب غیر رسمی ذرائع سے آرہا ہے، جس میں کھیپی بھی شامل ہیں۔

روپے کی قدر میں غیر یقینی صورتِ حال کے باعث ملکی خوردنی تیل سازوں کو خام مال ذخیرہ کرنے کی ترغیب ملی۔ نتیجتاً، مالی سال 18ء کی دوسری ششماہی میں پام آئل کی درآمدی مقدار میں 5.0 فیصد اضافہ ہوگیا، جبکہ اسی دوران اس کی درآمدی قدر میں 5.6 فیصد کمی ہوگئی (**شکل 6.20**)۔

**شکل 6.20: پام آئل کی درآمدی مقدار اور عالمی قیمتیں**




Data source: Pakistan Bureau of Statistics & Bloomberg

اسی مدت میں خوردنی تیل کی صنعت میں بڑھتی ہوئی مسابقت کے ساتھ ساتھ صحت بخش غذا کے حوالے سے صارفین کی آگاہی بڑھنے سے تیل کی ملوں نے سویابین، کنولا اور سورج مکھی کے تیل کی مصنوعات اور بیجوں کی جانب توجہ مرکوز کر دی ہے۔[30] سویابین کے تیل کی درآمدی مقدار گو کہ پام آئل کے مقابلے میں پست تھی تاہم مالی سال 18ء میں ان میں 70.3 فیصد کا سال بسال اضافہ ہوا۔

دالوں کی درآمدی مقدار گذشتہ دو برسوں کی مسلسل 1.2 ملین میٹرک ٹن کی سطح عبور کرنے کے بعد رواں برس کے دوران 0.8 ملین میٹرک ٹن کی معمول کی سطح پر آگئیں۔ بچ جانے والے ذخیرے کی وافر ملکی دستیابی (عملاً جامد ملکی پیداوار کے دوران) سے نہ صرف درآمدی طلب پست ہوگئی بلکہ اس بنیادی جنس کی اوسط ملکی قیمتوں میں بھی دوہندسی کمی آگئی۔

**جدول 6.14: ٹرانسپورٹ درآمدات کا تجزیہ**

| ملین ڈالرز | مالی سال 17ء | مالی سال 18ء | مطلق تبدیلی |
|---|---|---|---|
| **ہوائی جہاز، بحری جہاز اور کشتیاں** | **525** | **1,146** | **621** |
| ٹینکرز | | 276 | 276 |
| ہوائی جہاز (مکمل) | 8 | 87 | 78 |
| ہوائی جہاز (پارٹس) | 51 | 61 | 10 |
| بحری جہاز (توڑ پھوڑ کے لیے) | 395 | 706 | 311 |
| **گاڑیاں** | **1,091** | **1,264** | **173** |
| مکمل ساختہ اکائیاں | 432 | 455 | 24 |
| الگ الگ پرزے | 660 | 809 | 149 |
| **پارٹس** | **500** | **604** | **104** |
| **بسیں اور ٹرک** | **569** | **640** | **71** |
| مکمل ساختہ اکائیاں | 316 | 242 | -74 |
| الگ الگ پرزے | 252 | 398 | 146 |
| **ٹرانسپورٹ کا دیگر سامان** | **287** | **350** | **62** |
| **موٹر سائیکلیں** | **96** | **112** | **16** |
| **دیگر** | **259** | **277** | **18** |
| **ٹرانسپورٹ گروپ** | **3,327** | **4,388** | **1,061** |

ڈیٹا کا ماخذ: پاکستان دفتر شماریات

### ٹرانسپورٹ

مالی سال 18ء میں پاکستان کی ٹرانسپورٹ درآمدات 31.9 فیصد اضافے سے بڑھ کر 4.4 ارب ڈالر ہوگئیں۔ سال بسال اضافے میں تقریباً نصف حصہ طیاروں، بحری جہازوں اور کشتیوں کی درآمدات کا تھا (**جدول 6.14**)۔ بحری جہاز کی درآمدات میں اضافہ فولاد کی صنعت میں اسکریپ کی طلب میں اضافے کی عکاس تھا، کیونکہ مالی سال 18ء میں فولاد کی ملکی پیداوار میں 22.2 فیصد سال بسال نمو ہوئی۔ پرانے بحری جہاز توڑنے کے لیے گڈانی شپ بریکنگ یارڈ پر درآمد کیے گئے تاکہ فولاد کی صنعت کے لیے اسکریپ حاصل کیا جاسکے۔ ملک نے سنگاپور، جنوبی کوریا اور متحدہ عرب امارات سے 706.1 ملین ڈالر مالیت کے بحری جہاز اور کشتیاں درآمد کیں، جو گذشتہ برس کے مقابلے میں 78.6 فیصد اضافے کو ظاہر کرتا ہے۔

بحری جہازوں کے علاوہ، طیاروں (پرزوں اور مکمل ہوائی جہاز دونوں) کی درآمدات میں بھی نمایاں اضافہ ہوا اور وہ اس برس بڑھ کر 147.5 ملین ڈالر تک پہنچ گئیں۔ نجی شعبے کے مختلف اداروں نے پاکستان کے ہوابازی کے شعبے میں داخل ہونے کے لیے باقاعدہ سرکاری ٹرانسپورٹ (آر پی ٹی) کے لائسنس حاصل کیے۔ ادارے کے پاس کم سے کم تین ہوائی جہازوں (مسافر بردار، خواہ لیز پر یا ملکیتی بنیاد پر) کا موجود ہونا اس


[30] سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن پاکستان کے پاس رجسٹرڈ خوردنی تیل کی ملوں (خوردنی تیل، نباتی گھی اور بناسپتی، وغیرہ بنانے والی) کی تعداد جون 2018ء کے اختتام پر بڑھ کر 473 ہوگئی جبکہ جون 2017ء کے اختتام پر ان کی تعداد 458 تھی۔

لائسنس کو حاصل کرنے کی شرائط میں سے ایک ہے۔[31] مالی سال 18ء میں کم سے کم ایک نئی ایئرلائن نے ملک میں اپنے آپریشنز کا آغاز کر دیا، اور آگے چل کر توقع ہے کہ دیگر بھی اس شعبے میں شمولیت اختیار کریں گی۔

اسی دوران، مالی سال 18ء میں ٹرانسپورٹ کی درآمدات بڑھانے میں دوسرا بڑا حصہ گاڑیوں کا تھا۔ صارفین اور سواری کی خدمات فراہم کرنے والے اداروں کی جانب سے 600 تا 1000 سی سی والی کم ایندھن استعمال کرنے والی گاڑیوں کی بڑھتی ہوئی طلب سے مکمل ساختہ اکائیوں اور الگ الگ پرزوں کی درآمدات کو مہمیز ملی۔ مقامی طور پر پُرزے جوڑ کر بنائی گئی 1000 سی سی گاڑی کی پیداوار کے آغاز سے بھی الگ الگ پرزوں کی درآمدات میں اضافہ ہو گیا۔

یہ ایک دل چسپ امر ہے کہ حکومت نے کسٹم ڈیوٹی فریم ورک میں دی گئی رعایتوں میں کمی کر کے اکتوبر 2017ء میں مکمل ساختہ اکائیوں کی درآمدات کو محدود کرنے کی کوشش کی۔ بالخصوص، تمام استعداد کے انجنوں والی استعمال شدہ گاڑیوں کو بیگیج اور دیگر اسکیموں کے ذریعے بھیجنے یا حاصل کرنے والے پاکستانی شہریوں کے لیے ضروری قرار دیا گیا کہ وہ اپنی درآمدات کے لیے کسٹم ڈیوٹی لازماً زرِمبادلہ میں ادا کریں۔[32] گاڑیاں بھیجنے والوں کے لیے ضروری تھا کہ وہ پاکستان میں اپنے یا اپنے کسی اہلِ خانہ کے بینک اکاؤنٹ میں کسٹم ڈیوٹی بھیجے اور یہ کہ یہ زرِمبادلہ پاکستانی روپے میں منتقل ہونے اور کسٹم ڈیوٹی کے مساوی ادا شدہ رقم کی بینکاری دستاویزات فراہم کریں۔ دستاویزات کا مکمل ریکارڈ فراہم کرنے کی شرط نے ان گاڑیوں کی درآمدات میں ادائیگی کے لیے روپے کی غیر قانونی منتقلی (مثلاً ہنڈی، حوالہ وغیرہ) کے استعمال کو روک دیا تھا اور اس طرح غیر رسمی طریقے سے زرِمبادلہ کی مقدار ملک سے باہر جانے کو محدود کیا تھا۔ اور معلوم ہوتا ہے کہ یہ اقدامات مؤثر ثابت ہوئے۔ **شکل 6.21** ظاہر کرتی ہے کہ اکتوبر 2017ء سے فروری 2018ء کے دوران مکمل ساختہ اکائیوں کی درآمدات میں نمایاں سست روی آئی۔ تاہم، فروری 2018ء میں اقتصادی رابطہ کمیٹی کی جانب سے یہ فیصلہ واپس لینے کے باعث مکمل ساختہ اکائیوں کی درآمدات بحال ہو گئیں۔

**شکل 6.21: پاکستان میں درآمد کی گئی گاڑیوں کی تعداد**




### دھاتیں

مالی سال 18ء میں دھاتوں کے گروپ کی درآمدات 21.4 فیصد اضافے کے ساتھ بڑھ کر 5.4 ارب ڈالر ہو گئیں، بنیادی طور پر اس کی وجہ تیار لوہے اور فولاد کی مصنوعات اور اسکریپ کی بلند درآمدات تھیں۔ مثالی اعتبار سے، پاکستان جیسی ایک ترقی پذیر معیشت کے لیے تیار مصنوعات کی درآمدات کے برخلاف اسکریپ کی درآمدات میں

[31] ماخذ: سول ایوی ایشن اتھارٹی (https://www.caapakistan.com.pk/AT/AT-LC-RPT.aspx)

[32] اکتوبر 2017ء سے پہلے یہ اصول محض 1800 سی سی اور زائد نیز 4X4 والی نئی گاڑیوں کی درآمد پر لاگو تھا۔ حکومت نے ایس آر او نمبر 1067(I) / 2017ء کے تحت اکتوبر 2017ء میں اس اصول میں ترمیم کی اور یہ شرط عائد کی کہ اب یہ اصول "نئی / استعمال شدہ تمام گاڑیوں" پر لاگو ہو گا۔ تاہم، فروری 2018ء میں حکومت نے ایس آر او 261(I) / 2018ء کے ذریعے اکتوبر 2017ء میں متعارف کروائی گئی تبدیلیاں واپس لے لیں۔

اضافہ فولاد کی ایک مضبوط صنعت کی موجودگی ظاہر کرتا ہے جو اس انتہائی اہم صنعتی خام مال کے لیے ملکی شعبے کی طلب پوری کرنے کی اہل ہے۔ مالی سال 18ء میں پاکستان کی اسکریپ کی درآمدی مقدار 24.4 فیصد اضافے کے ساتھ اس کی تاریخی طور پر بلند سطح پر پہنچ گئی۔[33] اس کے نتیجے میں ملکی فولاد کی پیداوار میں 22.2 فیصد نمو ہوئی جو گذشتہ برس کی 21.3 فیصد نمو سے کہیں زیادہ تھی۔

اسی مدت میں، مقامی طور پر تیار کی گئی فولادی مصنوعات کا معیار بھی کچھ صنعتوں، جو ان اشیا کو خام مال کے طور پر استعمال کر رہی تھیں، کے لیے تشویش کا باعث رہا۔ بالخصوص گاڑیوں کی صنعت میں۔[34] چونکہ ملک میں نئی اور مزید نفیس گاڑیوں کے پُرزے جوڑے جا رہے ہیں لہٰذا فولاد کی اعلیٰ معیار کی مصنوعات کے لیے گاڑی سازوں کی طلب میں اضافہ ہوا، اور اس طلب کا بیشتر حصہ درآمدات سے پورا کیا گیا۔ مالی سال 18ء میں ان اشیا (جیسے پرنٹڈ اور وارنش کی گئی فولاد کی چادروں) کی درآمدات میں گذشتہ برس کے مقابلے میں نمایاں اضافہ ہوا۔[35]

[33] درحقیقت 2017ء میں پاکستان دنیا کا 28واں فولاد ساز بن چکا تھا جبکہ اس سے ایک سال پہلے یہ 36ویں نمبر پر تھا (ماخذ: ورلڈ اسٹیل ایسوسی ایشن)۔

[34] دنیا میں بنائی جانے والی تقریباً 60 فیصد گاڑیوں کا ڈھانچہ جدید ترین بلند قوت کے حامل فولاد سے بنایا جاتا ہے (ماخذ: ورلڈ اسٹیل ایسوسی ایشن)۔

[35] مالی سال 18ء میں دھاتی گروپ کی درآمدی ادائیگیوں میں اس مخصوص نوعیت کی فولادی چادریں سال بسال اضافے میں 7ویں بلند ترین حصہ دار ہیں۔

# 7 پاکستان میں خدمات کی ڈجٹائزیشن


**کیا نئے رجحانات ٹیکنالوجی انقلاب کی راہ ہموار کریں گے؟**[1]

## 7.1 تعارف

خدمات کا شعبہ معیشت کی ترقی میں اہم کردار ادا کر سکتا ہے۔ یہ شعبہ ایک تو جی ڈی پی میں اپنا براہِ راست حصہ ڈالتا ہے، اس کے علاوہ بہت سی دیگر معاشی سرگرمیوں کے لیے کئی طرح کی خدمات کام آتی ہیں، اور یوں اُن کے بالواسطہ فوائد ہوتے ہیں۔ مثال کے طور پر مالیات، ٹیلی مواصلات اور ٹرانسپورٹ خدمات کے ایسے شعبے ہیں جو اجناس پیدا کرنے والے شعبوں کو سہولت فراہم کرتے ہیں۔ اسی طرح، خدمات کے صحت اور تعلیم جیسے شعبے ترقی یافتہ ہوں گے تو وہ لیبر کی پیداواریت بڑھانے اور معیشت کی مجموعی سماجی ترقی میں مثبت کردار ادا کریں گے۔

خدمات کا شعبہ عالمی سطح پر ڈجٹائزیشن (digitization) کی طرف منتقل ہو رہا ہے۔ انٹرنیٹ کی بڑھتی ہوئی مقبولیت سے اطلاعات کے حصول اور ان کے پھیلاؤ، سودوں کے لین دین، اور روزمرہ کے معمولات چلانے کے حوالے سے صارفین اور کاروباری اداروں کے طرزِ عمل میں انقلابی تبدیلی آ رہی ہے۔ بہتر ڈجیٹل کنکشن کے نتیجے میں صارف کا رویّہ نئی تشکیل پا رہا ہے، ترجیح اس بات کو دی جا رہی ہے کہ زیادہ سے زیادہ آسانی ملے، اخراجات کم ہوں، اور ہر صارف کو اُس کی ضرورت کے مطابق سہولت دی جائے۔ کاروباری ادارے بھی ڈجٹائزیشن سے سامنے آنے والے مواقع کا فائدہ اٹھا رہے ہیں، مثلاً رسدی زنجیر (supply chain) کی بہتر کارگذاری، لین دین کی لاگت کم ہونا، اور صارف کی ضروریات پوری کرنے میں زیادہ لچک دار رویہ۔ اِس نوعیت کی خدمات کے ذیلی اثرات خودکاری (automation) اور ڈیٹا ہینڈلنگ جیسے پراسیسز کے توسط سے اُن شعبوں کی پیداواریت پر بھی پڑ رہے ہیں جو اجناس پیدا کرتے ہیں۔

**شکل 7.1: معیشت کی نوعیت کے لحاظ سے خدمات کا حصہ (2017ء)**




Data source: World Bank

پاکستان میں بھی خدمات کے شعبے کو حال میں زیادہ اہمیت ملی ہے جس کے اسباب یہ ہیں کہ ملکی تجارت پھل پھول رہی ہے اور ٹیلی مواصلات اور مالیات کے شعبوں میں متواتر ترقی ہوئی ہے۔[2] ملک کی حقیقی جی ڈی پی کی نمو میں شعبہ خدمات کا مجموعی حصہ م س 18ء کے آخر میں 60 فیصد تک، اور نامیہ جی ڈی پی میں تقریباً 56 فیصد تک جا پہنچا، اور مؤخر الذکر تناسب جنوبی ایشیا کی اوسط سے زیادہ ہے (**شکل 7.1**)۔ اگرچہ برآمدات کے معاملے میں شعبہ خدمات کی کارکردگی اجناس پیدا کرنے والے شعبوں کی نسبت کم ہے، تاہم ملازمت- اور بہتر روزگار کے مواقع- فراہم کرنے میں اس کو نمایاں اہمیت حاصل ہے۔[3،4]

---

[1] اس باب کی تیاری کے لیے جن اداروں کے ساتھ ہماری گفتگو ہوئی ان میں یہ شامل ہیں: پاکستان سافٹ ویئر ایکسپورٹ بورڈ، پاکستان سافٹ ویئر ہاؤسز ایسوسی ایشن، اگنائٹ (سابقہ نیشنل آئی سی ٹی، آر اینڈ ڈی فنڈ)، منصوبہ بندی کمیشن، نیشنل انکیوبیشن سینٹر اسلام آباد، دی نیسٹ (آئی / او)، انویسٹ ٹو انوویٹ، درازپی کے، کاراندار، اور ای- پلانیٹ۔ اس کے علاوہ اِس شعبے کے بارے میں جاننے کے لیے وہ سروے بھی معاون ثابت ہوئے جو سوشل انوویشن لیب اور انویسٹ ٹو انوویٹ نے کروائے تھے۔ آخر میں، متعلقہ ضوابطی معلومات فراہم کرنے پر ہم بینک دولت پاکستان کے شعبہ نظام ادائیگی کے بھی شکر گزار ہیں۔

[2] گذشتہ پانچ سال کے دوران ملک کی جی ڈی پی نمو میں خدمات کے شعبے کا حصہ اوسطاً 70 فیصد رہا ہے۔


[3] عالمی بینک کے تخمینے کے مطابق پاکستان میں مجموعی ملازمتوں میں سے تقریباً 34 فیصد شعبہ خدمات میں ہیں، جو 2017ء تک کی صورت حال ہے۔

[4] خدمات کے شعبے میں اوسط ماہانہ آمدنی کا موازنہ مجموعی ملکی اوسط سے کیا جائے تو 129.1 فیصد زیادہ نکلے گی۔ مردوں کے معاملے میں آمدنی 54.6 فیصد زائد ہے جبکہ خواتین کی آمدنی ملکی اوسط سے تقریباً 9 گنا زائد ہے۔ ماخذ: گھرانوں کا اقتصادی پاکستان سروے 16-2015ء۔

پاکستان ان ملکوں میں سے ہے جہاں ڈجٹائزیشن کا عمل شعبہ خدمات کے بعض حصوں میں تبدیلیوں کا سبب بن رہا ہے۔ تبدیلی کا سلسلہ ای-کامرس، فِن ٹیک (fintech)، اور ای- گورنمنٹ جیسے شعبوں میں سب سے نمایاں ہے جہاں خدمات کی فراہمی میں نئے نئے اطوار اور انداز اپنی جگہ بنا رہے ہیں۔ پاکستان میں ای-کامرس مارکیٹ کا حجم گذشتہ چند برسوں میں نمایاں طور پر بڑھا ہے اور کاروباری اداروں کے ساتھ صارفین کا رابطہ کرنے کا-خصوصاً رقم کی ادائیگی کا-طریقہ یکسر بدل گیا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ فِن ٹیک کے ادارے قرضہ منڈی میں موجود قسم قسم کے نقائص پر قابو پانے کے لیے جدّت طراز حل تلاش کر رہے ہیں جبکہ مالی شعبے کا مرکزی دھارا اِن طریقوں کو پہلے سے زیادہ بڑھ کر قبول کر رہا ہے۔ اہم بات یہ ہے کہ شہریوں کو خدمات کی بہتر انداز میں فراہمی کے نئے امکانات کی تلاش حکومتی سطح پر بھی جاری ہے اور اس کے لیے ٹیکنالوجی کی طاقت بروئے کار لائی جا رہی ہے، جبکہ ای- گورنمنٹ کے سلسلے میں اقدامات سے عوام کے لیے مزید سہولتوں کے دروازے کھل رہے ہیں اور اس کے ساتھ ساتھ متعلقہ اداروں یا حکام کو جو لاگت اور رساؤ (leakages) برداشت کرنا پڑتا تھا وہ بھی کم ہو رہا ہے۔

مذکورہ بالا پیش رفت پر اس باب میں روشنی ڈالی گئی ہے۔ پس منظر متعین کرنے کی غرض سے شروعات میں اُن بڑے بڑے ذرائع (چینلز) کی نشان دہی کی گئی ہے جن کے توسّط سے خدمات کی ڈجٹائزیشن کلّی معیشت پر اثر انداز ہو رہی ہے۔ اس کے علاوہ پاکستان میں ڈجٹائزیشن کے پھیلاؤ میں سہولت لانے والے اہم عوامل پر بھی گفتگو کی گئی ہے، مثال کے طور پر نیو جنریشن (تھری جی / فور جی) موبائل سروسز کا کردار۔ اس کے بعد ملک میں ای-کامرس، فِن ٹیک اور ای- گورنمنٹ میں آنے والے رجحانات کا تفصیلی تجزیہ کیا گیا ہے۔ وسیع تناظر میں، اِس چوتھے صنعتی انقلاب کی روشنی میں عالمی اقتصادی نمو کا آئندہ ماڈل زیرِ بحث آیا ہے اور اس پر غور کیا گیا ہے کہ پاکستان کو اس تبدیلی کے قدم بہ قدم چلنے کے لیے کیا کرنا ہو گا۔ باب کے آخر میں، چند متعلقہ پالیسی اقدامات کا اعادہ کرنے کے علاوہ ڈجٹائزیشن کا مستقبل کا منظر نامہ دکھایا گیا ہے۔

**شکل 7.2: ڈجیٹل مالی خدمات سے پاکستان کی جی ڈی پی نمو میں متوقع اضافہ (2016ء تا 2025ء)**




Data source: McKinsey Global Institute (2016)

## 7.2 پاکستان کی معیشت پر اثرات

معیشت کے تناظر میں دیکھا جائے تو خدمات کی فراہمی میں ڈجٹائزیشن کا موجودہ عمل نمو میں اضافے کا سبب بن سکتا ہے۔[5] آئندہ کے امکانات کے تخمینوں کے ساتھ ساتھ، حاصل ہونے والے بعض فوائد سے بھی اس خیال کو تقویت ملتی ہے۔ 'مکنزی گلوبل انسٹی ٹیوٹ' (ایم جی آئی) کی رپورٹ کے مطابق پاکستان صرف ڈجیٹل مالی خدمات (ڈی ایف ایس) کا استعمال بڑھا کر 2016ء تا 2025ء دورانیے میں اپنی جی ڈی پی میں مجموعی طور پر 7 فیصدی درجے (اندازاً 36 ارب ڈالر) کا اضافہ اور تقریباً چار ملین نئی ملازمتیں پیدا کر سکتا ہے (**شکل 7.2**)۔[6]

سب سے پہلے ڈجیٹل مالی خدمات کے اثرات بڑھتی ہوئی سرمایہ کاری کے ذریعے اِن عوامل سے واقع ہو سکتے ہیں (الف) ایس ایم ای اداروں اور گھرانوں کو قرضے میں اضافہ، اور (ب) بچت کا بے ضابطہ طریقوں سے باضابطہ ڈجیٹل اکاؤنٹس کی طرف منتقل ہونا۔ اگر یہ بات ذہن میں رکھی جائے کہ ملک میں ایس ایم ای اداروں کو بینکوں سے ملنے والا قرضہ فی الحال بے حد کم ہے، تو سرمایہ کاری کا یہ چینل وہ سب سے بڑا غیر استعمال شدہ (untapped) ذریعہ ثابت ہو سکتا ہے جس سے ڈجیٹل مالی خدمات کے

[5] پاکستان کے قومی حسابات خدمات کے شعبے میں کمپیوٹر سے منسلک سرگرمیوں (سی آر اے) کے اضافہ قدر کا جزوی احاطہ کرتے ہیں اور دنیا کے اکثر ملکوں میں بھی یہی صورتِ حال ہے، تاہم ایک جز کے طور پر 'ڈجیٹل معیشت' (یعنی وہ عمل جس سے ڈجٹائزیشن معیشت کے تمام شعبوں کا اضافہ قدر بڑھا دیتی ہے) کی سرگرمیوں کا مناسب طریقے سے احاطہ نہیں کیا جاتا۔

[6] ماخذ: مکنزی گلوبل انسٹی ٹیوٹ، 2016ء 'Digital Finance for All: Powering Inclusive Growth in Emerging Economies'۔ [mckinsey.com]

فوائد اگلے چند سال میں حاصل کیے جاسکتے ہیں۔[7] مالی خدمات تک ڈجیٹل ٹیکنالوجی کی رسائی اور نفوذ میں فی الحال کچھ بہتری آئی ہے، جن کاموں میں ڈجیٹل ٹیکنالوجی استعمال کی جارہی ہے ان میں موبائل اکاؤنٹ کھلوانا، رقوم کی منتقلی، برقی ادائیگی کا نظام وغیرہ شامل ہیں۔ مستقبل میں ممکن ہے کہ یہ ٹیکنالوجی بچت کی رقوم ڈجیٹل اکاؤنٹس میں رکھنے جیسی بڑی تبدیلی کا عمل تیز کردے، اور مالی شمولیت جیسے بڑے اہداف پر اس کے مزید مضمرات پڑنے لگیں۔

دوسرے، ڈجیٹل مالی خدمات کے دائرہ کار سے قطع نظر آئی ٹی اور ڈیٹا ہینڈل کرنے والی فرمیں مختلف شعبوں میں بزنس پراسیسز کو منضبط کرکے اور انہیں زیادہ موثر بنا کر پیداواری فوائد سامنے لا رہی ہیں۔ تجارت، مالیات، ٹرانسپورٹ اور مواصلات جیسے شعبوں میں ٹیکنالوجی کا استعمال صارفین اور پیداواری عاملین (producers) کو آسان متبادل ذرائع فراہم کرکے اخراجات بچانے میں معاون ہو رہا ہے۔ اسی طرح خردہ کاروبار (retail business) میں براڈ بینڈ کے بڑھتے ہوئے نفوذ سے کاروباری اداروں کو ایسے نئے اور سستے طریقے مل رہے ہیں کہ وہ صارفین تک رسائی حاصل کرپائیں اور مارکیٹ میں اپنے حصے کے حصول کے لیے مسابقت کرسکیں۔

تیسرے، روزگار کے مواقع پیدا کرنے اور کاروبار شروع کرنے کے معاملے پر ٹیکنالوجی کے اثرات خاصے نمایاں ہیں۔ بحیثیت مجموعی ڈجیٹل کنکٹوٹی بہتر ہونے سے نئی خدمات اور صنعتیں سامنے آئی ہیں، اس کے ساتھ ساتھ خود روزگار کے مواقع اور کاروبار شروع کرنے والوں کے لیے گنجائش بھی بنی ہے (باکس 7.1)۔[8] سب سے زیادہ فائدہ تجارت، ٹرانسپورٹ اور اطلاعات کے شعبوں کو ہوا ہے۔ موبائل رقم کی تخلیق سے ایجنٹوں کا ایک سلسلہ (نیٹ ورک) تشکیل پایا ہے جس سے ہزاروں افراد کو بالواسطہ اور بلاواسطہ روزی فراہم ہو رہی ہے۔ آخر میں، اطلاعاتی و مواصلاتی ٹیکنالوجی کے ملکی شعبے میں فری لانسرز اور آؤٹ سورسنگ فرمیں کی بھی تعداد بڑھ رہی ہے۔

**باکس 7.1: ملک میں نووارد کاروباری اداروں (Startup) کا ارتقاپذیر نظام**

ملکی نووارد کاروباری اداروں کی پاکستان میں سرگرمیاں بڑھ رہی ہیں جس کی ایک جزوی وجہ معاونت کرنے والا مستحکم نظام ہے۔ ملک میں اس وقت تقریباً 52 پروگرام موجود ہیں جو خود کو انکیوبیشن (incubation) اور ایکسی لریشن (acceleration) پروگرام قرار دیتے ہیں،[9] ہر سال 7 سے 15 تک نووارد کاروباری ادارے ان سے گریجویشن حاصل کررہے ہیں (**جدول 7.1.1**)۔[10] چنانچہ محتاط تخمینے کے مطابق صرف 2017ء میں گریجویٹ ہونے والے اداروں کی مجموعی تعداد تقریباً 500 تھی۔ نووارد کاروباری اداروں کے نظام کو مزید مستحکم کرنے میں انکیوبیٹر اور ایکسی لیٹر کے علاوہ ان طریقوں کا دخل ہے: مشترکہ جائے ملازمت (co-working spaces)،[11] فیلوشپ پروگرام، angel investment کا بڑھتا ہوا حجم،[12] اور بین الاقوامی طور پر کامیاب اداروں کے مقامی نمائندہ اداروں کا آغاز، جیسے Startup Weekend, Startup Grind, Lean Startup Machine, Startup Cup اور Startup Cup۔ مزید برآں، پاکستان میں گوگل ڈیولپر گروپ اور گوگل بزنس گروپ کے اجلاس باقاعدگی کے ساتھ ہو رہے ہیں، نیز نووارد کاروباری اداروں کی ملکی سرگرمیوں میں جن چیزوں سے مزید تنوّع آیا ہے ان میں آرگنائزیشن آف پاکستانی انٹرپرینورز (اوپن) اور انڈس انٹرپرینورز (ٹی آئی ای) کے مقامی نمائندہ اداروں کا قیام بھی شامل ہے۔

چونکہ نووارد کاروباری اداروں کی اکثریت آغاز کے بعد ابتدائی تین سے پانچ سال کے اندر ناکام ہو جاتی ہے اس لیے خطرے کی سطح کافی بلند ہے جس میں سرمایہ کاروں کی تمام رقم ڈوب سکتی ہے، ماسوائے اس کے کہ اثاثے بیچ کر کچھ بچی کھچی رقم وصول کرلی جائے۔ اس سے قطع نظر، جو نووارد کاروباری ادارے باقی رہ جاتے ہیں اور اپنا دائرہ کار کامیابی کے ساتھ بڑھا لیتے ہیں اُن سے سرمایہ کاری پر غیر معمولی

[7] م س 18ء میں پاکستان کی بچت کی شرح 11.4 فیصد تھی۔ دریں اثنا 2017ء کے اختتام پر نجی شعبے کے قرضے میں ایس ایم ای شعبے کا حصہ 8 فیصد تھا۔

[8] ڈجٹائزیشن کی آمد کے ساتھ ایک منفی پہلو یہ ہے کہ جہاں کچھ نئی ملازمتیں پیدا ہوں گی وہاں دوسری کچھ ملازمتیں متروک بھی ہو جائیں گی۔ چنانچہ ملازمتوں کی پیداوار پر طویل مدت میں خالص اثرات کیا ہوں گے، اس کا اندازہ کرنا فی الحال مشکل امر ہے۔

[9] ماخذ: سوشل انوویشن لیب (2018ء) 'Beyond the buzz: A Deep Dive into Pakistan's Startup Ecosystem'۔ رپورٹ میں incubators کی تعریف اس طرح کی گئی ہے: ابتدائی یا تصوراتی مرحلے والے نووارد کاروباری اداروں کو اپنے پیروں پر کھڑے ہونے کے لیے مطلوبہ بنیادی سہولتیں مثلاً دفتر کی جگہ، آلات، نیٹ ورک تک رسائی، رہبری (mentorship)، اور ممکنہ طور پر ابتدائی رقم فراہم کرنا بزنس انکیوبیٹرز کا کام ہے۔ ایکسی لیٹر 'انکیوبیٹر کا اگلا مرحلہ ہیں۔ جب نووارد کاروباری ادارے اپنے بزنس ماڈلز ثابت کردیں تو ان کی سرگرمیاں بڑھانے کے لیے انہیں ایکسی لیٹرز کے حوالے کردیا جاتا ہے جو سرمایہ کاری کی فراہمی میں انہیں مدد دیتے ہیں'۔

[10] کسی انکیوبیٹر یا ایکسی لیٹر سے 'گریجویٹ ہونے' کا مطلب یہ ہرگز نہیں کہ نووارد کاروباری ادارہ مستقل قائم بھی رہے گا۔

[11] نووارد کاروباری اداروں کا نظام 'کسی مقام (جوماڈی اور / یا ورچوئل ہو سکتا ہے) پر افراد، مختلف مراحل سے گزرنے والے نووارد کاروباری اداروں اور متعدد اقسام کے اداروں سے بنتا ہے، یہ تمام اجزا ایک نظام کے طور پر ایک دوسرے سے تعامل (interact) کرتے ہیں جس سے نئی نووارد کاروباری کمپنیاں وجود میں آتی ہیں'۔ ماخذ: Startup Commons

[12] عام طور پر angel investment سے نہایت مالدار (high net worth) شخص کی رقم اور وقت کی وہ سرمایہ کاری مراد لی جاتی ہے جو نووارد کاروباری اداروں کے ابتدائی مرحلے میں فراہم کی جائے۔

منافع بھی مل سکتا ہے۔ ان اداروں کی، ایک طرف انتہائی پُر خطر، اور دوسری طرف نہایت نفع بخش نوعیت کی بنا پر ان میں سرمایہ لگانا کمرشل بینکوں جیسے روایتی قرض گار اداروں کے لیے عموماً مناسب نہیں ہوتا۔ چنانچہ عالمی سطح پر رجحان ہے کہ نووارد کاروباری اداروں کے مستحکم نظام کو مخاطرہ سرمایہ ادارے اور نجی ایکویٹی فنڈز، اور ان کے ساتھ ساتھ angel investment سے مالی سہارا ملتا ہے۔

جہاں تک اثرات کا سوال ہے تو ٹیکنالوجی کے ملکی نووارد ادارے اکثر ملکی افرادی قوت ہی کی خدمات حاصل کرتے ہیں اور ملک میں ان کی کافی نمایاں سرگرمیاں ہوتی ہیں۔ تاہم کئی مثالیں ایسی بھی ہیں کہ یہ ادارے پاکستان سے باہر، مثلاً عرب امارات اور امریکہ میں باضابطہ رجسٹرڈ ہوں۔ چنانچہ جب ایسے نووارد کاروباری ادارے کچھ مستحکم بھی ہو جائیں تو اُن کا پاکستانی ہونا نمایاں نہیں ہو پاتا۔ اس رجحان کی بڑی وجوہات میں سے ایک وجہ یہ حقیقت ہے کہ آئی سی ٹی کے نووارد کاروباری اداروں کو دراصل خاصا مخاطرہ سرمایہ اور ساتھ ساتھ حقِ ایجاد کا مناسب تحفظ (patent protection) بھی درکار ہوتا ہے، اور اس معاملے میں حالیہ کچھ بہتری کے باوجود پاکستان میں کوئی کامیابی حاصل کرنا نہایت دشوار ہے۔[13]

**جدول 7.1.1: پاکستان میں نمایاں ایکسی لیٹرز اور انکیوبیٹرز***

| | نوعیت | بڑے معاون | پورٹ فولیو فرم (فرمیں)** |
|---|---|---|---|
| Plan X | ایکسی لیٹر | پنجاب آئی ٹی بورڈ | Mangobaaz; BeautyHooked |
| Invest2Innovate | ایکسی لیٹر | Dotzero؛ پاشا فنڈ برائے سماجی جدت طرازی | Popinjay; DoctHers |
| 10Xc | ایکسی لیٹر | PlanetN | Labcloud; Fix My Phone |
| The Nest I/O | انکیوبیٹر | گوگل برائے اینٹرپرینورز، سام سنگ | Mandi Express; ConnectHear |
| NIC Lahore (formerly LCE) | انکیوبیٹر | لمز، اگنائٹ، وزارت آئی ٹی اور ٹیلی مواصلات | InteraCta; AutoGenie.pk |
| Plan 9 | انکیوبیٹر | پنجاب آئی ٹی بورڈ | Patari; Bookme |
| Social Innovation Lab | انکیوبیٹر | لمز | FindMyAdventure; Tahafuz |
| Nspire | انکیوبیٹر | Netsol | shopdesk; esurge |
| DotZero Ventures | انکیوبیٹر | فاؤنڈیشن برائے اطلاعاتی ٹیکنالوجی | dealtoday.pk; PerkUp |
| Founder Institute | انکیوبیٹر | | Approkers; Verifapp |
| Arpatech Hatchery | انکیوبیٹر | | EatOye; Sheops |

* بعض صورتوں میں ادارے انکیوبیٹر اور ایکسی لیٹر دونوں حیثیتوں سے کام کر رہے ہیں۔

** صرف ایک یا دو منسلک نووارد کاروباری اداروں کا ذکر کیا گیا ہے۔ بعض اوقات کوئی نووارد کاروباری ادارہ کئی انکیوبیٹرز / ایکسی لیٹرز سے منسلک ہوتا ہے۔

پاکستانی نووارد کاروباری اداروں کے لیے ترقی یافتہ ملکوں کی منڈیوں میں مخاطرہ سرمایہ اکٹھا کرنا اپنے ملک میں ایسا کرنے سے آسان ہے۔ اسکی بنیادی وجہ یہ ہے کہ مخاطرہ سرمایہ لگانے والے افراد اُس صورت میں اپنی سرمایہ کاری کی طرف سے مطمئن ہوتے ہیں جب یہ نووارد ادارے ترقی یافتہ ملکوں میں انکارپوریٹڈ ہوں۔ اس سلسلے میں ایس ای سی پی نے پاکستان میں مخاطرہ سرمایہ اور نجی ایکویٹی فنڈ کو مرکزی دھارے میں لانے کے لیے ضوابط متعارف کرائے ہیں۔[14] ایس ای سی پی کے مطابق مئی 2018ء کے اختتام پر دو نجی ایکویٹی فنڈ اور دو نجی ایکویٹی کمپنیاں اس کے پاس رجسٹرڈ ہیں، جن کے مجموعی اثاثے بالترتیب تقریباً 5 ارب روپے اور 170 ملین روپے ہیں۔ ضوابطی فریم ورک بہتر بنانے کی مستقل کوششیں، کاروبار کرنے کی آسانی، سلامتی کی بہتر صورتِ حال، اور اقتصادی استحکام وہ عوامل ہیں جو آگے چل کر سرمایہ کاروں کو مزید اعتماد دے سکتے ہیں جس سے پاکستان کی مخاطرہ سرمایہ سرگرمیوں میں تیزی آئے گی۔

ان تمام تبدیلیوں کے نتیجے میں نووارد کاروباری اداروں میں سرمایہ کاری پاکستان میں بتدریج بڑھ رہی ہے۔ حاصل ہونے والی رقوم کی مالیت کئی سودوں میں نامعلوم ہے، تاہم صرف 2015ء میں سرمایہ کاری کی منکشف مالیت 155.4 ملین ڈالر تھی۔[15] اگر 2015ء اور 2016ء میں بعض بڑے سودوں کو منہا بھی کر دیا جائے (outliers یا یکبارگی نوعیت سے) تو یہ دو سال دونوں اعتبار سے خاصے امید افزا

[13] پاکستان کی انٹیلکچوئل پراپرٹی آرگنائزیشن (آئی پی او) کے مطابق کمپیوٹر سافٹ ویئر پاکستان میں پیٹنٹ نہیں کیے جاسکتے یعنی ان کا حقِ ایجاد محفوظ نہیں۔ پیٹنٹ آرڈیننس 2000ء (ترمیم شدہ 2002ء اور 2006ء) کی دفعہ 7 کے تحت جو ایجادات عقلی وذہنی، تجریدی یا جمالیاتی خواص رکھتی ہوں (بشمول کمپیوٹر سافٹ ویئر، دریافتیں، فن پارے، اور بزنس کرنے کے طریقہ ہائے کار) انہیں پیٹنٹ نہیں کرایا جاسکتا۔ آئی پی او سافٹ ویئر کے شعبے میں صرف کاپی رائٹس اور ٹریڈمارک جاری کر سکتی ہے۔ ماخذ: آئی پی او ویب سائٹ۔

[14] مثال کے طور پر نجی ایکویٹی اور مخاطرہ سرمایہ فنڈ ضوابط 2008ء، اور نجی فنڈز ضوابط 2015ء۔

[15] ماخذ: i2i انڈسٹری انسائٹس نیوز لیٹر، شمارہ جولائی 2018ء۔

تھے، یعنی نووارد کاروباری اداروں میں لگائے گئے سرمائے کی منکشف رقم کے لحاظ سے، اور سرمایہ کاروں کے ساتھ کیے گئے معاہدوں کی تعداد کے لحاظ سے۔ یہ حوصلہ افزا ہے کہ 2018ء کی صرف پہلی ششماہی نے سرمایہ کاری کی وہ رقم حاصل کرلی جو 2017ء کے پورے سال کی منکشف سرمایہ کاری رقم تھی، یہ اس امر کی عکاس ہے کہ سرمایہ کاروں کی طلب میں بحالی کا عمل جاری ہے۔[16]

پاکستان میں پالیسی ساز اِن مضبوط روابط اور معیشت پر اِن کے مثبت اثرات سے بخوبی آگاہ ہیں چنانچہ انہوں نے ڈجٹائزیشن کے ایجنڈا کو قومی سطح پر ترجیح دی ہے۔ بالخصوص 2014ء میں این جی ایم ایس کی نیلامی کنکٹوٹی کو بہتر بنانے اور ساز گار ڈجٹائزیشن کے معاملے میں ایک فیصلہ کن اقدام تھا(**باکس 7.2**)۔ مزید برآں، پاکستان کے ساز گار آبادیاتی تناسبات جیسے عوامل حسنِ اتفاق سے سامنے آئے ہیں اور یہ کسی شعوری پالیسی کا نتیجہ نہیں ہیں بہرحال ان کی مدد سے ایک ساز گار ماحول تشکیل پایا ہے جس میں ڈجٹائزیشن پھل پھول سکتی ہے۔

**باکس 7.2: پاکستان میں شعبہ خدمات کی ڈجٹائزیشن کے کلیدی معاونین**

خدمات کے ملکی شعبے کی حالیہ تیز رفتار ڈجٹائزیشن میں چار عوامل نے نمایاں کردار ادا کیا ہے:

**(i) آئی سی ٹی کی معقول اساس**

پاکستان کے آئی سی ٹی شعبے نے 1990ء کی دہائی کے آغاز میں معمولی سطح سے کام کا آغاز کیا اور آج تین عشرے گزرنے تک اس میں مستقل استحکام رہا ہے۔ درحقیقت گذشتہ دس سال کا عرصہ بہت تیزی سے نمو پانے کا عرصہ ہے۔ اس کا اندازہ یوں لگایا جاسکتا ہے کہ 2007ء میں ایس ای سی پی کے پاس رجسٹرڈ آئی ٹی فرمیں کی تعداد 2000 سے کم تھی جو 2017ء کے خاتمے پر 4600 ہے (10 فیصد مرکب سالانہ شرحِ نمو)۔ یہ صنعت اس وقت ملکی مارکیٹ میں متعدد منسلک خدمات فراہم کررہی ہے جن میں سافٹ ویئر کی تیاری، بزنس اینالٹکس، گیم اور اینی میشن، موبائل ایپلی کیشن، مشاورت وغیرہ شامل ہیں۔ بڑی تعداد میں عالمی کاروباری اداروں کی موجودگی سے آئی ٹی کی ملکی مارکیٹ میں زبردست امکانات کی عکاسی ہوتی ہے۔ نیز، پاکستان میں بڑی آئی ٹی کمپنیوں نے ڈجیٹل شعبے میں حال میں نئے اداروں کی سرپرستی اور معاونت کا آغاز کیا ہے جو مستقبل کے لیے امید افزا ہے۔

**(ii) ڈجیٹل کنکٹوٹی اور قابلِ برداشت لاگت**

کنکٹوٹی کے حوالے سے ٹیلی مواصلات کے انفراسٹرکچر میں مسلسل بہتری کا سلسلہ 1991ء ہی سے جاری ہے تاہم 2014ء میں این جی ایم ایس کی نیلامی ڈجیٹل اختراعات کی حالیہ لہر کے لیے سب سے بڑی مہمیز ثابت ہوئی (**شکل 7.3**)۔ پی ٹی اے کے مطابق تھری جی سیلولر موبائل سگنل مارچ 2017ء کے اختتام تک، ملک کی 70 فیصد سے زائد آبادی کا احاطہ کرتے ہیں۔ اسی طرح فورجی ایل ٹی ای سروسز 30 فیصد سے زائد آبادی کی دسترس میں ہیں۔ اس کے علاوہ اسمارٹ فون کی قیمتوں اور ان کے آپریٹنگ سسٹمز کا سستا ہونا ایک نعمت ثابت ہوئی۔ بڑی تعداد میں آلات ساز اداروں کی توجہ اب اس بات پر ہے کہ خاص طور پر پاکستان جیسے ترقی پذیر ملک میں سستے اسمارٹ فون کے شعبے میں پائے جانے والے بلند نمو کے امکانات سے فائدہ اٹھایا جائے۔ آپریٹنگ سسٹم کے معاملے میں گوگل کی طرف سے 2013ء میں اینڈرائڈ ون پلیٹ فارم کے آغاز نے کھیل کا نقشہ ہی بدل دیا چنانچہ اسمارٹ فون رکھنا اور استعمال کرنا آسان اور سستا ہوگیا۔ پاکستان میں درآمدی سیلولر فون کا تقریباً 85 فیصد چین سے آتا ہے،[17] جبکہ آپریٹنگ سسٹم میں اینڈرائڈ حاوی ہے۔[18]

**(iii) آبادی کا سازگار تناسب**

پاکستان کی تقریباً 64 فیصد آبادی 29 سال تک عمر کی ہے، اور اقوام متحدہ کی نیشنل ہیومن ڈیولپمنٹ رپورٹ 2017ء کے مطابق پاکستان کی آبادی میں نوجوانوں کے بلند تناسب کا سلسلہ اگلے مزید تیس سال تک جاری رہے گا۔ حقیقت یہ ہے کہ یہ نوجوان آبادی ٹیکنالوجی اور اسمارٹ فون قبول کرنے کے لیے بڑی عمر کے لوگوں کے مقابلے میں زیادہ آمادہ ہے چنانچہ اس کے پیشِ نظر آئی ٹی ای ایس اور ڈجیٹل انقلاب کی طلب سے متعلق پُرامید ہوا جاسکتا ہے۔ رسدی پہلو سے بھی ایسا ہی تعاون موجود ہے: ڈجیٹل پاکستان پالیسی 2018ء کے مطابق پاکستان میں سالانہ 20 ہزار سے زائد آئی ٹی گریجویٹ اور انجینئر نکلتے ہیں، ملک میں انگریزی بولنے والے آئی ٹی اور بی پی او پروفیشنل افراد کی تعداد تین لاکھ سے زائد ہے جنہیں آئی ٹی کی موجودہ اور آئندہ مصنوعات اور ٹیکنالوجیز میں مہارت حاصل ہے۔

**(iv) بیرونِ ملک پاکستانیوں سے تعاون**

پاکستان نژاد امریکیوں کی ایک معقول تعداد سلیکون ویلی میں رہتی ہے اور ہائی ٹیک کمپنیوں خواہ مستحکم ہوں یا نئی، میں کام کرتی ہے۔ یہ پاکستانی کم از کم تین طرح سے مددگار ہیں:


---

[16] مزید برآں، مقامی نووارد کاروباری اداروں نے angel اور مخاطرہ سرمایہ انویسٹمنٹ کے علاوہ، اندرونِ ملک اور بیرونِ ملک متعلقہ مقابلوں میں کامیاب ہوکر ڈونرز سے گرانٹس بھی اکٹھا کیں۔ چنانچہ سرمایہ کاری کے جو معاہدے منکشف ہوئے وہ اکٹھا کی گئی مجموعی رقم کا محض ایک حصہ ہیں۔

[17] ماخذ: پاکستان دفتر شماریات

[18] شماریات پر پورٹل Statista کے مطابق دسمبر 2017ء تک اینڈرائڈ موبائل آپریٹنگ سسٹم کا مارکیٹ میں حصہ تقریباً 84 فیصد تھا۔

• اوّل اثرات ان آئی ٹی پروفیشنلز سے پڑے جن کو سلیکون ویلی میں کام کرنے کا تجربہ ہے لیکن وہ واپس پاکستان آ گئے۔ یہ لوگ نووارد کاروباری اداروں کی کامیاب ماحولیات سے آگاہ ہیں،




شکل 3.7: موبائل انفراسٹرکچر کے اہم واقعات پر ایک نظر

یہ لوگ نئے معاون اقدامات کے معاملے میں اگلی صفوں میں ہیں۔ یہ لوگ ایک طرف پالیسی میں تبدیلی کے لیے حمایت کو مستحکم بنا رہے ہیں اور دوسری طرف پاکستان میں angel سرمایہ کاری کی سرگرمیوں کو مضبوط کر رہے ہیں۔ نیز، اپنا سرمایہ استعمال کرنے کے لیے ادارہ سازی کے عمل میں بھی شریک ہیں۔

• دوم اثرات ان سی ای اوز اور ٹیکنالوجی میں جدت طراز افراد سے پڑے ہیں جو امریکہ میں اب بھی کام کر رہے ہیں تاہم ان کی موجودگی اور نیٹ ورکنگ سے حوصلہ پا کر بین الاقوامی کمپنیاں پاکستان میں ٹیکنالوجی کے شعبے میں سرمایہ لگا رہی ہیں۔

• آخر میں پاکستانی تارکین کی عالمی کاروباری انجمنیں، مثلاً انڈس انٹرپرینورز (ٹی آئی ای) اور آرگنائزیشن آف پاکستانی انٹرپرینورز (اوپن) ہیں جو پاکستان کے ٹیکنالوجی کے شعبے کی حوصلہ افزائی میں آگے آگے ہیں۔


یہ تناظر فراہم کرنے، اور ڈجٹائزیشن اور معیشت کے وسیع روابط بیان کرنے کے بعد اگلے تین سیکشنوں میں جو بحث کی جائے گی وہ بالترتیب ای-کامرس (**سیکشن 7.3**)، فِن ٹیک (**سیکشن 7.4**) اور ای-گورنمنٹ (**سیکشن 7.5**) کی تفصیلی حرکیات اور متعلقہ ابھرتے ہوئے رجحانات پر ہو گی۔

### 7.3 ای-کامرس: خردہ فروشی میں انقلابی تبدیلی

پاکستان میں گذشتہ چند برسوں کے دوران ای-کامرس سرگرمیوں میں غیر معمولی نمو دیکھنے میں آئی۔ کاروباری ادارے ہوں یا صارفین، دونوں نے لین دین کی پست لاگت، سہولت اور انٹرنیٹ کا بڑھتا ہوا نفوذ دیکھ کر اپنا لین دین بھی آن لائن پر منتقل کر لیا (**شکل 7.4**)۔ ای-کامرس کے جس فریق کو اب تک سب سے زیادہ سہولت ملی ہے وہ 'کاروبار سے صارف تک' (بی2سی) ہے، اگرچہ کہ 'کاروبار سے کاروبار تک' ای-کامرس کو بڑے پیمانے پر مہمیز دینے کے لیے بھی سرمایہ کاری کی جا رہی ہے۔

اسٹیٹ بینک کے ڈیٹا کے مطابق ای-کامرس کے ملکی اور بین الاقوامی تاجروں کے سامان کی فروخت م س 17ء میں 20.7 ارب روپے اور م س 18ء میں 40.1 ارب روپے تک جا پہنچی جو 93.7 فیصد کی حوصلہ افزا نمو ہے۔ تاہم اس ڈیٹا میں صرف اُن سودوں کا احاطہ کیا گیا ہے جو ڈجیٹل ذرائع (کریڈٹ / ڈیبٹ کارڈ، بین البینک فنڈ ٹرانسفر، پری پیڈ کارڈ، اور موبائل والٹ) سے کیے گئے۔ یہ بات قابلِ ذکر ہے کیونکہ مارکیٹ کے تخمینوں کے مطابق مجموعی حجم میں 80 سے 90 فیصد تناسب اس رقم کا ہے جو سامان ملنے کے بعد ادا کی جاتی ہے (سی اوڈی تصفیے) اور پاکستان میں ای-کامرس کی مجموعی مالیت کا تقریباً 60 فیصد بنتی ہے (**شکل 7.5ب**)۔ چنانچہ اندازہ لگایا جائے تو م س 17ء اور م س 18ء میں ای-کامرس کی مجموعی سرگرمیوں کے اعداد و شمار بالترتیب 51.8 ارب اور 99.3 ارب روپے تک پہنچ چکے ہیں (**شکل 7.5 الف**)۔

**شکل 7.4 : پاکستان میں ای-کامرس کا ماحولیاتی نظام**





#### عملی کارگذاری میں اضافہ: عدم وساطت (disintermediation) سے نووساطت (reintermediation) تک

جیسا کہ پہلے بتایا گیا ہے، تجارتی سرگرمیوں کی ڈجٹائزیشن میں یہ استعداد ہے کہ کاروباری اداروں اور صارفین کے لیے لین دین کی لاگت کم ہو جائے۔ عدم وساطت اور نووساطت کا تصور اس امر کو سمجھنے میں اہم معاون ہے۔ ایک روایتی لین دین میں کئی عاملین شامل ہوتے ہیں، جیسے پیداواری عاملین، ٹرانسپورٹر، تھوک فروش، خردہ فروش، اور صارف حضرات۔ تاہم ای-کامرس میں یہ سہولت ہے کہ تمام درمیانی فریقوں یعنی وساطت کرنے والوں کی ضرورت ختم ہو جاتی ہے چنانچہ 'عدم وساطت' کی

بنا پر خریدار اور سپلائر کے درمیان براہِ راست رابطہ ہو جاتا ہے۔ پاکستان میں ملبوسات، اسمارٹ فون، غذائی مصنوعات، اور برقی صنعتوں کے بڑے بڑے پیداواری عاملین کے پاس اب آن لائن 'ای-ریٹیل' کے ایسے چینل موجود ہیں جو بیک وقت کئی کئی صارفین کی ضرورت پوری کر سکتے ہیں۔


تاہم ای-کامرس کا زیادہ مقبول اور مستحکم ماڈل آن لائن مارکیٹ پلیس سسٹم ہے۔ آن لائن مارکیٹ پلیس وہ مقامات ہیں جو متعدد خریداروں اور فروخت کاروں کے درمیان لین دین اور سودا کراتے ہیں۔ کمپیوٹرائزڈ سسٹم اور مشترکہ ڈجیٹل انفراسٹرکچر کی بنا پر فریقین کو ایک دوسرے کی تلاش اور کنٹریکٹ کے کم سے کم اخراجات برداشت کرنے پڑتے ہیں اور بلا رکاوٹ لین دین اور معاون خدمات (جیسے ڈیٹا اینالیٹکس اور رقم کی ادائیگی کے پلیٹ فارم) کی فراہمی سے کارگذاری بڑھ جاتی ہے۔ دوسرے لفظوں میں وہ پیداواری عاملین اور صارفین کے درمیان نئے وساطت کار بن جاتے ہیں، چنانچہ یہ 'نو وساطت' متعلقہ فریقوں کے لیے بحیثیت مجموعی یہ ایک بہتر تجربہ بن جاتی ہے۔

**شکل 7.5(الف): پاکستان میں ای کامرس کے تخمینے**




* If we go by market estimates, the share of digital payments is about 40 percent in the total e-commerce transactions by value. For FY19 and FY20, a YoY increase of 25 percent in digital sales is expected.
E: estimated; F:forecast
Data source: SBP for actual digital transactions; market estimates for forecast

**شکل 7.5(ب): ادائیگی کے مختلف طریقوں کا انتخاب بلحاظِ مالیت 18-2017ء**




Data source: SBP; market estimates

پاکستان میں ای-کامرس میں فعال بڑے اداروں کی اکثریت یا تو آن لائن مارکیٹ پلیس برائے اشیا و مصنوعات ہے- جیسے شاپ ہائیو (Shophive)، دراز پی کے (برقی مصنوعات اور ملبوسات وغیرہ کے لیے)، اور فوڈپانڈا (غذائی مصنوعات کی ڈیلیوری کے لیے)- یا پھر فوراً در کار خدمات کے لیے آن لائن مارکیٹ پلیس ہے- جیسے 'کریم' اور 'اوبر' کی طرح کی سفری سہولیات (**شکل 7.6**)۔ اس کے علاوہ آن لائن معلومات اور مالی وساطت کے ادارے ہیں (جنہیں اکثر infomediaries کہا جاتا ہے)- جیسے پاک ویل (گاڑیوں کی خرید و فروخت کے لیے)، روزی پی کے (ملازموں اور ملازمتوں کی تلاش کے لیے)، اور زمین پی کے (ریئل اسٹیٹ کے لیے)۔ یہ ذرائع مطلوبہ معلومات فراہم کرتے ہیں اور زیادہ تر ان کی آمدنی اشتہارات، کنٹریکٹ، اور کمیشن فیس سے ہوتی ہے۔

### آمیزے میں لاجسٹک اور انونٹری مینجمنٹ کی شمولیت

ای-کامرس کے ذرائع اختیار کرنے میں ایک بڑی رکاوٹ وہ طویل انتظار ہوتا ہے جو سامان کے حصول (ڈیلیوری) کے لیے کرنا پڑتا ہے۔ ڈیلیوری کا وقت عام طور پر دو وجوہ سے متاثر ہوتا ہے (الف) جب لاجسٹک کا ذمہ دار کوئی اور ادارہ وقت پر سامان پہنچانے میں ناکام رہے، اور / یا (ب) فروخت کار کا انونٹری مینجمنٹ سسٹم برقی چینل کی لچک دار ضروریات کو پورا کرنے میں ناکافی ثابت ہو جائے۔


پاکستان میں آن لائن مارکیٹ پلیس نے اس مسئلے پر توجہ دینا شروع کر دی ہے۔ ملک میں لاجسٹک کے صفِ اوّل کے ادارے 'ٹی سی ایس' نے ای-کامرس کے شعبے میں قدم رکھ کر ایک منفرد مثال قائم کی۔ اس کے ذیلی ادارے 'ٹی سی ایس-ای کام' نے اپنی آن لائن مارکیٹ پلیس Yayvo.com کا آغاز 2013ء میں کیا۔ چونکہ

Yayvo.com ٹی سی ایس کی 'حاضر' سروس استعمال کرتا ہے جس میں بعض مخصوص اشیا تقریباً 120 منٹ میں صارف کو پہنچادی جاتی ہیں، اس لیے اس مارکیٹ پلیس کی رسدی زنجیر کا بیشتر حصہ vertically integrated ہے۔ اس پلیٹ فارم کی دسترس مقابلتاً دور دور تک ہے جس کی بنیادی وجہ دیہات میں ٹی سی ایس کا توسیعی ڈیلیوری سسٹم ہے۔

جہاں تک اسٹاک مینجمنٹ کا تعلق ہے تو جو فروخت کار اپنی مصنوعات Yayvo.com کے توسط سے فروخت کر رہے ہیں ان میں سے اکثر اپنے انونٹری سسٹم کو ڈجیٹل روپ دینے کے مرحلے میں ہیں اور اپنے ویئرہاؤس کا ڈیٹا بیس ویب سائٹ کے مرکزی ڈومین سے مربوط کر رہے ہیں۔ اس کے نتیجے میں فروخت کار Just in Case کے بجائے Just in Time کی بنیاد پر کام کرنے لگے ہیں[19] جس سے ذخیرے اور پراسیسنگ کے اخراجات کم اور خریداری کا عمل تیز ہو گیا ہے۔ مارکیٹ پلیس کے دوسرے ادارے بھی متنوع استعداد اور مقصد کے انونٹری مینجمنٹ سسٹم استعمال کرتے ہیں۔ ان میں ایک طرف وہ سادہ ای میل شامل ہیں جو کسی شے کے آرڈرز بڑھنے کے حوالے سے بھیجی جاتی ہیں اور اس کے لحاظ سے انونٹری کی مطلوبہ ضروریات کا ذکر ہوتا ہے، دوسری طرف ان میں وہ ترغیباتی اسکیمیں بھی شامل ہیں جن میں کسی بھی موجودہ فروخت کار سے آرڈر پورا کرنے کا ایک مقررہ تناسب درکار ہوتا ہے تاکہ بڑے پیمانے پر پیداوار میں توسیع یقینی بنائی جائے۔

ٹی سی ایس کے علاوہ دیگر لاجسٹک فرمیں بھی ای-کامرس کی بڑھتی ہوئی مارکیٹ کا فائدہ اٹھانے کے لیے داخل ہو رہی ہیں۔ سرکاری شعبے میں سے پاکستان پوسٹ نے، جو ملک کی سب سے بڑی اور قدیم ترین ڈاک سروس ہے، حال ہی میں ری برانڈنگ کا ایک جامع منصوبہ شروع کیا ہے جس کا مقصد ادارے کی عملی صلاحیتوں کو بڑھانا اور متنوع بنانا ہے۔ اس سلسلے میں اس نے ایک نیا ادارہ 'پاکستان پوسٹ لاجسٹکس کمپنی' بنائی ہے تاکہ پاکستان کے دور دراز اور دیہی علاقوں تک ای-کامرس کی سہولتیں پہنچائی جائیں۔ اس کے ساتھ ساتھ پاکستان پوسٹ موبائل فون کے ذریعے رقم منتقلی کی سروس شروع کرنے کی بھی تیاری کر رہا ہے۔ اس سروس میں عوام کو بہت سی سہولتیں دستیاب ہوں گی، مثلاً ای-کامرس کے لیے کیش آن ڈیلیوری، بین الاقوامی ترسیلات، برانچ لیس والٹ کارڈ، اور پنشن ٹرانسفر وغیرہ۔ پاکستانی عوام 'علی ایکسپریس' اور 'ایمیزون' جیسے بین الاقوامی تجارتی پلیٹ فارموں پر ای-کامرس کے جو آرڈر دیتے ہیں ان کی اکثر ڈیلیوری پاکستان پوسٹ ہی کے ذریعے آتی ہے۔

**شکل 7.6: پاکستان میں ای-کامرس کا ڈھانچہ اور اہم فریق ادارے**





[19] Just in Case انونٹری مینجمنٹ کا مطلب یہ ہے کہ طلب کو پورا کرنے کے لیے اشیا کا بھاری ذخیرہ روک کر رکھا جائے۔ یہ طریقہ اپنانے والی فرموں کا مقصد اشیا کی قلت کا خطرہ کم سے کم کرنا ہوتا ہے، تاہم اس طریقے میں کمپنیوں کی آپریٹنگ لاگت اور ذخیرہ کار کے اخراجات بھی خاصے بڑھ جاتے ہیں۔ دوسری طرف Just in Time طریقے میں اسٹاک اُس وقت تک رکھنے کی سہولت ہوتی ہے جب تک طلب برقرار رہتی ہے۔ اس طرح کارگزاری بہتر اور لاگت پست رہتی ہے۔

### آن لائن ادائیگی کے انفرا سٹرکچر کی آمد دستاویزیت (documentation) بڑھانے میں مدد دے رہی ہے

پاکستان میں نظامِ ادائیگی کا انفراسٹرکچر صارف اور تاجر دونوں کے لیے ای-کامرس لین دین کی ملکی اور بین الاقوامی ضروریات پوری کرنے کی استعداد رکھتا ہے۔ اس کے باوجود پاکستان میں تقریباً 90 فیصد ای-کامرس لین دین میں ادائیگی عند الوصول (cash on delivery) ہوتی ہے جس کی کئی وجوہات ہیں۔[20] صارفین کی جانب سے اس طریقے کو ترجیح دینا پست مالی اور ڈجیٹل خواندگی کی بنا پر ہو سکتا ہے،[21] اس کے علاوہ آن لائن ادائیگی کے طریقوں اور آلات کی سیکورٹی پر شبہات، اور صارف کو غلط یا غیر معیاری مصنوعات ملنے کی صورت میں تنازع کے حل کا طریقہ موجود نہ ہونا بھی دیگر وجوہات ہو سکتی ہیں۔ کاروباری اداروں کی طرف سے آن لائن وصولی کو ترجیح نہ دینے کے بڑے اسباب یہ ہو سکتے ہیں: ادائیگی کی پراسیسنگ کے لیے ایک مناسب، محفوظ اور قابلِ بھروسہ انفراسٹرکچر کی تیاری کے لیے پیشگی اخراجات، بینکوں / پی ایس او / پی ایس پی کے ساتھ معاہدوں کی تیاری، اور بینکوں کی طرف سے آن بورڈنگ[22] تاجروں کے لیے 'اپنے صارف کو پہچانیں' (کے وائی سی) کے سخت تقاضے۔ اس تناظر میں ادائیگی عند الوصول (دیگر طریقوں میں سے) بہتر متبادل معلوم ہوتا ہے، اگرچہ کہ اس طریقے میں بھی کچھ دشواریاں ہیں۔ مثال کے طور پر کاروباری اداروں کو عدم ادائیگی کے خطرے کا سامنا کرنا پڑتا ہے، اور ان کی سرگرمیاں کسی ایک جغرافیے میں محدود ہو جاتی ہیں۔

گذشتہ چند برسوں کے دوران پاکستان میں ڈجیٹل ادائیگی کے انفراسٹرکچر کو بتدریج ارتقا ملا ہے۔ برانچ لیس بینکاری کھاتوں (جنہیں موبائل والٹ بھی کہتے ہیں) میں تیزی سے اضافے اور تھری جی / فورجی نیٹ ورکس کی مسلسل بڑھتی ہوئی مقبولیت سے حوصلہ پا کر خردہ فروشوں اور آن لائن مارکیٹ پلیس دونوں ان سسٹمز کو اپنے ماڈلز میں شامل کرنے لگے ہیں۔ ان کی وجہ سے تجارتی سرگرمیوں کی دستاویزیت بھی بہتر ہو رہی ہے جیسا کہ معیشت کے مالی اعداد و شمار سے ظاہر ہے۔ م س 17ء میں اسٹیٹ بینک نے پہلے سے شائع ہونے والے پوائنٹ آف سیل (پی او ایس) کے اعداد و شمار کے ساتھ ساتھ ای-کامرس لین دین کا ڈیٹا بھی علاحدہ سے شائع کرنا شروع کیا۔ اس کوریج میں مزید اضافے کا امکان ہے کیونکہ ملک کے بڑے کاروباری ادارے اب اپنے صارفین کو آن لائن ادائیگی کے آپشن دینے پر آمادہ معلوم ہوتے ہیں جس کے لیے ای-پیمنٹ گیٹ وے استعمال کیے جائیں گے۔ م س 18ء میں اسٹیٹ بینک کے نظامِ ادائیگی کے جائزے کے مطابق بینکوں کے ای-پیمنٹ گیٹ وے استعمال کرنے والے ای-کامرس تاجروں کی مجموعی تعداد بڑھ کر 1093 ہو چکی ہے جو م س 17ء سے 91.6 فیصد زائد ہے جب یہ تعداد 571 تھی (**شکل 7.7**)۔

**شکل 7.7 : پاکستان میں ڈجیٹل ادائیگی قبول کرنے والے ای-کامرس دکانداروں کی تعداد**




Data source: State Bank of Pakistan

اس سلسلے میں ایک اور معاون عامل انٹر آپریبل پیمنٹ پلیٹ فارم کی موجودگی ہے جس میں اے ٹی ایم، آئی بی ایف ٹی، کارڈ پیمنٹ اور بل کی ادائیگی وغیرہ جیسی سہولتوں کے لیے اسٹیٹ بینک کے اجازت یافتہ پیمنٹ سسٹم پرووائڈرز (پی ایس پی) اور پیمنٹ سسٹم آپریٹرز (پی ایس او) مثلاً ون لنک اور بین الاقوامی کارڈ اسکیموں مثلاً ویزا، ماسٹر کارڈ وغیرہ کے ذریعے تمام بینک مختلف

[20] ماخذ: پاکستان ٹیلی کمیونی کیشن اتھارٹی، سالانہ رپورٹ 2017ء

[21] اکنامسٹ کے انٹیلی جنس یونٹ کے انٹرنیٹ شمولیتی اشاریہ 2018ء کے مطابق پاکستان انٹرنیٹ شمولیت کے لحاظ سے 86 ملکوں کی فہرست میں درج ذیل چار زمروں میں بحیثیت مجموعی 68ویں درجے پر ہے [ہر زمرے میں پاکستان کا درجہ قوسین میں درج ہے]: 1۔ دستیابی (77واں)، 2۔ قابلِ استطاعت (43واں)، 3۔ مناسبت (70واں)، اور مستعدی (68واں)۔ دریں اثنا مستعدی کے زمرے میں سب سے بڑا دھچکا خواندگی کے اظہاریے میں 85ویں درجے کی بنا پر آیا۔ یہ اظہاریہ تعلیمی سطح اور انٹرنیٹ استعمال کرنے کے قابل ہونے کی سطح کی عکاسی کرتا ہے۔ بنیادی بات یہ ہے کہ خواندگی کی عام سطح کے ساتھ ساتھ ڈجیٹل خواندگی کی خاص طور پر کمی پائی جاتی ہے۔ امید افزا بات یہ ہے کہ زمرہ 'مستعدی' میں بقیہ دو اظہاریوں یعنی اعتماد اور تحفظ (15واں) اور پالیسی (48واں) میں پاکستان کا درجہ نسبتاً بہتر ہے۔

[22] آن بورڈنگ تاجروں سے مراد وہ پراسیس ہے جس میں بینک نئے تاجروں کا اپنے کلائنٹ کے طور پر اندراج کرتے ہیں اور ان کے نظامِ ادائیگی کو بینکوں کے پیمنٹ گیٹ وے اور پی ایس او سروس کے ساتھ مربوط کرتے ہیں۔


سوئچز سے منسلک ہیں۔[24،23] اس کے علاوہ پاکستان میں غیر بینک اداروں کے لیے بھی ضوابطی ماحول سازگار ہے کہ وہ جدّت طراز مصنوعات اور خدمات لاکر ادائیگی کے شعبے میں داخل ہوسکتے ہیں۔ اسٹیٹ بینک نے نجی شعبے کی شرکت آسان بنانے کے علاوہ ایسی رہنما ہدایات بھی جاری کی ہیں جو ادائیگی کے آلات کی یکسانیت کو یقینی بناتی ہیں ،کارڈ پیمنٹ اور انٹرنیٹ بینکاری وغیرہ کی حفاظتی ہدایات کے ذریعے صارف کو تحفظ دیتی ہیں۔

ڈجیٹل طریقے سے رقم کی ادائیگی کو عام قبولیت ملنے سے حکومت کے لیے بھی آسان ہوگا کہ وہ معاشرے کے غریب طبقوں کو خدمات اور زرِاعانت تیزی سے اور زیادہ کارگر انداز میں فراہم کرسکے، چنانچہ اُن کی سماجی ضروریات بہتر طریقے سے پوری ہوں گی۔ پاکستان میں بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سے استفادہ کرنے والوں کو حکومت بڑی مقدار میں مالی رقوم دیتی ہے۔ ماضی میں یہ رقوم زیادہ تر نقد دی جاتی تھیں تاہم حالیہ برسوں میں موبائل والٹ وغیرہ جیسے ڈجیٹل طریقوں کی طرف منتقلی دیکھی گئی ہے۔ اس کے علاوہ یہ ڈجیٹل ادائیگی استفادہ کرنے والوں تک رقم پہنچانے کا زیادہ شفاف طریقہ ہے۔ نیز، ڈجیٹل طریقے سے ادائیگی حکومت کو نسبتاً آسانی کے ساتھ ٹیکس چوری سے باخبر کرتی ہے۔ اگر اس کے ساتھ ساتھ حکومت پُرعزم ہوکر اپنے اقدامات نافذ کرے تو بے ضابطہ معیشت کا مجموعی حجم خاصا کم کیا جاسکتا ہے اور ضروری مالیاتی محاصل وصول کیے جاسکتے ہیں۔

## پاکستان کے ای-کامرس منظرنامے میں بہتری اور توسیع کی اب بھی گنجائش ہے

اگرچہ پاکستان میں ای-کامرس اختیار کرنے میں اضافے کی رفتار گذشتہ چند برسوں میں حوصلہ افزا رہی ہے، تاہم خردہ شعبے کی ڈجٹائزیشن اور اپنے لاجسٹک ماحول کی کارگزاری کے لحاظ سے پاکستان علاقائی اور معاشی طور پر ہمسر ملکوں سے اب بھی پیچھے ہے (**شکل 7.8**)۔

**شکل 7.8: یو این سی ٹی اے ڈی (بی2سی) ای کامرس آمادگی کا اشاریہ ***
**درجہ بندی 2017ء (144 ممالک میں سے)**




* Reflects processes involved in an online shopping B2C transaction. It is calculated by using data pertaining to number of internet users; number of secure servers; the Findex account penetration score; and the postal reliability (logistics) score.

Data source: UN Conference on Trade and Development

وفاقی اور صوبائی حکومتوں کے تحفظِ صارف کے قوانین موجود ہیں، اور چونکہ الیکٹرانک ٹرانزیکشن آرڈیننس 2002ء برقی لین دین کو عملاً مساوی حیثیت دیتا ہے، اس لیے یہ قوانین ای-کامرس لین دین پر بھی لاگو ہیں۔ تاہم ایک مسئلہ یہ ہے کہ لوگوں میں یہ آگاہی نہیں ہے کہ انہیں آن لائن لین دین کرتے وقت کون کون سے حقوق حاصل ہیں، اور تحفظ فراہم کرنے والے مختلف قوانین ان کی کون کون سی سرگرمیوں کا کس حد تک احاطہ کرتے ہیں۔

مزید برآں، تیز رفتار ڈجٹائزیشن کا جو خاکہ پالیسی سازوں اور صنعت کے فریق اداروں کے ذہن میں موجود ہے اس پر عمل درآمد میں جو وجہ ایک رکاوٹ بن رہی ہے وہ آن لائن پلیٹ فارموں میں اعتبار کا فقدان، ای-کامرس سے متعلق تحفظِ صارف کے قوانین پر ناکافی عملدرآمد اور ڈجیٹل خواندگی کی پست سطح ہے۔ صارف کے تحفظ کا معاملہ پاکستان میں کمزور سمجھا جاتا ہے، ادائیگی پر تنازع ہوجائے یا ای-کامرس طریقے سے حاصل کی گئی اشیا/خدمات واپس کرنے کی ضرورت پیش آجائے تو عام تاثر یہ ہے کہ رجوع کرنے کے لیے خریدار کے پاس کوئی راستہ بہت کم دستیاب ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ صارف آن لائن لین دین کے طریقے استعمال کرتے وقت تذبذب میں ہوتا ہے کیونکہ اسے ذاتی معلومات (مثلاً کریڈٹ کارڈ نمبر، بینک اکاؤنٹ نمبر، پتہ وغیرہ) کے افشا یا غیر متعلق افراد کی طرف سے غلط استعمال کا اندیشہ ہوتا ہے۔

[23] پی ایس او، اور پی ایس پی کے لیے ضوابط سے متعلق شعبہ نظام ادائیگی کے سرکلر کے مطابق پی ایس او/پی ایس پی سے مراد وہ مجاز ادارہ ہے جو کمپنیز آرڈیننس 1984ء کے تحت رجسٹرڈ ہے اور نظام ادائیگی سے متعلق خدمات انجام دینے اور/یا فراہم کرنے میں مصروف ہے، مثلاً برقی ادائیگی کا گیٹ وے، پیمنٹ اسکیم، کلیئرنگ ہاؤس، اے ٹی ایم سوئچ، پی او ایس گیٹ وے، ای-کامرس گیٹ وے وغیرہ۔ ادائیگی کے لین دین کی کثیر طرفی راؤٹنگ، سوئچنگ، اور پراسیسنگ کے لیے پی ایس او/پی ایس پی وساطتی ادارے کے طور پر کام کرتے ہیں۔

[24] انٹر آپریبلٹی ہر بار استعمال پر ایک فیس وصول کرتی ہے جس سے ای-کامرس کے چھوٹے اداروں کے آپریشنل اخراجات پر خاص طور پر اثر پڑتا ہے۔

ضوابطی اور انفرا سٹرکچرل ترقی اور عالمی فریقوں کی آمد کے پیشِ نظر مستقبل روشن ہے

حکومت ملک میں ای-کامرس پالیسی فریم ورک کے مسودے کی تیاری میں مصروف ہے، جبکہ ٹریڈ ڈسپیوٹ ریزولوشن (ٹی ڈی آر) ایکٹ 17-2016ء کا مسودہ متعلقہ فریقوں کے مشورے سے تیار کیا جاچکا ہے۔ ان ضوابطی اقدامات کا خاص طور پر مقصد یہ ہے کہ ادائیگی کے قابلِ اعتماد اور آسان طریقے وضع کیے جائیں، وفاقی اور صوبائی سطحوں پر تحفظِ صارفین کے ادارے قائم کیے جائیں، اور تجارتی تنازعات کے حل کی غرض سے بہترین بین الاقوامی روایات کی پیروی میں مخصوص پلیٹ فارم کا آغاز کیا جائے۔ اسٹیٹ بینک نے بھی کمرشل بینکوں کو اختیار دیا ہے کہ وہ کریڈٹ اور ڈیبٹ کارڈ سے متعلق انٹرنیٹ پر لین دین کے دوران "تھری ڈی" سیکورٹی کو یقینی بنائیں جس کا طریقہ یہ ہے کہ صارف کے بینک اکاؤنٹ سے رقم نکالنے سے قبل دہری تصدیق (بذریعہ ایس ایم ایس / ای میل) درکار ہوتی ہے اور اس کے بعد ہی لین دین کا عمل مکمل ہوتا ہے۔[25]

آن لائن مارکیٹ پلیس اور ای-ریٹیلرز کو ثالث کے پاس امانتی تحویل (escrow) کی ایک جامع سہولت اپنے طور پر متعارف کرانی چاہیے تاکہ پیشگی ادائیگی کی رقم محفوظ رہے اور جب مطلوبہ شے صارف کو مل جائے اور وہ مطمئن ہو تب رقم فروخت کار کو پہنچائی جائے۔ پاکستان میں ڈجیٹل ذرائع پر صارفین کا اعتماد بڑھانے کی خاطر آن لائن پلیٹ فارمز ایک اور طریقے سے مسابقت کررہے ہیں جو *click-and-mortar* اسٹرکچر کہلاتا ہے۔ ان اداروں نے یہ بات پیشِ نظر رکھی ہے کہ صارفین کی اکثریت بعض مصنوعات (جیسے ملبوسات اور برقی اشیا) خریدتے وقت روایتی طریقے پسند کرتی ہے اور خود کو زیادہ محفوظ سمجھتی ہے چنانچہ یہ ادارے خرید و فروخت کے برقی طریقوں کے ساتھ ساتھ اصالتاً موجودگی (physical presence) کا بھی نظام تیار کرنے میں مصروف ہیں۔[26]

پاکستان میں ای-کامرس کے منظرنامے کو تیزی سے ارتقا ملنے کی توقع ہے کیونکہ چین کا ڈجیٹل کاروبار کا بڑا ادارہ علی بابا (Daraz.pk کے حصول کے ذریعے) اور Ant Financial (ٹیلی نار مائیکرو فنانس بینک میں 45 فیصد اسٹیک کی سرمایہ کاری کے ذریعے) یہاں آچکے ہیں۔ چین میں اپنی ٹیکنالوجیکل مصنوعات اور خدمات کی کامیابی کے بعد یہ ادارے پاکستان میں بھی ڈجیٹل منظرنامے میں اسی نوعیت کی چیزیں اور طریقے متعارف کرائیں گے۔ مثال کے طور پر خرید و فروخت کے ادارے صارفین کو اپنی اشیا اور مصنوعات کی طرف راغب کرنے کے لیے personalization اور customization پر زیادہ توجہ دے سکتے ہیں۔ کسی مارکیٹ پلیس پر خریدار کی براؤزنگ اور سابقہ خریداری کی تفصیلات کی مدد سے یہ ادارے اپنی مارکیٹنگ اور فروخت کو بہتر بنا سکتے ہیں۔ دوسرے، آئی ٹی سسٹم میں ترقی کے نتیجے میں یہ پلیٹ فارم اب سپلائرز کو انونٹری اور سیلز مینجمنٹ سسٹم کی تفصیلات مہیا کرنے کے قابل ہوں گے۔ اس طرح ویئرہاؤسنگ کے اخراجات کم ہوں گے جبکہ آرڈر پر عمل درآمد طلب اور رسد کے بروقت متعامل (interactive) ڈیٹا انٹرفیس کے ذریعے تیزی سے ہو سکے گا۔


جہاں تک ادائیگی کے مختلف طریقوں کا معاملہ ہے تو منڈی کے فریق ادارے موبائل فون پر ای-کامرس پلیٹ فارم کے تیزی سے بڑھتے ہوئے استعمال (جسے عموماً ایم-کامرس کا نام دیا جاتا ہے) کا فائدہ اٹھا سکتے ہیں اور لین دین کے تصفیے کے اچھوتے طریقے اختیار کرسکتے ہیں۔ اس سے اگلا مرحلہ صارف کی سابقہ خریداری کی تفصیلات

[25] تاہم اس طریقے کی اثر انگیزی گھٹ گئی ہے کیونکہ کئی بینک آن لائن لین دین کے لیے ڈیبٹ کارڈ کے استعمال کی اجازت نہیں دیتے۔ چنانچہ صارف کو بینک کی ہیلپ لائن سے رابطہ کرنا ہوتا ہے جو ڈیبٹ کارڈ کو ای-کامرس کے لیے مقررہ وقت تک کے لیے فعال کردیتی ہے، یا پھر ڈیبٹ کارڈ آن لائن لین دین کے لیے استعمال ہی نہیں ہو سکتا۔ اس سلسلے میں کمرشل بینکوں کو چاہیے کہ ڈیبٹ کارڈ جاری کرتے وقت اپنے صارف کو ای-کامرس کے استعمال کا حق چننے کا موقع دے دیں، اس کے ساتھ ساتھ انہیں مناسب سیکورٹی بندوبست اور لین دین کی نگرانی کے سسٹمز کا پروٹوکول (ٹی ایم ایس) فراہم کریں جو کریڈٹ کارڈ کے معاملے میں پہلے ہی موجود ہے۔

[26] مثال کے طور پر پاکستان میں نسبتاً پرانی آن لائن مارکیٹ پلیس Homeshopping.pk اور Shophive.com نے بڑے شہری علاقوں میں اپنے اسٹور کھول لیے ہیں تاکہ ان کے گاہک برقرار رہیں، مارکیٹنگ بہتر ہو اور مصنوعات کی واپسی بھی ممکن ہو۔ دوسری مارکیٹ پلیس بھی اس کی پیروی میں ہیں۔ پاکستان کے مختلف شہری اور دیہی علاقوں میں Daraz.pk کا آؤٹ لیٹ کھولنے کا ارادہ ہے۔

استعمال کرنے کا ہے جس سے کریڈٹ اسکورنگ کا طریقہ کار وضع کیا جائے گا تاکہ لین دین پر، اور اس کے بعد بچت کی رقم پر، چھوٹے قرضے پیش کیے جائیں۔[27،28] فروخت کار بھی مستقبل قریب میں امید رکھ سکتے ہیں کہ انہیں چھوٹے پیمانے کے قرضے کی سہولت ملے گی تاکہ وہ اپنی جاری ضروریات پوری کر سکیں۔ Ant Financial اور JD.com جو چین میں دوسری سب سے بڑی آن لائن مارکیٹ پلیس ہے، تاجروں کو قرضے دیتی ہیں جن میں سے بیشتر تاجر مائیکرو، چھوٹے اور درمیانے کاروبار کے زمرے میں آتے ہیں۔

شکل 7.9: مالی ادارے سے قرض لینے والے افراد (25 سال سے زائد عمر)، 2017ء





Data source: Global Findex Database

### 7.4 فِن ٹیک: اختراعات ای-کامرس سے ماورا ہیں

فِن ٹیک فنانشل ٹیکنالوجی کا اختصار ہے، اس کا مفہوم ٹیکنالوجی کی بنیاد پر مالی خدمات میں جدت طرازی لانا ہے۔ مرکزی مالی شعبے کی طرف سے پیش کی جانے والی خدمات کا دائرہ ایک حد تک ہے اور یہ خدمات ہر ایک کے لیے قابلِ رسائی بھی نہیں ہیں، لہٰذا اس کمی کو پورا کرنا ہی اس جدت طرازی کا خاص مقصد ہے۔ فِن ٹیک فرمیں عالمی مالی بحران کے بعد سامنے آئیں، ابتدا میں انہیں کمرشل بینکوں جیسے مستحکم اداروں کے لیے ایک خطرہ سمجھا گیا، تاہم اب مرکزی دھارے کے مالی ادارے بعض صورتوں میں فِن ٹیک فرموں کے ساتھ شراکت بنانے کے لیے زیادہ سے زیادہ آمادہ معلوم ہوتے ہیں تاکہ عملی کارگزاری کی استعداد بڑھائی جائے اور صارفین کی طلب کے مطابق زیادہ جدت طراز خدمات فراہم کی جائیں۔ مزید برآں، خود فِن ٹیک کا تصوّر بتدریج ارتقا پا رہا ہے اور اس کا دائرہ کار بڑھ رہا ہے، پہلے یہ مالی اداروں میں معاون فنکشن کی خودکاریت تھی لیکن اب اسے ایسا پلیٹ فارم قرار دیا جاتا ہے جو انفرادی اور کاروباری مالی معاملات کا آغاز سے انجام تک حل پیش کرنے کی اہلیت رکھتا ہے۔ مثال کے طور پر اگر چھوٹے کاروباری ادارے یا نووارد کاروباری اداروں کو قرضے کی ضرورت ہے تو روایتی بینک قرضہ منظور کرنے سے پہلے اکثر رہن طلب کرتے ہیں۔ دوسری طرف فِن ٹیک کی مدد سے لوگوں کی بڑی تعداد سے عطیات لے کر سرمایہ اکٹھا کیا جا سکتا ہے۔ یہ رقم معمولی اخراجات سے اور بہت تیزی سے جمع ہو سکتی ہے اور اس میں رہن کی بھی ضرورت نہیں ہوتی۔[29]

شکل 7.10: فِن ٹیک کمپنیوں کی درجہ بندی




Data source: State Bank of Pakistan

[27] فی الحال ضوابط اس کی اجازت نہیں دیتے کہ غیر بینک ادارے (بشمول ای-کامرس کے تاجران اور مارکیٹ پلیس) امانتیں وصول کریں، تاہم اسٹیٹ بینک ایک فریم ورک کی تیاری میں مصروف ہے جو اس بارے میں خاصی لچک فراہم کرے گا۔

[28] فِن ٹیک کا ایک ملکی ادارہ 'فِن جا' ادائیگی کی سہولت کیو آر (Quick Response) کوڈ کے ذریعے پیش کر رہا ہے اور اپنے سم سم پلیٹ فارم سے "بہت چھوٹے" (500 سے 1500 روپے) قرضے دینا شروع کرنے کا منصوبہ رکھتا ہے جس کے بعد بڑے قرضے دینے کا جائزہ لیا جائے گا۔

[29] Crowdfunding کا مفہوم یہ ہے کہ کسی نئے منصوبے کے لیے لوگوں کی بڑی تعداد سے چھوٹی چھوٹی رقوم اکٹھی کی جائیں۔ یہ طریقہ استعمال کرنے والی مقبول عام ویب سائٹس Kickstarter، Crowdfunder اور Fundly ہیں۔

فِن ٹیک خدمات کے حوالے سے پاکستان ایک مثالی ملک ہے، عالمی بینک کے گلوبل Findex ڈیٹا بیس کے مطابق یہاں آبادی کا بھاری حصہ تقریباً 10 کروڑ افراد بینک سہولتوں سے دور ہیں۔ مالی شمولیت کی پست سطح پالیسی سازوں کے لیے ایک چیلنج ہے کیونکہ وہ ان حالات میں سماجی بہبود کی موزوں اسکیمیں تیار اور نافذ نہیں کر سکتے۔ مثال کے طور پر مخصوص افراد یا طبقوں کو امدادی رقوم کی فراہمی اُس صورت میں انتہائی دشوار کام ہے جب بیشتر لوگوں کی رسائی لین دین کے بنیادی کھاتے تک نہ ہو۔ اس طرح باضابطہ ذرائع سے قرضہ حاصل کرنے کی لوگوں کی اہلیت بھی خاصی کم رہ جاتی ہے (**شکل 7.9**)۔ فِن ٹیک فرمیں اس کمی کو دور کر سکتی ہیں۔

بنیادی بینکاری سہولتیں فراہم کرنے میں حال میں برانچ لیس بینکاری نے اہم کردار ادا کیا ہے اور جون م س 18ء کے اختتام پر فعال اکاؤنٹس کی تعداد 21.7 ملین تک پہنچ گئی ہے (**جدول 7.1**)۔ اس سلسلے میں فِن ٹیک فرمیں اپنے کلائنٹس کو مدد دے رہی ہیں کہ وہ کلاؤڈ اور big data analytics وغیرہ پر مبنی طریقے تیار کریں تاکہ بینک اپنے صارفین کو انفرادی توجہ کے ساتھ خدمات مہیا کر سکیں اور انہیں مارکیٹ میں اپنا حصہ بڑھانے کے قابل کر سکیں۔ یہ بات دلچسپ ہے کہ فِن ٹیک کے اثرات جن پانچ بڑے زمروں پر پڑ رہے ہیں، برانچ لیس بینکاری اور متعلقہ آؤٹ سورسنگ خدمات ان میں سے صرف دو زمرے ہیں، دیگر تین زمرے (الف) infomediation، (ب) ڈجیٹل ادائیگیاں، اور (ج) ڈجیٹل قرض گاری ہیں (**شکل 7.10**)۔

(الف) خریدو فروخت کے لیے معاون سائبرعمل (infomediation)

خریدوفروخت کے لیے معاون سائبر سہولت کار (infomediaries) اپنے کلائنٹس کو ممکنہ صارفین، حریف اداروں، اور منڈی کی حرکیات سے متعلق معاملہ فہمی عطا کرتی ہے۔ ایسی فرموں کو تین بڑے زمروں میں تقسیم کیا جاسکتا ہے، یعنی کریڈٹ اسکورنگ، مشاورت، اور شراکت سازی (matchmaking)۔[30] کریڈٹ اسکورنگ سے متعلق فِن ٹیک فرموں کے لیے پاکستان جیسے ملکوں میں پھلنے پھولنے کے بڑے مواقع ہیں جہاں بینک سہولتوں سے دور آبادی کی کریڈٹ ہسٹری نہ ہونے کی بنا پر روایتی طریقوں سے کریڈٹ اسکورنگ مشکل ہوتی ہے۔ وہ کریڈٹ اسکور جاننے کے لیے مختلف اقسام کی ٹیکنالوجی استعمال کر سکتی ہیں جن میں thin-file صارفین کے ڈجیٹل ڈیٹا پر predictive modeling کے استعمال سے لے کر موبائل فون کالز اور ٹیکسٹ پیغامات کا تجزیہ تک شامل ہے۔

**جدول 7.1: برانچ لیس بینکاری کے کلیدی اظہاریے**

| | م س12ء | م س13ء | م س14ء | م س15ء | م س16ء | م س17ء | م س18ء* | مرکب سالانہ شرح نمو (فیصد)** |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ایجنٹوں کی تعداد (آخر جون) | 29,525 | 93,862 | 168,615 | 251,865 | 346,716 | 402,710 | 405,531 | 54.8 |
| برانچ لیس بینکاری کے فعال ایجنٹوں کی تعداد (آخر جون) | - | - | 140,747 | 193,816 | 236,874 | 185,297 | 159,983 | - |
| کھاتوں کی تعداد (آخر جون، ہزار میں) | 1,447.4 | 2,642.9 | 4,238.2 | 10,881.4 | 14,576.4 | 27,313.0 | 39,235.9 | 73.3 |
| فعال کھاتوں کی تعداد (آخر جون، ہزار میں) | - | - | - | - | 6,693.6 | 13,158.3 | 21,737.7 | - |
| امانتیں (آخر جون، ملین روپے) | 753 | 2,391 | 6,219 | 8,553 | 13,734 | 15,423 | 15,335 | 65.3 |
| دورانِ سال لین دین کی تعداد (ہزار میں) | 90,167 | 153,102 | 245,715 | 310,667 | 437,197 | 551,544 | 748,605 | 42.3 |
| دورانِ سال لین دین کی مالیت (ارب روپے) | 338.5 | 635.9 | 1,062.9 | 1,608.1 | 2,065.2 | 2,427.8 | 3,181.0 | 45.3 |

* عبوری ** مالی سال 18-12ء

ماخذ: برانچ لیس بینکاری نیوز لیٹر، بینک دولت پاکستان

دریں اثنا، مشاورتی خدمات پیش کرنے والی فِن ٹیک فرمیں دراصل اپنے صارفین کی اُن کے بزنس پراسیسز بہتر بنانے میں معاونت کرتی ہیں جس کے لیے وہ ٹیکنالوجی استعمال کرتے ہوئے اپنے صارفین سے باخبر فیصلے کراتی ہیں۔ مثال کے طور پر ایک ملکی فِن ٹیک فرم پورے قدری سلسلے کو اسٹریم لائن کر کے زرعی شعبے میں جگہ بنانے

[30] پاکستان میں پہلے سے موجود fintech infomediary کی ہر کلاس سے ایک مثال دینے کے لیے CreditFix (کریڈٹ اسکورنگ)، Ricult (مشاورتی خدمات)، اور KarloCompare (شراکت سازی) کو زیرِ غور لائیں۔ تاہم ان تخصیصی شعبوں میں یہ ملکی فِن ٹیک کی کوئی جامع فہرست نہیں ہے۔

کے لیے کوشاں ہے۔ ایم آئی ٹی میں قائم یہ پاکستانی فرم عمدہ فصل پیدا کرنے میں مدد دینے کے لیے کاشت کاروں کو معلومات فراہم کرتی ہے، مسابقتی نرخوں پر معیاری زرعی خام مال (کھاد، کیڑے مار دوائیں وغیرہ) تک رسائی آسان بناتی ہے، ان کی پیداوار ہر ممکن بہتر نرخوں پر فروخت کرنے میں مدد دیتی ہے، اور قرضوں تک رسائی حاصل کرنے میں معاونت کرتی ہے، وغیرہ۔

Infomediaries کا تیسرا زمرہ شراکت سازی کی خدمات فراہم کرتا ہے جس میں کاروباری اداروں اور افراد کو متعلقہ مالی مصنوعات کی تلاش میں مدد دی جاتی ہے۔ مثال کے طور پر ان کی مدد سے صارفین مختلف کریڈٹ کارڈ، گاڑی کے لیے قرضے، بیمہ مصنوعات وغیرہ کی خصوصیات کا بآسانی موازنہ گھر بیٹھے یا راہ چلتے اپنے ڈجیٹل آلات پر کرسکتے ہیں، چنانچہ مارکیٹ میں دستیاب اور موزوں ترین آپشن کی تلاش میں وقت اور محنت دونوں کی بچت ہوتی ہے۔

(ب) ڈجیٹل ادائیگی کے طریقے

آن لائن لین دین کرتے وقت ادائیگی کے لیے صارفین کے پاس ماضیِ قریب تک چند گنے چنے طریقے تھے۔ ای-پیمنٹ گیٹ وے کے ذریعے آن لائن ادائیگی کے طریقے قبولیت کے اعتبار سے محدود تھے۔ مثال کے طور پر بعض آن لائن خردہ فروش اور مارکیٹ پلیس اُن ادائیگیوں کو قبول نہیں کرتی تھی جو برانچ لیس بینکاری ذرائع سے کی جاتی تھیں، اور آپشن صرف پلاسٹک کارڈ تک محدود تھے۔ دیگر ادارے برانچ لیس بینکاری ایجنٹوں سے آنے والی ادائیگی قبول کرلیتے تھے تاہم بذریعہ موبائل والٹ آنے والی ادائیگی قبول نہیں کرتے تھے کیونکہ برانچ لیس خدمات فراہم کرنے والے اداروں کی interoperability موجود نہیں تھی۔

**جدول 7.2: ای-گورنمنٹ پر کارکردگی کا تقابل**

**درجہ / اشاریہ***

| | پاکستان | | بنگلہ دیش | | بھارت | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | 2014ء | 2016ء | 2014ء | 2016ء | 2014ء | 2016ء |
| **ای-گورنمنٹ میں درجہ** | 158 | 159 | 148 | 124 | 118 | 107 |
| **ای-گورنمنٹ میں پیش رفت** | 0.258 | 0.258 | 0.276 | 0.38 | 0.383 | 0.464 |
| i. آن لائن خدمات | 0.323 | 0.326 | 0.346 | 0.623 | 0.543 | 0.746 |
| ii. انسانی وسائل | 0.334 | 0.319 | 0.387 | 0.397 | 0.47 | 0.502 |
| iii. ٹیلی مواصلات کا انفراسٹرکچر | 0.117 | 0.13 | 0.094 | 0.119 | 0.137 | 0.143 |

* 193 ملکوں میں سے درجہ۔ سب سے اوپر درجہ = 1، درجے کی عددی قدر میں کمی کا مطلب بہتری ہے (اشاریے کا معاملہ میں اس کا الٹ ہے)۔ اشاریے کی قدر صفر سے 1 تک ہے۔

ماخذ: اقوام متحدہ کا ای-گورنمنٹ پر پیش رفت کا ڈیٹا بیس

اس کمی کو دور کرنے کے لیے پیمنٹ سروس آپریٹرز اور پیمنٹ سروس پرووائڈرز کی بڑی تعداد، اور ان کے ساتھ بینک / مائیکرو فنانس بینک بھی ادائیگی کے میدان میں داخل ہو رہے ہیں۔ مثال کے طور پر ٹیلی نار کا 'ایزی پیسہ' اپنا پیمنٹ گیٹ وے 'ایزی پے' کے نام سے رکھتا ہے۔ یہ صارفین کو سہولت دیتا ہے کہ وہ کوئی بھی ڈیبٹ / کریڈٹ کارڈ استعمال کرتے ہوئے، اپنے 'ایزی پیسہ' اکاؤنٹ سے، یا 'ایزی پیسہ' ایجنٹ کے ذریعے رقم کا آن لائن لین دین کرسکتے ہیں۔ ایک اور سہولت 'فون پے' ہے جس کی خدمات مزید وسیع ہیں کیونکہ یہ دو موبائل والٹ اکاؤنٹس کے مابین (مثال کے طور پر 'ایزی پیسہ' اور 'جاز کیش') ادائیگی کرا سکتی ہے، اسی طرح دکانداری کے مقامات پر 'ماسٹر پاس QR' کے ذریعے بھی رقم ادا کی جاسکتی ہے۔ منقولی شواہد سے پتہ چلتا ہے کہ برقی ادائیگی کے گیٹ ویز کے ذریعے جتنا بھی لین دین کیا جارہا ہے اس کا اندازاً 30 سے 40 فیصد لین دین موبائل والٹ طریقے سے کیا جارہا ہے (جبکہ 60 سے 70 فیصد تناسب ڈیبٹ اور کریڈٹ کارڈ کا ہے)۔

مزید برآں، پری پیڈ چینلز پر بھروسہ اور ان کا استعمال بڑھ رہا ہے، جس کا ثبوت اس حقیقت سے ملتا ہے کہ ای-کامرس کی مجموعی مالیت کا تقریباً 40 فیصد ان سودوں پر مشتمل ہے (جبکہ ان کا حجم 10 سے 20 فیصد ہے) اور یہ کہ مصنوعات کی قیمت بڑھنے کی صورت میں ادائیگی کے پری پیڈ طرز کا استعمال بڑھ جاتا ہے۔ مستقبل کے لیے اسٹیٹ بینک ادائیگی کا ملکی انفراسٹرکچر تیار کرنے کے لیے کام کر رہا ہے جو صارفین، خصوصاً خردہ سطح کے صارفین کو برقی / ڈجیٹل ادائیگیوں کی سہولت دے گا۔

(ج) ڈجیٹل قرض گاری

اپنے ابتدائی برسوں کے دوران ڈجیٹل قرض گاری کا بیشتر تعلق بیک آفس کے پراسیس کی ڈجٹائزیشن سے تھا جو مالی اداروں میں دستی طریقے سے انجام دیے جاتے تھے۔ مشینی لرننگ اور Internet of Things کی مقبولیت سے ڈجیٹل قرض گاری کا مفہوم اب یہ ہے کہ قرضے کے اجرا کا عمل پوری طرح ڈجیٹل ہو جائے، جس میں قرضے کی درخواست قبول یا مسترد کرنے کا فیصلہ کرنے کی اہلیت بھی شامل ہے۔[31]

ڈجیٹل قرض گاری کا ایک اور شعبہ 'فرد سے فرد کو (پی 2 پی) قرض گاری' بھی ہے، اس معاملے میں پاکستان میں اب تک کوئی بڑا نام سامنے نہیں آیا ہے۔ پی 2 پی قرض گاری میں افراد رقم ایک دوسرے کو بطور قرض دے اور لے سکتے ہیں اور کوئی مالی وساطتی ادارہ اس عمل میں شامل نہیں ہوتا، اور دونوں افراد منفی یا مثبت نتائج میں شریک ہوتے ہیں۔ کراؤڈ فنڈنگ کے برعکس، جو کسی جدت طراز بزنس آئیڈیا کے لیے رقم جمع کرنے سے زیادہ متعلق ہے، پی 2 پی قرض گاری اس جگہ زیادہ کام آتی ہے جہاں صارف کی مخصوص ضروریات پوری کرنی ہوں، جیسے تعلیمی اخراجات، تفریحی یا طبّی اخراجات وغیرہ۔ اس طریقے میں قرض گیر کو یہ فائدہ ہے کہ وہ ضمانت کے بغیر قرضہ حاصل کر سکتا ہے، اور اس کے ساتھ ساتھ سرمایہ کاروں کو زیادہ منافع ملنے کی توقع ہوتی ہے جو کسی بینک میں رقم جمع کرنے پر ملنے والے منافع سے زیادہ ہوتی ہے۔

### 7.5 ای-گورنمنٹ

ای-گورنمنٹ عوامی خدمات کی فراہمی بہتر بنانے کی غرض سے آئی سی ٹی کی استعداد کو استعمال میں لاتی ہے۔[32] ای-گورنمنٹ کی فراہمی کے چار اہم طریقے ہیں، جن کے نام یہ ہیں: (i) حکومت سے شہریوں کو، جس میں شہریوں سے متعلق خدمات (جیسے سرٹیفکیٹس، پاسپورٹ وغیرہ) کو ڈجیٹل شکل دی جاتی ہے، (ii) حکومت سے بزنس کو، جس میں بزنس سے مخصوص لین دین (جیسے پروکیورمنٹ) کی ضروریات کو پورا کیا جاتا ہے، (iii) حکومت سے ملازم کو، جو سرکاری ملازم کو رہنما ہدایات، فوائد، تربیت وغیرہ سے متعلق دوطرفہ رابطے پر مشتمل ہوتا ہے، اور (iv) حکومت سے حکومت کو، جس میں ملکی، صوبائی اور مقامی حکومتوں میں اور اُن کے مابین ڈیٹا کا تبادلہ اور برقی لین دین روبہ عمل آتا ہے۔

ملک کی ای-گورنمنٹ کی مستعدی اور مجموعی ترقی کے لحاظ سے پاکستان کو اپنے علاقائی ہمسر ملکوں کے ساتھ قدم ملا کر چلنا ہوگا۔ اقوامِ متحدہ کے ای-گورنمنٹ سروے کے مطابق 2014ء سے 2016ء کے درمیان پاکستان کی ای-گورنمنٹ کی درجہ بندی میں ایک درجہ کمی آئی (**جدول 7.2**)۔ تفصیلات میں دیکھنے سے پتہ چلتا ہے کہ بھارت اور بنگلہ دیش نے ای-گورنمنٹ کی درجہ بندی میں اپنا مقام بہتر بنانے کے لیے (i) اپنی آن لائن سروسز کا دائرہ کار اور معیار بہتر بنایا، اور (ii) انسانی استعداد میں اضافہ کیا۔ پاکستان کو بھی ان شعبوں پر مزید کام کرنے کی ضرورت ہے۔

بہر حال، صوبائی سطح پر پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ نے گذشتہ چھ سال میں آئی سی ٹی سے متعلق 270 سے زائد منصوبے مکمل کیے ہیں۔ اس کے ای-گورنمنٹ اقدامات کی چند مثالیں یہ ہیں:

- اراضی کا ریکارڈ: پنجاب کا اراضی کے محاصل کا نظام مکمل کمپیوٹرائزڈ کیا گیا، 54 ملین سے زائد دیہی مالکان اراضی کا ریکارڈ ڈجیٹائزڈ کیا گیا۔
- پولیس: پنجاب کے تمام 713 تھانوں کی مکمل کمپیوٹرائزیشن کی گئی۔

---


[31] Internet of Things سے مراد انٹرنیٹ اور ڈجیٹل آلات کا ایسا استعمال ہے جو مشینوں، برقی آلات، عمارات، گاڑیوں اور دیگر اشیا کے ساتھ باہم مربوط (interconnect) ہونے کے لیے کیا جائے تاکہ ایک مشین سے دوسری مشین کی مواصلات کے لیے انٹرنیٹ ورکنگ قائم ہو جائے۔ تشریح کا ماخذ: پی ٹی اے کی سالانہ رپورٹ 2017ء۔

[32] e-government اور e-governance کے مابین فرق بہت باریک سا ہے۔ یونیسکو کی ایک مطبوعہ کے مطابق e-government سے مراد کارگر اور مؤثر حکومت کے لیے آئی سی ٹی کے استعمال کو فروغ دینا ہے، اور اسے شہریوں کی زیادہ دسترس میں دینا اور شہریوں کے سامنے اسے جواب دہ بنانا ہے۔ اس کے برعکس گورننس سیاست، پالیسیوں، اور پروگراموں کا ایک سماجی مرکّب ہے، جبکہ e-governance سے مراد نظم ونسق کے نظام پر آئی سی ٹی کا اس طرح اطلاق کرنا ہے کہ فیصلہ سازی کے عمل میں شہریوں، اداروں، این جی اوز اور نجی فرموں کی وسیع اور گہری شرکت یقینی بنائی جا سکے۔ ماخذ: E-government Toolkit for Developing Countries، یونیسکو، 2005ء۔

- ای-اسٹامپنگ: بلند قیمت والے عدالتی اور غیر عدالتی اسٹامپ پیپرز کی جگہ ای-اسٹامپ متعارف کرائے گئے جس کا مقصد رقوم کے ہیر پھیر پر قابو پانا تھا (**باکس 7.3**)۔ ای-اسٹامپنگ سے 18-2017ء میں 48.9 ارب روپے کے محاصل اکٹھا کیے گئے جبکہ اس سے ایک سال پہلے یہ رقم 32.2 ارب روپے تھی۔
- تعلیم: سستے کمپیوٹر ٹیبلٹ استعمال کر کے اسکولوں کی نگرانی کا نظام بنایا گیا تا کہ گھوسٹ اسکولوں، اساتذہ کی غیر حاضری، طلبہ کے جعلی داخلوں پر قابو پایا جائے اور تعلیمی نتائج کا مجموعی معیار بہتر بنایا جائے۔
- صحت: ای-ویکس پروگرام کا آغاز، جو اسمارٹ فون سے چلنے والی ایک ایپ ویکسی نیٹرز کی ٹریکنگ کے لیے استعمال کرتا ہے۔ اس پروگرام کے نتیجے میں ویکسی نیٹرز کی طرف سے جغرافیائی کوریج 22 فیصد سے بڑھ کر گذشتہ تین سال میں 92 فیصد ہو گئی۔ اسی طرح 2012ء میں ڈینگی ٹریکنگ سسٹم متعارف کرایا گیا جس سے 36 اضلاع میں لاروا بننے کی روک تھام، ڈینگی کا پتہ لگانے اور صحت وصفائی کی سرگرمیوں کے بارے میں بروقت معلومات کا تبادلہ ممکن ہوا، اس پیش رفت سے ڈینگی کے انسداد کی نگراں سرگرمیوں میں مدد ملی جن کی تعداد اب 21 ملین سے زائد ہو چکی ہے۔

**باکس 7.3: ای-اسٹامپنگ کے اثرات اور صارفین کا ردِ عمل**

حکومت پنجاب نے پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ اور بینک آف پنجاب کی شراکت سے پاکستان میں پہلی بار 2016ء میں ای-اسٹامپنگ سسٹم متعارف کرایا۔[33] اس اقدام کا بنیادی مقصد یہ تھا کہ عوام کو اسٹامپ پیپر تک فوری اور بلا دشواری رسائی دی جائے اور دھوکہ دہی سے انہیں بچایا جائے۔ پرانے یعنی دستی نظام میں عدالتی اور غیر عدالتی اسٹام پیپرز کے حصول میں دو سے تین دن لگنا معمول تھا، ای-اسٹامپنگ سے یہ عرصہ چند گھنٹے رہ گیا ہے جس میں صرف دو سادہ سے مراحل درکار ہوتے ہیں۔[34] دھوکہ دہی سے بچانے کے لیے سسٹم ای-اسٹامپ کی آن لائن تصدیق کرتا ہے اور اسٹامپ پیپر کا دوبارہ استعمال روکتا ہے۔ املاک کی خرید و فروخت کے لیے اسٹامپ ڈیوٹی جاننے کے لیے ڈی سی ویلیو ایشن ٹیبل ہیں جو املاک کی نوعیت یعنی رہائشی یا تجارتی، محلِ وقوع، رقبہ کی معلومات کی بنیاد پر مالیت بتاتے ہیں۔ یہ خصوصیت ٹیکس چوری روکنے میں مدد دیتی ہے کیونکہ ٹیکس چوری کی نیت سے املاک کی مالیت اصل سے کم ظاہر کی جاتی ہے جو دستی طریقے میں عام تھا۔ نیا نظام متعارف ہونے کے بعد ان خصوصیات کی بنا پر اسٹامپ ڈیوٹی کی وصولی میں نمایاں اضافہ ہو گیا ہے (**شکل 7.3.1**)۔




اسٹیٹ بینک نے ای-اسٹامپنگ پر صارفین کا اطمینان جاننے کی غرض سے جو سروے کیا اس سے پتہ چلا کہ 85 فیصد سے زائد جواب دہندگان اس سہولت سے "مکمل مطمئن" یا "تھوڑے مطمئن" تھے (**شکل 7.3.2**)۔ اس کے علاوہ سروے سے چند مسائل بھی سامنے آئے جنہیں آئندہ دور کیا جا سکتا ہے، مثلاً ای-اسٹامپنگ کے بارے میں لوگوں کی معلومات کم ہے، سہولت تک رسائی محدود ہے، بینک آف پنجاب کی صرف چند برانچیں یہ سہولت دیتی ہیں، اور آن لائن ادائیگی کا طریقہ دستیاب نہ ہونا۔ سروے کے مطابق صارف کے لیے آن لائن فارم مزید آسان بنانے کی بھی گنجائش موجود ہے۔

[33] فی الحال یہ سہولت صرف عدالتی (21 روپے سے 15000 روپے تک) اور بلند مالیت کے غیر عدالتی اسٹامپ پیپرز (مالیت 1000 روپے سے زائد) کے لیے ہے۔ پنجاب کی آئی ٹی پالیسی 2018ء کے تحت کم مالیت کے پیپرز تک بھی یہ سہولت لائی جائے گی۔

[34] فرد پہلے آن لائن فارم 32-اے پُر کرتا ہے، اس کے بعد بینک آف پنجاب کی کسی مقررہ برانچ پر اسٹامپ ڈیوٹی ادا کر کے ای-اسٹامپ پیپر حاصل کر لیتا ہے۔

پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ کے لیے لائحہ عمل کا جائزہ لیا جائے تو پنجاب آئی ٹی پالیسی 2018ء کے ہدف 10 کا موضوع یہی ہے کہ ڈجٹائزیشن جیسے مقصد کے لیے حکومت کے عزم کا واشگاف اظہار نجی شعبے کو اعتماد دلا سکتا ہے۔ تاہم منقولی شواہد سے پتہ چلتا ہے کہ نجی شعبے کے بعض متعلقہ فریقوں کو ڈجیٹل شعبے پر، بشمول ای-گورنمنٹ طریقوں پر پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ کے زبردست اثرات کے حوالے سے تحفظات ہیں۔ ان فریقوں کے نزدیک بہتر ہو گا کہ پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ پہلے موجودہ نقائص (gaps) شناخت کرے، مطلوبہ حل کا خاکہ وضع کرے، اور پھر نجی شعبے کی تخصیصی آئی سی ٹی فرموں کو متعلقہ سافٹ ویئر اور ایپلی کیشنز تیار کرنے کی ذمہ داری سونپے۔ بصورت دیگر بورڈ نادانستگی میں نجی شعبے کو نقصان پہنچا (crowd out) سکتا ہے۔

جہاں تک دوسرے صوبوں کا تعلق ہے تو کے پی انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ کا قابلِ ذکر ای-گورنمنٹ اقدام 'ای-علاج' ہے جو ٹیلی ہیلتھ سہولت ہے اور جس کے تجرباتی مرحلے کا آغاز 2017ء میں مانسہرہ میں ہوا تھا۔ اس کے علاوہ خیبر پختونخوا کا ای-سٹیزن پورٹل، جو فی الحال تجرباتی مرحلے میں ہے، مردان میں شہریوں کو سہولت دیتا ہے کہ وہ ای-ڈومیسائل کے لیے آن لائن درخواست دے سکیں۔ اس کے علاوہ خیبر پختونخوا حکومت کا ای-ریکروٹمنٹ پورٹل بھی ای-گورنمنٹ کی ایک مثال ہے جو ملازمین کی آن لائن بھرتی کو ممکن بناتی ہے۔

اسی طرح سندھ نے عالمی بینک کی مالکاری سے چلنے والے سندھ ایگریکلچرل گروتھ پروجیکٹ کے تحت ایک زرعی پالیسی نافذ کی ہے۔ اس پالیسی کے تحت کیے گئے اقدامات میں سے ایک زرعی مشینری آلات (ہارویسٹر، ٹریکٹر ٹرالی، اور پلاسٹک باسکٹ وغیرہ) کے لیے (ایک فریم ورک معاہدے کے تحت) ایک ڈجیٹل مارکیٹ پلیس کا قیام ہے۔ کاشت کار حضرات اپنے موبائل فون سے آئی وی آر سسٹم استعمال کرتے ہوئے اپنے آرڈر کی پلیسنگ، ٹریکنگ اور اس کا جائزہ لے سکتے ہیں۔ اس سسٹم کے آغاز سے کاشت کاروں کو اپنے آرڈر جمع کرانے اور رقم ادا کرنے میں اب صرف 15 سے 30 دن لگتے ہیں جبکہ پہلے یہ مدت 4 سے 6 ماہ ہوا کرتی تھی۔

فی الحال پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ دیگر تین صوبائی حکومتوں کے ساتھ ان کے ای-گورنمنٹ پلیٹ فارمز کے قیام اور انہیں جدید تر بنانے میں تعاون کر رہا ہے خصوصاً پولیس اور صحت کے شعبوں میں۔ ایسا بین الصوبائی اشتراک اگرچہ موجودہ کمی کو پورا کرنے کے لحاظ سے خوش آئند ہے تاہم آگے چل کر ای-گورنمنٹ منصوبوں کا آغاز کرنے اور ان پر عملدرآمد کرنے کے لیے ہر صوبے کو اپنی استعداد خود پیدا کرنے کی ضرورت ہو گی۔ بعد ازاں، ای-گورنمنٹ کی بہتر خدمات دینے کے لیے صوبائی آئی ٹی بورڈز اور محکموں کے مابین کوئی بھی اشتراک، یا صحت مند مسابقت سب کے فائدے کی بات ہو گی۔

### 7.6 آنے والا دور کیسا ہو گا؟ چوتھا صنعتی انقلاب اور پاکستان کی استعداد

ترقی یافتہ ملکوں میں ٹیکنالوجی کی ترقی ایک تبدیلی کا سبب بن رہی ہے جسے چوتھا صنعتی انقلاب کہا جاتا ہے۔ اس کے جلو میں وہ جدید ترین ٹیکنالوجیز ہیں جن کا کچھ عرصہ پہلے تک محدود عملی استعمال تھا، لیکن آج تھوڑی ہی مدت گزرنے کے بعد وہ روزمرہ زندگی پر گہرا اثر ڈالنے لگی ہیں۔ ان میں سے چند ایک نام مصنوعی ذہانت، مشینی لرننگ، روبوٹکس، تھری ڈی پرنٹنگ، بلاک چین، the internet of things، اور نیوروٹیکنالوجی ہیں۔ اکیسویں صدی کے آغاز سے- کمپنیوں، صنعتوں اور ملکوں میں اور ان کے مابین - تمام ہی سسٹمز پر ٹیکنالوجی نے جس سرعت کے ساتھ، جتنی وسعت کے ساتھ اور جتنے گہرے اثرات ڈالے ہیں، اُس نے ایک نئے دور کو جنم دیا ہے جو تیسرے صنعتی انقلاب سے بالکل الگ چیز ہے۔[35]

اس چوتھے صنعتی انقلاب کی ایک اہم خصوصیت یہ ہے کہ خدمات اور صنعتی شعبے کے مابین روایتی سرحدیں معدوم ہوتی جا رہی ہیں۔ اشیا سازی کے افعال کو اِس طرح ری انجینئرڈ کیا جا رہا ہے کہ ٹیکنالوجی یا سافٹ ویئر اجزا کی مدد سے ہارڈ ویئر optimized ہو گیا ہے، جس سے حتمی مصنوعات میں نمایاں قدر کا اضافہ ہو گیا ہے۔ گاڑی سازی کی

[35] کمپیوٹرائزڈ جیٹل انقلاب کو تیسرا صنعتی انقلاب بھی کہا جاتا ہے، یہ 1960ء کی دہائی سے 1990ء کی دہائی تک رہا۔

صنعت اس کی ایک مثال ہے، جس میں صارف محض گاڑی کا مالک ہونا ہی نہیں چاہتا بلکہ اس کا مقصد ذاتی mobility بن چکا ہے، اور اس معاملے میں خود بخود ڈرائیونگ کی استعداد، کنکٹوٹی اور آٹومیشن جیسی خصوصیات اہمیت اختیار کر رہی ہیں۔ کار اور گاڑیاں بنانے والے ادارے بھی اس پر توجہ دے رہے ہیں کیونکہ ٹیکنالوجی میں اختراعات اور اس سے آراستہ خدمات پر ان کی آمدنی کا انحصار بڑھتا جارہا ہے۔

**جدول 7.3: 'ٹیکنالوجی اور اختراع' کے محرک کی درجہ بندی**

100 ملکوں میں سے

| | پاکستان | بنگلہ دیش | بھارت | فلپائن |
|---|---|---|---|---|
| محرّک 'ٹیکنالوجی اور اختراع' میں درجہ بندی | 88 | 86 | 34 | 59 |
| (1) ٹیکنالوجی کا پلیٹ فارم | 87 | 78 | 59 | 47 |
| بیرونی براہِ راست سرمایہ کاری اور ٹیکنالوجی کی منتقلی | 60 | 88 | 52 | 56 |
| سائبر سلامتی کے لیے عزم | 66 | 55 | 26 | 39 |
| موبائل فون صارفین کی تعداد | 97 | 94 | 88 | 72 |
| انٹرنیٹ صارفین | 98 | 97 | 86 | 65 |
| (2) اختراع کی اہلیت | 80 | 97 | 29 | 85 |
| جدید ٹیکنالوجی مصنوعات کا سرکاری سطح پر حصول | 26 | 69 | 7 | 68 |
| خلل انگیز تصورات کو قبول کرنے والی کمپنیاں | 39 | 83 | 12 | 35 |
| ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجی میں کمپنی کی سرمایہ کاری | 43 | 67 | 28 | 54 |
| کلسٹر کی ترقی کی صورتِ حال | 47 | 57 | 29 | 54 |
| حق ایجاد کا اطلاق | 86 | 87 | 54 | 68 |
| مخاطرہ سرمائے کے سودوں کا حجم / معیشت کا حجم | 90 | 99 | 27 | 59 |

ماخذ: پیداوار کے مستقبل کے لیے تیاری، عالمی اقتصادی فورم کی رپورٹ 2018ء

اگرچہ اس بات کے کافی ثبوت موجود ہیں کہ چوتھا صنعتی انقلاب ترقی یافتہ ملکوں میں بخوبی جاری ہے تاہم یہ کہنا قبل از وقت ہوگا کہ پاکستان میں بھی تبدیلی کا یہ عمل جاری ہے۔ ڈبلیو ای ایف کی Readiness for the Future of Production افتتاحی رپورٹ 2018ء میں پاکستان کے پروفائل سے اس کا اظہار ہوتا ہے، خاص طور پر 'ٹیکنالوجی اور اختراع' کے محرّک کے اعتبار سے (**جدول 7.3**)۔ پاکستان ٹیکنالوجی اور اختراع کے اعتبار سے بھارت اور فلپائن سے بہت پیچھے ہے، اور ان دو ممالک نے جنوبی اور جنوب مشرقی ایشیا میں آئی سی ٹی کے امکانات بہت کامیابی کے ساتھ استعمال کیے ہیں۔

البتہ 'بیرونی براہِ راست سرمایہ کاری اور ٹیکنالوجی کی منتقلی' اور 'سائبر سلامتی کا عزم' کے معاملے میں پاکستان کا درجہ دیگر ذیلی اظہاریوں کے مقابلے میں بہتر ہے۔ تاہم 'سیلولر خرید' (سبسکرپشن) اور 'انٹرنیٹ صارفین' کے معاملے میں پاکستان کا درجہ حیران کن ہے۔ یہ واضح ہے کہ پاکستان نے ان پہلوؤں سے اپنی سابقہ کارکردگی کے مقابلے میں کافی پیش رفت کی ہے، تاہم خطے کے دوسرے ممالک زیادہ تیزی سے آگے بڑھے ہیں۔

'اختراع کی اہلیت' کے اعتبار سے پاکستان کی مجموعی درجہ بندی ایک بار پھر غیر تسلی بخش ہے۔ پیچھے رہ جانے کی وجوہ نئے کاروباری اداروں کو رقوم کے حصول میں رکاوٹیں اور حقِ ایجاد محفوظ (patentability) نہ ہونا ہے جس کی عکاسی اُن ذیلی اظہاریوں میں ہوتی ہے جن کا تعلق 'مخاطرہ سرمایہ سودے کا حجم بلحاظ معیشت کا حجم' اور 'حقِ ایجاد کا محفوظ ہونا' سے ہے، جن میں پاکستان کا درجہ بالترتیب 90واں اور 86واں ہے۔ اس سے قطع نظر، 'ترقی یافتہ ٹیکنالوجی مصنوعات کا سرکاری حصول' کسی حد تک اطمینان بخش ہے۔ جب اس کے ساتھ ساتھ 'کلسٹر کی ترقی کی صورتِ حال' پر نظر ڈالی جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ سرکاری شعبہ اختراعات کو سہولت دینے کی شعوری کوشش کر رہا

ہے۔ مزید برآں، نجی شعبے کی سرگرمی کا اظہار 'خلل انگیز تصورات کو قبول کرنے کی کمپنیوں کی استعداد' اور 'اُبھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز میں سرمایہ کاری' جیسے ذیلی اظہاریوں سے ہوتا ہے۔

مستقبل میں یہ ضروری ہوگا کہ کثیر فریقی اشتراک کی موجودہ بنیاد پر پیش رفت کی جائے۔ پاکستان کو 'چوتھے صنعتی انقلاب' سے ہمکنار کرنے کے لیے ضروری ہے کہ یہ تمام عناصر اور فریق اپنی سرگرمیاں ہم آمیز کرلیں: نئے کاروباری اداروں کے بانیان، مخاطرہ سرمایہ کمپنیاں، انکیوبیشن سینٹرز، ضابطہ ساز ادارے، ٹیکس حکام، بڑی آئی سی ٹی فرمیں، انجمنیں، وزارتیں، دانشور، سوچ بچار کے مراکز (تھنک ٹینک)، اور بیرونِ ملک مقیم پاکستانی۔

### 7.7 مستقبل کا منظرنامہ اور پالیسی کی سمت

پاکستان کے آئی سی ٹی شعبے کے مستقبل کے حوالے سے متعلقہ ماہرین پُرامید ہیں۔[36] اس رجائیت کی بنیاد کئی عوامل ہیں، مثلاً ملک میں ڈجٹائزیشن کی بڑھتی ہوئی رفتار، مستحکم غیر ملکی فرموں کی پاکستان کے ای-کامرس شعبے میں آمد سے ملنے والی مہمیز، مالی شمولیت سے ملنے والے فوائد، اور صارفیت (consumerism) میں اضافہ۔ ابتدا میں یہ تبدیلیاں ملکی معیشت میں آئی ٹی اور آئی ٹی ای ایس کی طلب میں اضافہ کرسکتی ہیں جس سے مقامی آبادی کی ضروریات پوری کرنے والے طریقے اور ایپلی کیشنز پیش کرنے میں فرموں اور ڈیولپرز کی حوصلہ افزائی ہوگی۔ اس کے بعد، جب یہ فرمیں مستحکم ہوجائیں گی اور عالمی سطح پر رسائی حاصل کریں گی تو آئی سی ٹی کی برآمدات میں اضافہ ہونے لگے گا۔ اس شعبے کا برآمدی شعبے میں ڈھل جانا ایک اضافی فائدہ دے گا، کیونکہ پاکستان جیسے ملک کے لیے جہاں تجارتی عدم توازن سے ابھرنے والا دباؤ اکثر وبیشتر اقتصادی نمو کی راہ میں حائل ہوجاتا ہے، وہاں روایتی برآمدی شعبوں— ٹیکسٹائل، چمڑا، قالین، کھیلوں کا سامان، اور آلاتِ جرّاحی— میں ایک نئے شعبے کا اضافہ ترغیب کا سبب ہوگا۔

بہت سے آئی ٹی اور آئی ٹی ای ایس اسٹیک ہولڈرز فی الحال اس غلطی کے مرتکب ہورہے ہیں کہ وہ آئی سی ٹی کے پست اضافہ قدر والے زمرے یعنی چھوٹی اور خدمات دینے والی فرموں کی طرف مائل ہیں۔[37] اگرچہ چھوٹے پیمانے کی، خدمت مہیا کرنے والی فرموں کے لیے کام کرنے میں بنیادی طور پر کوئی حرج نہیں ہے، تاہم آگے چل کر ان کی ترقی کے امکانات اور دائرہ کار نسبتاً محدود رہ سکتے ہیں۔ صورتِ حال یہ ہے کہ خدمات دینے والی پاکستان کی فرمیں اُس سطح کا پیمانہ حاصل کرنے میں بڑی حد تک ناکام رہی ہیں جو اُن کی علاقائی ہمسر فرمیں حاصل کرچکی ہیں۔

مزید برآں، اس صنعت کے ماہرین کا کہنا ہے کہ آئی سی ٹی شعبے کی فرموں کو ٹیکس حکام کے ساتھ معاملہ کرنے میں مسائل کا پہلے سے بڑھ کر سامنا کرنا پڑرہا ہے۔[38] ان حالات کا نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ متاثرہ فرموں کو خلاصی پانے کے لیے وقت، محنت، اور ممکنہ طور پر مالی وسائل تک استعمال کرنے کی ضرورت پڑجاتی ہے۔ چنانچہ جب حکومت آئی سی ٹی شعبے کو ترغیبات اور تعاون فراہم کرنے پر توجہ دے تو اُسے یہ بھی یقینی بنانے کی ضرورت ہوگی کہ وفاقی اور صوبائی ٹیکس حکام مستقبل میں غیر ارادی طور پر ایسا کوئی اقدام نہ کریں جو اس شعبے میں کاروبار کرنے والوں کی حوصلہ شکنی کا باعث بنیں۔

اس صنعت کے مسائل حل کرنے کی بعض کوششوں کی عکاسی ڈجیٹل پاکستان پالیسی میں کی گئی ہے (**باکس 7.4**)۔ مستقبل میں اس پالیسی کو اس طرح وضع کرنے کی ضرورت ہوگی کہ جس میں مخصوص نتائج (deliverables)، ذمہ داریاں، مدّتِ کار، اور کارکردگی کی پیمائش کے اظہاریے موجود ہوں، ان پر متعلقہ فریقوں نے اتفاق

[36] پاکستان سافٹ ویئر ہاؤسز ایسوسی ایشن برائے آئی ٹی اور آئی ٹی ای ایس (پاشا) کے نمائندوں کے مطابق پاکستان میں آئی سی ٹی کا شعبہ اگلے تین سے چار برسوں میں ترقی پاکر 6 سے 8 ارب ڈالر تک پہنچ سکتا ہے۔

[37] 'پاشا' سے تعلق رکھنے والے ماہرین کا اندازہ ہے کہ پاکستان کی آئی ٹی اور آئی ٹی ای ایس صنعت کا تقریباً 90 فیصد خدمات دینے والی فرموں پر مشتمل ہے جبکہ صرف 10 فیصد پروڈکٹ بنانے والی فرمیں ہیں۔

[38] یہ مسائل ٹیکس کی پابندی کے لیے دھمکی آمیز نوٹس کی صورت میں ہوسکتے ہیں۔ اطلاعات کے مطابق زیادہ سنگین صورتوں میں مبینہ مشکوک سرگرمی کا الزام لگاکر بینک اکاؤنٹس منجمد کردیے جاتے ہیں، اور متعلقہ عدالتی مقدمات جیتنے کے بعد بھی کمپنی کے فنڈز طویل عرصے کے لیے روک لیے جاتے ہیں۔

کیا ہو اور وہ اسے اپنائے ہوئے ہوں۔ مزید برآں، وزارت آئی ٹی اور ٹیلی مواصلات نے سفارش کی ہے کہ بورڈ آف انویسٹمنٹ کو چاہیے کہ خصوصی اقتصادی زون کی ترغیبات آئی ٹی شعبے کو بھی فراہم کی جائیں اور ٹیکنالوجی کے خصوصی اقتصادی زون قائم کیے جائیں۔[39] خاص طور پر خصوصی اقتصادی زون بننے کے لیے یہ شرط کہ اس کا کم از کم رقبہ 50 ایکڑ ہونا چاہیے، آئی ٹی فرموں کے لیے نظر ثانی کرتے ہوئے کم کی جاسکتی ہے۔

**باکس 7.4: ڈجیٹل پاکستان پالیسی**

پاکستان میں آئی ٹی کے شعبے کا تیز رفتار پھیلاؤ دیکھتے ہوئے وزارت آئی ٹی اور ٹیلی مواصلات نے ڈجیٹل پاکستان پالیسی وضع کی جسے کابینہ نے مئی 2018ء میں منظور کیا۔ یہ پالیسی ملک میں وسعت پذیر ڈجیٹل ماحول کو باہم مربوط بنانے اور سماجی و معاشی نمو کو فروغ دینے کا ایک وسیع فریم ورک ہے۔ اس پالیسی میں کلیدی پالیسی شعبوں اور متعلقہ وزارتوں اور اداروں کا تعین کیا گیا ہے جو اِن اہداف پر عمل درآمد کے ذمہ دار ہوں گے۔ وفاقی حکومت آئی ٹی صنعت کو بہت سی ترغیبات فراہم کر رہی ہے (یا تجویز کر چکی ہے) جن میں درج ذیل شامل ہیں:

(i) آئی ٹی کی برآمدات پر انکم ٹیکس کی چھوٹ 2025ء تک بڑھادی گئی
(ii) اسلام آباد کیپٹل ٹیریٹری میں سیلز ٹیکس گھٹا کر 5 فیصد کیا گیا
(iii) آئی ٹی کی برآمدات پر 5 فیصد انعامی رقم
(iv) 100 فیصد غیر ملکی ملکیت اور سرمائے اور منافع منقسمہ کی 100 فیصد واپسی کی سہولت
(v) آئی ٹی کے نووارد اداروں کو تین سال تک ٹیکس سے استثنیٰ
(vi) مخاطرہ سرمایہ فنڈز کے لیے ٹیکس میں رعایت جون 2024ء تک

ان پالیسی کے اہداف میں سے ایک ہدف یہ ہے کہ پاکستان کی آئی ٹی اور آئی ٹی ای ایس برآمدات 2020ء تک دگنی کی جائیں، جس سے ملک کو اپنے بیرونی کھاتے کا توازن بہتر بنانے میں مدد ملے گی، اور روزگار کے مواقع بھی پیدا ہوں گے۔ پالیسی کا ایک ہدف پاکستان کو آئی ٹی / آئی ٹی ای ایس کے لیے ایک پسندیدہ مقام بنانا بھی ہے۔ اس شعبے کو ترغیب دینے کے لیے پالیسی میں درج ذیل کی تیاری کا واضح خاکہ دیا گیا ہے: جدید ترین آئی ٹی زون / ٹیکنالوجی پارک، نووارد کاروباری اداروں کے لیے انکیوبیشن سینٹرز، اور محروم اور نیم محروم علاقوں میں ٹیلی سینٹرز، تاکہ آئی سی ٹی سہولتیں بڑے پیمانے پر اختیار کی جاسکیں۔ پالیسی کے اہداف میں ای-کامرس صنعت کی توسیع بھی شامل ہے جس کی مارکیٹ کا حجم 2020ء تک تین گنا ہونا ہے۔ دیگر اہداف میں اسٹیٹ بینک کی مدد سے ایک کارگر ای-کامرس گیٹ وے کا قیام بھی شامل ہے تاکہ اہم اسٹیک ہولڈرز اور سرمایہ کاروں کو تجارت اور ای-کامرس صنعت میں سازگار ماحول مہیا کیا جاسکے۔

وزارت آئی ٹی اور ٹیلی مواصلات اور اِگنائٹ (سابقہ نیشنل آئی سی ٹی، آر اینڈ ڈی فنڈ) نے حال میں جو قابلِ ذکر اقدامات کیے ہیں اُن میں نیشنل انکیوبیشن سینٹرز (این آئی سی) اور ڈجیٹل اسکلز ٹریننگ پروگرام کا قیام شامل ہے۔ این آئی سی پانچ بڑے شہروں میں سرکاری و نجی شراکت سے قائم کیے گئے ہیں اور اس ضمن میں جامعات اور کارپوریشنز کا اشتراک بھی حاصل کیا گیا ہے۔[40] نجی شعبے میں پہلے سے کام کرنے والے انکیوبیٹرز اور ایکسی لیٹرز میں یہ ایک خوش آئند اضافہ ہیں۔ درحقیقت چند این آئی سی نے خود کو اختراعی مراکز کی حیثیت سے منوالیا ہے جو چوتھے صنعتی انقلاب کے اطلاق کی ضروریات پوری کریں گے، اور وزارت آئی ٹی اور ٹیلی مواصلات اور اِگنائٹ جیسے اداروں کے ترقی پسند وژن کی عکاسی کریں گے۔

دریں اثنا، DigiSkills اقدام کا مقصد مستقبل میں ٹیکنالوجی استعمال کرتے ہوئے ایک ملین افراد کو تربیت دینا ہے۔ چونکہ پاکستان کا شمار دنیا کے پانچ بڑے آن لائن فری لانسنگ ممالک میں ہوتا ہے اس لیے DigiSkills خصوصاً نوجوانوں اور طلبہ کو صلاحیتوں سے آراستہ کرنا چاہتا ہے تاکہ وہ آن لائن ملازمت کی مارکیٹ پلیس میں اپنی جگہ بنا سکیں۔ ایسا کر کے یہ افراد معقول آمدنی حاصل کر سکیں گے جبکہ معیشت کو یہ فائدہ ہوگا کہ ملازمت کے نئے مواقع پیدا ہوں گے، مالی شمولیت بڑھے گی، اور آئی ٹی برآمدی ترسیلات کی شکل میں زرِ مبادلہ ملے گا۔

[39] اس غرض کے لیے خصوصی اقتصادی زون ایکٹ 2012ء کی متعلقہ شقوں میں تبدیلی لانا ہوگی۔

[40] این آئی سی دسمبر 2017ء سے مئی 2018ء تک چھ ماہ کی مدت میں اسلام آباد، لاہور، پشاور، کراچی اور کوئٹہ میں قائم کیے گئے۔

جہاں تک نجی شعبے کا تعلق ہے تو اُس نے آئی سی ٹی میں خاصے تحرّک کا پہلے ہی ثبوت دیا ہے۔ پاکستان کے بہت سے ادارے، جن میں نئے قائم ہونے والے ادارے اور زیادہ مستحکم فرمیں بھی شامل ہیں، عالمی سطح پر مستند حیثیت رکھتے ہیں اور اپنے کارناموں کی وجہ سے معروف ہیں۔ ایسی فرموں کے لیے اگلا محاذ یہ ہے کہ ملکی اور غیر ملکی دونوں سطح پر اپنی سرگرمیوں میں وسعت لائیں اور اپنے اثرات مستحکم انداز میں بڑھائیں۔ انہوں نے اب تک جو مضبوطی دکھائی ہے اس کے پیشِ نظر اُن سے یہ توقعات قابلِ عمل ہیں۔

آخری بات یہ کہ ملک کے تعلیمی نظام کو بھی ایک بڑی تبدیلی کی ضرورت ہے۔ اکثر و بیشتر متعلقہ فریقوں کو شکایت ہوتی ہے کہ گریجویٹس کا معیار اچھا نہیں ہے۔ یہ خامیاں ٹیکنالوجی انسٹی ٹیوٹس میں زیادہ گہری ہیں جہاں نصاب کو بار بار اپ ڈیٹ کرنے کی ضرورت پیش آتی ہے تاکہ طلبہ کو مارکیٹ کے تیزی سے بدلتے ہوئے تقاضوں کے لیے تیار کیا جاسکے، خواہ اُن طلبہ کو آگے چل کر کہیں ملازمت کرنا ہو یا اپنا کاروبار شروع کرنا ہو۔ بہت سی ملازمتیں ایسی ہیں کہ مستقبل میں اُن میں کمال حاصل کرنے کے لیے درکار مہارتیں پہلے کی مہارتوں سے یکسر مختلف ہوں گی، بلکہ بہت سی ملازمتیں ایسی ہوں گی جن کا ایک عشرہ پہلے وجود ہی نہیں تھا۔ اس سلسلے میں نصاب کی تشکیل اور اس پر نظرِ ثانی ایک اور ایسا شعبہ ہے جس میں نجی و سرکاری شراکت کے امکانات تلاش کیے جاسکتے ہیں تاکہ نصاب کا مواد ایک طرف نجی شعبے کی ضروریات کو پورا کرنے والا ہو، اور دوسری طرف ملکی اور عالمی رجحانات سے بھی ہم آہنگ ہو۔

## خصوصی سیکشن سی پیک ایل ٹی پی: پاکستان میں زرعی ترقی کے مواقع

### تعارف

چین پاکستان اقتصادی شاہراہ کا طویل المیعاد منصوبہ (ایل ٹی پی) پاکستان کے زرعی شعبے کی نمایاں ترقی پر بھی توجہ دیتا ہے- توانائی، انفراسٹرکچر، اور صنعتی شعبوں میں ہونے والی پیش رفت کی بنا پر یہ پہلو عام طور پر نظر انداز ہو جاتا ہے۔ فصلوں کے شعبے میں یافت بڑھانے کے لیے جدید مشینری اور مصنوعی کھاد کے استعمال میں اضافے پر توجہ دی جارہی ہے جبکہ غذائی ذخیرہ گاہیں اور پراسیسنگ زون بنائے جائیں گے تاکہ کٹائی کے بعد فصل کو ضائع ہونے سے بچایا جائے۔ اسی طرح سرد خانوں اور گوشت کی پراسیسنگ کے کارخانوں کے قیام کی بھی منصوبہ بندی کی جارہی ہے تاکہ گلہ بانی اور ماہی پروری جیسے شعبوں کی پیداواریت میں اضافہ ہو اور اس کے ساتھ ساتھ اُن کی پیداوار کو بین الاقوامی منڈی میں زیادہ سبقت حاصل ہو۔ ان چیزوں میں یہ صلاحیت ہے کہ یہ پاکستان کی نہ صرف زرعی پیداوار بڑھا سکتی ہیں بلکہ چین کو غذائی برآمدات میں اضافہ کر کے اُس کے اور پاکستان کے مابین تجارتی عدم توازن بھی کم کر سکتی ہیں۔


تاہم اس امر پر توجہ دینا ضروری ہے کہ اس طرح کی ترقی کی نوعیت اور سمت کا بنیادی انحصار اُن تبدیلیوں پر ہے جو چین کے زرعی شعبے میں فی الحال جاری ہیں۔ خوراک کی درآمد پر چین کا انحصار بڑھتا جارہا ہے- اس کے ساتھ ساتھ قابلِ کاشت اراضی مسلسل انحطاط کی طرف جارہی ہے اور گلہ بانی اور ماہی پروری کے ذرائع گھٹ رہے ہیں۔ یہ مسائل حل کرنے کے لیے چین بیلٹ اور روڈ اقدام (بی آر آئی) کے تحت بھاری سرمایہ کاری کر رہا ہے جس میں وہ اپنی غذائی سپلائی کی آؤٹ سورسنگ کر رہا ہے جبکہ غذائی تجارت کا خسارہ محدود رکھنے کے لیے بلند اضافہ قدر والی غذائی مصنوعات کی طرف پیش قدمی کر رہا ہے۔

اس تناظر میں، اس سیکشن کا مقصد اِن امور پر بحث اور ان کا تجزیہ کرنا ہے: 1) خوراک کی درآمد پر چین کا انحصار بڑھتا جارہا ہے جس پر قابو پانے کے لیے وہ خصوصاً بیلٹ اور روڈ اقدام (بی آر آئی) کے تحت ایک پالیسی فریم ورک اختیار کر رہا ہے، اور 2) سی پیک کی چھتری تلے مذکورہ بالا تبدیلی سے پاکستان کس طرح فائدہ اٹھائے گا۔

### چین میں غذائی تحفظ (food security) کی فکر اور زرعی شعبے کی ساختی تبدیلی:


آج چین کی زرعی پیداوار دنیا بھر کی مجموعی زرعی پیداوار کا تقریباً ایک چوتھائی ہے، جبکہ 1990ء میں یہ تناسب 17 فیصد تھا (**شکل خ1.1**)۔ اس شاندار کارکردگی کی بہرحال ایک قیمت چین کو ادا کرنی پڑی ہے۔ مثال کے طور پر کیڑے مار ادویات اور کھاد کے کئی سال تک بے تحاشہ استعمال سے قابلِ کاشت اراضی بتدریج انحطاط پذیر ہو گئی۔ نیز، بڑھتی ہوئی آبادی اور صَرف کی طرف رجحان بتدریج بڑھنے سے، جسے غیر اجناسی شعبے میں نمو پذیر آمدنیوں سے بھی جزوی سہارا ملا، غذائی درآمدات پر انحصار میں کافی اضافہ ہو چکا ہے (**شکل خ1.2**)۔

**شکل خ1.1: چین کے زرعی اضافہ قدر میں رجحانات**





Data source: World Bank

**شکل خ1.2: غذائی درآمد پر چین کا بڑھتا ہوا انحصار**





Data source: World Bank

**شکل خ 1.3 : چین کی بیرونِ ملک زراعت میں سرمایہ کاری**




Data sources: China Ministry of Commerce and USDA

**شکل خ 1.4 : بیرونِ ملک زراعت، چین کی سرمایہ کاری بلحاظِ خطہ (تناسب 2017ء)**





Data sources: USDA and IHS Market

اس تناظر میں 08-2007ء ایک اہم موڑ ثابت ہوا جب غذائی مصنوعات میں چین کا تجارتی خسارہ تیزی سے بڑھنا شروع ہوا۔ اس صورت حال نے غذائی تحفظ کا مسئلہ حل کرنے کی خاطر پالیسی میں انقلابی اقدام کی ضرورت واضح کر دی۔ چنانچہ "بیرونی حل" کی پالیسی بنائی گئی جس کے تحت چین نے منصوبہ بنایا کہ زرعی شعبے کو متاثر کرنے والے منفی رجحانات پر قابو پانے کے لیے مختلف اقدامات اور اصلاحات کی جائیں گی۔[1] پالیسی سازوں نے درآمدات پر انحصار کو تسلیم کیا تاہم یہ خواہش بھی ظاہر کی کہ اناج کے ملکی نرخوں پر بین الاقوامی مارکیٹ کے اثرات محدود کرنا ہوں گے۔ چنانچہ چین 'بی آر آئی' پر واقع ملکوں میں خوراک کی پراسیسنگ اور ذخیرے کے مراکز بنانے کا ارادہ رکھتا ہے تاکہ اُس کی ملکی منڈی میں غذائی مصنوعات کے نرخوں میں اتار چڑھاؤ کم رہے اور رسد بڑھ جائے۔[2] چین کی طرف سے زراعت، جنگل بانی، اور ماہی گیری میں ہونے والی براہِ راست بیرونی سرمایہ کاری کی تفصیلات **شکل خ 1.3** اور **خ 1.4** میں دی گئی ہیں۔


اسی طرح قابلِ کاشت اراضی کے تیزی سے انحطاط کو روکنے کے لیے چین کیمیکل کے استعمال سے گریز کا ارادہ رکھتا ہے جس کے لیے وہ کیڑے مار دواؤں اور مصنوعی کھاد استعمال کرنے پر ضوابط لاگو کرے گا۔ فی الحال چین کی مصنوعی کھاد کے استعمال کی شرح بقیہ دنیا کی نسبت بہت بلند ہے (**شکل خ 1.5**)۔[3] یہ زائد استعمال اگرچہ فصلوں کی

**شکل خ 1.5 : چین میں کھاد کے استعمال کے رجحانات**




Data source: International Fertilizer Industry Association (IFIA)

**شکل خ 1.6 : چین میں مصنوعی کھاد کا استعمال اور اراضی کا انحطاط**




Data source: World Bank

[1] اس سیکشن میں جن امنگوں کا حوالہ دیا گیا ہے وہ 2017ء اور 2018ء کے لیے چین کی "فرسٹ پالیسی ڈاکومنٹ" (جسے نمبر ایک ڈاکومنٹ بھی کہا جاتا ہے) سے لی گئی ہیں۔

[2] چینی حکومت کی متعدد پالیسی دستاویزات اور قرطاسِ ابیض میں بیرونِ ملک زرعی سرمایہ کاری کے ذکر پر "zou chu qu" اصطلاح استعمال کی گئی ہے جس کا مفہوم ہے "بیرونِ ملک جانا / سرمایہ لگانا"۔

[3] اس کا نتیجہ یہ ہے کہ 2000ء میں مصنوعی کھاد کے مجموعی عالمی استعمال میں چین 25 فیصد کا ذمہ دار تھا تو 2013ء میں یہ تناسب بڑھ کر 29 فیصد ہو گیا۔

فی ہیکٹر یافت اور پیداواریت بڑھاتا ہے، تاہم قابلِ کاشت اراضی کی مجموعی دستیابی بھی بتدریج کم کر دیتا ہے (**شکل خ1.6**)۔ چنانچہ ان رجحانات کی روک تھام کے لیے حکومت زرعی شعبے میں نامیاتی کھادوں کے استعمال کی حوصلہ افزائی کر رہی ہے۔

اسی طرح، چینی حکومت بے تحاشہ کاشت کاری کم کرنے اور گلہ بانی وماہی پروری کے لیے مناسب گنجائش فراہم کرنے کا بھی ارادہ رکھتی ہے تاکہ قدرتی وسائل پر دباؤ کم کیا جائے اور زراعت میں بحیثیت مجموعی مستحکم نمو حاصل کی جائے۔[4]

آخری بات یہ کہ چین اپنا بڑھتا ہوا غذائی تجارت کا خسارہ گھٹانے کے لیے کوشش کر رہا ہے کہ عالمی رسدی زنجیر کے بلند اضافہ قدر والے شعبے میں اپنی موجودگی بڑھائے، جس کے لیے کئی اقدامات پر کام جاری ہے جن میں تحقیق وترقی کے اداروں اور ٹیکنالوجی میں جدّت طرازی کے مراکز کا قیام بھی شامل ہے۔ ان مراکز کا کام یہ ہو گا کہ چین کو روایتی کاشت کاری سے نکال کر اُن اجناس کی پیداوار پر منتقل کریں جن میں موٹا اناج (coarse cereals)، ریشم کے کیڑے، قابلِ خوردنی فنگس، اور روایتی طبّی سبزیاں شامل ہیں۔[5] مقصد یہ ہے کہ ترقی یافتہ بین الاقوامی منڈیوں میں مسابقت کے حامل زرعی برانڈ تیار کیے جائیں۔ عالمی سطح پر برآمدات کو مزید فروغ دینے کی غرض سے چین اپنے زرعی خدمات کے شعبے کو ترقی دینے کے لیے کوشاں ہے تاکہ اپنی اجناس کو مستحکم بنیاد پر بہتر طریقے سے پیش کر سکے۔

## پاکستان کے لیے ممکنہ فائدے

پاکستان چونکہ بی آر آئی منصوبے میں شامل ممالک میں سے ایک ہے اس لیے وہ غذائی درآمدات پر چین کے بڑھتے ہوئے انحصار سے فائدہ اٹھانے کے علاوہ زرعی شعبے میں بلند اضافہ قدر کی طرف بھی بتدریج منتقل ہو سکتا ہے۔ چین کا ارادہ ہے کہ اپنی زرعی سپلائی کو مشترکہ منصوبوں کی شکل میں آؤٹ سورس کر دے جس کے لیے وہ پاکستان میں پراسیسنگ زون، گوداموں، ڈیری فارمنگ، اور سرد ذخیرہ گاہوں میں سرمایہ لگائے گا اور انہیں ترقی دے گا۔ اس تمام پیش رفت میں یہ امکان پوشیدہ ہے کہ پاکستان اور چین کے مابین تجارتی عدم توازن کم ہو جائے جو اِس وقت چین کے حق میں بہت زیادہ ہے۔ اس سلسلے میں سی پیک ایک اہم کردار ادا کر سکتا ہے،[6] اور یہی معاملہ جغرافیائی قربت کا ہے۔[7] ایسے چند ایک مواقع کو یہاں اجاگر کیا گیا ہے:

**جدول خ1.1: چین کی بیرونِ ملک منتخب زرعی سرمایہ کاری**

| سال | کمپنی | میزبان ملک | فصل | مارکیٹ |
|---|---|---|---|---|
| 2008ء | سکالار یفائنری | مالی | شکر | مقامی |
| 2008ء | دستیاب نہیں | سینیگال | تِل | چین |
| 2009ء | زیڈ ٹی ای | کانگو | پام آئل | عالمی |
| 2009ء | چونگ چنگ بیج | تنزانیہ | چاول | مقامی |
| 2012ء | شنگھائی پینگ زن | نیوزی لینڈ | ڈیری | چین |
| 2012-13ء | چائنا کیمیکل انجینئرنگ کارپوریشن | یوکرین | مکئی | عالمی |
| 2014-15ء | سی او ایف سی او** | جنوبی امریکہ/یورپ | سویابین | عالمی |
| 2017ء | شینگ ڈونگ Delisi | آسٹریلیا | گائے کا گوشت | چین |

** چائنا نیشنل سیریلز، آئلز اینڈ فوڈسٹف کارپوریشن

ماخذ: جنوبی افریقہ کا ادارہ بین الاقوامی امور، یو ایس ڈی اے

### الف) ذخیرہ گاہوں اور پراسیسنگ زون کی تعمیر

9۔ چین جن ملکوں میں اپنی ذخیرہ گاہیں اور پراسیسنگ زون تعمیر کرے گا ان میں سے ایک پاکستان بھی ہے۔ چینی انٹرپرائزز بی آر آئی میں شامل اور اسے الگ دیگر ملکوں میں اسی نوعیت کی جو سرمایہ کاری کریں گی ان کی تفصیل **جدول خ1.1** میں بتائی گئی ہے۔ ملکی فرمیں اپنی ہمسر چینی فرموں کے ساتھ مشترکہ منصوبے بنا کر اس کا فائدہ اٹھا سکتی ہیں۔ اس سلسلے میں:

[4] مثلاً ڈیموں کی تعمیر اور ٹرانسپورٹ نظام کی وجہ سے یانگ سی دریا کے طاس میں حیاتیاتی تنوّع کا جو انحطاط واقع ہو رہا ہے اسے روکنے کے لیے حکومت موجودہ آبی ذخائر کے ساتھ ساتھ نئے ذخائر کا منصوبہ بنا رہی ہے۔

[5] فصلوں کے دورانیے (lifespan) اور مویشیوں کی افزائش کے طریقوں میں ترقی کے ذیلی اثرات بھی پڑیں گے۔

[6] سی پیک ایل ٹی پی کے تحت زراعت کو میکانکی (mechanization) اور بہتر بنانے کا جو جامع نقشہ راہ بیان کیا گیا ہے وہ چین کے اپنے "فرسٹ پالیسی ڈاکومنٹ" میں بیان کردہ مقاصد کی تکمیل کرتا ہے۔


[7] جو ایشیائی ممالک چین کو خوراک پاکستان کی نسبت زیادہ برآمد کرتے ہیں وہ (ترتیبِ نزولی میں) یہ ہیں: تھائی لینڈ، ملائشیا، سنگاپور، انڈونیشیا، اور ویت نام۔ ان میں سے چار ممالک چین سے دور ہیں جبکہ پاکستان نسبتاً قریب ہے (استثنیٰ ویت نام کو حاصل ہے)۔ بھارت بھی برآمد کرتا ہے تاہم بی آر آئی منصوبے سے علاحدہ ہونے سے اس کے مسابقت کرنے کا امکان کم ہے۔

- اس شعبے میں فصل کی کٹائی کے بعد جو بھاری ضیاع ہوتا ہے اسے کم کرنے میں بھی مدد ملے گی۔[8] قومی غذائی تحفظ اور تحقیق کی وزارت (ایم این ایف ایس آر) کے مطابق ملک میں ذخیرہ گاہوں کی موجودہ دستیاب گنجائش مجموعی طلب کا صرف ایک تہائی پورا کرنے کے لیے کافی ہے۔ چنانچہ اس زمرے میں نجی شعبے کی شرکت سے رسد کی کمی کو پورا کرنے میں مدد ملے گی۔ مزید برآں، یہ مشترکہ منصوبے سیکھنے کے مواقع لائیں گے اور مقامی کاشت کاروں کو متعلقہ معلومات منتقل ہو سکیں گی۔
- اس پیش رفت کا ایک اور مثبت نتیجہ نکلے گا۔ پائیدار ترقی کے اہداف (ایس ڈی جی) میں "بھوک کا خاتمہ" (Zero hunger) کا ہدف شامل ہے جسے پورا کرنے کی حکومتی کوششوں کو بھی سہارا ملے گا۔ بھوک کے عالمی اشاریے (جی ایچ آئی) پر 118 ملکوں میں سے پاکستان کا 2017ء میں 106 درجہ تھا۔ بعد از کٹائی فصل کا ضیاع کم ہونے سے اس صورت حال کے ازالے میں کافی مدد ملے گی۔
- پاکستان میں ویئرہاؤس ریسیپٹ فنانس کے استعمال اور رسائی میں اضافہ ہوگا۔ اس سے کاشت کاروں کی نہ صرف سیالیت کی صورتِ حال بہتر ہوگی بلکہ قرض دینے والے اداروں کو قرض کے قابل رہن (creditable collateral) فراہم کرنے کے طویل عرصے سے جاری مسائل حل کرنے میں بھی مدد ملے گی۔
- مقامی تجارتی فرمیں دونوں ملکوں کے مابین ٹرانزٹ کے امکانات کو استعمال کر کے فائدہ اٹھا سکتی ہے۔ ایسی فرموں کی آمد سے پاکستان کے زرعی لاجسٹک سسٹم میں بھی مطلوبہ جدت طرازی آئے گی۔
- یہ موقع زرعی شعبے کے پراسیسنگ کے شعبے کو جدید بنانے کے لیے بھی استعمال کیا جا سکتا ہے۔ یہ شعبہ تین طرح سے فائدہ اٹھا سکتا ہے۔ پہلا، مشترکہ منصوبوں میں چینی فرموں کی موجودگی سے جدید پراسیسنگ مشینری اور طریقہ کار اپنانے کو یقینی بنائے گی۔ دوسرے، پراسیسنگ کے بہتر ہونے سے بیرونی منڈیوں کو خوراک برآمد کی جائے گی جس سے زائد آمدنی کا امکان ہے۔ تیسرے، جدت طرازی کی حوصلہ افزائی اور (مثلاً میکانیت کے ذریعے) منافع بڑھنے سے مقامی بے ضابطہ شعبے میں پراسیسنگ پلانٹس کا پھیلاؤ روکنے میں مدد ملے گی۔ سی پیک کے تحت نو خصوصی اقتصادی زون بنائے جائیں گے جن میں سے فی الحال چار (اسلام آباد میں آئی سی ٹی ماڈل صنعتی زون، فیصل آباد میں علامہ اقبال صنعتی شہر، بلوچستان میں بوستان صنعتی زون، اور مردان میں رشکئی اقتصادی زون) میں خوراک / پھلوں کی پراسیسنگ صنعت کے ادارے مختلف سطحوں میں شریک ہوں گے۔

ب) چین کو برآمدات میں اضافہ


چین تقریباً 99.6 ارب ڈالر کی خوراک درآمد کرتا ہے جس میں سے پاکستان کا حصہ صرف 0.37 فیصد (اندازاً 0.4 ارب ڈالر ہے)۔ پاکستان سی پیک کے تحت مختلف منصوبوں کے ذریعے اپنی برآمدات بڑھا سکتا ہے اور عمومی طور پر درآمدات پر چین کے بڑھتے ہوئے انحصار کو استعمال کر سکتا ہے۔ قومی غذائی تحفظ اور تحقیق کی وزارت (ایم این ایف ایس آر) نے غذائی تحفظ کی پالیسی پر 2018ء کی رپورٹ میں سی پیک کے ساتھ زرعی ترقیات کے نو زونز کے قیام کا ذکر کیا ہے۔ جدت طرازی،

شکل خ 1.7: اناج کی یافت کا موازنہ (2016ء)




Data source: World Bank

شکل خ 1.8: زراعت میں بجلی کے استعمال کا تخمینہ – علاقائی موازنہ (2017ء)




Data source: MNFSR

[8] زرعی شعبے کی پیداوار کا سالانہ تقریباً ایک تہائی حصہ اس لیے ضائع ہو جاتا ہے کہ بعد از فصل سہولتیں ناکافی ہیں۔ پائیدار اجناس (اناج اور دال) میں یہ ضیاع 10 فیصد اور تلف پذیر اجناس (پھل اور سبزی) میں 22 فیصد ہے (ماخذ: ایم این ایف ایس آر)۔

انٹر پرینور شپ، اور اشتراک کی حوصلہ افزائی کی جائے تو یہ زونز ایسے مراکز بن سکتے ہیں جہاں نئے دیہی کاروباری اداروں کو ترقی دینے کے کلسٹر اور انفراسٹرکچر تشکیل دیے جائیں اور چین کو برآمد کرنے کے قابل اجناس تیار کی جائیں۔ ان اجناس میں اناج، دودھ دہی کی مصنوعات، انڈے، گوشت، شہد، تمباکو، مچھلیاں، جھینگے اور پھل وغیرہ شامل ہیں۔[9]

اگرچہ چین میں ان چیزوں کی طلب پست ہے اور پام آئل، سویابین، اور کساوا(cassava) کی زیادہ ہے تاہم چین کو درآمدات کرنے والے چند اداروں کا کہنا ہے کہ مذکورہ چیزوں کی مارکیٹ بنائی اور بڑھائی جاسکتی ہے۔[10] اس تناظر میں چین کی نمبر ایک ڈاکومنٹ میں "زرعی درآمد کے سپلائرز کے تنوّع" کو پالیسی ہدف قرار دیا گیا ہے اور کہا گیا ہے کہ سی پیک کے تحت کی جانے والی زرعی سرمایہ کاری اس ہدف کے حصول کا ذریعہ ہے۔

اسی تسلسل میں، سی پیک کے تحت زمین کی اصلاح کے منصوبوں سے فصلوں کی پیداواریت اور کارگزاری بڑھانے میں مدد ملے گی، اور کم اور درمیانی یافت والی اراضی کو بلند یافت والی اراضی میں تبدیل کیا جاسکے گا۔ زمین کی اصلاح کی ان کوششوں میں بلند یافت والے بیج بھی استعمال کیے جائیں گے اور زراعت کی سرگرمیوں میں میکانیت (mechanization) بڑھے گی۔ ان دونوں پہلوؤں سے پاکستان علاقائی ملکوں سے پیچھے ہے اور یافت میں اضافہ زرعی اراضی کی پیداواری استعداد بڑھائے گا (**شکل خ 1.7 اور خ 1.8**)۔ حال ہی میں Yuan Long Ping ہائی ٹیک ایگریکلچر کمپنی لمیٹڈ نے، جو مخلوط (hybrid) بیج بنانے والی ایک بڑی چینی کمپنی ہے، سوات، مانسہرہ، ساہیوال، اور لاڑکانہ وغیرہ میں ایک ماہ طویل پروگرام منعقد کیا جس کا مقصد گرمی کا مقابلہ کرنے والے چاول کے بیج کی قسم تیار کرنا تھا تاکہ پاکستان کے چاروں ماحولیاتی خطّوں میں چاول کاشت کیا جاسکے۔ اسی کمپنی نے پاکستان زرعی تحقیقی کونسل (پی اے آر سی) جیسے مقامی تحقیقی اداروں میں مخلوط بیج تیار کرنے اور انتظامِ اراضی کی مہارتوں کی تربیت بھی فراہم کی۔ اس شعبے سے وابستہ اداروں کو توقع ہے کہ مخلوط بیج کی اقسام مستقبل قریب میں فلپائن جیسے ملکوں کو برآمد بھی کی جاسکیں گی۔

ج) گلہ بانی، ماہی پروری، اور تحقیق و ترقی میں ممکنہ سرمایہ کاری

ماہی پروری اور گلہ بانی کے شعبوں میں بھی سرمایہ کاری آئے گی، معلومات منتقل ہوں گی اور ان شعبوں کے نئے مقامات وجود میں آئیں گے۔ فائدہ اٹھانے کے بعض مواقع درج ذیل ہیں:

- ڈیری کا شعبہ: سی پیک کے تحت ڈیری کے شعبے پر کافی توجہ دی گئی ہے اور اس کی مصنوعات چین کو برآمد کرنا بھی ایک مقصد ہے چنانچہ ڈیری کے شعبے کو جدید بنانے کے لیے نجی سرمایہ کاری متوقع ہے۔ پاکستان میں مویشیوں کی تعداد تقریباً 72 ملین ہے، تاہم فی الحال صرف پانچ فیصد دودھ کو ٹیٹرا پیک مصنوعات کی تیاری کے لیے استعمال کیا جارہا ہے۔[11] خشک دودھ جیسی اور دیگر ڈیری مصنوعات تیار کی جاسکتی ہیں جو مقامی صارفین کی ضروریات پوری کرنے کے علاوہ برآمدی مقاصد کے بھی کام آسکتی ہیں۔ اس کی ایک مثال پہلے سے موجود ہے۔ چین پورے ایشیا میں ڈیری پلانٹس میں سرمایہ کاری کرتا رہا ہے (مثلاً روسی مشرقِ بعید میں) اور، حال ہی میں براعظم آسٹریلیا میں۔[12] 'فرینڈلی خیبر پختونخوا' (جو سی پیک کی چھتری تلے ایک منصوبہ ہے) جو چینی فرموں کے ساتھ ایک مشترکہ منصوبہ ہے، ڈیری فارمنگ کے شعبے میں کام شروع کرنے والا ہے جس کا حتمی مقصد افغانستان اور مشرقِ وسطیٰ کے ملکوں کی جغرافیائی قربت سے فائدہ اٹھانا ہے تاکہ بین الاقوامی

---

[9] اس سلسلے میں چین کی طرف سے اشتراک متوقع ہے جس میں نجی شعبہ آگے آگے ہوگا۔ اصل توجہ اس بات پر ہوگی کہ تازہ ترین تحقیق و ترقی کو استعمال کرتے ہوئے پراسیسنگ تکنیک اور بعد از کٹائی سرگرمیوں میں جدت لائی جائے اور انہیں اپ گریڈ کیا جائے، نیز پیداوار کی بہتر تشہیر کے لیے مارکیٹنگ کے طریقے وضع کیے جائیں۔

[10] حوالہ: Gooch, Elizabeth and Fred Gale. China's Foreign Agriculture Investments, EIB-192, U.S. Department of Agriculture, Economic Research Service, April 2018

[11] ماخذ: ایم این ایف ایس آر

[12] چین نے ایک ڈیری پراسیسنگ پلانٹ امریکی ریاست ارکنساس میں بھی قائم کیا ہے جو امریکہ کے ڈیری فارمرز اور چین کے Yili گروپ کا مشترکہ منصوبہ ہے۔ ایک اور چینی فرم Bright Foods نے ایک اسرائیلی ڈیری فرم Tnuva میں 2.1 ارب ڈالر کے اسٹیک حاصل کیے ہیں۔


منڈیوں میں پاکستان کی دودھ کی برآمدات بڑھائی جائیں۔ اس کے علاوہ فوجی فوڈز نے 31 جولائی 2018ء کو اسٹاک ایکسچینج پر بتایا کہ چین کی سرکاری ملکیت والی ایک انٹرپرائز Inner Mongolia Yili Industrial Group Company Limited نے فوجی فوڈز کے 51 فیصد ووٹنگ شیئر اور / یا کنٹرول کے حصول میں دلچسپی ظاہر کی ہے تاکہ تحقیق و ترقی کی سرگرمیاں بڑھائی جائیں اور بلند اضافہ قدر والی ڈیری مصنوعات تیار کی جائیں جنہیں بالآخر چین کو برآمد کیا جائے۔

• سرد ذخیرہ گاہیں: ماہی گیری کے شعبے کو مچھلیوں کا چارہ بنانے کے کارخانوں اور سینالوں (hatcheries) کے مجوّزہ قیام سے فائدہ ہوگا۔ اس سے بڑھتی ہوئی طلب پوری کرنے کے علاوہ سندھ اور بلوچستان کے ساحلی علاقوں اور شورزدہ (saline inland) زمینوں میں آبی حیات (aquaculture) کے فروغ میں مدد ملے گی۔ Mufeng Biological Technology Co. نے ایک مثال کے طور پر درہ خنجراب کے قریب ایک سرد ذخیرہ خانہ بنایا ہے (جو سال میں آٹھ ماہ کام کرتا ہے) جہاں سے سمندری خوراک کی درآمدات (مثلاً اسکوئڈ، شرمپ، پامفرٹ اور بون فش وغیرہ) سنکیانگ کے علاقے میں بھیجی جارہی ہیں اور ارمچی، بیجنگ، اور شنگھائی جیسے شہروں میں فروخت کی جارہی ہیں۔ یہ سرد ذخیرہ خانہ گوادر پورٹ پر اتر کر چین جانے والے متعلقہ سامان کو بھی پراسیس کرے گا۔

• جانوروں کے لیے دواؤں اور ویکسین کی تیاری: اس کے علاوہ جانوروں کی دواؤں کے بڑھتے ہوئے استعمال اور ویکسین کی تیاری میں اشتراک کو بھی سی پیک کے تحت ایک پالیسی ہدف بیان کیا گیا ہے۔ اس کے نتیجے میں مویشیوں کی عمر میں اضافہ ہوگا اور پیداواریت میں بہتری آئے گی۔ خیبر پختونخوا حکومت کی ویب سائٹ پر بایولوجکس (biologics) اور ویکسین میں مشترکہ سرمایہ کاری کا منصوبہ موجود ہے جس میں بتایا گیا ہے کہ ویکسین کے معاملے میں طلب اور رسد کا زبردست فرق موجود ہے (سالانہ 132 ملین خوراک کی ضرورت ہے جبکہ پیداوار صرف 3.9 ملین خوراک ہے)۔ صوبائی حکومت کا یہ بھی کہنا ہے کہ پاکستان کو جانوروں کی بیماریوں کی بنا پر 0.5 ارب ڈالر کے لگ بھگ نقصان ہو چکا ہے۔ اس سلسلے میں 10 ملین ڈالر مالیت کی ابتدائی سرمایہ کاری مختص ہو چکی ہے۔ تاہم اس بات کی ضرورت ہے کہ پاکستان ضوابطی طریقہ کار کو مضبوط بنائے تاکہ جانوروں کی دی جانے والی ویکسین کی خوراک کی نوعیت، شدت اور دورانیے کا معائنہ کیا جائے اور ان کی صحت اور غذائی تحفظ کے معیار کی پابندی یقینی بنائی جاسکے۔ یہ اس لیے بھی ضروری ہے کہ چین میں ویکسین کا بہت زیادہ استعمال کیا گیا ہے جس کے سبب اس کے مویشیوں کی تعداد پر پائیدار اثرات پڑ چکے ہیں۔ چنانچہ چین جانوروں کی ویکسین اور انجکشنوں کی تیاری اور استعمال میں کمی لارہا ہے، اور اسی لیے وہ ایسی فرموں کی بی آر آئی والے ملکوں میں منتقلی کا منصوبہ رکھتا ہے۔

• تحقیقی مراکز اور Demonstration Plants: چین پاک آر اینڈ ڈی آپریشنز کے مشترکہ منصوبے کا قیام صرف فصلوں اور مویشیوں کے لیے مخصوص کیا گیا ہے جس سے اس شعبے میں جدت طرازی آئے گی اور جانوروں کی پیداواریت بڑھے گی۔ فی الحال پاکستان کے سرکاری شعبے کی زراعت میں سرمایہ کاری کی شرح علاقے کے دیگر ملکوں کے مقابلے میں بہت کم ہے (**شکل خ 1.9**)۔ چنانچہ نجی شعبے کی شرکت سے اس شعبے میں جدّت کی رفتار تیز ہوگی۔ چین اس سے پہلے افریقی ملکوں کیمرون، ایتھیوپیا، لائبیریا، تنزانیہ، اور یوگنڈا وغیرہ میں ٹیکنالوجی demonstration centers قائم کر چکا ہے اور تربیتی پروگرام چلا چکا ہے جن میں چینی ماہرین نے مقامی شرکا کو فصل کی کٹائی، افزائش اور بوائی کے طریقے بتائے اور میزبان ملکوں کے زرعی شعبوں کی پیداواریت بڑھانے والے تحقیقی منصوبوں میں مدد دی۔ اوپر زیرِ بحث آنے والے مخلوط بیجوں کی تیاری کے منصوبے کے علاوہ اسی طرح کی بہت سی سرمایہ کاریاں سی پیک کے تحت پاکستان میں بھی متوقع ہیں۔ بی آر آئی والے ملکوں میں چینی انٹرپرائزز کی طرف سے مختلف زرعی سرمایہ کاریوں کی تکمیل کرتے ہوئے چین کی اکیڈمی آف

**شکل خ 1.9 : زراعت میں سرکاری شعبے کی سرمایہ کاری**



ایگریکلچرل سائنسز نے "Global Agricultural Big Data Information Services Alliance" کا آغاز کیا ہے جو اطلاعات اور ڈیٹا کے حصول اور پھیلاؤ کے مرکز کے طور پر کام کرے گا اور چین کے زرعی کاروباری اداروں کی طرف سے بیرون ملک کی جانے والی سرمایہ کاری میں معاون ہو گا۔[13]

• فوڈ پیکجنگ اور مارکیٹنگ: زرعی شعبے کی مارکیٹنگ اور سیلز کے ماڈل میں جدت لانے کی خواہش کا بھی سی پیک کے تحت اظہار کیا گیا ہے۔ اس نوعیت کے کسی انتظام کا مقصد باہمی فائدہ اور اس کی نوعیت معلومات کی منتقلی کی ہو گی۔ چینی فرمیں مختلف مارکیٹنگ ماڈل پر تحقیق کر سکیں گی جبکہ پاکستان کی زراعت کو ترقی کی مطلوبہ مہمیز ملے گی۔ توقع ہے کہ پھلوں اور خوراک کی پیکجنگ اور اس کے متعلقات میں کام کرنے والی فرمیں مردان کے نزدیک رشکئی اقتصادی زون میں آئیں گی۔

• گوشت کی پراسیسنگ: آخر میں، ذبیحہ اور گوشت کی پراسیسنگ کے شعبے پر مثبت ذیلی اثرات بلند اضافہ قدر اور برآمدات کے امکانات کی شکل میں پڑیں گے۔ بڑھتی ہوئی میکانیت اور مارکیٹنگ کی بہتر کوششوں سے کئی زمروں مثلاً منجمد خوراک کو فائدہ پہنچے گا۔ چین کی بیرونی زرعی سرمایہ کاری پر یو ایس ڈی اے کی اپریل 2018ء کی رپورٹ کے مطابق درآمد شدہ گوشت کے معائنے، آزمائش، اور سرد ذخیرہ خانے کی 36 خصوصی تنصیبات کی چین نے منظوری دی ہے۔ اس کا مقصد یہ ہے کہ بی آر آئی میں شریک ملکوں سے آنے والے گوشت کی نگرانی اور معائنے کا عمل معیاری اور جدید بنایا جائے۔

### فوائد کے حصول کے لیے ساختی مسائل حل کرنا ہوں گے

سی پیک کے تحت سامنے آنے والی امنگیں اور چین میں جاری ساختی تبدیلیوں سے فراہم ہونے والے مواقع پاکستان کے زرعی شعبے کے لیے خوش آئند ہیں۔ تاہم پاکستان کو ٹیکنالوجی کی ممکنہ منتقلی اور ری لوکیشن سے پوری طرح مستفید ہونے کے لیے طویل عرصے سے حل طلب ساختی رکاوٹوں پر قابو پانا ہو گا۔ خاص طور پر:

- کاشت کاروں کی ناخواندگی دور کرنا: سی پیک کے تحت خودکار طریقے سے کام ہونے، میکانیت اور عمومی جدت کی جو خواہش ظاہر کی جارہی ہے اس میں ایک رکاوٹ یہ ہے کہ پاکستان کے کاشت کاروں کی شرح خواندگی بہت کم ہے اور اسی لیے وہ کاشت کاری کے روایتی طریقوں ہی سے وابستہ رہنا چاہتے ہیں۔ اس کمی کو دور کرنے کے لیے چند حوصلہ افزا اقدامات کیے جارہے ہیں، مثال کے طور پر ڈی ایف آئی ڈی-ٹیلی نار مشترکہ منصوبہ 'خوشحال زمیندار'[14] جس کا مقصد نقد آور فصلوں کے کاشت کاروں میں زرعی معلومات کا موبائل کے ذریعے ابلاغ کرنا ہے، تاہم اس مسئلے کے حل کی خاطر بڑے پیمانے کی تربیت اور آگاہی دینے کے اقدامات کی ضرورت ہو گی۔
- بینک مالکاری اور نئی پراڈکٹ کی سمت: چھوٹے کاشت کاروں کو بے ضابطہ مہنگے قرضوں، مناسب ترغیبات کی کمی، اور کسی بھی طرح کی رہنمائی اور سہولت کے فقدان کا سامنا ہے۔ اس سلسلے میں کمرشل بینکوں کی بڑھتی ہوئی شراکت خوش آئند ہے، اگرچہ کہ قرضے کی طلب اپنی رسد کے مقابلے میں اب بھی مسلسل بلند ہے۔[15] چھوٹے کاشت کاروں کو جنہوں نے پہلے کبھی قرضہ نہیں لیا یا بہت تھوڑا لیا، انہیں بھی قرضے جاری کرنے کے لیے مائیکرو فنانس بینکوں، فن ٹیک فرموں، اور صوبائی محکموں (جیسے پی آئی ٹی بی اور محکمہ زراعت سندھ) نے بھی پہلے سے بڑھ کر کوششیں کی ہیں (**ڈجٹائزیشن اور ای-گورننس پر مزید بحث کے لیے باب 7 ملاحظہ کریں**)۔

چھوٹے پیمانے کی کارپوریٹ فارمنگ کو فروغ دینے کے لیے ان کاشت کاروں کو سستی اور آسان مالکاری چاہیے، اس کے علاوہ اپنی مسابقتی حیثیت بڑھانے کے لیے انہیں نئی پراڈکٹ (جیسے باغبانی) کے بارے میں معلومات بھی درکار ہو گی۔

---

[13] حوالہ: وزارتِ زراعت، 2016ء۔ "زراعت کے عالمی ڈیٹا اور اطلاعات کی فراہمی کا مرکز بیجنگ میں قائم کر دیا گیا" وزارتِ زراعت کا پریس آفس، 16 نومبر۔

[14] مزید تفصیل کے لیے پاکستانی معیشت کی کیفیت پر بینک دولت پاکستان کی پہلی سہ ماہی رپورٹ برائے مالی سال 18ء میں "باکس 2.2: خوشحال زمیندار اور موبائل زراعت"۔

[15] اسٹیٹ بینک نے م س 18ء کے لیے بینکوں کی طرف سے زرعی شعبے کے قرضے جاری کرنے کا ہدف ایک ٹریلین روپے مقرر کیا جبکہ قرضے کی طلب کا تخمینہ 1343 ارب روپے تھا۔ بینکوں نے زرعی قرضے کی مجموعی طلب کا 72 فیصد حصہ پورا کیا۔ زرعی قرضے کی بڑھتی ہوئی طلب کے پیشِ نظر مرکزی بینک نے م س 19ء کے لیے 1250 ارب روپے کا نسبتاً زائد ہدف مقرر کیا ہے۔

- بیجوں کے شعبے میں اختراع: فصل کے بیجوں کے زمرے میں موجودہ رجحانات حوصلہ شکن صورت حال پیش کرتے ہیں۔ صرف چند فصلوں (جیسے چاول اور گندم) کے لیے تصدیق شدہ متبادل بیج دستیاب ہیں جبکہ پھلوں، سبزیوں، اور اناج کے تصدیق شدہ متبادل بیج درآمد کرنے پڑتے ہیں۔ اگر اس شعبے میں جدت طرازی اور اختراع پر مناسب توجہ دی جائے تو اضافی یافت اور بلند برآمدات کا حصول ممکن ہو گا۔
- اجتماعی کاشت کاری: پاکستان میں کاشت کاروں کی اکثریت کے پاس زمین چھوٹے چھوٹے قطعات میں تقسیم اور 12.5 ایکڑ سے کم ہے جس کی وجہ سے کفایت حجم کا حصول مشکل ہو جاتا ہے کیونکہ یہی مشینوں اور فصلوں کے جدید ترین رجحانات کے استعمال کا جواز فراہم کرتا ہے۔ اس کا ایک ممکنہ حل انجمن باہمی پر مبنی کاشت کاری کی حوصلہ افزائی کرنا ہے جو کاشت کاروں کے متحرک اجتماعات کی تشکیل کے ذریعے کفایت حجم کا موقع فراہم کرتا ہے۔[16] ایک اور مسئلہ زمینوں کے ریکارڈ کے مناسب دستاویزات کا فقدان ہے۔ ایسے ریکارڈ کو ڈجیٹل بنانے کی کوششوں سے وسیع تر شفافیت کے ذریعے ممکنہ سرمایہ کاروں کے خدشات زائل کرنے میں مدد ملے گی۔
- پانی کا انتظام: آخر میں پانی کی دستیابی کے مسئلے کو حل کرنا ضروری ہے تاکہ ماحولیاتی تبدیلیوں کے مضر اثرات کی روک تھام ہو سکے۔ ذخیرہ کاری کی محدود صلاحیت، سرحد پار تنازعات (سندھ طاس معاہدے سے متعلق)، تقسیم کا پرانا نظام، اور زیر زمین پانی کی کم ہوتی سطح جیسے مسائل خدشات کا باعث ہیں۔[17] مزید یہ کہ پانی کی کمزور رسد کو صنعتی سرگرمیوں میں تخمین شدہ اضافے، بڑھتی ہوئی آبادی اور سی پیک سے منسلک گنجانیت کے نتیجے میں بڑھتی ہوئی طلب سے خطرات لاحق ہیں۔

[16] مزید تفصیلات کے لیے ملاحظہ کیجیے "خصوصی سیکشن 1: پاکستان میں تیار غذاؤں کی صنعت میں نمو: بدلتے رجحانات اور اہم مشکلات"، بینک دولت پاکستان کی پہلی سہ ماہی رپورٹ مالی سال 17ء۔

[17] مزید تفصیلات کے لیے ملاحظہ کیجیے باب 7: "پاکستان میں پانی کی پائیداری۔ اہم مسائل اور دشواریاں"، بینک دولت پاکستان کی سالانہ رپورٹ برائے مالی سال 17ء۔

# ضمیمہ: اعداد و شمار کی توضیح

1) **جی ڈی پی:** کسی رواں سال میں جس کے لیے اصل جی ڈی پی اعداد و شمار ابھی تک دستیاب نہ ہوں اسٹیٹ بینک منصوبہ بندی کمیشن کے سالانہ منصوبے میں دیے گئے جی ڈی پی ہدف کو استعمال کر کے جی ڈی پی کے ساتھ مختلف متغیرات مثلاً مالیاتی خسارہ، سرکاری قرضہ، جاری کھاتے کا توازن، تجارتی توازن وغیرہ کے تناسبات کا حساب لگاتا ہے۔ یہ تناسبات معلوم کرنے کے لیے اسٹیٹ بینک جی ڈی پی سے متعلق اپنے تخمینے استعمال نہیں کرتا تاکہ یکسانیت برقرار رہے۔ وجہ یہ ہے کہ یہ تخمینے سال کی مختلف سہ ماہیوں میں بدلتے ہوئے معاشی حالات کے ساتھ مختلف ہوتے ہیں۔ مزید برآں، مختلف تجزیہ کاروں کے تخمینے الگ الگ ہو سکتے ہیں۔ اگر ہر کوئی ایک مختلف جی ڈی پی تخمینے کا بطور نسب نما استعمال کرے تو معاشی مسائل پر بحث بہت الجھ جائے گی۔ چنانچہ معاشی مسائل پر بامعنی بحث کے لیے مشترک عدد مددگار رہتا ہے اور منصوبہ بندی کمیشن کا دیا ہوا عدد اس مقصد کو بہتر طور پر پورا کرتا ہے۔

2) **مہنگائی:** مہنگائی یا گرانی کا حساب لگانے کے لیے عموماً تین اعداد استعمال ہوتے ہیں: (i) اوسط مدتی مہنگائی، (ii) سال بسال یا سالانہ مہنگائی، اور (iii) ماہ بہ ماہ یا ماہانہ مہنگائی۔ اوسط مدتی مہنگائی کا مطلب ہے جولائی سے لے کر سال کے کسی مہینے تک اوسط مہنگائی بلحاظ صارف اشاریہ قیمت (CPI) میں گذشتہ سال کی اسی مدت کے مقابلے میں فیصد تبدیلی۔ سال بسال مہنگائی کسی خاص مہینے کی صارف اشاریہ قیمت میں پچھلے سال کے اسی مہینے کے مقابلے میں فیصد تبدیلی کو کہتے ہیں جبکہ ماہانہ مہنگائی سے مراد کسی خاص مہینے کی صارف اشاریہ قیمت میں گذشتہ مہینے کے مقابلے میں فیصد تبدیلی ہے۔ مہنگائی کی ان تعریفوں کے کلیے ذیل میں دیے گئے ہیں۔

$$\text{Period average inflation } (\pi_{Ht}) = \left( \frac{\sum_{i=0}^{t-1} I_{t-i}}{\sum_{i=0}^{t-1} I_{t-12-i}} - 1 \right) \times 100$$

$$\text{YoY inflation } (\pi_{YoYt}) = \left( \frac{I_t}{I_{t-12}} - 1 \right) \times 100$$

$$\text{Monthly inflation } (\pi_{MoMt}) = \left( \frac{I_t}{I_{t-1}} - 1 \right) \times 100$$

جہاں $I_t$ سے مراد سال کے $t^{th}$ مہینے میں صارف اشاریہ قیمت ہے۔

3) **قرضے کے اسٹاک میں تبدیلی بمقابلہ مالیاتی خسارے کی مالکاری:** مجموعی سرکاری قرضے کے اسٹاک میں تبدیلی وزارتِ خزانہ کے فراہم کردہ مالیاتی مالکاری اعداد و شمار کے مطابق نہیں ہوتی۔ اس کی وجہ مختلف عوامل ہیں جن میں یہ شامل ہیں: (i) قرضے کے اسٹاک میں حکومتی قرض گیری کی مجموعی قدر شامل ہوتی ہے جبکہ مالکاری اعداد و شمار کا حساب لگاتے وقت حکومتی قرض گیری کی بینکاری نظام میں اس کی امانتوں سے تطبیق کی جاتی ہے، (ii) قرضے کے اسٹاک میں تبدیلیاں شرح مبادلہ، امریکی ڈالر کے مقابلے میں پاکستانی روپے اور دیگر کرنسیوں دونوں، کی حرکات کی وجہ سے بھی تبدیلیاں ہوتی ہیں جس سے بیرونی قرضے کی روپے میں قدر متاثر ہوتی ہے۔

4) **حکومتی قرض گیری:** بینکاری نظام سے حکومتی قرض گیری کی مختلف شکلیں ہیں اور ہر شکل کے اپنے خواص و مضمرات ہیں جن پر ذیل میں بحث کی گئی ہے:

(الف) **اعانت میزانیہ کے لیے حکومتی قرض گیری:**

اسٹیٹ بینک سے قرض: وفاقی حکومت براہ راست اسٹیٹ بینک سے 'ویز اینڈ مینز ایڈوانس'(Ways and Means Advance) کے راستے یا مارکیٹ ریلیٹڈ ٹریژری بلز (ایم آر ٹی بیز) کی (اسٹیٹ بینک کے ہاتھوں) خریداری کے ذریعے قرض لے سکتی ہے۔ ویز اینڈ مینز ایڈوانس حکومتی قرض کے طور پر سال میں 10 کروڑ روپے تک 4 فیصد سالانہ کی شرح سود پر دیا جاتا ہے۔ اس سے زیادہ رقم اسٹیٹ بینک کی جانب سے بہ وزن اوسط یافت پر ششماہی ایم ٹی بیز کی خریداری کے ذریعے حاصل کی جاتی ہے۔ اس یافت کا تعین ٹریژری بلز کی حالیہ ترین پندرہ روزہ نیلامی سے کیا جاتا ہے۔

صوبائی حکومتیں اور حکومت آزاد جموں و کشمیر بھی اپنے ڈیٹر بیلنس (اوورڈرافٹ) جس کی ان کے لیے طے شدہ حدود ہیں براہ راست اسٹیٹ بینک سے قرض لے سکتی ہیں۔ ان قرضوں پر شرح سود ششماہی ایم ٹی بیز کی سہ ماہی اوسط یافت ہوتی ہے۔ اگر اوورڈرافٹ حدود کی خلاف ورزی ہو تو صوبے پر 4 فیصد سالانہ کی اضافی شرح سے ہرجانہ لیا جاتا ہے۔

جدولی بینکوں سے قرض: یہ قرض زیادہ تر سہ ماہی، ششماہی اور بارہ ماہی مارکیٹ ٹریژری بلز (ایم ٹی بیز) کی پندرہ روزہ نیلامی کے ذریعے لیا جاتا ہے۔ حکومت پاکستان، 3، 5، 10، 15، 20 اور 30 سال کے پی آئی بی کی سہ ماہی نیلامی کے ذریعے بھی قرض لیتی ہے۔ تاہم صوبائی حکومتوں کو جدولی بینکوں سے قرض لینے کی اجازت نہیں۔

(ب) **اجناسی مالکاری:** وفاقی حکومت اور صوبائی حکومتیں دونوں اجناس مثلاً گندم، چینی وغیرہ کی خریداری کے لیے جدولی بینکوں سے قرض لے سکتی ہیں۔ ان اجناس کی فروخت کی آمدنی بعد میں اجناسی قرض کی واپسی میں استعمال ہوتی ہے۔

5) **اعداد و شمار کے مختلف ماخذوں کے اختلافات:** مختلف متغیرات مثلاً حکومتی قرض گیری، بیرونی تجارت وغیرہ کے اسٹیٹ بینک کے اعداد و شمار وزارت خزانہ اور پاکستان دفتر شماریات کی فراہم کردہ معلومات سے ہم آہنگ نہیں ہوتے۔ اس کی وجہ شماریاتی تعریفوں، کوریج وغیرہ کے اختلافات ہیں۔ اس کی بعض صورتیں ذیل میں دی گئی ہیں۔

(الف) **بجٹ خسارے کی مالکاری (وزارت خزانہ بمقابلہ اسٹیٹ بینک کے اعداد و شمار):** وزارت خزانہ کی فراہم کردہ مالیاتی کارروائیوں کی سہ ماہیوں کی جدولوں اور اسٹیٹ بینک کے زری سروے میں دیے گئے اعداد و شمار میں اکثر فرق ہوتا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ وزارتِ خزانہ حکومت کے بینکوں سے قرض کے اعداد و شمار نقد کی بنیاد پر دیتی ہے جبکہ اسٹیٹ بینک کا زری سروے واجب الوصول (accrual) بنیاد پر مرتب کیا جاتا ہے یعنی اس میں ٹی بلز پر جمع شدہ سودی ادائیگیاں شامل کی جاتی ہیں۔

(ب) **بیرونی تجارت (اسٹیٹ بینک بمقابلہ پاکستان دفتر شماریات):** توازن ادائیگی میں اسٹیٹ بینک کے تجارتی اعداد و شمار پاکستان دفتر شماریات سے مطابقت نہیں رکھتے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اسٹیٹ بینک کی مرتب کردہ شماریات مبادلہ کے ریکارڈ پر مبنی ہوتے ہیں جن کا انحصار زر مبادلہ کی اصل وصولی اور ادائیگی پر ہوتا ہے جبکہ پاکستان دفتر شماریات اجناس کی اصل نقل و حرکت (کسٹم ریکارڈ) کے مطابق اعداد و شمار ریکارڈ کرتا ہے۔